منتخب احادیث سے منتخب کلمات کی تشریح

**MUNTAKHAB AHADEES SE MUNTAKHAB KALIMAT KI TASHREEH**

## HADEES (HADITH) STUDIES - SERIES

## Part 1/Level-1

for Intermediate Level Students
(11th and 12th Grade Level Students)
Useful for Age Group = 15 to 19

# سِلسِلَة شَرحُ الأَحادِيث

المنتقاة الصحيحة للمرحلة الثانوية دون الكلية

(40) منتخب احادیث کی متوسط شرح
مرحلہ ثانویہ کے طلبہ و طالبات کے لئے


شارح و مدرس

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ



AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

©Copy Right Reserved

منتخب احادیث سے منتخب کلمات کی تشریح

**MUNTAKHAB AHADEES SE**
**MUNTAKHAB KALIMAT KI TASHREEH**

# HADEES (HADITH) STUDIES - SERIES

## Part 1/Level-1

for Intermediate Level Students
(11th and 12th Grade Level Students)
Useful for Age Group = 15 to 19

# سِلْسِلَةُ شَرْحِ الأَحَادِيْثِ

المنتقاة الصحيحة للمرحلة الثانوية دون الكلية

(40) منتخب احادیث کی متوسط شرح
مرحلہ ثانویہ کے طلبہ وطالبات کے لئے

Shaareh wa Mudarris

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**

Hafiz, Aalim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyderabad, TS, INDIA.

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

بسم الله الرحمن الرحيم

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ

# نَضَّرَ اللهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا فَحَفِظَهُ حَتَّى يُبَلِّغَهُ

اللہ تعالی اس شخص کو تروتازہ رکھے جس نے ہم سے کوئی بات
سنی اور اسے یاد رکھا یہاں تک کہ اسے دوسروں تک پہنچادیا۔

Narrated Zayd ibn Thabit: I heard the Messenger of Allah (ﷺ) say: May Allah brighten a man who hears a tradition from us, gets it by heart and passes it on to others. Many a bearer of knowledge conveys it to one who is more versed than he is; and many a bearer of knowledge is not versed in it.

**Sunan Abu Dawud:3660 Grade: SAHIH**

# فہرس (سلسلۃ شرح الاحادیث [PART-1])

## پہلی کلاس-10 احادیث (حدیث نمبر: 1-10)


* حدیث نمبر:1(إِنّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّیّاتِ) ........ 2

شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 3

راویوں کا تعارف ........ 39

* حدیث نمبر:2(الدِّینُ النَّصِیحَةُ) ........ 43

شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 44

راویوں کا تعارف ........ 46

* حدیث نمبر:3(الطُّهُورُ شَطْرُ الإِیمَانِ) ........ 48

شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 49

راویوں کا تعارف ........ 52

* حدیث نمبر:4(الصَّلَاةُ نُورٌ) ........ 54

شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 55

* حدیث نمبر:5(الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ) ........ 57

شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 58

راویوں کا تعارف ........ 59

* حدیث نمبر:6(احفظ لسانك) ........ 62

شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 63

* حدیث نمبر:7(وَلَا تَحَاسَدُوا) ........ 65

شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 66


AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

راویوں کا تعارف ........ 67
حدیث نمبر:8(لَا تَغْضَبْ) ........ 69
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 70
راویوں کا تعارف ........ 72
حدیث نمبر:9(الطِّيَرَةُ شِرْكٌ) ........ 74
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 75
راویوں کا تعارف ........ 76
حدیث نمبر:10(كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ) ........ 79
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 81
راویوں کا تعارف ........ 82

## دوسری کلاس-10 احادیث(حدیث نمبر:11-20)

حدیث نمبر:11(اتَّقِ اللَّهِ حَيْثُمَا كُنْتَ) ........ 86
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 87
راویوں کا تعارف ........ 91
حدیث نمبر:12(الدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ) ........ 95
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 96
راویوں کا تعارف ........ 99
حدیث نمبر:13(إِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللَّهَ) ........ 103
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 105
راویوں کا تعارف ........ 107

حدیث نمبر:14(مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا) ........ 112

شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 113

راویوں کا تعارف ........ 114

حدیث نمبر:15(احْفَظْ اللَّهَ يَحْفَظْكَ) ........ 117

حدیث نمبر:16(كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ) ........ 120

شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 121

راویوں کا تعارف ........ 122

حدیث نمبر:17(سَمِّ اللَّهَ وَكُلْ بِيَمِينِكَ) ........ 125

شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 127

راویوں کا تعارف ........ 128

حدیث نمبر:18(لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ) ........ 132

شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 133

راویوں کا تعارف ........ 134

حدیث نمبر:19(اتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ) ........ 139

شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 140

راویوں کا تعارف ........ 143

حدیث نمبر:20(الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ) ........ 147

شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 148

راویوں کا تعارف ........ 151

# تیسری کلاس-5احادیث(حدیث نمبر:21-25)


✻ حدیث نمبر:21(تَهَادَوا تَحَابُّوا) ........ 156
تخریج حدیث ........ 157
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 158
راویوں کا تعارف ........ 163
✻ حدیث نمبر:22(لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي) ........ 166
تخریج حدیث ........ 167
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 168
راویوں کا تعارف ........ 172
✻ حدیث نمبر:23(لَا تَمَنَّوْا الْمَوْتَ) ........ 175
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 176
راویوں کا تعارف ........ 180
✻ حدیث نمبر:24(المجالس بالأمانة) ........ 183
سنن ابو داود کی روایت ........ 183
مسند احمد کی روایت ........ 184
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 185
✻ حدیث نمبر:25(أَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ) ........ 191
تخریج حدیث ........ 192
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 193
راویوں کا تعارف ........ 196


AskIslamPedia Gateway for Islamic Information Free Online Islamic Encyclopedia

# چوتھی کلاس-5احادیث (حدیث نمبر:26-30)


حدیث نمبر:26(مَنْ لَا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ) ........ 201

تخریج حدیث ........ 202

شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 202

راویوں کا تعارف ........ 212

رحمت سے متعلق آسک اسلام پیڈیا سے مأخوذ دو مفید آرٹیکل ........ 214

پہلی حدیث ........ 215

دوسری حدیث ........ 215

تیسری حدیث ........ 215

چوتھی حدیث ........ 216

پانچویں حدیث ........ 217

چھٹویں حدیث ........ 217

ساتویں حدیث ........ 218

حوالہ ........ 218

دوسرا آرٹیکل آسک اسلام پیڈیا سے ........ 218

رحمتِ الٰہی ........ 218

رحمتِ الٰہی کے بعض مظاہر ........ 220

اللہ تعالی کی رحمت کی دو قسمیں ہیں ........ 222

الرحمن اور الرحیم ........ 222

حوالہ جات ........ 223

حدیث نمبر:27(الْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيمَانِ) ........ 224


AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

تخریج حدیث ........ 225
شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 225
راویوں کا تعارف ........ 231
ایمان کی شاخین ........ 234
تمہید ........ 235
حدیث کے الفاظ کی لغوی تشریح ........ 239
من فوائد الحدیث ........ 240
ان میں سے بعض کا تعلق اتباع سے ہے اور وہ چھ اچھی خصلتوں ہیں ........ 244
اور ان میں سے بعض کا تعلق عام اچھی خصلتوں سے ہے اور وہ سترہ ہیں ........ 244
حدیث نمبر:28(خَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ) ........ 246
تخریج حدیث ........ 247
شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 247
اَخلاقِ حسنہ سے متعلق آسک اسلام پیڈیا سے مأخوذ مفید آرٹیکل ........ 249
پہلی حدیث ........ 249
دوسری حدیث ........ 250
تیسری حدیث ........ 250
چوتھی حدیث ........ 251
پانچویں حدیث ........ 251
چھٹی حدیث ........ 251
ساتویں حدیث ........ 252
آٹھویں حدیث ........ 252
نویں حدیث ........ 253

دسویں حدیث ........ 253
گیارہویں حدیث ........ 254
بارہویں حدیث ........ 254
تیرہویں حدیث ........ 255
چودہویں حدیث ........ 255
حوالہ ........ 255
اسلام اور اخلاق حسنہ ........ 256
طرح قرآن مجید نے بد اخلاقی سے منع کیا ہے ........ 257
اچھے اخلاق کو اپنانا نبی کریم ﷺ کی اطاعت میں سے ہے ........ 258
اچھے اخلاق ایک مسلمان کی شخصیت اور اس کے کردار کے عناصر میں سے ایک ہے ........ 258
اخلاق حسنہ اور دین اسلام کا گہرا تعلق ہے ........ 259
اخلاق حسنہ نیکی ہے ........ 259
وضاحت ........ 259
اخلاق حسنہ میزان میں بھاری ہوں گے ........ 260
وضاحت ........ 260
اخلاق حسنہ جنت میں داخلہ کا سبب ........ 260
وضاحت ........ 260
حسن اخلاق والے شخص کا مقام و مرتبہ ........ 261
وضاحت ........ 261
اخلاق حسنہ کی اہمیت ........ 261
وضاحت ........ 262
یہ بھی اخلاق حسنہ میں سے ہے ........ 262

فہرست اخلاقۂ حسنہ ........ 262
راویوں کا تعارف ........ 263
حدیث نمبر:29(قُلْ آمَنْتُ بِاللّٰهِ فَاسْتَقِمْ)........ 266
تخریج حدیث........ 267
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 268
راویوں کا تعارف ........ 276
حدیث نمبر:30(كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ) ........ 281
تخریج حدیث........ 282
شرحِ حدیث(اسباقِ حدیث) ........ 283
شراب کی حرمت........ 284
حوالہ........ 284
کھانے پینے کی اشیاء میں الکوحل کا استعمال........ 285
Alcohol–the mother of evils ........ 291
Table of contents ........ 291
Intoxication risks ........ 292
Who report ........ 293
Every alcoholic was initially a social drinker ........ 293
Qur'an ........ 294
Hadith ........ 294
Punishment for drinking alcohol ........ 295
Alcohol is mother of evils ........ 296
Allah has cursed the drinker of alcohol ........ 297

298 .. Drinker of alcoholic drink is not a believer at the time of drinking
298 .................. Prayer (salah) will not be accepted for forty days
300 .... Prohibition of every drink that intoxicates in large amounts
300 ........................................................... Scholars view
301 ............................... Ruling on selling alcohol to non-muslim
Ruling on working in a company, restaurant, stores etc where
302 ........................................................... alcohol is sold
303 ............................... Ruling on medicine containing alcohol
304 ............................................ Shaykh ibn ʿuthaymeen said
304 .. Ruling on using vessels that are used for drinking of alcohol
305 ........................................................... Conclusion
305 References
305 ........................................................... راویوں کا تعارف

## پانچویں کلاس-10 احادیث (حدیث نمبر:31-41)

حدیث نمبر:31 (مَنْ عَلَّقَ تَمِيمَةً فَقَدْ أَشْرَكَ) ........................................ 310
شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........................................ 312
راویوں کا تعارف ........................................ 325
تخریج حدیث ........................................ 329
حدیث نمبر:32 (مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ) ........................................ 332
شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........................................ 333
راویوں کا تعارف ........................................ 339

تخریج حدیث ........ 344
حدیث نمبر:33(مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ) ........ 345
شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 346
راویوں کا تعارف ........ 347
عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان کے بارے میں علماء کے اقوال ........ 349
تخریج حدیث ........ 361
حدیث نمبر:34(لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ) ........ 364
شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 365
راویوں کا تعارف ........ 367
تخریج حدیث ........ 371
حدیث نمبر:35(يُسَلِّمُ الصَّغِيرُ عَلَى الْكَبِيرِ) ........ 373
راویوں کا تعارف ........ 374
تخریج حدیث ........ 377
حدیث نمبر:36(تَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ) ........ 378
شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 381
راویوں کا تعارف ........ 405
حدیث نمبر:37(يَأْتُونَ الْكُهَّانَ، قَالَ: فَلَا تَأْتِهِمْ) ........ 411
شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........ 415
راویوں کا تعارف ........ 420
تخریج حدیث ........ 425
حدیث نمبر:38(الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ) ........ 427

شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........................................ 428
راویوں کا تعارف ........................................ 442
تخریج حدیث ........................................ 445
حدیث نمبر:39(بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً) ........................................ 448
شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........................................ 449
راویوں کا تعارف ........................................ 450
تخریج حدیث ........................................ 453
حدیث نمبر:40(إِنَّ الدَّالَّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ) ........................................ 455
شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........................................ 456
رہنمائی کی دس مثالیں ........................................ 457
راویوں کا تعارف ........................................ 457
تخریج حدیث ........................................ 461
حدیث نمبر:41(إِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَسْكُتْ) ........................................ 462
شرحِ حدیث (اسباقِ حدیث) ........................................ 463
غصہ دور کرنے کی دعا ........................................ 464

## سلسلۃ حفظ الاحادیث

(الاحاديث المنتقاة لطلاب العلم والمبتدئين)

منتخب احادیث برائے طلبہ ومبتدئین ........................................ 465

Selected Ahadees for Students & Beginners

# پہلی کلاس-10 احادیث

## حدیث نمبر:1-10

ASK ISLAM PEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر-1

# "إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ"

تمام اعمال کا دارومدار نیت پر ہے

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْت رَسُولَ الله صلي الله عليه وسلم يَقُولُ: « إنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إلَى اللهِ وَرَسُولِهِ فَهِجْرَتُهُ إلَى اللهِ وَرَسُولِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيبُهَا أَوْ امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا فَهِجْرَتُهُ إلَى مَا هَاجَرَ إلَيْهِ»

(بخاری:1، ومسلم:1907)

**ترجمہ**: عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے کہ: "تمام اعمال )(کی قبولیت) کی بنیاد نیتوں پر ہے اور ہر انسان کے لئے وہی ہے جیسی

اس کی نیت ہے۔ سو جس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی خاطر ہے تو اس کی ہجرت اللہ رسول کیلئے ہی ہے (مقبول ہے) اور جس کی ہجرت دنیا حاصل کرنے کے لیے ہو یا کسی عورت سے شادی کرنے کیلئے ہو تو اس کی ہجرت اس کے مقصد کے مطابق ہے (آخرت میں اجر سے محروم رہے گا)

## شرحِ حدیث

### اسباقِ حدیث

1) نیت دل سے کی جاتی ہے زبان سے اس کا کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی نیت کے کوئی کلمات ثابت ہیں۔
2) نیت کی دو قسمیں ہیں، نمبر ایک: خاص صرف اللہ کی خوشنودی کے لئے نیت کرنا۔ عبادات اور عادات میں نیت کرنا جیسا کہ غسل کرنے سے پہلے جسم کی صفائی کی نیت کرنا جنابت کی صفائی کی نیت کرنا حیض و نفاس کی صفائی کی نیت کرنا
3) کوئی بھی عمل نیت کے بغیر مکمل نہیں۔
4) مسلمان کو اپنی نیت کی اصلاح کرتے رہنا چاہئے۔
5) نیت اگر صحیح ہے تو ہر عمل باعثِ اجر و ثواب بن جاتا ہے۔
6) اس حدیث کو ثلث الاسلام کہا گیا ہے۔
7) امام شافعی کا قول ہے: اس میں فقہ کے 70 ابواب ہیں،
8) ایک قول کے مطابق یحیی بن سعید انصاری سے 340 راویوں نے روایت کیا، جبکہ ابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں 100 سے زائد رواۃ نہیں ملتے۔
9) یہ سند بعد کے دور میں مشہور ہو گئی۔ شروع میں ایک ہی راوی ہیں جو عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، یہ حدیث آحاد کی قبیل سے ہے۔ عقائد اور احکامات میں آحاد سے حجت لی جا سکتی ہے۔
10) امام بخاری نے شروعات خبر آحاد سے کی ہے اور آخری روایت بھی خبر واحد ہے۔
11) خبر واحد کی قبولیت کے بارے میں ائمہ اسلام اور محدثین کا جو طریقہ رہا ہے وہ امام بخاری رحمہ اللہ

نے بتایا ہے۔

12) یہ حدیث صحیح بخاری میں سات مقامات پر آئی ہے۔

13) اسے حدیث غریب کہتے ہیں کیونکہ عمر رضی اللہ عنہ سے علقمہ کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کیا۔ علقمہ سے روایت کیا صرف محمد بن ابراہیم التیمی نے، ان سے یحییٰ بن سعید انصاری نے اس کے بعد یہ حدیث مشہور ہو گئی۔

14) یہ حدیث فرد ہے؛ اور اس کو شیخین نے روایت کیا ہے جس سے اسکی صحت اعلی درجے کی ہو جاتی ہے۔

15) سبب ورود میں اختلاف ہے۔ ایک شخص جسے مہاجر ام قیس کہتے ہیں عورت کی خاطر ہجرت کی یہ سبب ورود ہے، لیکن بات ایسی نہیں، ابن حجر اور ابن رجب رحمہا اللہ کہتے ہیں کہ ہم نے سارے طرق جمع کیے لیکن ہمیں ایسا کوئی ثبوت نہیں ملا، اس لیے ایسا کہا جاسکتا ہے کہ بعد میں یہ واقعہ ہوا ہو اور تطبیقا اس حدیث کو ذکر کیا گیا ہو۔ تو یہ واقعہ تطبیق کی قبیل سے ہے نہ کہ سبب ورود کی قبیل سے۔

16) اس حدیث کی اہمیت بڑی اہمیت ہے اعمال کی قبولیت کے لئے اخلاص واتباع ضروری ہے یہی وجہ ہے کہ، امام بخاری نے اس حدیث سے اپنی کتاب کا آغاز کیا اوراسي طرح ہر عالم نے اس کی اہمیت بیان کی۔

17) عبد الرحمن بن مہدی کہتے ہیں کہ تصحیح نیت کے لیے یہ حدیث بڑی اہم ہے؛ ہر حدیث کی کتاب اسی سے شروع کرنی ہے۔

18) بعض علماء کہتے ہیں کہ اسلام پانچ حدیث پر گھوم رہا ہے؛ پہلی: انما الاعمال بالنیات ہے دوسری: من احدث فی امرنا ھذا تیسری : الحلال بین والحرام بین

19) امام ابو داود رحمہ اللہ نے کہا کہ میں نے پانچ لاکھ حدیثیں جمع کی ہیں اس میں سے چار ہزار آٹھ سو حدیثیں سنن ابی داود میں شامل کی اس میں سے چار حدیثیں کافی ہیں: من حسن اسلام المرء ترکہ مالا یعنیہ، انما الاعمال بالنیات، لا یومن احدکم حتی یرضی لأخیہ ما یرضی لنفسہ، الحلال بین والحرام بین۔

20) "من عمل عملا ليس عليه امرنا" یہ ظاہری اعمال کا ترازو ہے اور باطنی اعمال کا ترازو "انما الأعمال بالنيات" ہے۔

21) "انما" اداۃِ حصر ہے، اعمال جمع عمل ہے عمِل يعمَل عمِلا۔ النيۃ تطلق على الإرادة والقصد والعزم، اصطلاحا: اعتقاد القلب فعل الشيئ من غير التردد۔

22) فائدۃ النیۃ: عادات اور عبادات میں فرق نیت ہی سے ہوتا ہے۔ عبادات بھی مختلف ہیں تو ان میں فرق بھی نیت سے ہوتا ہے۔ جیسا کہ یہ فرض کی دو رکعت ہے یا سنت کی دو رکعت ہے نیت ہی سے فرق ہوتا ہے۔

23) "انما الاعمال" یعنی اعمال صحیح، معتبر اور مقبول ہوتے ہیں نیت کی بنیاد پر، یعنی اعمال شرعیہ نیت کے محتاج ہیں۔ اور جو عادات ہوتی ہیں وہ نیت کی محتاج نہیں۔

24) اعمال القلوب واللسان والجوارح ان تمام کے لیے نیت شرط ہے۔ اعمال ترکیہ جیسے ازالہ نجاست کے لیے نیت شرط نہیں۔

25) "الايمان بضع و سبعون شعبة" عادات وخصال کسی میں 69 کہا گیا کسی روایت میں 79۔ یہ اعمال کرنے پر انسان کا ایمان ان شاء اللہ مکمل ہوتا ہے۔

26) ابن حجر فرماتے ہیں کہ بنیادی طور یہ اعمال 69 ہیں لیکن اگر جزئیات میں چلے جائیں تو 79 ہو جاتے ہیں۔

27) نیت کے ذریعہ کوئی بھی عمل ثواب والا بنا سکتے ہیں۔ مثلا انسان کھاتا پیتا اور سوتا ہے لیکن اگر نیت ہو کہ جو کھا رہا ہے تا کہ عبادت بجا لاسکوں وہ یہ کھانا بھی ثواب ہو گا۔ اور نیت کی خرابی کی وجہ سے وہ عمل باعث سزا ہو جائے گا۔

28) قواعد فقہیہ میں اس کے 22 فقہی نکات پیش کرنے کی اللہ نے مجھے عنایت فرمائی کہ نیت کا فقہی اعتبار سے کیا اثر پڑھتا ہے

29) اخلاص کی اہمیت پر شیخ قحطانی کی کتاب "نور الاخلاص" ضرور پڑھنی چاہیے۔

30) 3 اخلاص پر بھرپور توجہ دینی چاہیے کہ ہر عمل خالص اللہ کے لیے ہو اور محمد ﷺ کے بتلائے ہوئے

طریقہ کے مطابق ہو۔

31) قواعد فقہیہ میں ہم نے پانچ بڑے قواعد جس پر 4000 فقہی قواعد کا انحصار ہے بیان کیے ہیں انہی میں سے ایک قاعدہ "انما الاعمال بالنیات" کو سامنے رکھ کر ہی بنایا گیا ہے "الامور بمقاصدھا" کہ مقصد اور قصد کیا ہے اس کا بڑا اثر پڑھتا ہے انسان جو بولتا ہے یا کرتا ہے اسی کی بنیاد پر فقہی مسائل مرتب ہوتے ہیں۔

32) نیت اچھی ہو تو اس کا اثر دور دور تک جاتا ہے لیکن اگر نیت درست نہ ہو تو اللہ اس کا اثر زائل کر دیتے ہیں۔

33) ایمان کے بعد قبول عمل کی شرائط میں اخلاص اور موافقت شریعت ہونا ضروری ہے۔

34) اس سند میں ایک نکتہ یہ ہے کہ یہ حدیث بدء الوحی سے ہے اور بدء الوحی کا تعلق مکہ سے ہے تو اس کے راوی بھی امام بخاری نے مکی منتخب کیے ہیں جیسے حمیدی رحمہ اللہ سفیان رحمہ اللہ۔

35) "نیت کا فقہی اعتبار سے کیا اثر پڑھتا ہے" قواعد فقہیہ میں موجود نیت کے 23 فقہی نکات ملاحظہ ہوں

36) المراد بالنیۃ (نیت سے مراد کیا ہے): النیۃ سے النية الخالصة مراد ہے۔

37) النية شرط أم ركن (نیت شرط ہے یا رکن): شرط عمل سے باہر کی چیز ہے جبکہ نیت داخلی اور خارجی کو محیط ہے اسی لیے بعض علماء کرام نے کہا کہ نیت شرط بھی ہے اور رکن بھی ہے۔ (ابن باز)

38) الفرق بين العادة والعبادة (عادات اور عبادت میں فرق کیسے کریں): آدمی عمل کرتا ہے عادت (جیسے کہ غسل کرتا ہے نیت تبرد (ٹھنڈک) کی نیت سے) کے طور پر بھی اور عبادت (غسل برائے نیت رفعِ جنابہ) کے طور پر بھی، اس لئے ثواب کے لیے نیت شرط رکھی گئی۔ (شیخ السعدی)

39) الفرق بين أنواع العبادات بالنية: نیت کے ذریعہ اقسام عبادات میں بھی فرق کیا جا سکتا ہے اور عادت اور عبادت میں بھی فرق کیا جا سکتا ہے۔ (شیخ السعدی)

40) أهمية النية: نیت ہی پر مدار ہوتا ہے عمل کے قبول ہونے اور رد ہونے کا۔ اس کی دلیل یہ قول رسول ﷺ ہے "اِنما الاعمال بالنیات" اعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہے۔ (صحیح البخاری: 1)

41) نسبت: (1) امام بیہقی نے کہا میرا ارادہ تو یہ ہے کہ ہر باب سے پہلے یہ حدیث لکھوں۔ (2) کسی نے

کہا یہ ثلث العلم ہے، (3) کسی نے کہا کہ ربع العلم ہے، (4) بہر حال امام بخاری نے صحیح بخاری کی شروعات "إنما الاعمال بالنیات" سے کی ہے۔ یعنی اس کے آنے والا ہر باب ایک عمل کا تقاضہ کرتا ہے اور ہر عمل نیت صادقہ کا تقاضہ کرتا ہے۔

42) شروط قبول العمل: ایمان باللہ کے بعد (1) نیت صادقہ (اخلاص) اور (2) اتباع، دو شرطیں ہیں قبول عمل کے لیے۔ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: اسلام کا خلاصہ دو سوال وجواب میں ہے، (1) من تعبد؟ (اس کا جواب ہے الاخلاص) (2) وکیف تعبد؟ (اس کا جواب ہے الاتباع)

43) أهمية النية: اخلاصِ نیت وہ عظیم شیٔ ہے جو مباح کام کو کارِ ثواب بنا دیتی ہے۔ کھانا، پینا، سونا، مال کمانا اور نکاح وغیرہ ان کا مقصد حرام سے بچنا ہو تو یہ عبادت اور کارِ ثواب ہے۔

44) الأمور الفعلية والتركية: شریعت میں احکامات دو طرح کے ہیں: ایک حکم جس کا مقصد ہے کرنا اور وہ امر بجالانا، اس کے لیے نیت ضروری ہے صحتِ عمل اور ثواب کے لیے۔ جبکہ وہ حکم جس کا مقصد ہے ترک جیسے ازالہ نجاست اس کے لیے نیت شرط نہیں۔ (سعد الشثری) لیکن ازالہ جنابت اور اسی طرح وضوء برائے رفع حدث اصغر و غسل برائے رفع حدث اکبر کے لئے نیت شرط ہے کیوں کہ یہ عبادۃ محضۃ ہے

45) الأمور بمقاصدها / القصد / القصود مؤثرة: نیت سے مراد مقصد ہے۔

46) تعريف الشرط: ما يلزم من عدمه عدم الحكم ولا يلزم من وجوده وجود الحكم ولا عدمه.

47) مثال کے طور پر طہارت شرط ہے صلوۃ کے لیے اگر طہارت نہ ہو تو صلوۃ کا عدم ہے لیکن طہارت کے ہونے سے نماز کا ہونا لازم نہیں۔ (محمد بن ھادی مدخلی، آڈیو کلپ، یوٹوب)

48) النقد العلمي على القاعدة أو الشعر: شیخ سعد شثری حفظہ اللہ نے کہا اس قاعدہ پر اعتراض ہے کہ سارے اعمال کے لیے نیت کی شرط کی تعبیر میں دقت نہیں کیوں کہ شرط ہے مأمورات کے لئے جیسے نماز وغیرہ جبکہ وہ حکم جس کا مقصد ترک ہو جیسے ازالۂ نجاست تو اس میں نیت شرط نہیں۔

49) شرط للصحة وشرط للوجوب والفرق بينهما: شرط کی دو قسمیں ہیں: ا۔ "شرط للصحۃ" جیسے طہارت، نماز کے لیے طہارت شرط ہے اس کے بنا نماز صحیح نہیں، 2۔ "شرط للوجوب" جیسے حج کے لیے استطاعت شرط ہے لیکن اگر خاتون بغیر محرم کے حج کرلے تو حج اس پر واجب تو نہ تھا لیکن حج صحیح ہے (ابن عثیمین) اور مخالفت کا گناہ ہوگا توبہ کرنا ضروری، اگر حج میں محرم کا انتقال ہو جائے تو عورت بغیر محرم کے حج مکمل کرلے، یہ فائدہ ہے شرط وجوب جاننے کا لیکن بغیر محرم کے بلا وجہ حج کی شروعات نہ کرے

50) الفرق بين العبادة المحضة وغير المحضة: صحت وضو کے لیے احناف کے پاس نیت کی شرط نہیں کیوں کہ وہ اسے عبادت غیر محضہ مانتے ہیں جبکہ جمہور کی رائے کو راجح قرار دیا گیا کہ وضو عبادت محضہ ہے اور اس کے لیے نیت ضروری ہے۔ (ابن رشد، بدایۃ المجتہد)

51) الفرق بين الركن والشرط والواجب والسنن وتوجيهها: کیوں فرق کریں ہم رکن واجب اور سنن میں؟، اور رکن اور شرط میں کیا فرق ہے؟

52) اللہ کے نبی ﷺ کی حدیث المسيء صلاتہ کے مطابق "ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" (مسلم) اپ ﷺ نے سجدہ سہو نہیں بلکہ دہرانے کے لیے کہا، رکن صلاۃ چھوٹ جانے پر رکعت یا پھر مکمل نماز دہرانا پڑے گا۔ اللہ کے نبی ﷺ نے جب تشہد اول چھوڑا تو نہ رکعت دہرائی نہ نماز بلکہ صرف سجدہ سہو پر اکتفاء کیا۔ (صحیح ابن خزیمہ: 1031، السلسلہ الصحیحۃ: 2457)

53) سنن الصلاۃ: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پوچھنے پر استفتاحِ صلاۃ کی دعا بتائی اس کا مطلب سنت چھوڑنے پر سجدہ سہو بھی لازم نہیں آتا.

54) اس علم کا فائدہ یہ ہے کہ رکن، واجب اور سنن کے چھوڑنے پر کیا کریں؟ اسکا جواب ملتا ہے، فرقِ مراتب موجود و ثابت ہے اور ان کے اشکال کا جواب ہے جو یہ کہتے ہیں رکن و واجب اور سنت کی تفریق کی دلیل کہاں ہے؟ (الشیخ محمد الشنقیطی یوتیوب ویڈیو)

55) محل النية القلب أم اللسان؟: نیت کا محل دل ہے اور الفاظ سے ادائیگی بدعت ہے کیونکہ عبادات کی اصل ہے توقیف: "الأصل في العبادات التوقيف / الأصل في العبادة المنع" یعنی عبادت

محصنہ کی اصل ہے رکنا جب تک کہ کرنے کی دلیل نہ آجائے۔(الموافقات للشاطبی)

56) توجيه التلفظ عند الإحرام أو الذبح: ذبح کے وقت تلفظ ہوتا ہے(بسم اللہ اللہ اکبر، اللھم تقبل منا) اور حج عمرہ کی ابتدا میں بھی (اللهم لبيك حجا، اللهم لبيك عمرة)۔ اس کا جواب علماء نے یہ دیا کہ یہ تلفظ نہیں بلکہ مستقل ایک عبادت ہے جیسے نیت کے بعد تکبیر تحریمہ اللہ اکبر سے نماز کی ابتدا ہوتی ہے۔

57) حكم نسيان التسمية وقت الذبح: جانور ذبح کرتے وقت عمدًا "بسم اللہ، اللہ اکبر" چھوڑنا فسق ہے اور وہ جانور حلال نہ ہوگا لیکن اگر نسیانا ہو تو فسق شمار نہ ہوگا لہذا مومن کا ذبیحہ بھول جانے کی حالت میں بغیر بسم اللہ کے بھی حلال ہے۔(امام بخاری / شیخ صالح الفوازان)

58) خطأ يعني چوک سے اگر کوئی منہیات یا ممنوعات یا محذورات کا ارتکاب کرلے "حقوق اللہ" جیسا کہ حج کے دوران بھول کر محذورات کا ارتکاب، تو یہ معاف ہے(بقرہ:286)۔ لیکن حج میں واجب انجانے میں چوک جائے اور چھوٹ جائے تو گناہ نہیں مگر دم واجب ہوتا ہے کیونکہ علماء نے دلائل کی بنیاد پر فرق کیا ہے مأمورات و منہیات میں (مسیئ صلوۃ والی حدیث میں واجبات وارکان چھوٹ گئے اس لیے دہرانے کل حکم ہوا جبکہ نماز مین ایک صحابی نے صلوۃ میں جہل یا غلطی سے بات کی نماز دہرانے کا حکم نہ ملا، اور اسی طرح نقصان کی تلافی ضروری ہے جیسے کفارۃ دیت ہے قتلِ خطا پر .

59) الفرق بين الصراحة والكناية في الطلاق: صراحتی کلمات کا معنی ظاہری لیا جائے گا نیت کے بارے دریافت نہیں کرتا قاضی جیسا کہ لفظ طلاق کا استعمال ثابت ہو جائے تو طلاق شمار کرلی جاتی ہے لیکن کتابتی طلاق کو صراحت نہیں بلکہ کنایت میں شمار کیا گیا ہے جیسا کہ تم کو طلاق ہے (صراحت میں ۃ شمار کیا گیا ہے) اور اپنے گھر چلی جاؤ(کنایہ میں شمار کیا گیا ہے)۔

60) يسروا ولا تعسروا: بعض فقہاء نے جو شدت برتی ہے کہ ہر جزئیات صلوۃ پر نیت مقدم کرنا ہے وہ غلو ہے۔

61) حكم تغيير النية أثناء الصلاة: نفل کے دوران فرض کی نیت نہیں بدلی جاسکتی جبکہ فرض

کے دوران فرض سے نفل میں نیت بدلی جاسکتی ہے۔(سعد الشثری)

62) التداخل في النية متى يجوز ومتى لا يجوز: اگر دونوں بھی مقصود "مقصود لذاتہ" ہوں تو ایک نیت سے دونوں ادا نہیں ہوتے بلکہ الگ الگ ادا کرنا پڑے گا جیسا کہ دو رکعت فجر (فرض اور سنت موکدۃ)۔ لیکن دونوں بھی یکساں مقصود لذاتہ نہ ہوں تو دونوں کو ایک سے ادا کر لیا جاسکتا ہے مثال: اگر کوئی شخص پیر اور جمعرات کے روزوں کا اہتمام کرتا تھا– اور اسی میں ایام بیض آجائیں تو اس کو دہرا ثواب ملے گا۔ یا دونوں میں سے ایک مقصود لذاتہ نہ ہو جیسے تحیۃ المسجد اور صلوۃ الفرض، فرض میں تحیۃ المسجد بھی داخل ہو جاتی ہے۔ اس کو تداخل کہتے ہیں۔

63) تغيير نيت دورانِ صلاة:

A. مُعَیّن سے معین کی تبدیلی جائز نہیں۔(صلاۃ ضحی کے دوران فجر کی دو رکعت سنت مؤکدہ کی طرف منتقلی جائز نہیں اسی طرح صلاۃ عصر کی منتقلی صلاۃ ظہر کی طرف جائز نہیں۔)

B. مطلق سے معین کی طرف بھی جائز نہیں، نفل دو رکعت سے صلاۃ فجر کی سنت مؤکدہ کی طرف منتقلی جائز نہیں کیونکہ دونوں صورتوں میں شرط نیت ابتدا سے ہونی ضروری ہے۔

C. معین سے مطلق کی اجازت ہے، فرض پڑھ چکا تھا غلطی سے شروع کیا دوران نماز فرض سے نفل کی طرف نیت منتقل کرنا جائز ہے۔(مجموع فتاوی ابن عثیمین: رقم سؤال 347)

64) تکرار نہیں ہے دونوں میں معنویت کا فرق ہے، انما الاعمال میں اعمال سے متعلق گفتگو ہے ہے جبکہ ولکل امرئ میں عامل سے متعلق گفتگو ہے۔

❋ اخلاص نیت سے تعلق ایات، اَحادیث اور اقوال سلف یاد کرنے کی کوشش کرتے رہیں:

65) سفیان الثوری: ماعالجت شیئا أشد علی من نیتی

66) طلبت العلم لغیر اللہ فابٰی الا ان یکون للہ (قول دار قطنی، قول غزالی)

67) قرآن میں ارشاد ہے (لن ینال اللہ لحومہا ولا دماءھا ولکن ینالہ التقوی منکم)

68) عربی شاعر نے کہا:

یقول المرأ فائدتی ومالی

وتقوى الله افضل ما استفاد

رب عمل تعظمه النية

و رب عمل تصغره النية

69) عذاب الریا سے بچو

70) اخلاص پر 30 دلائل

71) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:"يَغْزُو جَيْشٌ الْكَعْبَةَ، فَإِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ، وَفِيهِمْ أَسْوَاقُهُمْ وَمَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ؟ قَالَ: يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ، ثُمَّ يُبْعَثُونَ عَلَى نِيَّاتِهِمْ" .

ہم سے محمد بن صباح نے بیان کیا، کہا کہ ہم سے اسماعیل بن زکریا نے بیان کیا، ان سے محمد بن سوقہ نے، ان سے نافع بن جبیر بن مطعم نے بیان کیا، کہا کہ مجھ سے عائشہ ؓ نے بیان کیا، کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "قیامت کے قریب ایک لشکر کعبہ پر چڑھائی کرے گا۔ جب وہ مقام بیداء میں پہنچے گا تو انہیں اول سے آخر تک سب کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ عائشہ ؓ نے بیان کیا، کہ میں نے کہا، یا رسول اللہ! اسے شروع سے آخر تک کیوں کر دھنسایا جائے گا جب کہ وہیں ان کے بازار بھی ہوں گے اور وہ لوگ بھی ہوں گے جو ان لشکریوں میں سے نہیں ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہاں! شروع سے آخر تک ان سب کو دھنسا دیا جائے گا۔ پھر ان کی نیتوں کے مطابق وہ اٹھائے جائیں گے

ـ"[1]

Narrated `Aisha: Allah's Apostle said, "An army will invade the Ka`ba and when the invaders reach Al-Baida', all the ground will sink and swallow the whole army." I said, "O Allah's Apostle! How will they sink into the ground while amongst them will be their markets (the people who worked in business and not invaders) and the people not belonging to them?" The Prophet replied, "all of those people will sink but they will be resurrected and judged according to their intentions[2]".

72) ـدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَنْصُورٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، أَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:"يَوْمَ الْفَتْحِ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ، وَلَكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا".[3]

ہم سے عمرو بن علی فلاس نے بیان کیا، ہم سے یحییٰ قطان نے بیان کیا، کہا ہم سے سفیان ثوری نے بیان کیا، کہا کہ مجھ سے منصور نے بیان کیا مجاہد سے، انہوں نے طاؤس سے اور انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن فرمایا تھا: "مکہ فتح ہونے کے بعد (اب مکہ سے مدینہ کے لیے) ہجرت باقی نہیں ہے، لیکن خلوص نیت کے ساتھ جہاد اب بھی باقی ہے اس

1 ( صحیح بخاری / کتاب: خرید و فروخت کے مسائل کا بیان / باب: بازاروں کا بیان۔ حدیث نمبر: 2118، صحیح مسلم / فتنے اور علامات قیامت / باب: بیت اللہ کے ڈھانے کا ارادہ کرنے والے لشکر دھنسائے جانے کے بیان میں۔ حدیث نمبر: 7242)

2 The book of sales (bargains),(49) chapter. what is said about markets.

3 صحیح بخاري، کتاب الجهاد والسیر، بَابُ وُجُوبِ النَّفِيرِ وَمَا يَجِبُ مِنَ الْجِهَادِ وَالنِّيَّةِ، رقم الحديث: 2825

لیے تمہیں جہاد کے لیے بلایا جائے تو نکل کھڑے ہو۔"[4]

Narrated Ibn `Abbas: On the day of the Conquest (of Mecca) the Prophet said, "There is no emigration after the Conquest but Jihad and intentions. When you are called (by the Muslim ruler) for fighting, go forth immediately." (See Hadith No. 42)

THE BOOK OF JIHAD (Fighting for Allah's Cause), CHAPTER. The obligation of going out for Jilhad when there is a general call to arms, and what sort of Jihad and intentions are compulsory.

73) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَ ابْنُ زَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي غَزَاةٍ، فَقَالَ:"إِنَّ أَقْوَامًا بِالْمَدِينَةِ خَلْفَنَا مَا سَلَكْنَا شِعْبًا، وَلَا وَادِيًا إِلَّا وَهُمْ مَعَنَا فِيهِ حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ"، وَقَالَ: مُوسَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ أَبُو عَبْد اللَّهِ: الْأَوَّلُ أَصَحُّ.[5]

امام بخاری رحمہ اللہ حدیث کی دوسری سند بیان کرتے ہیں کہ ہم سے سلیمان بن حرب نے بیان کیا' کہا ہم سے حماد نے بیان کیا' یہ زید کے بیٹے ہیں' ان سے حمید نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک غزوہ (تبوک) پر تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

---

4 صحیح بخاری/کتاب: جہاد کا بیان/باب: جہاد کے لیے نکل کھڑا ہونا واجب ہے اور جہاد کی نیت رکھنے کا واجب ہونا، حدیث نمبر: 2825

5 صحیح بخاري، کتاب الجهاد والسير، بَابُ مَنْ حَبَسَهُ الْعُذْرُ عَنِ الْغَزْوِ، رقم الحديث: 2839

THE BOOK OF JIHAD (Fighting for Allah's Cause), CHAPTER. (The rewad of) whoever is held back from Jihad by a legal cause.

کہ: "کچھ لوگ مدینہ میں ہمارے پیچھے رہ گئے ہیں لیکن ہم کسی بھی گھاٹی یا وادی میں (جہاد کے لیے) چلیں وہ ثواب میں ہمارے ساتھ ہیں کہ وہ صرف عذر کی وجہ سے ہمارے ساتھ نہیں آ سکے۔ اور موسیٰ نے بیان کیا کہ ہم سے حماد نے بیان کیا' ان سے حمید نے' ان سے موسیٰ بن انس نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ابوعبداللہ (امام بخاری رحمہ اللہ) فرماتے ہیں کہ پہلی سند زیادہ صحیح ہے۔(3)

Narrated Anas: While the Prophet was in a Ghazwa he said, "Some people have remained behind us in Medina and we never crossed a mountain path or a valley, but they were with us (i.e. sharing the reward with us), as they have been held back by a (legal) excuse

74) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، حَدَّثَنَا أَبُو الْجُوَيْرِيَةِ، أَنَّ مَعْنَ بْنَ يَزِيدَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ حَدَّثَهُ، قَالَ: "بَايَعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا، وَأَبِي، وَجَدِّي، وَخَطَبَ عَلَيَّ فَأَنْكَحَنِي، وَخَاصَمْتُ إِلَيْهِ، وَكَانَ أَبِي يَزِيدُ أَخْرَجَ دَنَانِيرَ يَتَصَدَّقُ بِهَا فَوَضَعَهَا عِنْدَ رَجُلٍ فِي الْمَسْجِدِ فَجِئْتُ فَأَخَذْتُهَا فَأَتَيْتُهُ بِهَا، فَقَالَ: وَاللَّهِ مَا إِيَّاكَ أَرَدْتُ فَخَاصَمْتُهُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَكَ مَا نَوَيْتَ يَا يَزِيدُ وَلَكَ مَا أَخَذْتَ يَا مَعْنُ".[6]

ہم سے محمد بن یوسف فریابی نے بیان کیا' کہا کہ ہم اسرائیل بن یونس نے بیان کیا' کہا کہ ہم سے ابوجویریہ (حطان بن خفاف) نے بیان کیا کہ معن بن یزید نے ان سے بیان کیا' انہوں نے کہا کہ

---

6 صحیح بخاري، کتاب الزکاة، بَابُ إِذَا تَصَدَّقَ عَلَى ابْنِهِ وَهُوَ لاَ يَشْعُرُ، رقم الحديث:1422۔ صحیح بخاری / کتاب: زکوۃ کے مسائل کا بیان / باب: اگر باپ ناواقفی سے اپنے بیٹے کو خیرات دیدے کہ اس کو معلوم نہ ہو؟، حدیث نمبر:1422

THE BOOK OF ZAKAT, CHAPTER. If a person gives something in charity to his own son unknowingly. Hadith No:1422

:"میں نے اور میرے والد اور دادا (اخفش بن حبیب) نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ آپ نے میری منگنی بھی کرائی اور آپ ہی نے نکاح بھی پڑھایا تھا اور میں آپ کی خدمت میں ایک مقدمہ لے کر حاضر ہوا تھا۔ وہ یہ کہ میرے والد یزید نے کچھ دینار خیرات کی نیت سے نکالے اور ان کو انہوں نے مسجد میں ایک شخص کے پاس رکھ دیا۔ میں گیا اور میں نے ان کو اس سے لے لیا۔ پھر جب میں انہیں لے کر والد صاحب کے پاس آیا تو انہوں نے فرمایا کہ قسم اللہ کی میرا ارادہ تجھے دینے کا نہیں تھا۔ یہی مقدمہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے کر حاضر ہوا اور آپ نے یہ فیصلہ دیا کہ دیکھو یزید جو تم نے نیت کی تھی اس کا ثواب تمہیں مل گیا اور معن! جو تو نے لے لیا وہ اب تیرا ہو گیا۔

Narrated Ma'n bin Yazid: My grandfather, my father and I gave the pledge of allegiance to Allah's Apostle. The Prophet got me engaged and then got me married. One day I went to the Prophet with a complaint. My father Yazid had taken some gold coins for charity and kept them with a man in the mosque (to give them to the poor) But I went and took them and brought them to him (my father). My father said, "By Allah! I did not intend to give them to you. " I took (the case) to Allah's Apostle . On that Allah's Apostle said, "O Yazid! You will be rewarded for what you intended. O Man! Whatever you have taken is yours".

75) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وقاص عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ:"كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِنْ وَجَعٍ اشْتَدَّ بِي، فَقُلْتُ: إِنِّي قَدْ بَلَغَ بِي مِنَ

الْوَجَعِ وَأَنَا ذُو مَالٍ وَلَا يَرِثُنِي إِلَّا ابْنَةٌ أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِي، قَالَ: لَا، فَقُلْتُ: بِالشَّطْرِ، فَقَالَ: لَا، ثُمَّ قَالَ: الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَبِيرٌ أَوْ كَثِيرٌ، إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ، وَإِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللَّهِ إِلَّا أُجِرْتَ بِهَا حَتَّى مَا تَجْعَلُ فِي فِي امْرَأَتِكَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِي؟، قَالَ: إِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلًا صَالِحًا إِلَّا ازْدَدْتَ بِهِ دَرَجَةً وَرِفْعَةً، ثُمَّ لَعَلَّكَ أَنْ تُخَلَّفَ حَتَّى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُونَ، اللَّهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِي هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلَى أَعْقَابِهِمْ"، لَكِنْ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ يَرْثِي لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ.[7]

ہم سے عبد اللہ بن یوسف تنیسی نے بیان کیا' انہیں امام مالک نے خبر دی۔ انہیں ابن شہاب نے' انہیں عامر بن سعد بن ابی وقاص نے اور انہیں ان کے والد سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے کہ:"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجتہ الوداع کے سال(10ھ میں)میری عیادت کے لیے تشریف لائے۔ میں سخت بیمار تھا۔ میں نے کہا کہ میرا مرض شدت اختیار کر چکا ہے میرے پاس مال واسباب بہت ہے اور میری صرف ایک لڑکی ہے جو وارث ہو گی تو کیا میں اپنے دو تہائی مال کو خیرات کر دوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں۔ میں نے کہا آدھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک تہائی کر دو اور یہ بھی بڑی خیرات ہے یا بہت خیرات ہے اگر تو اپنے وارثوں کو اپنے پیچھے مالدار چھوڑ جائے تو یہ اس سے بہتر ہو گا کہ محتاجی میں انہیں اس طرح چھوڑ کر جائے کہ وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔ یہ یاد رکھو کہ جو خرچ بھی تم اللہ کی رضا کی نیت سے کروگے تو اس پر بھی تمہیں ثواب ملے گا۔ حتیٰ کہ اس لقمہ پر بھی جو تم

[7] صحيح بخاري، كتاب الجنائز، بَابُ رِثَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَعْدَ ابْنَ خَوْلَةَ، رقم الحديث:1295۔ صحیح بخاری/کتاب:جنازے کے احکام ومسائل/باب:نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ کی وفات پر افسوس کرنا۔ حدیث نمبر:1295۔
THE BOOK OF AL-JANAIZ (FUNERALS),(36) CHAPTER. The sorrow of the Prophet ﷺ for Sa'd bin Khaula.

اپنی بیوی کے منہ میں رکھو۔ پھر میں نے پوچھا کہ یارسول اللہ! میرے ساتھی تو مجھے چھوڑ کر (حجتہ الوداع کر کے) مکہ سے جارہے ہیں اور میں ان سے پیچھے رہ رہا ہوں۔ اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہاں رہ کر بھی اگر تم کوئی نیک عمل کروگے تو اس سے تمہارے درجے بلند ہوں گے اور شاید ابھی تم زندہ رہوگے اور بہت سے لوگوں کو (مسلمانوں کو) تم سے فائدہ پہنچے گا اور بہتوں کو (کفار و مرتدین کو) نقصان۔ (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی) اے اللہ! میرے ساتھیوں کو ہجرت پر استقلال عطا فرما اور ان کے قدم پیچھے کی طرف نہ لوٹا۔ لیکن مصیبت زدہ سعد بن خولہ تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے مکہ میں وفات پا جانے کی وجہ سے اظہار غم کیا تھا۔(5)

Narrated 'Amir bin Sa`d bin Abi Waqqas: That his father said, "In the year of the last Hajj of the Prophet I became seriously ill and the Prophet used to visit me inquiring about my health. I told him, 'I am reduced to this state because of illness and I am wealthy and have no inheritors except a daughter, (In this narration the name of 'Amir bin Sa`d is mentioned and in fact it is a mistake; the narrator is `Aisha bint Sa`d bin Abi Waqqas). Should I give two-thirds of my property in charity?' He said, 'No.' I asked, 'Half?' He said, 'No.' then he added, 'Onethird, and even one-third is much. You'd better leave your inheritors wealthy rather than leaving them poor, begging others. You will get a reward for whatever you spend for Allah's sake, even for what you put in your wife's mouth.' I said, 'O Allah's Apostle! Will I be left alone after my companions have gone?' He said, 'If you are left behind, whatever good deeds you will do will upgrade you

and raise you high. And perhaps you will have a long life so that some people will be benefited by you while others will be harmed by you. O Allah! Complete the emigration of my companions and do not turn them renegades.' But Allah's Apostle felt sorry for poor Sa`d bin Khaula as he died in Mecca." (but Sa`d bin Abi Waqqas lived long after the Prophet (p.b.u.h).)(5)

76) حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ ، عَنْ أُسَامَةَ وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ مَوْلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ كُرَيْزٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، " إِنَّ اللَّهَ لَا يَنْظُرُ إِلَى أَجْسَادِكُمْ وَلَا إِلَى صُوَرِكُمْ، وَلَكِنْ يَنْظُرُ إِلَى قُلُوبِكُمْ، وَأَشَارَ بِأَصَابِعِهِ إِلَى صَدْرِهِ.[8]

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نہ تمہارے جسموں کو اور نہ تمہاری صورتوں کو دیکھے گا بلکہ تمہارے دلوں کو دیکھے گا اور اشارہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیوں سے اپنے سینے مبارک کی طرف۔

Abu Huraira reported Allah's Messenger(ﷺ)as saying:Verily Allah does not look to your faces and your wealth but He looks to your heart and to your deeds

---

[8] صحیح مسلم،كِتَاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالْآدَابِ، باب تَحْرِيمِ ظُلْمِ الْمُسْلِمِ وَخَذْلِهِ وَاحْتِقَارِهِ وَدَمِهِ وَعِرْضِهِ وَمَالِهِ، رقم الحديث:6542۔
صحیح مسلم / حسن سلوک، صلہ رحمی اور ادب / باب: مسلمان پر ظلم کرنا یا اس کو ذلیل کرنا حرام ہے۔ حدیث نمبر:6542

The Book of Virtue, Enjoining Good Manners, and Joining of the Ties of Kinship,Chapter: The Prohibition Of Wronging, Forsaking, Or Despising A Muslim And The Inviolability Of His Blood, Honor And Wealth,Hadith No:6542

77) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى، قَالَ:"جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: الرَّجُلُ يُقَاتِلُ حَمِيَّةً وَيُقَاتِلُ شَجَاعَةً وَيُقَاتِلُ رِيَاءً، فَأَيُّ ذَلِكَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ؟، قَالَ: مَنْ قَاتَلَ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ".[9]

ہم سے محمد بن کثیر نے بیان کیا، کہا ہم سے سفیان بن عیینہ نے بیان کیا، ان سے اعمش نے، ان سے ابووائل نے اور ان سے ابوموسیٰ ؓ نے کہ: ایک شخص نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور کہا کہ کوئی شخص حمیت کی وجہ سے لڑتا ہے، کوئی بہادری کی وجہ سے لڑتا ہے اور کوئی دکھاوے کے لیے لڑتا ہے۔ تو ان میں سے کون اللہ کے راستے میں ہے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو اس لیے لڑتا ہے کہ اللہ کا کلمہ ہی بلند رہے۔

Narrated Abu Musa: A man came to the Prophet and said, "A man fights for pride and haughtiness another fights for bravery, and another fights for showing off; which of these (cases) is in Allah's Cause?" The Prophet said, "The one who fights that Allah's Word (Islam) should be superior, fights in Allah's Cause".

78) حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، وَيُونُسُ، عَنْ الْحَسَنِ، عَنْ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ:ذَهَبْتُ لِأَنْصُرَ هَذَا الرَّجُلَ، فَلَقِيَنِي أَبُو بَكْرَةَ، فَقَالَ: أَيْنَ تُرِيدُ؟ قُلْتُ: أَنْصُرُ هَذَا الرَّجُلَ، قَالَ: ارْجِعْ، فَإِنِّي

[9] صحيح بخاري، كتاب التوحيد، بَابُ قَوْلِهِ تَعَالَى: "وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ"، رقم الحديث:7458۔ صحیح بخاری/کتاب: اللہ کی توحید اس کی ذات اور صفات کے بیان میں / باب: اللہ تعالیٰ کا فرمان (سورۃ والصافات میں) کہ "ہم تو پہلے ہی اپنے بھیجے ہوئے بندوں کے باب میں یہ فرما چکے ہیں کہ ایک روز ان کی مدد ہو گی اور ہمارا ہی لشکر غالب ہو گا"۔ حدیث نمبر: 7458۔

THE BOOK OF TAUHTD (Islamic Monotheism), CHAPTER. The Statement of Allah: "And, verily, Our Word has gone forth of old for Our slaves -- the Messengers." , Hadith No:7458

سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: "إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا، فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُولُ فِي النَّارِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا الْقَاتِلُ فَمَا بَالُ الْمَقْتُولِ، قَالَ: إِنَّهُ كَانَ حَرِيصًا عَلَى قَتْلِ صَاحِبِهِ".[10]

ہم سے عبدالرحمٰن بن المبارک نے بیان کیا، کہا ہم سے حماد بن زید نے، کہا ہم سے ایوب اور یونس نے، ان سے امام حسن بصری نے، ان سے احنف بن قیس نے کہ: میں ان صاحب (علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ) کی جنگ جمل میں مدد کے لیے تیار تھا کہ ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے میری ملاقات ہوئی۔ انہوں نے پوچھا، کہاں کا ارادہ ہے؟ میں نے کہا کہ ان صاحب کی مدد کے لیے جانا چاہتا ہوں۔ انہوں نے فرمایا کہ واپس چلے جاؤ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ جب دو مسلمان تلوار کھینچ کر ایک دوسرے سے بھڑ جائیں تو قاتل اور مقتول دونوں دوزخ میں جاتے ہیں۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ایک تو قاتل تھا لیکن مقتول کو سزا کیوں ملے گی؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ بھی اپنے قاتل کے قتل پر آمادہ تھا۔ (8)

Narrated Al-Ahnaf bin Qais: I went to help that man (i.e., `Ali), and on the way I met Abu Bakra who asked me, "Where are you going?" I replied, "I am going to help that man." He said, "Go back, for I heard Allah's Apostle saying, 'If two Muslims meet each other with their swords then (both) the killer and the killed one are in the (Hell) Fire.'

10 صحيح بخاري، كتاب الديات، بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: "وَمَنْ أَحْيَاهَا"، رقم الحديث : ٦٨٧٥، صحيح مسلم، كِتَاب الْفِتَنِ وَأَشْرَاطِ السَّاعَةِ، باب إِذَا تَوَاجَهَ الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا، رقم الحديث:7253۔ صحیح بخاری / کتاب: دیتوں کے بیان میں / باب: اللہ تعالیٰ نے (سورۃ المائدہ میں) فرمایا "جس نے مرتے کو بچا لیا اس نے گویا سب لوگوں کی جان بچا لی"۔ حدیث نمبر: 6875، صحیح مسلم / فتنے اور علامات قیامت / باب: دو مسلمانوں کی تلواروں کے ساتھ باہم لڑائی کے بیان میں۔ حدیث نمبر: 7253۔

THE BOOK OF AD-DIYAIT (Blood - Money), CHAPTER. The Statement of Allah: “And if anyone saved a life...” , Hadith No:6875

I said, 'O Allah's Apostle! It is alright for the killer, but what about the killed one?' He said, 'The killed one was eager to kill his opponent(8)".

79) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: "صَلَاةُ الْجَمِيعِ تَزِيدُ عَلَى صَلَاتِهِ فِي بَيْتِهِ، وَصَلَاتِهِ فِي سُوقِهِ خَمْسًا وَعِشْرِينَ دَرَجَةً، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ وَأَتَى الْمَسْجِدَ لَا يُرِيدُ إِلَّا الصَّلَاةَ، لَمْ يَخْطُ خَطْوَةً إِلَّا رَفَعَهُ اللَّهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ خَطِيئَةً حَتَّى يَدْخُلَ الْمَسْجِدَ، وَإِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ كَانَ فِي صَلَاةٍ مَا كَانَتْ تَحْبِسُهُ وَتُصَلِّي يَعْنِي عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ مَا دَامَ فِي مَجْلِسِهِ الَّذِي يُصَلِّي فِيهِ، اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ اللَّهُمَّ ارْحَمْهُ مَا لَمْ يُحْدِثْ فِيهِ".[11]

ہم سے مسدد نے بیان کیا، کہا ہم سے ابو معاویہ نے اعمش کے واسطہ سے، انہوں نے ابو صالح ذکوان سے، انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: " جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے میں گھر کے اندر یا بازار (دوکان وغیرہ) میں نماز پڑھنے سے پچیس گنا ثواب زیادہ ملتا ہے۔ کیونکہ جب کوئی شخص تم میں سے وضو کرے اور اس کے آداب کا لحاظ رکھے پھر مسجد میں صرف نماز کی غرض سے آئے تو اس کے ہر قدم پر اللہ تعالیٰ ایک درجہ اس کا بلند کرتا ہے اور ایک گناہ اس سے معاف کرتا ہے۔ اس طرح وہ مسجد کے اندر آئے گا۔ مسجد میں آنے کے بعد جب تک نماز کے انتظار میں رہے گا۔ اسے نماز ہی کی حالت میں شمار

11 صحيح بخاري، كتاب الصلاة، بَابُ الصَّلاَةِ فِي مَسْجِدِ السُّوقِ، رقم الحديث:477۔ صحیح بخاری / کتاب: نماز کے احکام ومسائل / باب: بازار کی مسجد میں نماز پڑھنا۔ حدیث نمبر:477، صحیح مسلم / مسجدوں اور نماز کی جگہ کے احکام / باب: فرض نماز باجماعت ادا کرنے اور نماز کا انتظار کرنے اور مساجد میں بکثرت آنے جانے کی فضیلت۔ حدیث نمبر:1506۔

THE BOOK OF AS-SALAT (THE PRAYER), CHAPTER. To offer As-Salat (the prayers) in a mosque situated in a market.Hadith No:1506

کیا جائے گا اور جب تک اس جگہ بیٹھا رہے جہاں اس نے نماز پڑھی ہے تو فرشتے اس کے لیے رحمت خداوندی کی دعائیں کرتے ہیں "اللهم اغفر له، اللهم ارحمه" اے اللہ! اس کو بخش دے، اے اللہ! اس پر رحم کر۔ جب تک کہ ریح خارج کر کے (وہ فرشتوں کو) تکلیف نہ دے۔

Narrated Abu Huraira: The Prophet said, "The prayer offered in congregation is twenty five times more superior (in reward) to the prayer offered alone in one's house or in a business center, because if one performs ablution and does it perfectly, and then proceeds to the mosque with the sole intention of praying, then for each step which he takes towards the mosque, Allah upgrades him a degree in reward and (forgives) crosses out one sin till he enters the mosque. When he enters the mosque he is considered in prayer as long as he is waiting for the prayer and the angels keep on asking for Allah's forgiveness for him and they keep on saying: 'O Allah! Be Merciful to him, O Allah! Forgive him, as long as he keeps on sitting at his praying place and does not pass wind.

80) حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا جَعْدُ بْنُ دِينَارٍ أَبُو عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيُّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَرْوِي عَنْ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ، قَالَ: قَالَ: "إِنَّ اللَّهَ كَتَبَ الْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ، ثُمَّ بَيَّنَ ذَلِكَ فَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا، كَتَبَهَا اللَّهُ لَهُ عِنْدَهُ حَسَنَةً كَامِلَةً، فَإِنْ هُوَ هَمَّ بِهَا فَعَمِلَهَا كَتَبَهَا اللَّهُ لَهُ عِنْدَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ إِلَى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ إِلَى أَضْعَافٍ كَثِيرَةٍ، وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا، كَتَبَهَا

اللَّهُ لَهُ عِنْدَهُ حَسَنَةً كَامِلَةً فَإِنْ هُوَ هَمَّ بِهَا فَعَمِلَهَا كَتَبَهَا اللَّهُ لَهُ سَيِّئَةً وَاحِدَةً"[12]

ہم سے ابو معمر نے بیان کیا، انہوں نے کہا ہم سے عبدالوارث نے بیان کیا، انہوں نے کہا ہم سے جعد ابو عثمان نے بیان کیا، ان سے ابورجاء عطاردی نے بیان کیا اور ان سے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث قدسی میں فرمایا" اللہ تعالیٰ نے نیکیاں اور برائیاں مقدر کر دی ہیں اور پھر انہیں صاف صاف بیان کر دیا ہے۔ پس جس نے کسی نیکی کا ارادہ کیا لیکن اس پر عمل نہ کر سکا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے ایک مکمل نیکی کا بدلہ لکھا ہے اور اگر اس نے ارادہ کے بعد اس پر عمل بھی کر لیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے اپنے یہاں دس گنا سے سات سو گنا تک نیکیاں لکھی ہیں اور اس سے بڑھ کر اور جس نے کسی برائی کا ارادہ کیا اور پھر اس پر عمل نہیں کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے اپنے یہاں نیکی لکھی ہے اور اگر اس نے ارادہ کے بعد اس پر عمل بھی کر لیا تو اپنے یہاں اس کے لیے ایک برائی لکھی ہے۔

Narrated Ibn `Abbas: The Prophet narrating about his Lord I'm and said, "Allah ordered (the appointed angels over you) that the good and the bad deeds be written, and He then showed (the way) how (to write). If somebody intends to do a good deed and he does not do it, then Allah will write for him a full good deed (in his account with Him); and if he intends to do a good deed and actually did it, then Allah will write for him (in his account) with Him (its reward equal) from ten to seven hundred times to many more times: and if

12 صحيح بخاري ، كتاب الرقاق، بَابُ مَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ أَوْ بِسَيِّئَةٍ، رقم الحديث:6491۔ صحیح بخاری / کتاب: دل کو نرم کرنے والی باتوں کے بیان میں / باب: جس نے کسی نیکی یا بدی کا ارادہ کیا اس کا نتیجہ کیا ہے؟، حدیث نمبر: 6491

THE BOOK OF AR-RIQAQ (Softening of the Hearts), CHAPTER. Whoever intended to do a good deed or a bad deed. Hadith No:6491

somebody intended to do a bad deed and he does not do it, then Allah will write a full good deed (in his account) with Him, and if he intended to do it (a bad deed) and actually did it, then Allah will write one bad deed (in his account).

81) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ خَلِيلٍ، أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: "بَيْنَمَا ثَلَاثَةُ نَفَرٍ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ يَمْشُونَ إِذْ أَصَابَهُمْ مَطَرٌ فَأَوَوْا إِلَى غَارٍ فَانْطَبَقَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ إِنَّهُ وَاللَّهِ يَا هَؤُلَاءِ لَا يُنْجِيكُمْ إِلَّا الصِّدْقُ فَلْيَدْعُ كُلُّ رَجُلٍ مِنْكُمْ بِمَا يَعْلَمُ أَنَّهُ قَدْ صَدَقَ فِيهِ، فَقَالَ: وَاحِدٌ مِنْهُمُ اللَّهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّهُ كَانَ لِي أَجِيرٌ عَمِلَ لِي عَلَى فَرَقٍ مِنْ أَرُزٍّ فَذَهَبَ وَتَرَكَهُ، وَأَنِّي عَمَدْتُ إِلَى ذَلِكَ الْفَرَقِ فَزَرَعْتُهُ فَصَارَ مِنْ أَمْرِهِ أَنِّي اشْتَرَيْتُ مِنْهُ بَقَرًا وَأَنَّهُ أَتَانِي يَطْلُبُ أَجْرَهُ، فَقُلْتُ لَهُ: اعْمِدْ إِلَى تِلْكَ الْبَقَرِ فَسُقْهَا، فَقَالَ لِي: إِنَّمَا لِي عِنْدَكَ فَرَقٌ مِنْ أَرُزٍّ، فَقُلْتُ لَهُ: اعْمِدْ إِلَى تِلْكَ الْبَقَرِ فَإِنَّهَا مِنْ ذَلِكَ الْفَرَقِ فَسَاقَهَا فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي فَعَلْتُ ذَلِكَ مِنْ خَشْيَتِكَ فَفَرِّجْ عَنَّا فَانْسَاحَتْ عَنْهُمُ الصَّخْرَةُ، فَقَالَ الْآخَرُ: اللَّهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّهُ كَانَ لِي أَبَوَانِ شَيْخَانِ كَبِيرَانِ، فَكُنْتُ آتِيهِمَا كُلَّ لَيْلَةٍ بِلَبَنِ غَنَمٍ لِي فَأَبْطَأْتُ عَلَيْهِمَا لَيْلَةً فَجِئْتُ وَقَدْ رَقَدَا وَأَهْلِي وَعِيَالِي يَتَضَاغَوْنَ مِنَ الْجُوعِ فَكُنْتُ لَا أَسْقِيهِمْ حَتَّى يَشْرَبَ أَبَوَايَ، فَكَرِهْتُ أَنْ أُوقِظَهُمَا وَكَرِهْتُ أَنْ أَدَعَهُمَا فَيَسْتَكِنَّا لِشَرْبَتِهِمَا، فَلَمْ أَزَلْ أَنْتَظِرُ حَتَّى طَلَعَ الْفَجْرُ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي فَعَلْتُ ذَلِكَ مِنْ خَشْيَتِكَ فَفَرِّجْ عَنَّا فَانْسَاحَتْ عَنْهُمُ الصَّخْرَةُ حَتَّى نَظَرُوا إِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ الْآخَرُ: اللَّهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّهُ كَانَ لِي ابْنَةُ عَمٍّ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ

وَأَنِّي رَاوَدْتُهَا عَنْ نَفْسِهَا فَأَبَتْ إِلَّا أَنْ آتِيَهَا بِمِائَةِ دِينَارٍ، فَطَلَبْتُهَا حَتَّى قَدَرْتُ فَأَتَيْتُهَا بِهَا فَدَفَعْتُهَا إِلَيْهَا فَأَمْكَنَتْنِي مِنْ نَفْسِهَا فَلَمَّا قَعَدْتُ بَيْنَ رِجْلَيْهَا، فَقَالَتْ: اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تَفُضَّ الْخَاتَمَ إِلَّا بِحَقِّهِ فَقُمْتُ وَتَرَكْتُ الْمِائَةَ دِينَارٍ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي فَعَلْتُ ذَلِكَ مِنْ خَشْيَتِكَ فَفَرِّجْ عَنَّا فَفَرَّجَ اللَّهُ عَنْهُمْ فَخَرَجُوا"[13]

ہم سے اسماعیل بن خلیل نے بیان کیا، کہا ہم کو علی بن مسہر نے خبر دی، انہیں عبید اللہ بن عمر نے، انہیں نافع نے اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "پچھلے زمانے میں (بنی اسرائیل میں سے) تین آدمی کہیں راستے میں جا رہے تھے کہ اچانک بارش نے انہیں آلیا۔ وہ تینوں پہاڑ کے ایک کھوہ (غار) میں گھس گئے (جب وہ اندر چلے گئے) تو غار کا منہ بند ہو گیا۔ اب تینوں آپس میں یوں کہنے لگے کہ اللہ کی قسم ہمیں اس مصیبت سے اب تو صرف سچائی ہی نجات دلائے گی۔ بہتر یہ ہے کہ اب ہر شخص اپنے کسی ایسے عمل کو بیان کر کے دعا کرے جس کے بارے میں اسے یقین ہو کہ وہ خالص اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لیے کیا تھا۔ چنانچہ ایک نے اس طرح دعا کی۔ اے اللہ! تجھ کو خوب معلوم ہے کہ میں نے ایک مزدور رکھا تھا جس نے ایک فرق (تین صاع) چاول کی مزدوری پر میرا کام کیا تھا لیکن وہ شخص (غصہ میں آکر) چلا گیا اور اپنے چاول چھوڑ گیا۔ پھر میں نے اس ایک فرق چاول کو لیا اور اس کی کاشت کی۔ اس سے اتنا کچھ ہو گیا کہ میں نے پیداوار میں سے گائے بیل خرید لیے۔ اس کے بہت دن بعد وہی شخص مجھ سے اپنی مزدوری مانگنے آیا۔ میں نے کہا کہ یہ گائے بیل کھڑے ہیں ان کو لے جا۔ اس نے کہا کہ میرا تو صرف ایک فرق چاول تم پر ہونا چاہیے تھا۔ میں نے اس سے کہا یہ سب گائے بیل لے جا کیونکہ اسی ایک فرق کی آمدنی ہے۔ آخر وہ گائے بیل لے کر چلا گیا۔ پس اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ یہ ایمانداری میں نے صرف تیرے ڈر سے

---

[13] صحيح بخاري، كتاب أحاديث الأنبياء، بَابُ حَدِيثُ الْغَارِ، رقم الحديث: 3465۔ صحیح بخاری/کتاب: انبیاء علیہم السلام کے بیان میں/باب: غار والوں کا قصہ۔ حدیث نمبر: 3465، صحیح مسلم/کتاب الرقاق/باب: غار میں پھنسے ہوئے تین آدمیوں کا قصہ اور نیک اعمال کا وسیلہ۔ حدیث نمبر: 6949
THE BOOK OF THE STORIES OF THE PROPHETS,(53) CHAPTER. The tale of the cave. Hadith No:3465

کی تھی تو، تو غار کا منہ کھول دے۔ چنانچہ اسی وقت وہ پتھر کچھ ہٹ گیا۔ پھر دوسرے نے اس طرح دعا کی۔ اے اللہ! تجھے خوب معلوم ہے کہ میرے ماں باپ جب بوڑھے ہو گئے تو میں ان کی خدمت میں روزانہ رات میں اپنی بکریوں کا دودھ لا کر پلایا کرتا تھا۔ ایک دن اتفاق سے میں دیر سے آیا تو وہ سو چکے تھے۔ ادھر میرے بیوی اور بچے بھوک سے بلبلا رہے تھے لیکن میری عادت تھی کہ جب تک والدین کو دودھ نہ پلا لوں، بیوی بچوں کو نہیں دیتا تھا مجھے انہیں بیدار کرنا بھی پسند نہیں تھا اور چھوڑنا بھی پسند نہ تھا (کیونکہ یہی ان کا شام کا کھانا تھا اور اس کے نہ پینے کی وجہ سے وہ کمزور ہو جاتے) پس میں ان کا وہیں انتظار کرتا رہا یہاں تک کہ صبح ہو گئی۔ پس اگر تیرے علم میں بھی میں نے یہ کام تیرے خوف کی وجہ سے کیا تھا تو تو ہماری مشکل دور کر دے۔ اس وقت وہ پتھر کچھ اور ہٹ گیا اور اب آسمان نظر آنے لگا۔ پھر تیسرے شخص نے یوں دعا کی۔ اے اللہ! میری ایک چچازاد بہن تھی جو مجھے سب سے زیادہ محبوب تھی۔ میں نے ایک بار اس سے صحبت کرنی چاہی، اس نے انکار کیا مگر اس شرط پر تیار ہوئی کہ میں اسے سو اشرفی لا کر دے دوں۔ میں نے یہ رقم حاصل کرنے کے لیے کوشش کی۔ آخر وہ مجھے مل گئی تو میں اس کے پاس آیا اور وہ رقم اس کے حوالے کر دی۔ اس نے مجھے اپنے نفس پر قدرت دے دی۔ جب میں اس کے دونوں پاؤں کے درمیان بیٹھ چکا تو اس نے کہا کہ اللہ سے ڈر اور مہر کو بغیر حق کے نہ توڑ۔ میں (یہ سنتے ہی) کھڑا ہو گیا اور سو اشرفی بھی واپس نہیں لی۔ پس اگر تیرے علم میں بھی میں نے یہ عمل تیرے خوف کی وجہ سے کیا تھا، تو ہماری مشکل آسان کر دے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی مشکل دور کر دی اور وہ تینوں باہر نکل آئے۔

Narrated Ibn `Umar: Allah's Apostle said, "Once three persons (from the previous nations) were traveling, and suddenly it started raining and they took shelter in a cave. The entrance of the cave got closed while they were inside. They said to each other, 'O you! Nothing can save you except the truth, so each of you should ask Allah's Help by referring to such a deed as he thinks he did sincerely

(i.e. just for gaining Allah's Pleasure).' So one of them said, 'O Allah! You know that I had a laborer who worked for me for one Faraq (i.e. three Sas) of rice, but he departed, leaving it (i.e. his wages). I sowed that Faraq of rice and with its yield I bought cows (for him). Later on when he came to me asking for his wages, I said (to him), 'Go to those cows and drive them away.' He said to me, 'But you have to pay me only a Faraq of rice,' I said to him, 'Go to those cows and take them, for they are the product of that Faraq (of rice).' So he drove them. O Allah! If you consider that I did that for fear of You, then please remove the rock.' The rock shifted a bit from the mouth of the cave. The second one said, 'O Allah, You know that I had old parents whom I used to provide with the milk of my sheep every night. One night I was delayed and when I came, they had slept, while my wife and children were crying with hunger. I used not to let them (i.e. my family) drink unless my parents had drunk first. So I disliked to wake them up and also disliked that they should sleep without drinking it, I kept on waiting (for them to wake) till it dawned. O Allah! If You consider that I did that for fear of you, then please remove the rock.' So the rock shifted and they could see the sky through it. The (third) one said, 'O Allah! You know that I had a cousin (i.e. my paternal uncle's daughter) who was most beloved to me and I sought to seduce her, but she refused,

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

unless I paid her one-hundred Dinars (i.e. gold pieces). So I collected the amount and brought it to her, and she allowed me to sleep with her. But when I sat between her legs, she said, 'Be afraid of Allah, and do not deflower me but legally. 'I got up and left the hundred Dinars (for her). O Allah! If You consider that I did that for fear of you than please remove the rock. So Allah saved them and they came out (of the cave)".

82) أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ ظَنَّ أَنَّ لَهُ فَضْلًا عَلَى مَنْ دُونَهُ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّمَا يَنْصُرُ اللَّهُ هَذِهِ الْأُمَّةَ بِضَعِيفِهَا، بِدَعْوَتِهِمْ، وَصَلَاتِهِمْ، وَإِخْلَاصِهِمْ"[14]

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہیں خیال ہوا کہ انہیں اپنے سوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دیگر صحابہ پر فضیلت وبرتری حاصل ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اللہ تعالیٰ اس امت کی مدد اس کے کمزور لوگوں کی دعاؤں، صلاۃ اور اخلاص کی بدولت فرماتا ہے۔

It was narrated from Mus'ab bin Sa'd, from his father, that he thought he was better than other Companions of the Prophet .(ﷺ) The Prophet of Allah (ﷺ) said" :Rather, Allah support this Ummah

14 سنن نسائي، كتاب الجهاد، بَابُ: الاِسْتِنْصَارِ بِالضَّعِيفِ، رقم الحديث:3180۔ سنن نسائی/کتاب: جہاد کے احکام، مسائل وفضائل/باب: کمزور آدمی سے مدد چاہنے کا بیان۔ حدیث نمبر:3180، صحیح البخاری/الجہاد76(2896)،(تحفۃ الأشراف: 3935)، مسند احمد(1/173)، شیخ البانی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا۔

Sunan an-Nasa'i , The Book of Jihad , Chapter: Seeking The Support Of Allah By The Supplications Of The Weak , Hadith No:3180

because of their supplication, their Salah, and their sincerity

83) عن أبي الدرداء عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "الدنيا ملعونة ملعون ما فيها إلا ما ابتغي به وجه الله تعالى"۔[15]

ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صَلَّى ٱللَّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: "یہ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے سب ملعون ہے، سوائے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے اور اس کے جو ذکر اللہ سے متعلق رہتا ہے۔"

84) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيل، حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا عُبَادَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ خَبَّابٍ، عَنْ سَعِيدٍ الطَّائِيِّ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو كَبْشَةَ الْأَنَّمَارِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:"ثَلَاثَةٌ أُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ وَأُحَدِّثُكُمْ حَدِيثًا فَاحْفَظُوهُ، قَالَ: " مَا نَقَصَ مَالُ عَبْدٍ مِنْ صَدَقَةٍ، وَلَا ظُلِمَ عَبْدٌ مَظْلَمَةً فَصَبَرَ عَلَيْهَا إِلَّا زَادَهُ اللَّهُ عِزًّا، وَلَا فَتَحَ عَبْدٌ بَابَ مَسْأَلَةٍ إِلَّا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا ". (حديث مرفوع) (حديث موقوف) " وَأُحَدِّثُكُمْ حَدِيثًا فَاحْفَظُوهُ، قَالَ: إِنَّمَا الدُّنْيَا لِأَرْبَعَةِ نَفَرٍ: عَبْدٍ رَزَقَهُ اللَّهُ مَالًا وَعِلْمًا فَهُوَ يَتَّقِي فِيهِ رَبَّهُ وَيَصِلُ فِيهِ رَحِمَهُ وَيَعْلَمُ لِلَّهِ فِيهِ حَقًّا فَهَذَا بِأَفْضَلِ الْمَنَازِلِ، وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللَّهُ عِلْمًا وَلَمْ يَرْزُقْهُ مَالًا فَهُوَ صَادِقُ النِّيَّةِ، يَقُولُ: لَوْ أَنَّ لِي مَالًا لَعَمِلْتُ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ بِنِيَّتِهِ فَأَجْرُهُمَا سَوَاءٌ، وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللَّهُ مَالًا وَلَمْ يَرْزُقْهُ عِلْمًا فَهُوَ يَخْبِطُ فِي مَالِهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ لَا يَتَّقِي فِيهِ رَبَّهُ

[15] ابن ابی عاصم نے "الزھد:127 اور امام طبرانی نے "مسند الشامیین:612، شیخ البانی رحمہ اللہ نے " صحیح الترغیب والترھیب، صفحہ یا نمبر:9 میں اس حدیث کو حسن لغیرہ قرار دیا۔

http://www.dorar.net/h/2e0de14345072d963f3b27d6b016517f

وَلَا يَصِلُ فِيهِ رَحِمَهُ وَلَا يَعْلَمُ لِلَّهِ فِيهِ حَقًّا فَهَذَا بِأَخْبَثِ الْمَنَازِلِ، وَعَبْدٍ لَمْ يَرْزُقْهُ اللَّهُ مَالًا وَلَا عِلْمًا، فَهُوَ يَقُولُ: لَوْ أَنَّ لِي مَالًا لَعَمِلْتُ فِيهِ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ بِنِيَّتِهِ فَوِزْرُهُمَا سَوَاءٌ "[١٦]

ابو کبشہ انماری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: "میں تین باتوں پر قسم کھاتا ہوں اور میں تم لوگوں سے ایک بات بیان کر رہا ہوں جسے یاد رکھو"، "کسی بندے کے مال میں صدقہ دینے سے کوئی کمی نہیں آتی (یہ پہلی بات ہے)، اور کسی بندے پر کسی قسم کا ظلم ہو اور اس پر وہ صبر کرے تو اللہ اس کی عزت کو بڑھا دیتا ہے (دوسری بات ہے)، اور اگر کوئی شخص پہنے کے لیے سوال کا دروازہ کھولتا ہے تو اللہ اس کے لیے فقر و محتاجی کا دروازہ کھول دیتا ہے"۔ (یا اسی کے ہم معنی آپ نے کوئی اور کلمہ کہا) (یہ تیسری بات ہے) اور تم لوگوں سے ایک اور بات بیان کر رہا ہوں اسے بھی اچھی طرح یاد رکھو: "یہ دنیا چار قسم کے لوگوں کے لیے ہے: ایک بندہ وہ ہے جسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے مال اور علم کی دولت دی، وہ اپنے رب سے اس مال کے کمانے اور خرچ کرنے میں ڈرتا ہے اور اس مال کے ذریعے صلہ رحمی کرتا ہے اور اس میں سے اللہ کے حقوق کی ادائیگی کا بھی خیال رکھتا ہے ایسے بندے کا درجہ سب درجوں سے بہتر ہے۔ اور ایک وہ بندہ ہے جسے اللہ نے علم دیا، لیکن مال و دولت سے اسے محروم رکھا پھر بھی اس کی نیت سچی ہے اور وہ کہتا ہے کہ کاش میرے پاس بھی مال ہوتا تو میں اس شخص کی طرح عمل کرتا لہٰذا اسے اس کی سچی نیت کی وجہ سے پہلے شخص کی طرح اجر برابر ملے گا، اور ایک وہ بندہ ہے جسے اللہ نے مال و دولت سے نوازا لیکن اسی علم سے محروم رکھا وہ اپنے مال میں غلط روش اختیار کرتا ہے، اس مال کے کمانے اور خرچ کرنے میں اپنے رب سے نہیں ڈرتا ہے، نہ ہی صلہ رحمی کرتا ہے اور نہ ہی اس مال میں اللہ کے حق کا

---

[16] سنن ترمذي، كتاب الزهد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب مَا جَاءَ مَثَلُ الدُّنْيَا مَثَلُ أَرْبَعَةِ نَفَرٍ، رقم الحديث: 2325۔ سنن ترمذی / کتاب: زہد، ورع، تقوی اور پرہیز گاری / باب: دنیا کی مثال چار قسم کے لوگوں کی مانند ہے۔ حدیث نمبر: 2325، ابن ماجہ نے زہد کے باب 26 (4228) میں اسی طرح کی حدیث روایت کی، تحفۃ الأشراف: 12145)، شیخ البانی رحمہ اللہ نے ابن ماجۃ (4228) میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا۔

Jami` at-Tirmidhi , Chapters On Zuhd , Chapter: What Has Been Related About 'The Parable Of Th World Is That Of Four People , Hadith No:2325

خیال رکھتا ہے تو ایسے شخص کا درجہ سب درجوں سے بدتر ہے، اور ایک وہ بندہ ہے جسے اللہ نے مال و دولت اور علم دونوں سے محروم رکھا، وہ کہتا ہے کاش میرے پاس مال ہوتا تو فلاں کی طرح میں بھی عمل کرتا (یعنی: برے کاموں میں مال خرچ کرتا) تو اس کی نیت کا وبال اسے ملے گا اور دونوں کا عذاب اور بار گناہ برابر ہو گا"۔(14)

Abu Kabshah Al-Anmari narrated that the Messenger of Allah (s.a.w) said:There are three things for which I swear and narrate to you about, so remember it." He said: "The wealth of a slave (of Allah) shall not be decreased by charity, no slave (of Allah) suffers injustice and is patient with it except that Allah adds to his honor; no slave (of Allah) opens up a door to begging except that Allah opens a door for him to poverty"- or a statement similar- "And I shall narrate to you a narration, so remember it." He said: "The world is only for four persons: A slave whom Allah provides with wealth and knowledge, so he has Taqwa of his Lord with it, nurtures the ties of kinship with it, and he knows that Allah has a right in it. So this is the most virtuous rank. And a slave whom Allah provides with knowledge, but He does not provide with wealth. So he has a truthful intent, saying: 'If I had wealth, then I would do the deeds of so-and-so with it.' He has his intention, so their rewards are the same. And a slave whom Allah provides with wealth, but He does not provide him with knowledge. [So he] spends his wealth rashly without knowledge, nor having Taqwa of his Lord, nor nurturing the

ties of kinship, and he does not know that Allah has a right in it. So this is the most despicable rank. And a slave whom Allah does not provide with wealth nor knowledge, so he says: 'If I had wealth, then I would do the deeds of so-and-so with it.' He has his intention, so their sin is the same(14)".

85) ۔دَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "يَقُولُ اللَّهُ: إِذَا أَرَادَ عَبْدِي أَنْ يَعْمَلَ سَيِّئَةً فَلَا تَكْتُبُوهَا عَلَيْهِ حَتَّى يَعْمَلَهَا، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوهَا بِمِثْلِهَا، وَإِنْ تَرَكَهَا مِنْ أَجْلِي، فَاكْتُبُوهَا لَهُ حَسَنَةً، وَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَعْمَلَ حَسَنَةً فَلَمْ يَعْمَلْهَا، فَاكْتُبُوهَا لَهُ حَسَنَةً، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوهَا لَهُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا إِلَى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ"۔[17]

ہم سے قتیبہ بن سعید نے بیان کیا، انہوں نے کہا ہم سے مغیرہ بن عبدالرحمٰن نے بیان کیا، ان سے ابوالزناد نے بیان کیا، ان سے اعرج نے بیان کیا اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب میرا بندہ کسی برائی کا ارادہ کرے تو اسے نہ لکھو یہاں تک کہ اسے کر نہ لے۔ جب اس کو کر لے پھر اسے اس کے برابر لکھو اور اگر اس برائی کو میرے خوف سے چھوڑ دے تو اس کے حق میں ایک نیکی لکھو اور اگر بندہ کوئی نیکی کرنی

[17] صحيح بخاري، كتاب التوحيد، بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: "يُرِيدُونَ أَنْ يُبَدِّلُوا كَلاَمَ اللَّهِ"، رقم الحديث:7501۔ صحیح بخاری/کتاب: اللہ کی توحید اس کی ذات اور صفات کے بیان میں / باب: اللہ تعالیٰ کا (سورۃ الفتح) ارشاد "یہ گنوار چاہتے ہیں کہ اللہ کا کلام بدل دیں"۔ حدیث نمبر: 7501، صحیح مسلم / ایمان کے احکام و مسائل / باب: بندے کے نیکی کے ارادے کو لکھنے کا، اور بدی کے ارادے کو نہ لکھنے کا بیان۔ حدیث نمبر: 336

THE BOOK OF TAUHTD (Islamic Monotheism), CHAPTER. The Statement of Allah: "... They want to change Allah's Words.., Hadith No:7501

چاہے تو اس کے لیے ارادہ ہی پر ایک نیکی اس کے لیے لکھو"۔

Narrated Abu Huraira: Allah's Apostle said, "Allah says, "If My slave intends to do a bad deed then (O Angels) do not write it unless he does it; if he does it, then write it as it is, but if he refrains from doing it for My Sake, then write it as a good deed (in his account). (On the other hand) if he intends to go a good deed, but does not do it, then write a good deed (in his account), and if he does it, then write it for him (in his account) as ten good deeds up to seven-hundred times۔

86) حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: "قَالَ رَجُلٌ: لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ سَارِقٍ، فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ عَلَى سَارِقٍ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدَيْ زَانِيَةٍ، فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلَى زَانِيَةٍ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى زَانِيَةٍ لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدَيْ غَنِيٍّ، فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ عَلَى غَنِيٍّ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى سَارِقٍ، وَعَلَى زَانِيَةٍ، وَعَلَى غَنِيٍّ، فَأُتِيَ فَقِيلَ لَهُ: أَمَّا صَدَقَتُكَ عَلَى سَارِقٍ فَلَعَلَّهُ أَنْ يَسْتَعِفَّ عَنْ سَرِقَتِهِ، وَأَمَّا الزَّانِيَةُ فَلَعَلَّهَا أَنْ تَسْتَعِفَّ عَنْ زِنَاهَا، وَأَمَّا الْغَنِيُّ فَلَعَلَّهُ يَعْتَبِرُ فَيُنْفِقُ مِمَّا أَعْطَاهُ اللَّهُ".[18]

[18] صحيح بخاري، كتاب الزكاة، بَابُ إِذَا تَصَدَّقَ عَلَى غَنِيٍّ وَهُوَ لاَ يَعْلَمُ، رقم الحديث :1421۔ صحیح بخاری/کتاب: زکوۃ کے مسائل کا بیان/ باب: اگر لاعلمی میں کسی نے مالدار کو صدقہ دے دیا (تو اس کو ثواب مل جائے گا)۔ حدیث نمبر: 1421، صحیح مسلم/ زکاۃ کے احکام و مسائل/ باب: صدقہ دینے والے کو

ہم سے ابو الیمان نے بیان کیا' کہا کہ ہمیں شعیب نے خبر دی' کہا کہ ہم سے ابو الزناد نے بیان کیا' ان سے اعرج نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:" ایک شخص نے (بنی اسرائیل میں سے) کہا کہ مجھے ضرور صدقہ (آج رات) دینا ہے۔ چنانچہ وہ اپنا صدقہ لے کر نکلا اور (ناواقفی سے) ایک چور کے ہاتھ میں رکھ دیا۔ صبح ہوئی تو لوگوں نے کہنا شروع کیا کہ آج رات کسی نے چور کو صدقہ دے دیا۔ اس شخص نے کہا کہ اے اللہ! تمام تعریف تیرے ہی لیے ہے۔ (آج رات) میں پھر ضرور صدقہ کروں گا۔ چنانچہ وہ دوبارہ صدقہ لے کر نکلا اور اس مرتبہ ایک فاحشہ کے ہاتھ میں دے آیا۔ جب صبح ہوئی تو پھر لوگوں میں چرچا ہوا کہ آج رات کسی نے فاحشہ عورت کو صدقہ دے دیا۔ اس شخص نے کہا اے اللہ! تمام تعریف تیرے ہی لیے ہے' میں زانیہ کو اپنا صدقہ دے آیا۔ اچھا آج رات پھر ضرور صدقہ نکالوں گا۔ چنانچہ اپنا صدقہ لیے ہوئے وہ پھر نکلا اور اس مرتبہ ایک مالدار کے ہاتھ پر رکھ دیا۔ صبح ہوئی تو لوگوں کی زبان پر ذکر تھا کہ ایک مالدار کو کسی نے صدقہ دے دیا ہے۔ اس شخص نے کہا کہ اے اللہ! حمد تیرے ہی لیے ہے۔ میں اپنا صدقہ (لاعلمی سے) چور' فاحشہ اور مالدار کو دے آیا۔ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) بتایا گیا کہ جہاں تک چور کے ہاتھ میں صدقہ چلے جانے کا سوال ہے۔ تو اس میں اس کا امکان ہے کہ وہ چوری سے رک جائے۔ اسی طرح فاحشہ کو صدقہ کا مال مل جانے پر اس کا امکان ہے کہ وہ زنا سے رک جائے اور مالدار کے ہاتھ میں پڑ جانے کا یہ فائدہ ہے کہ اسے عبرت ہو اور پھر جو اللہ عزوجل نے اسے دیا ہے' وہ خرچ کرے۔(16)

Narrated Abu Huraira: Allah's Apostle (p.b.u.h) said, "A man said that he would give something in charity. He went out with his object of charity and unknowingly gave it to a thief. Next morning the

---

ثواب ہے اگرچہ صدقہ اس کے حقدار کو نہ پہنچے۔ حدیث نمبر:2362

THE BOOK OF ZAKA, CHAPTER. If one gives an object of charity to a wealthy person unknowingly. Hadith No:1421

people said that he had given his object of charity to a thief. (On hearing that) he said, "O Allah! All the praises are for you. I will give alms again." And so he again went out with his alms and (unknowingly) gave it to an adulteress. Next morning the people said that he had given his alms to an adulteress last night. The man said, "O Allah! All the praises are for you. (I gave my alms) to an adulteress. I will give alms again." So he went out with his alms again and (unknowingly) gave it to a rich person. (The people) next morning said that he had given his alms to a wealthy person. He said, "O Allah! All the praises are for you. (I had given alms) to a thief, to an adulteress and to a wealthy man." Then someone came and said to him, "The alms which you gave to the thief, might make him abstain from stealing, and that given to the adulteress might make her abstain from illegal sexual intercourse (adultery), and that given to the wealthy man might make him take a lesson from it and spend his wealth which Allah has given him, in Allah's cause".

87) حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ ، وَعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ ، وَاللَّفْظُ لِإِسْحَاقَ، قَالَ عَبَّاسٌ: حَدَّثَنَا، وقَالَ إِسْحَاقُ: أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ ، حَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ مِسْمَارٍ ، حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ ، قَالَ: كَانَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فِي إِبِلِهِ، فَجَاءَهُ ابْنُهُ عُمَرُ، فَلَمَّا رَآهُ سَعْدٌ، قَالَ: أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ شَرِّ هَذَا الرَّاكِبِ، فَنَزَلَ، فَقَالَ لَهُ: أَنَزَلْتَ فِي إِبِلِكَ وَغَنَمِكَ وَتَرَكْتَ النَّاسَ يَتَنَازَعُونَ الْمُلْكَ بَيْنَهُمْ،

فَضَرَبَ سَعْدٌ فِي صَدْرِهِ، فَقَالَ اسْكُتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: " إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ الْخَفِيَّ " .[19]

عامر بن سعد بن ابی و قاص سے روایت ہے، سیدنا سعد بن ابی و قاص رضی اللہ عنہ اپنے اونٹوں میں تھے اتنے میں ان کا بیٹا عمر آیا (یہ عمر بن سعد وہی ہے جو سیدنا حسین رضی اللہ عنہ سے لڑا اور جس نے دنیا کے لیے اپنی آخرت برباد کی) جب سیدنا سعد رضی اللہ عنہ نے ان کو دیکھا تو کہا: پناہ مانگتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کی اس سوار کے شر سے۔ پھر وہ اترا اور بولا: تم اپنے اونٹوں اور بکریوں میں اترے ہو اور لوگوں کو چھوڑ دیا وہ سلطنت کے لیے جھگڑ رہے ہیں (یعنی خلافت اور حکومت کے لیے) سیدنا سعد رضی اللہ عنہ نے اس کے سینہ پر مارا اور کہا: چپ رہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے: "اللہ دوست رکھتا ہے اس بندہ کو جو پرہیز گار ہے، مالدار ہے۔ چھپا بیٹھا ہے ایک کونے میں (فساد اور فتنے کے وقت) اور دنیا کے لیے اپنا ایمان نہیں بگاڑتا۔"

It is reported on the authority of Amir b. Sa'd that Sa'd b. Abi Waqqas was in the fold of his camels that his son 'Umar came to him. When Sa'd saw him he said:I seek refuge with Allah from the mischief of this rider. And as he got down he said to him: You are busy with your camels and your sheep and you have abandoned people who are contending with one another for kingdom. Sa'd struck his chest and said: Keep quite. I heard Allah's Messenger (ﷺ)as saying: Allah loves the servant who is God-conscious and is free from want and is hidden (from the view of people).

[19] صحیح مسلم،كِتَاب الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ، باب مَا جَاءَ أَنَّ الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ ، رقم الحديث :7432۔ صحیح مسلم/زہد اور رقت انگیز باتیں/باب: دنیا مومن کے لئے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہونے کے بیان میں۔ حدیث نمبر:7432

Sahih Muslim , The Book of Zuhd and Softening of Hearts , Hadith No:7432

88) حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: "يَا مَعْشَرَ الْقُرَّاءِ، اسْتَقِيمُوا فَقَدْ سَبَقْتُمْ سَبْقًا بَعِيدًا، فَإِنْ أَخَذْتُمْ يَمِينًا وَشِمَالًا لَقَدْ ضَلَلْتُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا".[20]

ہم سے ابونعیم فضل بن دکین نے بیان کیا، کہا ہم سے سفیان ثوری نے بیان کیا، ان سے اعمش نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے ہمام نے اور ان سے حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ: "اے قرآن و حدیث پڑھنے والو! تم اگر قرآن و حدیث پر نہ جمو گے، ادھر ادھر دائیں بائیں راستہ لوگے تو بھی گمراہ ہو گے بہت ہی بڑے گمراہ۔"

Narrated Hammam: Hudhaifa said, "O the Group of Al-Qurra! Follow the straight path, for then you have taken a great lead (and will be the leaders), but if you divert right or left, then you will go astray far away".

89) حَدَّثَنِي حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ، عَنْ دَاوُدَ ، عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ: بَعَثَ أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ إِلَى قُرَّاءِ أَهْلِ الْبَصْرَةِ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ ثَلَاثُ مِائَةِ رَجُلٍ، قَدْ قَرَءُوا الْقُرْآنَ، فَقَالَ " أَنْتُمْ خِيَارُ أَهْلِ الْبَصْرَةِ وَقُرَّاؤُهُمْ فَاتْلُوهُ، وَلَا يَطُولَنَّ عَلَيْكُمُ الْأَمَدُ، فَتَقْسُوَ قُلُوبُكُمْ كَمَا قَسَتْ قُلُوبُ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، وَإِنَّا كُنَّا نَقْرَأُ سُورَةً كُنَّا نُشَبِّهُهَا فِي الطُّولِ

---

[20] صحيح بخاري، كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة، بَابُ الِاقْتِدَاءِ بِسُنَنِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رقم الحديث:7282۔ صحیح بخاری/کتاب: اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مضبوطی سے تھامے رہنا/باب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کی پیروی کرنا۔ حدیث نمبر: 7282
THE BOOK OF HOLDING FAST TO THE QUR'AN AND THE SUNNA,CHAPTER. Following the Sunna (legal ways) of the Prophet (p.b.u.h.). Hadith No:7282

وَالشِّدَّةِ بِبَرَاءَةَ فَأُنْسِيتُهَا، غَيْرَ أَنِّي قَدْ حَفِظْتُ مِنْهَا لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغَى وَادِيًا ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَكُنَّا نَقْرَأُ سُورَةً كُنَّا نُشَبِّهُهَا بِإِحْدَى الْمُسَبِّحَاتِ فَأُنْسِيتُهَا، غَيْرَ أَنِّي حَفِظْتُ مِنْهَا يَأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لا تَفْعَلُونَ سورة الصف آية ٢ فَتُكْتَبُ شَهَادَةً فِي أَعْنَاقِكُمْ فَتُسْأَلُونَ عَنْهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ".[21]

ابوالاسود نے کہا: سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بصرہ کے قاریوں کو بلوا بھیجا اور وہ سب تین سو قاری ان کے پاس آئے اور انہوں نے قرآن پڑھا اور سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کہ تم بصرہ کے سب لوگوں سے بہتر ہو اور وہاں کے قاری ہو، سو قرآن پڑھتے رہو اور بہت مدت گزر جانے سے سست نہ ہو جاؤ کہ تمہارے دل سخت ہو جائیں جیسے تم سے اگلوں کے دل سخت ہو گئے اور ہم ایک سورت پڑھا کرتے تھے جو طول میں اور سخت وعیدوں میں برأة کے برابر تھی پھر میں اسے بھول گیا مگر اتنی یاد رہی کہ اگر آدمی کے دو میدان ہوتے ہیں مال کے تب بھی تیسرا ڈھونڈتا رہتا اور آدمی کا پیٹ نہیں بھرتا مگر مٹی سے اور ہم ایک سورت اور پڑھتے تھے اور اس کو مسبحات میں کی ایک سورت کے برابر جانتے تھے میں وہ بھی بھول گیا مگر اس میں سے یہ آیت یاد ہے "يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لاَ تَفْعَلُونَ"(سورۃ الصف:2)"اے ایمان والو! کیوں کہتے ہو وہ بات جو کرتے نہیں"، اور جو بات ایسی کہتے ہو کہ کرتے نہیں وہ تمہاری گردنوں میں لکھ دی جاتی ہے گواہی کے طور پر کہ اس کا سوال ہو گا تم سے قیامت کے دن۔

Abu Harb b. Abu al-Aswad reported on the authority of his father that Abu Musa al-Ash'ari sent for the reciters of Basra. They came

[21] صحيح مسلم، كِتَاب الزَّكَاةِ، باب لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَيْنِ لاَبْتَغَى ثَالِثًا، رقم الحديث:2419۔ صحیح مسلم / زکاۃ کے احکام و مسائل / باب: اگر آدم کے بیٹے کے پاس دو وادیاں مال کی ہوں تو وہ تیسری چاہے گا۔ حدیث نمبر:2419

Sahih Muslim , The Book of Zakat , Chapter: If the Son of Adam had two valleys, he would desire a third , Hadith No:2419

to him and they were three hundred in number. They recited the Qur'an and he said:

You are the best among the inhabitants of Basra, for you are the reciters among them. So continue to recite it. (But bear in mind) that your reciting for a long time may not harden your hearts as were hardened the hearts of those before you. We used to recite a surah which resembled in length and severity to (Surah) Bara'at. I have, however, forgotten it with the exception of this which I remember out of it:" If there were two valleys full of riches, for the son of Adam, he would long for a third valley, and nothing would fill the stomach of the son of Adam but dust." And we used so recite a surah which resembled one of the surahs of Musabbihat, and I have forgotten it, but remember (this much) out of it:" Oh people who believe, why do you say that which you do not practise" (lxi 2.) and" that is recorded in your necks as a witness (against you) and you would be asked about it on the Day of Resurrection"

## راویوں کا تعارف

1:-( الْحُمَيْدِيُّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ)عبداللہ بن زبیر الحمیدی قرشی اسدی مکی، امام حمیدی امام بخاری رحمہ اللہ کی استاذ ہیں آپ مکہ کے رہنے والے تھے، اور آپ کا انتقال 219ھ مکہ

مکرمہ میں ہوا(الجرح وتعدیل الابن ابی حاتم:11/ 112،113)

2: - (سُفْيَانُ)سفیان ابن عیینہ بن میمون مکی کوفی(ثقة حافظ حجة)،آپ کی پیدائش:107ھ اور وفات:198،مقامِ وفات مکہ، آپ کو "محدث حرم المکی" بھی کہا جاتا ہے آپ کا قیام مکہ،شام اور کوفہ میں رہا ہے۔

3:-(يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الأَنْصَارِيُّ)

یحیٰ بن سعید انصاری مدنی بغدادی، آپ کی ولادت 70ھ میں سیدنا عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے دور میں ہوئی، آپ نے سیدنا انس اور کئی صحابہ کرام سے حدیث کی سماعت کی ہے آپ مدینہ منورہ کے قاضی اور مفتی تھے، آپ کی وفات:143ھ الہاشمیہ کے مقام میں ہوئی۔

اساتذہ:- سیدنا انس رضی اللہ عنہ۔سیدنا اسعد بن زرارہ انصاری رضی اللہ عنہ۔سیدنا حارث بن ربعی سلمی رضی اللہ عنہ۔

تلامذہ:- اسماعیل بن علیہ۔حماد بن زید،وغیرہ۔

4:-(مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ)محمد بن ابراہیم بن حارث التیمی قرشی مدنی۔

ان کے دادا الحارث بن صخر مہاجرین میں سے تھے اور وہ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے چچازاد بھائی تھے۔

ولادت:45ھ

وفات:119ھ (ابو حسان الزیادی نے آپ کی تاریخِ وفات 119ھ لکھی ہے۔ بعض نے 120ھ

لکھی اور خلیفہ بن خیاط نے 121ھ تاریخِ وفات لکھی ہے)

مقامِ وفات: مدینہ المنورہ

جن لوگوں سے آپ نے حدیث کی سماعت کی: سیدنا اسامہ بن زید۔ سیدنا ابوسعید الخذری۔ سیدنا جابر ابن عبداللہ۔ رضی اللہ عنہم اجمعین اور تابعین میں سے علقمہ بن وقاص رحمہ اللہ وغیرہ سے آپ نے حدیث کی سماعت کی ہے۔

آپ سے جن لوگوں نے حدیث کی سماعت کی ان میں سے کچھ یہ ہیں: یحییٰ بن سعید انصاری، ہشام بن عروۃ، یحیی بن ابی کثیر اور امام اوزاعی میں ان شامل ہیں۔

5:-(عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيّ)علقمہ بن وقاص بن محصن اللیثی العتوری مدنی

کنیت: ابویحییٰ

ولادت: سیدنا علی کی دورِ خلافت میں آپ کی ولادت ہوئی۔

وفات: عبدالملک بن مروان کی حکومت آپ کی وفات ہوئی۔

مقامِ وفات: مدینہ المنورہ۔

اساتذہ: سیدنا عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ۔ ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا، وغیرہ۔

تلامذہ: موسیٰ بن عقبہ۔ عبد بن حمید۔ محمد بن حارث التیمی، وغیرہ۔

6:-(عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ)امیر المؤمنین سیدنا عمر ابن الخطاب قرشی العدوی مدنی

ولادت: 40 قبلِ ہجرت

وفات: 23ھ

مقامِ وفات: مدینہ المنورہ۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 2

# الدِّينُ النَّصِيحَةُ

دین خیر خواہی کا نام ہے

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، قَالَ: قُلْتُ لِسُهَيْلٍ: إِنَّ عَمْرًا حَدَّثَنَا، عَنْ الْقَعْقَاعِ ، عَنْ أَبِيكَ ، قَالَ: وَرَجَوْتُ أَنْ يُسْقِطَ عَنِّي رَجُلًا، قَالَ: فَقَالَ: سَمِعْتُهُ مِنَ الَّذِي سَمِعَهُ مِنْهُ أَبِي، كَانَ صَدِيقًا لَهُ بِالشَّامِ، ثُمَّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ سُهَيْلٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ ، أَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:(("الدِّينُ النَّصِيحَةُ"، قُلْنَا: لِمَنْ؟ قَالَ: لِلَّهِ، وَلِكِتَابِهِ، وَلِرَسُولِهِ، وَلِأَئِمَّةِ

الْمُسْلِمِينَ، وَعَامَّتِهِمْ ".)) [22]

**ترجمہ**: سفیان بن عیینہ نے کہا: میں نے سہیل سے کہا کہ عمرو نے ہمیں قعقاع کے واسطے سے آپ کے والد سے حدیث سنائی (سفیان نے کہا:) مجھے امید تھی کہ وہ (مجھے خود روایت سنا کر) ایک راوی کم کر دے گا (چنانچہ سہیل نے کہا) میں نے اسی سے یہ روایت سنی جس سے میرے والد سے سنی، وہ شام میں ان کا دوست تھا۔ (محمد بن عباد نے کہا) پھر سفیان نے ہمیں سہیل کے واسطے سے عطاء بن یزید کی حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ سے روایت سنائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دین خیر خواہی کا نام ہے۔" ہم (صحابہ رضی اللہ عنہ) نے پوچھا: کس کی (خیر خواہی؟) آپ نے فرمایا: "اللہ کی، اس کی کتاب کی، اس کے رسول کی، مسلمانوں کے امیروں کی اور عام مسلمانون کی (خیر خواہی۔)"۔

## شرح حدیث

### اسباقِ حدیث

1. دین خیر خواہی کا نام ہے۔
2. علمائے کرام پر نصیحت کرنا اور عوام الناس کی خیر خواہی چاہنا فرض ہے۔
3. باعمل عالمِ دین از خود قوم وملت کے لئے خیر خواہی اور نصیحت کا ذریعہ ہے۔
4. عادل حکمران قوم وملت کے لئے خیر خواہی کا ذریعہ ہے۔
5. خوارج کا راستہ گمراہی کا راستہ ہے، اسلام نصیحت کی آڑ میں فتنہ وفساد کی اجازت نہیں دیتا۔

---

(22) ( صحیح مسلم، کتاب الایمان، بَابُ بَيَانِ أَنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ [باب نمبر:23] دین خیر خواہی کا نام ہے، حدیث نمبر:55[196]۔ وسنن ابوداود:4944۔ وسنن النسائی:24022و2403)

یہ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے دیکھئے: (مسند احمد:7959۔ وسنن النسائی:4204،4205۔ وسنن الترمذی:1926)

6. دیگر اقوامِ عالم غیر مسلمانوں کی خیر خواہی، اسلام کی بنیادی تعلیمات کا حصہ ہیں۔
7. جن ممالک میں مسلمان اکثریت میں ہیں ان پر غیر مسلم اقلیتوں کی خیر خواہی فرض ہے
8. دین سے مراد اسلام ہے۔
9. نصیحت کا معنی ہے اخلاص اور بذل الوسع فی ارادۃ الخیر؛ کسی کے خیر چاہنے میں وسعت کے ساتھ محنت کرنا۔
10. النصح کا معنی ہے الخلوص؛ یعنی گندگی سے پاک کرتے ہوئے فائدہ پہنچانا۔
11. اللہ سے نصیحہ یہ ہے کہ اخلاص رہے توحید الوہیہ، توحید ربوبیہ اور توحید اسماء وصفات میں۔[23]
12. کتاب میں نصیحہ کا مطلب یہ ہے کہ قرآن کی حفاظت میں محنت کرے[24] اور قرآن میں تدبر کرے[25] اور تعلم[26] (اسکے الفاظ معانی سیکھیں) اور عمل اور دعوت اور صبر
13. رسول سے نصیحہ کا مطلب یہ ہے کہ: تصدیق نبوت، قبول دعوت، آپ نے جو حکم دیا اس کو بجالانا اور جس سے روکا اس سے رک جانا، دل سے بھی مان لینا، رسول سے آگے نہیں بڑھنا، احترام کرنا، مدد کرنا، مدد کرنا، جان ومال سے دفاع کرنا، سنتوں کو زندہ کرنا۔
14. ائمۃ المسلمین سے مراد علماء بھی ہوسکتے ہیں اور حکام بھی ہوسکتے ہیں۔ ان کے ساتھ خیر خواہی اور دعا کرنا چاہیے، ان کے خلاف فتنہ فساد، چغلی غیبت نہیں کرنا چاہیے۔ اور جو علماء ہیں دینی امور میں ان سے رہنمائی لینا چاہیے ان کی اطاعت کرنا چاہیے جب وہ قرآن و صحیح حدیث سے معاملہ پیش کریں۔ ادب واحترام کرنا،
15. عامۃ المسلمین: ان کو صحیح راستہ دکھانا چاہیے ان کو دھوکا نہیں دینا چاہیے۔ اپنے لیے جو پسند کرتے ہوں ان کے لیے بھی وہ پسند کریں۔ بڑوں کا احترام کرنا بچوں پر شفقت کرنا، حق المسلم علی المسلم ست پر عمل۔

---

(23) علوم العقیدہ میری کتاب ہے ضرور مطالعہ کریں

(24) قرآن کا حفظ کیسے کریں اس پر میں نے ایک مختصر کتاب لکھی ہے ضرور مطالعہ کریں

(25) اس پر میں نے ایک کتاب لکھی ہے اہداف واسباق قرآن ضرور مطالعہ کریں

(26) 6000 ہزار الفاظ پر میری کتاب ہے چھ جلدوں میں ضرور مطالعہ کریں

16. "الدین النصیحہ" دونوں معرفہ ہیں اس سے اہمیت بتانا مقصود ہے نہ کہ حصر جیسے الحج عرفۃ کہا گیا۔
17. نصیحہ یعنی کہ نصحت العسل: صفائی کے ساتھ شہد نکالنا؛ خالص خیر خواہی دنیوی غرض، احسان جتانا نہ ہو۔
18. آداب نصیحت: 1 اخلاص، 2 چھپائے نہیں، 3 مناسب اسلوب حکمت و موعظت اختیار کرے، 4 اکیلے میں کرے نصیحت کرے نہ کہ فضیحت۔
19. شیخ عبد المحسن العباد فرماتے ہیں: یہ حدیث امام بخاری نے نقل نہیں کی سوائے باب میں ذکر کئے اس لیے کہ صالح للاحتجاج ہے البتہ ان کی شرط پر نہیں ہے اس لیے ذکر نہیں کیے۔
20. تمیم الداری کی حدیثیں صحیحین میں نہیں ہے سوائے اس ایک حدیث کے جو صحیح مسلم میں ہے۔
21. تین مرتبہ آپ نے حدیث کے الفاظ دہرائے؛ یہ مسلم میں نہیں مستخرج ابی عوانہ میں ہے اور صحیح ہے۔

## راویوں کا تعارف

1) (مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ) محمد بن عباد بن الزبرقان مکی، کنیت ابو عبد اللہ، یہ مکہ اور بغداد میں رہائش پزیر رہے 234ھ بغداد میں ان کی وفات ہوئی
2) (سُفْيَانُ) سفیان ابن عیینہ بن میمون مکی کوفی (ثقة حافظ حجة)، آپ کی پیدائش: 107ھ اور وفات: 198، مقامِ وفات مکہ، آپ کو "محدث حرم المکی" بھی کہا جاتا ہے آپ کا قیام مکہ، شام اور کوفہ میں رہا ہے۔
3) (لِسُهَيْلٍ) سہیل بن ذکوان مدنی، ان کی شہرت سہیل بن ابی صالح السمان سے ہوئی ہے، اور ان کی کنیت ابو یزید تھی، اور یہ مدینہ کے رہنے والے تھے اور ان کا انتقال مدینہ میں ہوا۔
4) (عَمْرًا) عمرو بن دینار جمحی مکی، ان کی کنیت ابو محمد تھی، اور یہ مکہ کے رہنے والے تھے ان کا شمار کبار

تابعین میں سے ہوتا ہے اور یہ سن 46 ہجری میں پیدا ہیئے (تذکرۃ الحفاظ:1 / 100) بعض نے ان کی پیدا کا سن 45 ہجری بتایا ہے، آپ کا انتقال سن 126 ہجری میں ہوا۔

5) (الْقَعْقَاعِ) قعقاع بن حکم کنانی مدنی ، یہ مدینہ کے رہنے والے تھے، سن 101 ہجری میں ان کا انتقال ہوا، امام ابن منجویہ رحمہ اللہ نے ان کا شمار رجال مسلم میں کیا۔ اساتذہ: زین العابدین، ذکوان ابی صالح السمان، ابویونس تیمی۔ تلامذہ: زید بن اسلم عدوی مدنی، سہیل بن ابی صالح ذکوان، قاضی ابویوسف۔

6) (عَنْ أَبِيكَ) ذکوان ابو صالح السمان الزیات مدنی، یہ تابعی تھے اور مدینہ کے رہنے والے تھے کوفہ اور عراق میں بھی یہ رہائش پذیر رہے، سن 101 ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔

اساتذہ: ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا۔ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ۔ سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما۔

تلامذہ: ابو عمرو بن العلاء الخزاعی المازنی۔ عمرو بن دینار۔ عطاء بن ابی رباح۔ عبد اللہ بن مقسم قرشی مدنی۔

7) (عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ) عطاء بن یزید ابو یزید اللیثی الجندعی مدنی۔ ان کی کنیت ابو محمد تھی۔ یہ 23 ہجری میں پیدا ہوئے اور 105 ہجری میں انتقال ہوا یہ تابعی تھے مدینہ کے رہنے والے تھے مدینہ کے علاوہ شام کے علاقوں اور خصوصاً دمشق میں بھی انہوں نے رہائش اختیار کی تھی۔

8) (تَمِيمٍ الدَّارِيِّ) تمیم بن اوس الداری الشامی ، کنیت ابو رقیہ۔ سیدنا تمیم داری رضی اللہ عنہ ایک جلیل القدر صحابی ہیں آپ رضی اللہ عنہ نے 9 ہجری میں اسلام قبول کیا تھا دجال اور جساسہ کی حدیث بھی آپ رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں ائمہ محدثین کہتے ہیں کہ سیدنا تمیم داری رضی اللہ عنہ سے تقریبا سو سے زائد حدیثیں مروی ہیں، ابو نعیم کہتے ہیں سیدنا تمیم داری رضی اللہ عنہ اسلام سے قبل فلسطین کے عیسائی راہب ہوا کرتے تھے اور نہایت ہی عبادت گزار شمار کئے جاتے تھے یہ مدینہ منورہ اور شام میں رہائش پذیر رہے اور آپ کی وفات ملک شام ہوئی۔

حدیث نمبر 3

# "الطُّهُورُ شَطْرُ الإِيمَانِ"

پاکیزگی نصف ایمان ہے۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاق بْنُ مَنْصُورٍ ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ ، حَدَّثَنَا أَبَانُ ، حَدَّثَنَا يَحْيَى ، أَنَّ زَيْدًا حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا سَلَّامٍ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الأَشْعَرِيِّ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (("الطُّهُورُ شَطْرُ الإِيمَانِ"، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ تَمْلَأُ الْمِيزَانَ، وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ تَمْلَآنِ أَوْ تَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ، وَالصَّلَاةُ نُورٌ، وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ، وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ أَوْ عَلَيْكَ، كُلُّ النَّاسِ

يَغْدُو، فَبَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا أَوْ مُوبِقُهَا")) [27]

**ترجمہ**: "ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "پاکیزگی نصف ایمان ہے۔ الحمد للہ ترازو کو بھر دیتا ہے۔ سبحان اللہ اور الحمد للہ آسمانوں سے زمین تک کی وسعت کو بھر دیتے ہیں۔ نماز نور ہے۔ صدقہ دلیل ہے۔ صبر روشنی ہے۔ قرآن تمہارے حق میں یا تمہارے خلاف حجت ہے ہر انسان دن کا آغاز کرتا ہے تو (کچھ اعمال کے عوض) اپنا سودا کرتا ہے، پھر یا تو خود آزاد کرنے والا ہوتا ہے خود کو تباہ کرنے والا"۔

## شرح حدیث

### اسباقِ حدیث

1. دین اسلام میں پاکیزگی کی اس قدر اہمیت ہے کہ پاکیزگی ایمان کا حصہ ہے۔
2. پاکیزگی کا بنیادی اور آسان طریقہ وضو ہے۔

---

(27) (صحیح مسلم، کتاب الطہارۃ، بَابُ فَضْلِ الْوُضُوءِ[باب نمبر:1]وضو کی فضیلت کا بیان، حدیث نمبر:223[534]۔ أخرجه:والترمذي (3517)، والنسائي في «الكبرى» (9996)، وأحمد (5/342،343،344)، والدارمي (653)، وابن أبي شيبة في «مصنفه» (1/6و11/45)، وفي «الإيمان» (121) بتحقيقي، وأبوعبيد في «الطهور» (35)، والبيهقي في «السنن الكبرى» (1/42)،وفي «الخلافيات» (12، 13)، وفي «معرفة السنن والآثار» (1/184)،وفي «الشعب» (12/2453،2548)، وفي «الاعتقاد» (ص176)، وأبوأحمد الحاكم في «شعار أهل الحديث» (21)، وابن الجوزي في «التحقيق» (170)، وابن منده في «الإيمان» (211)، والمروزي في «الصلاة» (435،436)، والبغوي في «شرح السنة» (148)، وابن سعد في «الطبقات» (4/358)، وأبوعوانة (600)، والطبراني في «الكبير» (3423)، وفي «مسند الشاميين» (2874)، واللالكائي في «شرح أصول اعتقاد أهل السنة» (1619)، والخلال في «السنة» (1510)، وابن عساكر في «تاريخه»(57/244)، وابن أبي عاصم في «السنة» (1100)، وأبونعيم في «المستخرج» ومن طريقه ابن حجر في «نتائج الأفكار»(1/48-49)، وغيرهم. من طريق يحيى بن أبي كثير عن زيد أبي سلام عن أبي مالك الأشعري مرفوعًا به)

3. نماز کے لئے پاکیزگی شرط ہے۔
4. "الطُّهُورُ شَطْرُ الإِيمَانِ" حدیث کے یہ الفاظ جامع ترین کلمات میں سے ہیں
5. ظاہری اور باطنی پاکیزگی کی اہمیت اس حدیث سے بہت واضح ہو جاتی ہے۔
6. طہارت[28] کے فضائل:

a) وضو کے ذریعہ قیامت کے دن چمک حاصل ہو گی۔(صحیح بخاری:136)
b) وضو آدھا ایمان ہے۔(سنن ترمذی:3517، صحیح)
c) وضو کرنے والے کے پچھلے گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔(مسلم:229)
d) وضو کرنے سے جسم کے سارے گناہ جھڑ جاتے ہیں۔(مسلم:244)
e) جو مسلمان وضو کرے اور کھڑا ہو کر دو رکعتیں نماز ادا کرے اس کے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔(مسلم:234)
f) قیامت کے دن مومن کا زیور وہاں تک پہنچے گا جہاں تک وضو کا اثر پہنچے گا۔(مسلم:250)
g) سختی اور تکلیف میں وضو کامل طور پر کرنے سے گناہ مٹ جاتے ہیں اور اس سے درجات بلند ہوتے ہیں۔(مسلم:251)
h) وضو کرنے والوں میں بروز قیامت ایسے آثار نمایاں ہوں گے کہ انہیں پہچان لیا جائے گا کہ وہ امت محمد ہیں۔(مسلم:249)
i) ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "وضو آدھا ایمان ہے۔(سنن ترمذی:3517)
j) اور وضو کی محافظت صرف مومن کرتا ہے۔(سنن ابن ماجہ:277)

٧. الطهور – بالضم: التطهر ، وبالفتح : الماء الذي يتطهر به
8. صحت صلاۃ کے لیے طہارت شرط ہے۔
9. طہارت کی دو قسمیں ہیں: طہارت معنویہ اور طہارت حسیہ

---

(28) طہارت پر میری کتاب آنے والی ہے 500 صفحات پر اس سے آپ استفادہ کر سکتے ہیں۔

10. طہارت معنویہ کا مطلب ہے انسان توحید پر قائم رہے اور پاک رہے شرک وکفر اور نفاق سے، چغلی غیبت اور غش سے، انسان کا باطن پاک رہے۔

11. طہارت حسیہ یعنی ظاہری طہارت ازالۃ النجاسۃ، حکمی طہارت رفع حدث، انسان پر غسل یا وضو ضروری ہو تو وہ غسل اور وضو کرلے اسے حکمی طہارت کہا جاتا ہے۔

12. نصف الایمان کا لفظ توضعیف ہے لیکن معنی صحیح ہے شطر میں اس کا معنی آجاتا ہے۔

13. ایمان سے مراد یہاں نماز ہے۔ نماز ادا کرنا ایک حصہ ہے تو پاکی حاصل کرنا ایک حصہ ہے تب ہی نماز مکمل ہوتی ہے۔ جو طہارت کے بغیر نماز پڑھ لے تو وہ غیر معتبر ہے۔ اس لیے جب بھی کتابیں لکھی جاتی ہیں طہارت اور صلاۃ ایک ساتھ لکھی جاتی ہیں۔

14. ایمان کبھی اسلام کے معنی میں آتا ہے کبھی نماز کے معنی میں آتا ہے کبھی ارکام ایمان کے معنی میں آتا ہے۔

15. طھر نکلا ہے طھُر یطھُر طُھر باب نصر؛ پاک کرنا۔

16. امام شافعی اور امام نووی نے تعریف بیان کی ہے: اصطلاح میں طھور کا مطلب ہے نجاست کا ازالہ اور حدث کو رفع کرنا۔ طہارت کی ضد ہے نجاست۔

17. ازالہ نجاست میں بدن، جگہ اور کپڑا تینوں شامل ہے۔

18. نجاست کسے کہتے ہیں اور اسے زائل کیسے کرتے ہیں ان معاملوں پر کتابوں میں سیر حاصل بحث کی جاتی ہے ان کا پڑھنا ضروری ہوتا ہے۔

19. "طلب العلم فریضۃ" میں طہارت کا علم بھی شامل ہے۔ یعنی طہارت کا علم حاصل کرنا اور اس کے مسائل جاننا فرض ہے۔

20. برا انجام ہے جو نجس سے نہیں بچتا۔ اور قبر کا عذاب ہے۔

# راویوں کا تعارف

1) (إِسْحَاق بْنُ مَنْصُورٍ)اسحاق بن منصور بن بہرام الکوسج، ابویعقوب المروزی یہ ترکمانستان کے شہر مرو میں سن 171 ہجری میں پیدا ہوئے اور سن 251 ہجری میں مرو ترکمانستان، نیشاپور ایران میں وفات پائی، نیشاپور ایران، حجاز، عراق، ملک شام اور دمشق میں وقتاً فوقتاً رہائش اختیار کی۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ، وکیع بن جراح، عبد الرازاق بن ہمام، وغیرہ

تلامذہ: امام مسلم، عبد اللہ بن احمد ابن حنبل، احمد بن فضالہ، وغیرہ

2) (حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ)حبان بن ہلال ابو حبیب الباہلی کنانی بصری سن 130 ہجری میں یہ پیدا ہوئے اور سن 216 ہجری میں عراق کے شہر بصرہ میں فوت ہوئے یہ مستقل طور پہ بصرہ ہی میں رہے۔

اساتذہ: شعبہ بن حجاج، حماد بن سلمہ بصری، ابو عوانہ الوضاح بن عبد اللہ الیشکری۔

تلامذہ: حماد بن الحسن بن عنبسہ، احمد بن الحسن بن خراش، سفیان بن زیاد بن آدم۔

3) (أَبَانُ)ابان بن یزید عطار، ابو یزید، بصرہ کے رہنے والے، سن 160 ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔

اساتذہ: قتادہ بن دعامہ السدوسی۔ عمرو بن دینار۔ ہشام بن عروہ بن الزبیر، وغیرہ

حبان بن ہلال ابو حبیب الباہلی۔ وکیع بن جراح۔ سہیل بن بکار، وغیرہ۔

4) (يَحْيَى)یحیٰ بن ابی کثیر صالح بن التوکل ابو نصر الطائی،، یہ تابعی ہیں، سنن 129 ہجری میں یمامہ کے مقام پر ان کا انتقال ہوا، مدینہ منورہ، یمامہ اور بصرہ میں یہ مقیم رہے۔

اساتذہ: جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہما۔ محمد بن عبد الرحمن الزہری۔ وغیرہ

تلامذہ: شعبہ بن حجاج۔ سعید بن سنان البرجمی۔ سری بن یحیٰ، وغیرہ۔

5) (زَيْدًا)زید بن سلام بن مطور الحبشی دمشقی (تابعی)۔

اساتذہ: ابومالک الاشعری رضی اللہ عنہ۔ حارث الاشعری رضی اللہ عنہ۔ عبد الرحمن بن شبل الانصاری رضی اللہ عنہ، وغیرہ

تلامذہ: یحیی بن ابی کثیر الطائی۔ معاویہ بن سلام الحبشی۔ یزید بن نعیم الاسلمی، وغیر

6) (أَبَا سَلَّامٍ )مطور حبشی الاسود ابو سلام، تابعی، ان کی وفات مدینہ منورہ میں سن 103 ہجری میں ہوئی

7) (أَبِي مَالِكٍ الأَشْعَرِيّ) کعب بن عاصم ابومالک الاشعری شامی۔

مزنی کہتے ہیں کہ صحیح بات یہ ہے کہ وہ ابومالک الاشعری ہیں جن سے عبد الرحمن بن غنم نے روایت بیان کی ہے اور وہ اپنی کنیت سے جانے جاتے ہیں اور یہ اپنے نام سے مشہور ہیں کنیت سے نہیں، جس کسی نے بھی کنیت کے بارے میں کتاب لکھی ہے انہوں نے یہی کنیت بیان کی ہے یعنی کہ ابو مالک، ان کتابوں کو لکھنے والوں میں نسائی، دولابی، ابو احمد حاکم، ابو احمد نے اس سلسلے میں بڑی لمبی بحث کی ہے۔

امام ابن حجر عسقلانی رحمہ نے الاصابۃ فی تمیز الصحابۃ میں ان کا نام کعب بن عاصم اشعری بیان کیا ہے۔ امام بغوی کہتے ہیں کعب بن عاصم مصر میں مقیم تھے۔

ان کے نام میں اختلاف پایا جاتا ہے جیسا کہ بعض نے ان کا نام کعب بن مالک بیان کیا ہے۔ بعض نے کعب بن عاصم ذکر کیا ہے۔ اور بعض نے عبید کہا ہے۔ اور بعض نے الحارث کہا ہے۔ واللہ اعلم

حدیث نمبر 4

# "الصَّلَاةُ نُورٌ"

نماز نور ہے

((حَدَّثَنَا إِسْحَاق بْنُ مَنْصُورٍ ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ ، حَدَّثَنَا أَبَانٌ ، حَدَّثَنَا يَحْيَى ، أَنَّ زَيْدًا حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا سَلَّامٍ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الأَشْعَرِيّ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الطُّهُورُ شَطْرُ الإِيمَانِ"، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ تَمْلَأُ الْمِيزَانَ، وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ تَمْلَآنِ أَوْ تَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ، وَالصَّلَاةُ نُورٌ، وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّبْرُ

ضِيَاءٌ، وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ أَوْ عَلَيْكَ، كُلُّ النَّاسِ يَغْدُو، فَبَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا أَوْ مُوبِقُهَا" .))[29]

**ترجمہ**: " ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”پاکیزگی نصف ایمان ہے۔ الحمد للہ ترازو کو بھر دیتا ہے۔ سبحان اللہ اور الحمد للہ آسمانوں سے زمین تک کی وسعت کو بھر دیتے ہیں۔ نماز نور ہے۔ صدقہ دلیل ہے۔ صبر روشنی ہے۔ قرآن تمہارے حق میں یا تمہارے خلاف حجت ہے ہر انسان دن کا آغاز کرتا ہے تو (کچھ اعمال کے عوض) اپنا سودا کرتا ہے، پھر یا تو خود آزاد کرنے والا ہوتا ہے خود کو تباہ کرنے والا"۔

اس حدیث کی مکمل تخریج حدیث نمبر تین میں گزر چکی ہے۔

اس حدیث کے راویوں کا تعارف حدیث نمبر تین میں گزر چکا ہے۔

## شرح حدیث

### اسباق حدیث

بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اندھیری راتوں میں مسجدوں کی طرف چل کر جانے والوں کو قیامت کے دن پورے نور کی خوشخبری دے دو“۔(ابو داود: 561، صححه الالبانی)

1. نماز بندۂ مومن کے لئے نور ہے۔
2. نماز بندۂ مومن کے لئے دل کا نور ہے۔
3. نماز بندۂ مومن کے لئے چہرے کا نور ہے۔

(29) (صحیح مسلم، کتاب الطہارۃ، بَابُ فَضْلِ الْوُضُوءِ [باب نمبر:1] وضو کی فضیلت کا بیان، حدیث نمبر:223[534])

4. نماز بندۂ مومن کے لئے قبر کا نور ہے۔
5. نماز بے حیائی کے کاموں سے روکتی ہے۔
6. نماز کے ذریعے سے دل کے وسوسے دور ہوتے ہیں۔
7. نماز پڑھنے والوں کے چہرے پر نور ہوتے ہیں۔
8. قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کے بارے میں سوال کیا جائے گا
9. اسی وجہ سے نماز کو نور کہا گیا۔
10. الصلاۃ نور کا ایک مطلب نور فی القلب اور اللہ کی معرفت کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ اقم الصلاۃ لذکری
11. فحشاء اور منکر سے بچ جاتا ہے۔
12. اللہ کی مدد کا ذریعہ ہے۔ واستعینوا بالصبر والصلوۃ
13. نور فی الحیاۃ، نور فی القبر، نور فی الحشر ہے صلاۃ۔
14. نماز قائم کرنے سے دین قائم کرلیتا ہے۔
15. نماز میں قران پڑھتا ہے نور علی نور کہ علمی نور اور عملی نور جمع ہو گیا۔
16. غرا محجلین قیامت میں نور ہو گا۔
17. جہنم سے بچے گا، ما سلککم فی سقر کا جواب دینگے نماز نہیں پڑھتے تھے۔
18. بالنور التام یوم القیامہ کہا گیا۔
19. یہ نور ہے مطلب یہ نور ملنے کا سبب ہے۔
20. کونسی نماز نور ہے؟ جو صحیح طریقہ سے ادا کی جائے، خشوع و خضوع کے ساتھ (شروط، واجبات وارکان اور سنن قولیہ وفعلیہ جاننا ضروری ہے)

حدیث نمبر 5

# "الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ"

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَالِمًا أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: (("الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يُسْلِمُهُ، وَمَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ أَخِيهِ كَانَ اللَّهُ فِي حَاجَتِهِ، وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللَّهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرُبَاتِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا

سَتَرَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ". )) [30]

**ترجمہ**: ہم سے یحییٰ بن بکیر نے بیان کیا، کہا کہ ہم سے لیث نے بیان کیا، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، انہیں سالم نے خبر دی، اور انہیں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، پس اس پر ظلم نہ کرے اور نہ ظلم ہونے دے۔ جو شخص اپنے بھائی کی ضرورت پوری کرے، اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت پوری کرے گا۔ جو شخص کسی مسلمان کی ایک مصیبت کو دور کرے، اللہ تعالیٰ اس کی قیامت کی مصیبتوں میں سے ایک بڑی مصیبت کو دور فرمائے گا۔ اور جو شخص کسی مسلمان کے عیب کو چھپائے اللہ تعالیٰ قیامت میں اس کے عیب چھپائے گا۔

## شرح حدیث

### اسباق حدیث

1. ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے لہذا وہ اپنے بھائی کی خبر رکھے خصوصاً مشکل اوقات میں۔
2. جو اپنے لئے پسند کرتے ہو وہی مسلمان بھائی کے لئے بھی پسند کریں، ایمان کا یہی تقاضا ہے۔
3. جو کوئی مسلمان اپنے دیگر مسلمان بھائیوں کو بھائی نہ سمجھے تو اس کے ایمان میں کمی ہو جاتی ہے۔
4. اس حدیث کو معاشرے میں نافذ کرنے سے معاشرہ ایک بہترین معاشرہ بن جاتا ہے۔
5. حب فی اللہ کی اہمیت بیان کی جارہی ہے۔
6. مصیبت میں اپنے بھائی کو اکیلا نہ چھوڑ دے۔
7. اخوت کی بڑی اہمیت ہے اس کو پامال نہ کرے۔

---

(30) ( صحیح البخاری، کتاب المظالم، بَابُ لاَ يَظْلِمُ الْمُسْلِمُ الْمُسْلِمَ وَلاَ يُسْلِمُهُ [باب نمبر:3] کوئی مسلمان کسی مسلمان پر ظلم نہ کرے اور نہ کسی ظالم کو اس پر ظلم کرنے دے، حدیث نمبر:2442، طرفه في:6951)

8. اخوت کو" کالبنیان "اور" کالجسد" سے تعبیر کیا گیا۔ جس سے اس کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔
9. بھائی چارگی قائم کرنا بڑی چیز ہے۔ نبی ﷺ نے انصار و مہاجرین میں بھائی چارہ قائم کرایا تھا۔
10. یہ حدیث خبریہ ہے لیکن اس میں حکم دیا جارہا ہے۔ یعنی امر ہے بھائی سمجھے۔
11. واعتصموا بحبل الله جميعا اور تعاونوا على البر والتقوى ان آیتوں کو سمجھیں گے تو اس حدیث کو مزید سمجھنے میں مدد ملے گی۔
12. ولا تباغضوا ولا تناجشوا والی حدیث سے بھی مزید سمجھنے میں مدد ملے گی۔
13. انی حرمت الظلم علی نفسی فلا تظالموا، حدیث مفلس، مفتاح خیر۔۔۔ان حدیثوں سے سبق ملتا ہے کہ اسلام اخوت پر کتنا ابھارتا ہے۔
14. لوگوں میں بہترین وہ ہے جو انفع للناس ہو فائدہ پہنچانے والا۔
15. خدیجہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کو تسلی دیتی ہیں ان کاموں سے جو وہ لوگوں کے لیے کیا کرتے تھے اور کہا اللہ آپ کو ضائع نہیں کرے گا۔
16. سبب ورود: مسند احمد میں ہے وائل بن حجر اور ان کے دوست جارہے تھے دشمنوں نے پکڑ لیا، دوست نے کہا اللہ کی قسم یہ ہمارے بھائی ہیں تو دشمنوں نے چھوڑ دیا۔ بعد میں نبی ﷺ سے کہا کہ ہم نے ایسا کہہ دیا تو آپ نے فرمایا کوئی بات نہیں المسلم اخو المسلم مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہی ہوتا ہے۔
17. اسے جب مدد کی ضرورت ہو تو اسے اکیلا نہ چھوڑا جائے۔

## راویوں کا تعارف

1) (يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ) یحیٰی بن عبد اللہ بن بکیر ابوزکریا قرشی مخزومی مصری۔ آپ 154 ہجری میں پیدا ہوئے اور آپ کا انتقال سن 231 ہجری میں ہوا، آپ مصر کے رہنے والے تھے۔

اساتذہ: عبد اللہ بن لہیعہ بن عقبہ حضرمی مصری۔ امام مالک۔ حماد بن زید، وغیرہ۔

تلامذہ: محمد بن عبد اللہ نمیر۔ احمد بن سیار۔ عبد الرحمن بن معاویہ بن عبد الرحمن عتبی طبری مصری، وغیرہ۔

2) (اللَّيْثُ) لیث بن سعد بن عبد الرحمن الفہمی مصری، ابو حارث،

ولادت: 94ھ

وفات: 175ھ

آپ مصر کے رہنے والے آپ کی پیدائش مصر میں ہوئی اور انتقال بھی مصر میں ہوا۔

اساتذہ: ہشام بن عروہ بن الزبیر۔ محمد بن مسلم بن تدریس۔ عطاء بن ابی رباح، وغیرہ۔

تلامذہ: عنبسہ بن خارجہ۔ عبد اللہ بن وہب بن مسلم فہری۔ عبد اللہ بن مبارک، وغیرہ۔

3) (عُقَيْلٍ) عقیل بن خالد بن عقیل ایلی مصری، ابو خالد، لقب: صاحب الزہری۔

وفات: 144ھ

آپ مصر کے تھے اور مدینہ منورہ میں بھی رہائش اختیار کی، آپ کی وفات مصر کے شہر قسطاط میں ہوئی۔

اساتذہ: سالم بن عبد اللہ ابن عمر بن خطاب۔ ابن شہاب الزہری۔ سلمہ بن کہیل بن حصین۔ ہشام بن عروہ، وغیرہ

تلامذہ: عبد اللہ بن لیہعہ۔ مفضل بن فضالہ۔ نافع بن یزید الکلاعی، وغیرہ۔

4) (ابْنِ شِهَابٍ) محمد بن مسلم بن عبید للہ بن شہاب الزہری قرشی مدنی، ابو بکر (تبع تابعی)۔

ولادت: 52ھ

وفات: 124ھ

آپ زیادہ تر مدینہ منورہ میں رہے اور مکہ مکرمہ بھی رہائش اختیار کی اور ملک شام کا سفر بھی کیا اور آپ کی وفات مدینہ منورہ میں ہی ہوئی۔

اساتذہ: سالم بن عبد اللہ ابن عمر بن خطاب۔ عمر بن عبد العزیز الاموی۔ سعید ابن المسیب، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان ابن عیینہ۔ عبد الملک بن عبد العزیز بن جریج الاموی۔ مسلم بن خالد بن فروۃ، وغیرہ

5) (سَالِمًا ) سالم بن عبد اللہ بن عمر بن خطاب العدوی قرشی مدنی ،ابو عبید اللہ ،ابو عبد اللہ ، ابو عمر (تابعی)۔

وفات: آپ کی وفات مدینہ منورہ میں 106ھ میں ہوئی۔

رہائش: مدینہ منورہ، مکہ مکرمہ اور بلادِ شام میں آپ کی رہائش رہی۔

اساتذہ: عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما، ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا، سعید بن المسیب، وغیرہ۔

تلامذہ: ابن شہاب الزہری۔ مالک بن دینار۔ صالح بن کیسان، وغیرہ۔

6) (عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا) جلیل و قدر صحابی۔

حدیث نمبر 6

# "احفظ لسانک"

اپنی زبان کو قابو میں رکھو

حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، ح وحَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ ، مَا النَّجَاةُ؟ قَالَ: (("أَمْسِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلَى

خَطِيئَتِكَ"))[31]

**ترجمہ**: عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: اللہ کے رسول! نجات کی کیا صورت ہے؟ آپ نے فرمایا: ”اپنی زبان کو قابو میں رکھو، اپنے گھر کی وسعت میں مقید رہو اور اپنی خطاؤں پر روتے رہو“۔

## شرح حدیث

### اسباق حدیث

1. اس حدیث میں زبان کی اہمیت بتائی گئی ہے۔
2. جب زبان کو قابو میں نہیں رکھا جاتا ہے تو اس سے فتنہ وفساد پیدا ہوتے ہیں۔
3. زبان سے جب بھی کوئی بات نکلے اس میں خیر ہونا چاہئے۔
4. جو لوگ اپنی زبان کو قابو میں نہیں رکھتے ان لوگوں سے دور رہنا بہتر ہے۔
5. انسان ہونے کے ناطے زبان سے کچھ نہ کچھ نکل جاتا ہے لہذا رب تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کرتے رہنا چاہئے۔
6. احفظ لسانک یہ الفاظ ہو بہو ترمذی میں نہیں البتہ صحیح الجامع الصغیر اور شیخ البانی نے صحیح کہا۔
7. اخلاق حسنہ یہ ہے کہ آدمی اپنی زبان کی حفاظت کرے۔
8. دنیا اور آخرت میں مقبول وسالم بننے کا طریقہ یہ ہے کہ آدمی اپنی زبان کی حفاظت کرے۔
9. سبب دخول جہنم بھی زبان ہے اور سبب دخول جنت بھی زبان ہے۔
10. لغو کلام سے اپنے آپ کو بچائے کہ غلطیوں میں پڑنے کا امکان ہوتا ہے۔

---

(31) (سنن الترمذی، کتاب الزہد، بَابُ مَا جَاءَ فِي حِفْظِ اللِّسَانِ [باب نمبر:58] زبان کی حفاظت کا بیان، حدیث نمبر:2406۔ تخریج الحدیث: «تفرد به المؤلف (تحفة الأشراف: 9928)، وانظر مسند احمد (4/148)، و (5/259) (صحیح) (یہ سند مشہور ضعیف اسانید میں سے ہے، لیکن شواہد کی بنا پر یہ حدیث صحیح لغیرہ ہے، دیکھیے الصحیحۃ، رقم:890)»)

11. جھوٹ ، غیبت ، چغلی ، آڑے نام ، جھگڑا ، گالی گلوچ ، تہمت ، جھوٹی قسم ، لعن طعن یہ سارے گناہ حاصل ہوتے ہیں زبان کی وجہ سے۔

12. من صمت نجا کہا گیا۔

13. اسلام میں داخلہ کے لیے کلمہ پڑھنا ہوتا ہے زبان کے ذریعہ اس سے اہمیت واضح ہوتی ہے۔ خروج اسلام کا ذریعہ بھی زبان بن سکتی ہے۔ زبان سے نکاح قبول کرتا ہے نکاح کرنے والا۔

14. زبان کی حفاظت کیسے کریں؟ بولنے سے پہلے تولنا، دوست ان کو بنائیں جو جھگڑالو نہ ہوں اخلاق والے ہوں زبان خراب نہ ہو، اپنے نفس کو اچھي عادت ڈالنے سے زبان اچھی بن جاتی ہے، اچھے کاموں میں وقت لگائے جیسے تلاوت، ذکر وغیرہ تاکہ زبان کی ہلاکتوں سے محفوظ رہے۔ اللہ دیکھ رہا ہے یہ فکر انسان کے زبان کی حفاظت کرتی ہے، فکر آخرت مدد و معاون ہے ہر بول کا جواب دینا پڑے گا۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 7

# "وَلَاتَحَاسَدُوا"

ایک دوسرے سے حسد نہ کرو

حَدَّثَنِي يَحْيَي بْنُ يَحْيَي ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ ، عَنْ ابْنِ شِهَابِ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، أَنّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ((" لَا تَبَاغَضُوا، وَلَا تَحَاسَدُوا، وَلَا تَدَابَرُوا وَكُونُوا عِبَادَ اللَّهِ إِخْوَانًا، وَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ " .))[32]

امام مالک نے ابن شہاب سے، انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو، ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، ایک دوسرے سے

(32) ( صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ، والادب، بَابُ النَّهْيِ عَنِ التَّحَاسُدِ وَالتَّبَاغُضِ وَالتَّدَابُرِ[ نمبر باب:7]حسد اور بغض اور دشمنی کا حرام ہونا، حدیث نمبر :2558[6526])

ASK ISLAM PEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

روگردانی نہ کرو اور اللہ کے بندے (ایک دوسرے کے) بھائی بن کر رہو۔ کسی مسلمان کے لیے حلال نہیں کہ تین دن سے زیادہ اپنے بھائی سے تعلق ترک کیے رکھے۔

## شرح حدیث

### اسباق حدیث

1. نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے خصوصی طور پر حسد سے بچنے کی تعلیم دی ہے، معوذ تین اور دعا واذکار بتائے ہیں۔
2. حسد کی وجہ بندہ اللہ تعالیٰ سے بدگمان ہو جاتا ہے۔
3. قصۂ ہابیل و قابیل کی وجہ، حسد ہے۔
4. حسد اعمال کی بربادی کا سبب۔
5. حسد خاندان اور قبیلہ کی تباہی کی وجہ۔
6. حسد کی تین قسمیں ہیں پہلی قسم اور دوسری قسم حسدِ ممنوع ہے: 1۔ کسی کی نعمت کے زوال کی تمنا کرنا، 2۔ زوال کی تمنا کے ساتھ سازش بھی کرنا اسے گرانے کی، 3۔ دعا کرنا اللہ سے کہ اسے جو دیا ہے مجھے بھی عطا کر (یہ ممنوع نہیں ہے جب اس کے زوال کی تمنا نہ ہو)
7. حسدل ایک کیڑے کا نام ہے جو انسان کا خون چوستا ہے اور جب اڑنا چاہتا ہے تو اڑ نہیں پاتا؛ اس نے اپنے آپ کو بھی تکلیف دی اور سامنے والے کو بھی تکلیف دی۔
8. حسد کی وجہ سے خاندان بکھر جاتے ہیں، ہابیل اور قابیل کے واقعہ میں حسد کار فرما تھا۔ ابلیس کو مردود کرنے والا عمل حسد ہے۔
9. حسد کے بعد تکبر اور پھر شہوت اس سے ستر بداخلاقیاں جنم لیتی ہیں جو جہنم میں داخل کرتی ہیں۔
10. ابن قیم رحمۃ اللہ چار اشیاء کو گناہوں کی جڑ بتاتے ہیں؛ حسد، تکبر، غصہ اور شہوت۔ انہیں میں نے ایک شعر میں کہا ہے:

”معوقات طریق الحقوق اربعة الکبر والحسد والغضب والشهوة“

## راویوں کا تعارف

1) (يَحْيَي بْنُ يَحْيَي) یحیٰ بن یحیٰ بن بکر بن عبد الرحمن حنظلی المروزی، تمیمی نیسابوری، کنیت: ابوزکریا۔

ولادت: 142ھ

وفات: 226ھ

مقاماتِ رہائش: نیشاپور، خراسان، حجاز، عراق، بلادِ شام اور مصر۔

اساتذہ: یحیی بن متوکل مدنی۔ حفص بن غیاث۔ لیث بن سعد، وغیرہ۔

تلامذہ: امام مسلم۔ اسماعیل بن اسحاق بن ابراہیم بن مہران۔ امام مروزی، وغیرہ

2) (مَالِكٍ) امام مالک؛ مالک بن انس بن مالک بن ابی عامر بن عمرو الاصبحی الحمیری تمیمی قرشی مدنی، کنیت: ابو عبد اللہ، لقب: امام دار الہجرۃ

ولادت: 89ھ

وفات: 178ھ

رہائش: مدینہ۔

اساتذہ: سعید ابن المسیب۔ ابو ایوب سختیانی۔ حسن البصری، وغیرہ

تلامذہ: امام شافعی۔ سفیان الثوری۔ ابو داود طیالسی، وغیرہ

3) (ابْنِ شِهَابِ) محمد بن مسلم بن عبید اللہ بن شہاب الزہری قرشی مدنی، ابو بکر (تبع تابعی)۔

ولادت: 52ھ

وفات: 124ھ

آپ زیادہ تر مدینہ منورہ میں رہے اور مکہ مکرمہ بھی رہائش اختیار کی اور ملک شام کا سفر بھی کیا اور

آپ کی وفات مدینہ منورہ میں ہی ہوئی۔

اساتذہ: سالم بن عبداللہ ابن عمر بن خطاب۔ عمر بن عبدالعزیز الاموی۔ سعید ابن المسیب، وغیرہ۔

تلامذہ:سفیان ابن عیینہ۔ عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج الاموی۔ مسلم بن خالد بن فروۃ، وغیرہ

4) (أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ)انس بن مالک بن نضر بن ضمضم بن زید بن حرام انصاری نجاری خزرجی رضی اللہ عنہ،کنیت ابوحمزہ، ابونضر۔

لقب:ذوالاذنین۔

ولادت: آپ کی ولادت ہجرت سے کچھ سال پہلے ہوئی تھی۔

وفات:93ھ

مقام وفات: مدینہ منورہ

رہائش: مدینہ منورہ، بصرہ، بلادِ شام، بحرین۔

تلامذہ: قتادہ بن دعامہ۔ عمر بن عبدالعزیز۔ ضحاک بن مزحم، وغیرہ

## حدیث نمبر 8

# "لَاتَغْضَبُ"

### غصہ نہ ہوا کر

حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ يُوسُفَ، أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ هُوَ ابْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْصِنِي، قَالَ: (("لَا تَغْضَبْ" فَرَدَّدَ مِرَارًا، قَالَ:" لَا تَغْضَبْ"))[33]

**ترجمہ**: مجھ سے یحییٰ بن یوسف نے بیان کیا، کہا ہم کو ابو بکر نے خبر دی جو ابن عیاش ہیں، انہیں ابو حصین نے، انہیں ابو صالح نے اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

---

(33) ( صحیح البخاری، کتاب الادب، بَابُ الْحَذَرِ مِنَ الْغَضَبِ[باب نمبر:76] غصہ سے پرہیز کرنا اللہ تعالیٰ کے فرمان (سورۃ شوریٰ) کی وجہ سے، حدیث نمبر :6116۔ وسنن الترمذی:2020)

سے عرض کیا کہ مجھے آپ کوئی نصیحت فرما دیجئیے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ غصہ نہ ہوا کر۔ انہوں نے کئی مرتبہ یہ سوال کیا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ غصہ نہ ہوا کر۔

## شرح حدیث

### اسباق حدیث

1. دشمنی، انتقام کے جذبات دل کا خون کھولنے اور دماغ گرم ہونے کا نام غصہ ہے۔
2. غصہ کی بہت ساری قسمیں ہیں ان میں سے بعض بڑی قسمیں جبلی، وہبی اور کسبی کہلاتی ہیں۔
3. جب انسان غصہ میں ہوتا ہے تو اس کو اپنی زبان پر بھی قابو نہیں ہوتا نتیجہ میں گالی اور دل ٹوٹنے والے کلمات نکلتے ہیں۔
4. یہ بات معروف ہے کہ غصہ روکنے کی طاقت انسان کے اندر نہیں ہوتی لیکن احتیاطی تدابیر کو بروئے کار لا کر غصہ پر قابو پایا جا سکتا ہے۔
5. تمام ایسے اقوال اور افعال سے دور رہنا چاہیئے جس کی وجہ سے غصہ آتا ہے۔
6. غصہ کو قابو میں رکھنے کے لئے ان اسباب کو اختیار کرنا چاہئے: دوسروں کی زبان سے نکلی ہوئی کڑوی اور اذیت ناک باتوں کو برداشت کرنا، صبر کرنا، بہترین اخلاق کو اپنانا، صبر و تحمل نیز حلم اور بردباری سے کام لینا، یہ وہ اسباب ہیں جس کی وجہ سے لوگ غصہ کے فتنہ سے بچ جاتے ہیں۔
7. طاقتور انسان وہ نہیں جو اپنے مدمقابل کو پچھاڑ دے اور چت کر دے بلکہ حقیقی طاقت ور انسان وہ جو اپنے نفس پر قابو پالے (حدیث)
8. غصہ ایک محمود ہے اور ایک مذموم ہے۔ اگر غصہ دنیوی برے مقاصد کے لئے ہے تو برا ہے اگر اللہ کے لئے اور حق کے لئے ہے تو ایسا غصہ برا نہیں۔
9. غصہ شیطانی صفت ہے لہذا اللہ تعالی سے پناہ طلب کرتے رہنا چاہیئے۔
10. جو صحابہ اعلی مراتب کے تھے انہیں نبی ﷺ نے کبھی غصہ سے سمجھایا لیکن جو بدو صحابہ تھے

آپ نے انہیں پیار سے سمجھایا۔ علماء نے نکتہ بیان کیا: تبلیغ میں اس بات کی رعایت کرنی چاہیے کم علم اور جاہلوں پر غصہ نہ دکھائے۔

11. بہت سے علماء قرب الموت رو پڑے پوچھا گیا تو بتایا جوانی میں میں نے غصہ میں فلاں کو کیا کیا کہہ دیا مجھے ڈر ہے کہ اللہ مجھے پکڑ نہ لے۔
12. سیرت سے تعلیم یہ ہے کہ غصہ والی طبیعت سے دور رہے آپ ہمیشہ مسکراتے ہنس مکھ ہونا چاہیے تند مزاج نہیں۔
13. تین مرتبہ کلمات دہرایا گیا اس کی اہمیت کے لیے۔
14. اسباب غصہ یعنی ایسے افراد، ایسی جگہوں اور ایسے کاموں سے دور رہو جو غصہ دلاتی ہیں۔
15. غصہ سے پرہیز کرنے کے کسی کتاب میں 50 فوائد ذکر ہیں تو ایسی کتابیں پڑھتے رہنا چاہیے تا کہ غصہ کنٹرول میں رہے۔
16. دنیا میں بہت سے قتل کے پیچھے غصہ کار فرما ہوتا ہے۔
17. مسکراہٹ مفتاح خیر ہے۔
18. امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے "حسن الخلق بترک الغضب" غصہ چھوڑنے سے حسن اخلاق پیدا ہوتا ہے۔
19. جو حق پر ہوتے ہوئے غصہ چھوڑ دے اللہ اسے حور عطا کرینگے۔
20. نبی ﷺ نے فرمایا جو حق پر ہوتے ہوئے جھگڑا چھوڑ دے اس کا میں جنت کی کیاریوں میں انتظار کر رہا ہوں۔
21. پہلوان وہ نہیں جو کشتی میں کسی کو پچھاڑ دے بلکہ پہلوان وہ ہے جو غصے میں اپنے آپ پر کنٹرول رکھے۔
22. علاج: قلت حرکت کرے یعنی کھڑا ہو تو بیٹھ جائے، بیٹھا ہو تو لیٹ جائے لیکن آج الٹا ہوتا ہے اٹھ جاتا ہے مارنے لگ جاتا ہے۔
23. سکوت اختیار کرے، غصہ جاتا رہے گا۔

24. وضو سے متعلق علماء نے بتایا حدیث میں اس کا ذکر نہیں۔

25. دعا کرے اعوذ باللہ خوب پڑھے۔ یہ اس کا علاج ہے۔

## راویوں کا تعارف

1) (يَحْيَى بْنُ يُوسُفَ) یحیٰ بن یوسف بن ابی کریمہ الخراسانی الزمی۔

کنیت ابو یوسف، ابو زکریا۔

وفات: 226ھ

مقامِ وفات: بغداد۔

رہائش: زم، بغداد، الری، خراسان۔

اساتذہ: حفص بن غیاث۔ عبد اللہ بن ادریس الاودی۔ محمد بن سلمہ باہلی، وغیرہ۔

تلامذہ: امام بخاری۔ محمد بن یحیٰ الذہلی۔ ابن ابی دنیا القرشی، وغیرہ۔

2) (أَبُو بَكْرٍ هُوَ ابْنُ عَيَّاشٍ) ابو بکر بن عیاش بن سالم الاسدی الحناط، المقری۔

ولادت: 100ھ

وفات: 193ھ

رہائش: کوفہ، عراق۔

اساتذہ: حمید الطویل۔ سلیمان بن مہران۔ ابی الہذیل حصین بن عبد الرحمن السلمی، وغیرہ۔

تلامذہ: القاسم بن سلام۔ عمر بن حفص بن غیاث۔ اسحاق بن ابراہیم بن مخلد، وغیرہ

3) (أَبِي حَصِينٍ) عثمان بن عاصم بن الحصین الاسدی الدمشقی۔

کنیت: ابو الحصین۔

وفات: 127ھ۔

رہائش: کوفہ، عراق، دمشق۔

اساتذہ: ابو عمرو عامر بن شراحیل۔ شقیق بن سلمہ۔ ذکوان ابی صالح السمان الزیات مدنی، وغیرہ۔

تلامذہ: شعبہ بن الحجاج۔ سفیان الثوری۔ سعید بن سنان، وغیرہ۔

4) (أَبِي صَالِحٍ) ذکوان ابی صالح السمان تیمی الزیات مدنی۔

وفات: 101ھ

مقام وفات: مدینہ منورہ۔

رہائش: مدینہ، کوفہ۔

اساتذہ: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ۔ جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہما۔ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا۔

تلامذہ: ابو عمرو بن علاء الحزاعی۔ رجاء بن حیوۃ۔ مسلم بن یسار اسلولی السلمی، وغیرہ۔

5) (أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ) ابوہریرہ، عبد الرحمن بن صخر الدوسی یمانی۔

ولادت: 21 قبل ہجرت۔

وفات: 59ھ۔

مقام وفات: مدینہ منورہ۔

تلامذہ: سالم بن عبد اللہ بن عمر بن خطاب۔ شہر ابن حوشب۔ سعید ابن المسیب، وغیرہ۔

حدیث نمبر 9

# "الطِّيَرَةُ شِرْكٌ"

بد شگونی شرک ہے

((حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عَيْسَى بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ زِرِ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: (("الطِّيَرَةُ شِرْكٌ الطِّيَرَةُ شِرْكٌ ثَلَاثًا، وَمَا مِنَّا إِلَّا وَلَكِنَّ اللَّهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ")) [34]

(34) (سنن ابوداود، کتاب الکہانۃ والطیر، بَابُ فِي الطِّيَرَةِ [باب نمبر:24] بدشگونی اور فال بدلینے کا بیان، حدیث نمبر:3910، شیخ البانی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔تخریج الحدیث: «سنن الترمذی/السیر 47 (1614)، سنن ابن ماجہ/الطب 43 (3538)، (تحفة الأشراف: 9207)، وقد أخرجه: مسند احمد (1/389،438،440) (صحیح)» باختلاف یسیرأخرجه ابن ماجه (3538) ، وأبو يعلى (5219) ، من طريق

**ترجمہ**: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بار فرمایا:
"بدشگونی شرک ہے اور ہم میں سے ہر ایک کو وہم ہو ہی جاتا ہے لیکن اللہ اس کو توکل سے دور فرما دیتا ہے"۔

# شرح حدیث

## اسباق حدیث

1. بدشگونی سے توحید پر ایمان ختم ہونے لگتا ہے۔
2. بدشگونی سے اللہ تعالی کے اوپر توکل ختم ہونے لگتا ہے۔
3. خیر اور شر دونوں کا مالک صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔
4. پرندے یا کوئی بھی مخلوق براہ راست نفع یا نقصان کے مالک نہیں ہوتے۔
5. اگر کوئی انسان یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ بدفالی سے فائدہ اور نقصان ہوتا ہے تو ایسا انسان شرک میں مبتلا ہے۔
6. طیرۃ، طیر سے نکلا ہے جس کا معنی ہے پرندہ، عرب کے لوگ سفر سے پہلے پرندہ اڑاتے تھے اگر وہ دائیں جانب جاتا تو سفر کرتے اور اگر بائیں جانب جاتا تو بدشگونی لیتے اور سفر نہیں کرتے۔
7. "اللهم لا خير الا خيرک ولا طير الا طيرک ولا اله غيرک" یہ پڑھنے سے بدشگونی اور وہم رفع ہو جاتی ہے۔
8. اگر کسی کو وہم ہو جائے اور مستقبل سے ڈر لگا رہے تو اسے چاہیے کہ استخارہ کرے تو یہ کیفیت جاتی رہے گی۔

---

وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" (909)، وأبو داود (3910)، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار"1/358 و2/304، والشاشي (655)، وابن حبان (6122)، والبيهقي في "السنن" 8/139من طرق عن سفيان، به. وأخرجه أبو يعلى (5092) من طريق منصور، عن سلمة، به)

9. بد شگونی کی اصل وہم ہے بس۔ توکل کو ہلا دینے والی صفت ہے۔
10. کسی نے مہینہ کسی نے جگہ کسی نے کسی حادثہ کو برا مان لیا تھا اور بد شگونی لینے لگ گئے تھے، یہ غلط طریقہ ہے۔
11. ماہ صفر میں کوئی نحوست نہیں۔
12. کسی شخصیت کو منحوس سمجھنا جائز نہیں۔
13. گھر سے نکلنے کے لیے "بسم اللہ توکلت علی اللہ۔۔" کہہ کر نکلنا چاہیے نہ کہ جاہلیت کی طرح پرندے اڑا کر
14. ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو جب کسي نے کہا کہ سفر مت کرو کیونکہ چاند عقرب میں ہے تو جواب میں۔ ہم پرندے دیکھ کر یا چاند دیکھ کر گھر سے نہیں نکلتے ہم تو بس اللہ کا نام لے کر گھر سے نکلتے ہیں۔
15. بد شگونی کا علاج توکل سے ہی ممکن ہے۔
16. یہ بد شگونی میں مبتلا لوگ کاہن اور نجومی کے پاس بھی جاتے ہیں ایسے لوگوں کی 40 دن کی عبادات قبول نہیں ہوتیں۔ اور اگر ان کی باتوں پر یقین کرلے تو وہ رسالت کا منکر ہو جاتا ہے۔
17. بعض اتنے وہمی ہوتے ہیں کہ قرآن سے بھی فال نکالنے لگ جاتے ہیں، قرآن کا لفظ رحمن آجائے تو خوش اگر شیطان آجائے تو گھبرا جاتے ہیں۔ اس سے بڑی بد نصیبی کیا ہوگی کہ قرآن سے ہدایت لینے کے بجائے اس سے فال نکالنا شروع کردے۔
18. نبی ﷺ کا ارشاد ہے جسے وہم نے روک لیا اس نے شرک کیا۔ من ردتہ الطیرۃ فقد اشرک

## راویوں کا تعارف

1) (مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ) محمد بن کثیر العبدی البصری

کنیت: ابو عبد اللہ۔

ولادت:133ھ

وفات:223ھ

رہائش:بصرہ۔

اساتذہ:سفیان الثوری۔ شعبہ الحجاج۔ عبد اللہ بن مبارک، وغیرہ۔

تلامذہ: احمد ابن حنبل۔ القاسم بن سلام الہروی۔ خلیفہ بن خیاط العصفری، وغیرہ۔

2) (سُفْيَانُ)سفیان بن سعید بن مسروق بن حمزہ الثوری الکوفی

کنیت: ابو عبد اللہ۔

ولادت:97ھ

وفات:161ھ

مقامِ ولادت: کوفہ

مقامِ وفات:بصرہ

رہائش: کوفہ ،بصرہ،مکہ ، مدینہ۔

اساتذہ:حمید الطویل البصری۔ عبد اللہ بن عن بن ارطبان۔ سعید بن مسروق ابو سفیان، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد الحمید بن عبد الرحمن الکوفی الحمانی۔ ابو سعید ابراہیم بن طہمان بن شعبہ الخراسانی الہروی، وغیرہ۔

3) (سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ)سلمہ بن کہیل بن حصین بن تمارج بن اسد الحضرمی الکوفی الکہیلی۔

(منجویہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ یہ مسلم کے رجال میں سے ہیں)

کنیت: ابو یحییٰ۔

ولادت:47ھ

وفات:121ھ

رہائش:واسط، حضر موت، کوفہ۔

اساتذہ:بکیر بن عبد اللہ بن الاشج ابو عبد اللہ۔ سوید بن غفلہ بن عوسجہ الجعفی الکوفی۔ ذرین بن

عبد اللہ الہمدانی الموہبی الکوفی۔

تلامذہ: شعبہ الحجاج۔ حماد بن سلمہ بن دینار البصری الربعی۔ سفیان الثوری، وغیرہ۔

4) (عَيْسَى بْنِ عَاصِمٍ) عیسی بن عاصم الاسدی الکوفی

رہائش: ارمینیہ، کوفہ

اساتذہ: زر بن حبیش الاسدی۔ فروۃ بن نوفل الاسجعی، وغیرہ۔

تلامذہ: سلمہ بن کہیل الحضرمی۔ معاویہ بن صالح الحضرمی۔ سعید بن المرزبان، وغیرہ۔

5) (زِرِ بْنِ حُبَيْشٍ) زر بن حبیش بن حباشہ بن اوس بن بلال بن سعد بن حبال بن نصر الاسدی الکوفی۔ (تابعی)

کنیت: ابو مطرف، ابو مریم۔

وفات: 82ھ

رہائش: کوفہ، دمشق۔

اساتذہ: عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ۔ عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ۔ عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: امام اعمش سلیمان بن مہران۔ سعید بن المرزبان البقال العبسی۔ عاصم بن بہدلۃ ابی النجود الاسدی، وغیرہ۔

6) (عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ) جلیل القدر صحابی۔

وفات: 32ھ

حدیث نمبر 10

# وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

ہر نیا نکالا ہوا کام گمراہی ہے

وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَطَبَ احْمَرَّتْ عَيْنَاهُ وَعَلَا صَوْتُهُ وَاشْتَدَّ غَضَبُهُ، حَتَّى كَأَنَّهُ مُنْذِرُ جَيْشٍ، يَقُولُ: " صَبَّحَكُمْ وَمَسَّاكُمْ "، وَيَقُولُ: " بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ، وَيَقْرُنُ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ

وَالْوُسْطَى "، وَيَقُولُ: " أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ خَيْرَ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللَّهِ، وَخَيْرُ الْهُدَى هُدَى مُحَمَّدٍ، وَشَرُّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ "، ثُمَّ يَقُولُ: " أَنَا أَوْلَى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهِ، مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِأَهْلِهِ، وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا أَوْ ضَيَاعًا فَإِلَيَّ وَعَلَيَّ)) [35]

**ترجمہ**: عبد الوہاب بن عبد المجید (ثقفی) نے جعفر (صادق) بن محمد (باقر) سے روایت کی انھوں نے اپنے والد سے اور انھوں نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی انھوں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب خطبہ دیتے تو آپ کی آنکھیں سرخ ہو جاتیں، آواز بلند ہو جاتی اور جلال کی کیفیت طاری ہو جاتی تھی حتیٰ کہ ایسا لگتا جیسے آپ کسی لشکر سے ڈرا رہے ہیں فرما رہے ہیں کہ وہ (لشکر) صبح یا شام (تک) تمھیں آلے گا اور فرماتے "میں اور قیامت اس طرح بھیجے گئے ہیں" اور آپ اپنی انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کو ملا کر دکھاتے اور فرماتے۔" (حمد و صلاۃ) کے بعد بلا شبہ بہترین حدیث (کلام) اللہ کی کتاب ہے اور زندگی کا بہترین طریقہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ زندگی ہے اور (دین میں) بدترین کام وہ ہیں جو خود نکالے گئے ہوں اور ہر نیا نکالا ہوا کام گمراہی ہے پھر فرماتے: "میں ہر مومن کے ساتھ خود اس کی نسبت زیادہ محبت اور شفقت رکھنے والا ہوں جو کوئی (مومن اپنے بعد) مال چھوڑ گیا تو وہ اس کے اہل و عیال (وارثوں) کا ہے اور جو مومن قرض یا بے سہارا اہل و عیال چھوڑ گیا تو (اس قرض کو) میری طرف لوٹا یا جائے (اور اس کے کنبے کی پرورش) میرے

---

(35) (صحیح مسلم، کتاب الجمعۃ، بِابُ تَخْفِيفِ الصَّلَاةِ وَالْخُطْبَةِ [باب نمبر: 13] نماز اور خطبہ مختصر پڑھانے کا بیان، حدیث نمبر: 867[2005]۔ الحديث أخرجه مسلم في (كتاب الزكاة)، (باب الحثِّ على الصدقة ولو بشقِّ تمرة أو كلمة طيبة، وأنها حجاب من النار)، حديث (1017)، وانفرد به عن البخاري، وأخرجه النسائي في (كتاب الزكاة)، (باب التحريض على الصدقة)، حديث (2554)، وأخرجه ابنُ ماجه في (المقدمة)، (باب من سَنَّ سُنَّة حسنة أو سيئة)، حديث (203))

ذمے ہے۔

# شرح حدیث

## اسباق حدیث

1. بدعت کا مطلب ہے ایک ایسی شریعت دین کے نام پر یا دینی امور میں گھڑ لی جائے جو نبی ﷺ اور صحابہ کے زمانے میں نہ تھی
2. دینِ اسلام مکمل ہو چکا ہے نہ اس میں کچھ بڑھانے کی گنجائش ہے نہ ہی گھٹانے کی گنجائش ہے۔
3. تمام بدعات چاہے چھوٹی ہوں یا بڑی حرام ہیں۔
4. ہر بدعت گمراہی ہے اور گمراہی جہنم میں لے جانے والی ہے۔
5. یہ دین اسلام کا بہت بڑا پیمانہ ہے جس سے صحیح اور غلط کو ناپا جا سکتا ہے۔
6. نبی کریم ﷺ کا طریقہ نجات کا ذریعہ ہے۔
7. نبی کریم ﷺ کے طریقہ کے علاوہ کوئی طریقہ قابل قبول نہیں ہو گا۔
8. جو لوگ بدعات میں مبتلا رہے ان کو حوضِ کوثر سے ہٹا دیا جائے گا۔
9. "من احدث" والی حدیث، عليكم بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين والی حدیث میں بھی یہ الفاظ آئے ہیں۔
10. اس کے نقصانات: نبی کی مخالفت ہو گی، رسول سے آگے بڑھنے والی بات ہو گی (لا تقدموا بین یدی اللہ ورسولہ)، اَپنے راستے کو غلاظت سے بھر دینے کے مترادف ہو گا۔
11. بدعت مکفرہ اسلام سے خارج کر دے گی جیسے قدریہ اور جہمیہ والی بدعات، بدعت مفسقہ انسان کو گناہ گار کر دے گی فاسق بنا دے گی جیسے خوارج کی بدعت ہے۔
12. جو بدعت کرتا ہے وہ آیت "الیوم اکملت" کے خلاف جا رہا ہے۔ گویا کہ اسے اس آیت پر بھروسہ نہیں ہے۔

13. امام مالک فرماتے ہیں: جو بدعت کرتا ہے وہ دراصل امانت مصطفی پر شک کرتا ہے۔ نبی ﷺ کے صادق اور امین ہونے پر شک کرتا ہے۔
14. مقصد شریعت سے دور کرنا اور فرقوں میں الجھا دینا یہ بدعت کے نقصانات میں سے ہے۔
15. وقت، عمر اور طاقت ضائع کرنے کے مترادف ہے۔

## راویوں کا تعارف

1) (مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى) محمد بن المثنی بن عبید بن قیس بن دینار العنزی البصری۔

کنیت: ابو موسیٰ۔

لقب: الزمن

ولادت: 167ھ

وفات: 252ھ

مقامِ وفات: بصرہ۔

رہائش: بصرہ، بغداد۔

اساتذہ: عبد اللن بن حمران بن عبد اللہ بن حمران بن ابان۔ عثمان بن عثمان الغطفانی، وغیرہ۔

تلامذہ: امام طبری محمد بن جریر بن یزید بن کثیر بن ابو جعفر الطبری۔ امام مسلم۔ عبد اللہ بن احمد بن حنبل، وغیرہ۔

2) (عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ) عبد الوہاب بن عبد المجید بن الصلت بن عبید اللہ بن الحکم بن ابو العاص بن بشر بن عبید الثقفی البصری۔

(منجویہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ یہ رجال صحیح مسلم ہیں)

کنیت: ابو محمد۔

ولادت: 108ھ

وفات:194ھ

رہائش:بصرہ۔

اساتذہ:حمید الطویل البصری۔مالک بن دینار۔ایوب سختیانی،وغیرہ۔

تلامذہ:اسحاق ابن راہویہ۔احمد بن ثابت الجحدری۔یحیٰ بن سعید الجوہری،وغیرہ۔

3) (جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ)جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب ہاشمی قرشی المدنی۔

لقب:الصادق۔

کنیت:ابو عبد اللہ۔

ولادت:80ھ

وفات:148ھ

مقامِ پیدائش:مدینہ۔

مقامِ وفات:مدینہ۔

اساتذہ:مجاہد بن جبیر۔ابن شہاب الزہری،وغیرہ۔

تلامذہ:سفیان الثوری۔سفیان ابن عیینہ۔امام مالک،وغیرہ۔

4) (عَنْ أَبِيهِ)محمد بن علی بن حسین بن علی الہاشمی قرشی مدنی،المعروف محمد الباقر۔

لقب:سجاد،باقر۔

ولادت:56ھ

وفات:144ھ

مقامِ ولادت:مدینہ

مقامِ وفات:مدینہ

رہائش:مدینہ،بلادِ شام۔

اساتذہ:حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما۔جابر ابن عبد اللہ الانصاری رضی اللہ عنہما۔

ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا،وغیرہ۔

تلامذہ: جعفر الصادق۔ امام ابو حنیفہ۔ القاسم بن فضل الحدانی، وغیرہ۔

5) (عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ) جابر بن عبد اللہ بن عمرو بن حرام بن ثعلبہ بن کعب الخزرجی السلمی الانصاری المدنی۔

کنیت: ابو محمد، ابو عبد اللہ، ابو عبد الرحمن۔

ولادت: 16 قبل ہجری

وفات: 78ھ

مقامِ وفات: مدینہ

جملہ روایات: 1540 تقریبا

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# دوسری کلاس-10 احادیث

## حدیث نمبر: 11-20

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 11

# " اتَّقِ اللَّهِ حَيْثُمَا كُنْتَ "

جہاں بھی رہو اللہ سے ڈرو

((حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " اتَّقِ اللَّهِ حَيْثُمَا كُنْتَ، وَأَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ))

قَالَ: وَفِي الْبَابِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ أَبُو عِيسَى: هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ))

**ترجمہ**: سیدنا ابو ذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جہاں بھی رہو اللہ سے ڈرو، برائی کے

بعد (جو تم سے ہو جائے) بھلائی کرو جو برائی کو مٹادے اور لوگوں کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آؤ۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: یہ حدیث حسن صحیح ہے، اس باب میں سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔[36]

## شرح الحدیث

### اسباق حدیث

1) تقوی "وقایۃ" سے نکلا ہے جس کے معنی ہے: الوقاية من عذاب بإجتناب المعاصي وأتباع أوامره. (اللہ کے عذاب سے بچ جانا گناہوں سے بچتے ہوئے اور اس کے اوامر کی پابندی کرتے ہوئے)

2) تقوی اللہ سے مراد ہے مراقبۃ اللہ یعنی اللہ دیکھ رہے ہیں۔ نتیجہ میں اس کی نافرمانیوں سے بچنا ہے اور اوامر بجالانا ہے۔

3) تقوی کا معنی اللہ کی محبوب چیزوں کو اپنانا ہے اور جن چیزوں کو ناپسند کیا ہے اسے چھوڑ دینا ہے۔

4) لوگوں سے اچھے اخلاق سے پیش آنا بھی تقوی ہے۔ کیونکہ اس بات کا بھی اللہ ہی نے مطالبہ کیا ہے۔

5) تقوی کا ہی تقاضہ ہے کہ کوئی غلطی ہو جائے تو فوراً نیکی کرے اور توبہ کرلے۔

6) الوقایہ خیر من العلاج "precaution is better than cure"

---

36 (سنن الترمذی، کتاب البر والصلۃ، بَابُ مَا جَاءَ فِي مُعَاشَرَةِ النَّاسِ - حسن معاشرت (یعنی لوگوں کے ساتھ اچھے ڈھنگ سے رہنے) کا بیان، حدیث نمبر: 1987، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو حسن کہا ہے۔ قال الشيخ الألباني: حسن، المشكاة :5083۔الروض النضير:855۔ تخريج الحديث:"تفرد به المؤلف (تحفة الأشراف: 11989)، وانظر مسند احمد (5/153، 158، 177، 228، 236)، وسنن الدارمی/الرقاق 74 [حسن]")

أخرجه الدارمي (2791) والحاكم: 1/54 وأبو نعيم في "الحلية" 4/378، والبيهقي في "الشعب" (8026) ، وفي "الزهد الكبير" (869) و البزار في "مسنده" (4022) ، والقضاعي في "مسند الشهاب" [652])

7) تقوی دراصل توبہ کا اڈوانس لیول ہے کیونکہ توبہ گناہ کے بعد کرتے ہیں جبکہ تقوی گناہ سے دور رہنے کا نام ہے۔

8) تقوی نکلا ہے "تقاۃ" سے جس کا معنی آتا ہے چھتری، جس طرح انسان چھتری کے ذریعہ بارش کے پانی سے بچتا ہے اسی طرح اللہ کے عذاب سے اپنے آپ کو بچانا ہے تو تقوی اختیار کریں (اللہ کی نافرنیوں سے بچیں اور اللہ فرمانبرداری کریں جس سے آپ دنیا کے عذاب سے قبر کے عذاب سے اور آخرت کے عذاب سے بچ سکتے ہیں)

9) "حیثما کنت" ہر جگہ ہر وقت اس کی نافرمانیوں سے بچے / تقوی اختیار کریں۔

10) چاہے تنہا ہو یا بھیڑ میں ہو ہر موقع پر نافرمانیوں سے بچے / تقوی اختیار کریں۔

11) مصیبت کے حالات ہوں یا اچھے حالات ہوں ہر موقع پر نافرمانیوں سے بچے / تقوی اختیار کریں۔

12) جب بھی کوئی چوک ہو جائے کوئی نیکی کرے، صلاۃ صدقہ وغیرہ۔ اگر کوئی بڑا گناہ ہو جائے تب تو توبہ لازم ہے جس کے اندر پانچ شرائط ہوتی ہیں: 1۔ ندامت، 2۔ گناہ چھوڑ دے، 3۔ معافی مانگے، 4۔ دوبارہ نہ لوٹنے کا ارادہ کرلے، 4۔ حقوق العباد سے ہو تو وہ حق لوٹا دے۔

13) وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللَّهَ فَاسْتَغْفَرُوا لِذُنُوبِهِمْ وَمَن يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا اللَّهُ وَلَمْ يُصِرُّوا عَلَىٰ مَا فَعَلُوا وَهُمْ يَعْلَمُونَ. (آل عمران: 135)

جب ان سے کوئی ناشائستہ کام ہو جائے یا کوئی گناہ کر بیٹھیں تو فوراً اللہ کا ذکر اور اپنے گناہوں کے لئے استغفار کرتے ہیں، فیالواقع اللہ تعالیٰ کے سوا اور کون گناہوں کو بخش سکتا ہے؟ اور وہ لوگ باوجود علم کے کسی برے کام پر اڑ نہیں جاتے.

14) اخلاق حسنہ میں تبسم، معاملات میں نرمی وغیرہ سب آجاتا ہے۔

15) تقوی کا تقاضہ ہے کہ آدمی اپنے گناہ مٹاتا رہے اور معاملات اچھے کرتا رہے۔

16) وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَإِيَّاكُمْ أَنِ اتَّقُوا اللَّهَ (نساء: 131)

اور واقعی ہم نے ان لوگوں کو جو تم سے پہلے کتاب دیئے گئے تھے اور تم کو بھی یہی حکم کیا ہے کہ اللہ سے ڈرتے رہو۔

17) وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (المائدة: 96)

اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس کے پاس جمع کئے جاؤ گے۔

18) وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللَّهِ (البقرة: 281)

اور اس دن سے ڈرو جس میں تم سب اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

19) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ (آل عمران: 102)

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے اتنا ڈرو جتنا اس سے ڈرنا چاہئیے

20) فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ (التغابن : 16)

پس جہاں تک تم سے ہو سکے اللہ سے ڈرتے رہو۔

21) وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ (آل عمران: 131)

اور اس آگ سے ڈرو جو کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔

22) ان سب آیتوں کا مقصد یہ ہے کہ بچو گناہوں سے اور اللہ کی نافرمانیوں سے یہ تقوی ہے۔

23) "الحسنة" سے مراد: 1۔ توبہ نصوح، 2۔ مطلق اعمال صالحہ

24) مكفرات الذنوب:

1 وضو،

2 صلاۃ،

3 نماز چل کر جانا،

4 صوم،

5 قیام،

6 عمرہ،

7 حج،

8 صدقہ،

9 ذکر،

10 صبر

1) اعمال صالحہ صغیرہ گناہوں کا کفارہ بنتے ہیں لیکن کبیرہ گناہ ہو جائے تو توبہ نصوحہ لازم ہے۔

2) کبائر سے بچنا بھی گناہوں کا کفارہ بنتا ہے۔

3) إِن تَجْتَنِبُوا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَنُدْخِلْكُم مُّدْخَلًا كَرِيمًا۔ (نساء:31)

4) اگر تم ان بڑے گناہوں سے بچتے رہو گے جن سے تم کو منع کیا جاتا ہے تو ہم تمہارے چھوٹے گناہ دور کر دیں گے اور عزت و بزرگی کی جگہ داخل کریں گے۔

5) حقوق العباد نظر انداز نہ کریں: وقولوا للناس حسنا"

6) حسن خلق کا تقاضہ ہے کہ آدمی تواضع اختیار کرے، جود و سخاء کا مظاہرہ کرے، نرمی اختیار کرے، وفاداری اور سچائی، خیر خواہی، امانت داری، عیوب کی پردہ پوشی کرے، لوگوں کے درمیان اصلاح کرے، رحمت و شفقت سے پیش آئے، والدین سے حسن سلوک کرے، بہادری کا مظاہرہ ہو، ایثار و قربانی، معاف کرنے کی عادت، خوشخبری دینے والا بنے، عدل وانصاف سے پیش آئے۔

7) حسن خلق کے فوائد: دخول جنت آسان ہو جاتی ہے۔ میزان ثقیل ہو جاتا ہے، نبی ﷺ کی صحبت ملتی ہے۔ ایمان کامل، دین میں مقام بلند، عمر و رزق میں زیادتی، محبت الٰہی نصیب ہوتی ہے، دنیا و آخرت کی مصیبتیں دور ہوتی ہیں، مخلوق کی محبت ملتی ہے۔

8) تقوی کا فائدہ: اللہ کی محبت، رحمت، قبر کے عذاب سے حفاظت، جہنم سے حفاظت، اللہ کی مدد، قلعہ، فرقان حق و باطل میں تمیز، شیطان بھاگ جاتا ہے، توسیع رزق، تفریج الکرب، تیسیر الامور، دشمن پر غلبہ، ہدایت ملتی ہے، صفت اولیاء، قبولیت اعمال، بشری للمتقین، فائزون اور مفلحون کہا گیا متقین کو، حسب مال اور کرم تقوی ہے –الحدیث–، علم آسان ہو جاتا ہے، جنت

جانے کا سبب۔

9) نبی ﷺ کی سیرت اخلاق کا پیکر تھی۔ انس رضی اللہ عنہ کی گواہی، ابو سفیان ابھی کلمہ نہیں پڑھے لیکن ہرقل کے دربار میں نبی ﷺ کے اخلاق کی گواہی دیے۔ فتح مکہ دراصل فتح قلوب تھا۔

10) تقوی کیسے حاصل کریں:

11) اللہ کی اطاعت، روزے کی پابندی، صفات متقین اپنائے، نبی ﷺ کے راستے چلے، اللہ کی شرعی وکونی نشانیوں پر غور کریں، اللہ کا ذکر اور تلاوت، نیک لوگوں کی صحبت، آخرت کی فکر دامن گیر رہے، مقصد زندگی والی احادیث پر غور کرے عمر کہاں گزاری؟،

12) اللہ کی اطاعت سے راحت اور نافرمانی سے سکون غارت ہو جاتا ہے۔

13) علامت تقوی: تقوی دل میں ہوتا ہے "التقوى هاهنا"۔

14)

## راویوں کا تعارف

1) (مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ)

2)

اسم: محمد بن بشار بن عثمان بن داود بن کیسان۔

المعروف: محمد بن بشار العبدی البصری۔

کنیت: ابو بکر۔

تاریخ پیدائش: 167ھ۔

تاریخ وفات: 252ھ۔

مقام پیدائش: بصرہ۔

مقام رہائش: بصرہ۔ بغداد۔

اساتذہ: وکیع بن جراح۔ ضحاک بن مخلد۔ ابو عبد اللہ الدستوائی البصری، وغیرہ۔

تلامذہ: امام طبری۔ عبد اللہ بن احمد بن حنبل۔ محمد بن نصر المروزی، وغیرہ۔

3) (عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ)

اسم: عبد الرحمن بن مہدی بن حسان بن عبد الرحمن

المعروف: عبد الرحمن بن مہدی العنبری الازدی البصری۔

کنیت: ابو سعید۔

تاریخ پیدائش: 135ھ۔

تاریخ وفات: 198ھ۔

مقام پیدائش: بصرہ۔

مقام وفات: بصرہ۔

مقام رہائش: بصرہ۔ بغداد۔

اساتذہ: شعبہ بن الحجاج۔ سفیان ابن عیینہ۔ سفیان الثوری، وغیرہ۔

تلامذ: امام احمد بن حنبل۔ اسحاق ابن راہویہ۔ عبد السلام سخنون، وغیرہ۔

4) (سُفْيَانُ)

اسم: سفیان بن سعید بن مسروق بن حمزۃ بن حبیب بن موہبۃ بن نصر بن ثعلبۃ بن ملکان بن ثور۔

المعروف: سفیان الثوری الکوفی۔

تاریخ پیدائش: 97ھ۔

تاریخ وفات: 161ھ۔

مقام وفات: بصرہ۔

مقام رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: ایوب سختیانی۔ شعبہ بن الحجاج۔ حماد سلمہ، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد اللہ بن مبارک۔ عبد الرازق الصنعانی۔ احمد بن ابی طیبہ الدارمی، وغیرہ۔

5) (حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ) تابعی

اسم: حبیب بن قیس بن دینار ابو ثابت الاسدی الکوفی۔

کنیت: ابو یحیی۔

تاریخ وفات: 119ھ۔

مقام رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: سیدنا انس بن مالک۔ سیدنا اسامہ بن زید۔ حسن بن علی بن ابی طالب الہاشمی، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان الثوری۔ شعبہ بن الحجاج۔ سعید بن سنان البرجمی، وغیرہ۔

6) (مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ) تابعی۔

اسم: میمون بن ابو شبیب الربعی الرقی الکوفی۔

کنیت: ابو نصر۔

تاریخ وفات: 83ھ۔

مقام رہائش: رقہ۔ کوفہ۔

اساتذہ: سیدنا ابو ذر غفاری۔ مغیرہ بن شعبہ۔ سمرہ بن جندب، وغیرہ۔

تلامذہ: حکیم بن جبیر الاسدی الثقفی الاسدی الکوفی۔ حبیب بن ابی ثابت الاسدی۔ سلیمان بن مہران الاعمش، وغیرہ۔

7) (أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ)

اسم: جندب بن عبد اللہ بن جنادۃ بن سفیان بن عبید بن حرام بن غفار بن ملیل۔

المعروف: ابو ذر غفاری الکنانی الحجازی۔

کنیت: ابو ذر۔

لقب: بریر۔

مقام پیدائش: الحجاز۔

تاریخ وفات: 31 یا 32 ہجری۔

مقام رہائش: الربذۃ (حجاز)۔ مدینہ المنورہ۔ بلاد شام۔ دمشق (سوریا)۔

تلامذہ: ابو ادریس الخولانی۔ ابو الاحوص۔ عبد الملک بن ابو ذر الغفاری، وغیرہ۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 12

# الدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ

دعا عبادت ہے

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ يُسَيْعٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:" الدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ، وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ سورة غافر آية 60" [37]

---

[37] (سنن ابوداود، کتاب تفریح ابواب الوتر، بَابُ الدُّعَاءِ- دعا کا بیان، حدیث نمبر:1479، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے)

أخرجه سنن الترمذى/تفسير البقرة 3 [2969]، تفسير المؤمن 41 [3247]، الدعوات 1 [3372]، ن الكبرى/ التفسير [11464]،سنن ابن ماجه/الدعاء1[3828]،[تحفة الأشراف:11643]، وقد أخرجه: مسند احمد،ح:18432، 18391، 18352،-صحيح-"والترغيب والترهيب للمنذري:2/388،"إسناده صحيح أو حسن أو ما قاربهما "-و ابن حبان فى "صحيحه" برقم: 893، والحاكم فى "مستدركه" برقم: 1862،1863، والنسائي فى "المجتبىٰ" برقم: 1301، قال الشيخ

**ترجمہ**: سیدنا نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دعا عبادت ہے، تمہارا رب فرماتا ہے: مجھ سے دعا کرو، میں تمہاری دعا قبول کروں گا" (سورۃ غافر: 60)۔

# شرح الحدیث

## اسباق حدیث

1) الحصر للمبالغہ لا للتحدید "یہی عبادت ہے مطلب اصل عبادت ہے"
2) آیت پڑھنے میں تعلیل واستدلال ہے،
3) اللہ کے علاوہ کسی سے مانگے وہ تکبر ہے۔
4) دعا کی کچھ شرطیں ہیں وہ نا ہو تو اثر جاتا رہتا ہے۔
5) دعا کے آداب کا خیال رکھنا ضروری ہے۔
6) دعا میں اثر بڑھانے کے لیے فرائض کے ساتھ نوافل کا اہتمام لازم ہے۔
7) دعا کی دو قسمیں: دعا مسئلہ و طلب، عبادت (نماز)
8) قرآن میں ربنا کئی بار آیا ہے، انبیاء دعا مانگتے تھے تضرع کے ساتھ۔
9) قرآن میں دعا مسئلہ اور عبادۃ دونوں مراد ہیں۔ (شیخ سعدی)

---

الألباني: صحيح، والنسائي فى "الكبرىٰ"برقم: 1224، 7654، والطبراني فى "الصغير"برقم: 1038قال الهيثمي: إلا أن ابن إسحاق مدلس، وإن كان ثقة، مجمع الزوائد ومنبع الفوائد: (10/83)قال ابن حجر: صدوق، لكنه مشهور بالتدليس عن الضعفاء والمجهولين وعن شر منهم، تعريف أهل التقديس: (1/168)،وأخرجه ابن المبارك في "الزهد" (1299) ، والطبراني في "الدعاء" (1) ، والبغوي في "شرح السنة" (1384) من طرق عن سفيان، عن منصور، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبري في "التفسير" 24/79، وابن حبان (890) ، والحاكم في "المستدرك"1/491، والقضاعي في "مسند الشهاب" (29) ، والطبراني في "الدعاء" (3) من طرق، عن منصور، به. والطبراني في "الأوسط" (3901) ، وفي "الصغير" (1041) ، وفي "الدعاء" (4) ، وأبو نعيم في "حلية الأولياء"8/120، والقضاعي في "مسند الشهاب" (29) (30) والبيهقي في "الدعوات الكبير" (4) ، وأبو عمرو بن منده في "الفوائد" (35) من طرق، عن سليمان الأعمش، به.

10) دعا میں وسیلہ اپنے نیک اعمال کا، اللہ کے اسماء وصفات کا، یا زندہ شخص سے دعا کرانا یہی تین جائز وسیلہ ہیں دعا میں۔

11) ناجائز وسیلہ یہ کہ فلاں کے جاہ فلاں یا شخصیت کا وسیلہ جو کے انتقال کر گئے ہوں۔

12) میت سے دعا مانگنا شرک ہے۔

13) ادعونی دو معنی ہیں اعبدونی میری عبادت کرو دوسرا اسلونی مجھ سے مانگو دونوں درست ہیں۔ (اقتضاء الصراط المستقیم)

14) کونسی چیزیں دعا قبول ہونے میں مانع بنتی ہیں ؟ اسے معلوم کرنا ضروری ہے تاکہ ان سے بچا جاسکے۔ (حصن المسلم میں شیخ قحطانی اور میرا بیان بھی ہے سینیے اس بارے میں تفصیل بیان کی گئی ہے)

15) تواضع وتضرع دعا کی جلد قبولیت کا سبب ہے۔ جیسے سید الاستغفار میں ہے۔

16) صدقے کے بعد، نیکی کے بعد، دو رکعت نماز کے بعد دعا مانگنے سے اثر پیدا ہو جاتا ہے۔

17) اذکار اور دعا پر ہمارا کام ہوا ہے الحمد للہ حصن المسلم کی دعائیں پوری حدیث کے ساتھ جمع کی گئی ہیں 500 صفحات پر مشتمل ملاحظات، تخریج، ترجمہ، مستدل حدیث، رقیہ شرعیہ، صبح شام کے اذکار وغیرہ سب پر کام ہوا ہے abmqurannotes.com سے ڈاؤنلوڈ کریں۔

18) الدعاء روح العبادۃ۔

19) صلاۃ دراصل دعا ہے، مختلف اقوال، اعمال واذکار کا مرکب ہے۔

20) دعا مسائل حل کر دیتی ہے جب اسباب ہاتھ دے جاتے ہیں۔

21) دعا مومن کا حصن حصین اور ہتھیار ہے۔

22) اللہ سے قریب ہونے کا ذریعہ ہے دعا۔

23) دعا اعتراف ربوبیت والوہیت واسماء وصفات ہے۔

24) دعا بندے میں عجز پیدا کرتی ہے، جو مومن بندے کی صفت ہے۔

25) دعا کی اہمیت: شفا، قید سے رہائی، ظلم سے نجات، محتاجی دور ہو جاتی، بے کس و مجبور کا سہارا، علم

ملتا ہے، اولاد ملتی ہے، خوف سے نجات، ناکامی سے باہر نکلنا، مسائل کا حل ملتا ہے،

26) صمد، حنان منان، حی قیوم: اسم اعظم ہیں

27) من گھڑت دعاوں سے بچنا چاہیے۔

28) نیک عمل کے بعد مطمئن نہ ہوں بلکہ دعا کرتا رہے۔

29) ہر پھنسا ہوا انسان نکل سکتا ہے "لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین"

30) شیطان سے بچ سکتا ہے "اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم"

31) حاسد کے حسد سے بچ جاتا ہے: اعوذ بکلمات اللہ التامہ، أعوذ باللہ من العین

32) وسوسوں سے بچ جاتا ہے: اللّٰھم لا طیر الا طیرک ولا خیر الا خیرک ولا الہ غیرک

33) اللہ کہتا ہے میں قریب ہوں؛ اس احساس سے انسان کا خوف و وحشت دور ہو جاتی ہے۔

34) بدر و احد میں نبی ﷺ نے دعا کی جس سے فائدہ ہوا۔

35) دنیا کے بہت سارے مسائل غم و پریشانی شیطان ڈالتا ہے جو دعا کرنے سے زائل ہو جاتے ہیں۔
تذکروا فاذا ھم مبصرون

36) ذکر جتنا زیادہ ہو گا شیطان بھاگے گا؛ جتنا ذکر کم ہو گا شیطان حاوی ہو جائے گا۔

37) راستے بند ہے کہنے والا اگر تہجد میں دعا کرے اور استغفار کرے تو راستے کھل جاتے ہیں۔

38) اللہ کے اچھے ناموں کے ذریعہ پکارو، یا جبار کہہ کر دعا کرو کمزوری چلے جاتی، یا شافی کہہ کر پکارو شفا ملے گی، یا عزیز یا رحمن یا رحیم یا ذا الجلال والاکرام اس ناموں کے وسیلے سے دعا کریں، اللہ اللہ ربی لا اشرک بہ شیئا؛ شرک میں نہیں کرتا یہ کہہ کر دعا کرنے سے پاور بڑھ جاتا ہے دعا مقبول ہو جاتی ہے۔

39) لوگوں کے خوف سے نجات ملتی ہے۔

40) ادمی غفلت سے باہر نکلتا ہے۔

41) دعا کا اثر انبیاء کے واقعات پڑھنے سے پتا چلتا ہے۔ بدر، استسقاء، تین غار والے، قصہ جریج، قصہ اویس قرنی،

42) دعا کے دوران یہ نہ کریں: حد سے زیادہ تجاوز نہ کرے، وسیع رحمت کو مقید نہ کرلے، حرام نہ کھائیں، جلدی نہ کریں، معلق دعا نہ کریں، غفلت و سستی سے دعا نہ کریں

43) دعا کے دوران خیال رکھیں: اخلاص، رجوع الی اللہ، توبہ و استغفار، ندامت، عہد، تضرع، تذلل، رحمت و رغبت، اصرار، خوف و امید کے ساتھ مانگے، آواز دھیمی رکھے، چیخ و پکار نہ کرے، ہاتھ اٹھا کر مانگے، قبولیت اوقات کا خیال کرتے ہوئے مانگے، مخصوص جگہوں کا خیال کرے، مخصوص حالات کا خیال رکھے،

44) دعا قبول ہونے کے حالات: جو مانگے وہی مل جائے، آنے والی آفت ٹل جائے، ذخیرہ کرکے آخرت میں ثواب ملتا ہے۔ الحدیث

## راویوں کا تعارف

1) (حَفْصُ بْنُ عُمَرَ)

نام: حفص بن عمر بن الحارث بن سخبرۃ

المعروف: حفص بن عمر الازدی، البصری النمری الکوفی۔

لقب: الحوضی۔

کنیت: ابو عمر۔

تاریخ وفات: 225ھ۔

رہائش: بصرہ۔

اساتذہ: شعبہ الحجاج۔ ہشام الدستوائی۔ ہمام بن یحیی العوذی، وغیرہ۔

تلامذہ: حسن بن مکمر بن حسان۔ بشر بن آدم یزید البصری۔ عثمان بن عبد اللہ بن محمد بن خرزاذ البصری، وغیرہ۔

2) (شُعْبَةُ)

اسم: شعبہ بن الحجاج الورد البصری العتکی الازدی الواسطی

کنیت: ابو بسطام۔

تاریخ ولادت: 82ھ۔

تاریخ وفات: 160ھ۔

مقام رہائش: بصرہ۔ واسط۔

اساتذہ: قتادہ بن دعامہ السدوسی۔ امام مالک بن انس۔ سلیمان بن طرخان التیمی۔

تلامذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ اسد ابن موسی، وغیرہ۔

3) (مَنْصُورٍ)[بعض نے کہاہے کہ یہ تابعی ہیں اور سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے حدیث سماعت کی ہے
]

نام: منصور بن المعتمر بن عبد اللہ بن ربیعہ بن حریث بن مالک بن رفاعہ بن الحارث بن بہثہ بن سلیم۔

المعروف: منصور بن المعتمر السلمی الکوفی۔

کنیت: ابو عتاب۔

تاریخ پیدائش: 60ھ۔

تاریخ وفات: 132ھ۔

رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: الاسود بن یزید النخعی (مخضرم)۔ حبیب بن ثابت الاسدی۔ سفیان الثوری، وغیرہ۔

تلامذہ: شعبہ بن الحجاج۔ سفیان ابن عیینہ۔ معتمر بن سلیمان بن طرخان التیمی، وغیرہ۔

4) (ذَرٍّ) تابعی (قاضئ کوفہ)

نام: ذر بن عبد اللہ بن زرارۃ۔

المعروف: ذر بن عبد اللہ المرہبی الکوفی الہمدانی۔

کنیت: ابو عمرو۔ ابو عمر

تاریخ وفات: سن 81 اور 90 ہجری کے درمیان ان کا انتقال ہوا۔

رہائش: ہمدان (ایران)۔ کوفہ۔

اساتذہ: سیدنا نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ۔ سیدنا ابی بن کعب رضی الل عنہ۔ شقیق بن سلمہ الاسدی (مخضرم)۔

تلامذہ: ابو عبد اللہ الحکم بن عتبہ بن النہاس الکوفی۔ عطاء بن سائب بن مالک الثقفی۔ منصور بن معتمر ابو عتاب، وغیرہ۔

5) (يُسَيْعٍ الْحَضْرَمِيّ)

نام: یسیع بن معدان الحضرمی الکوفی الکندی۔

رہائش: حضر موت۔ کوفہ۔

اساتذہ: نعمان بن بشیر الانصاری، وغیرہ۔

تلامذہ: سلیمان بن مہران الاعمش۔ ذر بن عبد اللہ المرہبی۔ محمد بن جادۃ الاودی، وغیرہ۔

6) (النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْه) صغار صحابی

نام: نعمان بن بشیر بن سعد بن ثعلبہ بن الجلاس بن زید بن مالک بن ثعلبہ۔

المعروف: نعمان بن بشیر الانصاری

کنیت: ابو عبد اللہ۔

تاریخ پیدائش: 2ھ۔

تاریخ پیدائش: 65ھ۔

مقام پیدائش: مدینہ المنورہ۔

مقام وفات: حمص (سوریا)

رہائش: مدینہ المنورہ۔ کوفہ۔ بلاد شام۔ حمص۔ دمشق۔

تلامذہ: سعید ابن المسیب۔ وہب بن منبہ الانباوی۔ ابو اسحاق السبیعی، وغیرہ۔

حدیث نمبر 13

# "إِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللَّهَ"

جب تم کوئی چیز مانگو تو صرف اللہ سے مانگو

((حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، أَخْبَرَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَابْنُ لَهِيعَةَ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَجَّاجِ، قَالَ. ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي، قَيْسُ بْنُ الْحَجَّاجِ ، الْمَعْنَى وَاحِدٌ ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كُنْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، فَقَالَ: يَا غُلَامُ ، " إِنِّي أُعَلِّمُكَ

كَلِمَاتٍ: احْفَظْ اللَّهَ يَحْفَظْكَ احْفَظْ اللَّهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ إِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللَّهَ وَإِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللَّهِ، وَاعْلَمْ أَنَّ الْأُمَّةَ لَوِ اجْتَمَعَتْ عَلَى أَنْ يَنْفَعُوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَنْفَعُوكَ إِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللَّهُ لَكَ، وَلَوِ اجْتَمَعُوا عَلَى أَنْ يَضُرُّوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَضُرُّوكَ إِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللَّهُ عَلَيْكَ، رُفِعَتِ الْأَقْلَامُ وَجَفَّتِ الصُّحُفُ))[38]

---

38 (سنن الترمذی:، کتاب صفة القيامة والرقائق والورع، باب[59]، حدیث نمبر:2516، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح کہاہے، قال الشيخ الألباني: صحيح، المشكاة [5302]، ظلال الجنة [316 – 318]۔ تخريج الحديث:تفرد به المؤلف[تحفة الأشراف: 5415]،وانظر: مسند احمد: 1/293، 303][صحيح]وصحيح الجامع للالباني:2/318، رقم:7957،الناشر:المكتب الاسلامي،(صحيح) [حم ت ك] عن ابن عباس. المشكاة 5302، السنة 316 – 317: ع، طب، ابن السني، الآجري، الضياء) أخرجه أبو يعلى (2556) و ابن أبي عاصم في "السنة" معلقاً (316) والطبراني (12988) ، وابن السني في "عمل اليوم والليلة" (425) ، والبيهقي في "شعب الإيمان" (195) من طرق عن الليث بن سعد، به. قال الترمذي: حسن صحيح. و الآجري في "الشريعة" ص 198 من طريق يزيد بن أبي حبيب، عن حنش، به. و عبد بن حميد (236) ، والعقيلي في "الضعفاء"3/53، والطبراني (11243) و (11416) و (11560) ، والآجري ص 198، وابن السني (317) و (318) ، والحاكم 3/541-542، وأبو نعيم في "الحلية"1/314، والبيهقي في "الشعب" (10000) و (10001) ، وفي "الآداب" (1073)

اس باب میں سیدنا ابوسعید الخذری رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث مروی ہے دیکھئے : مسند ابی یعلی:1099۔ الشریعۃ للامام آجری ، صفحہ:199۔ تاریخ بغداد للخطیب:14/125، اس روایت میں "یحیی بن میمون التمار"متروک راوی ہے اور "علی بن زید بن جدعان" ضعیف راوی ہے ، دیکھئے: الکامل لابن عدی:7/2683۔

**ترجمہ**: سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سواری پر پیچھے تھا، آپ نے فرمایا: "اے لڑکے! بیشک میں تمہیں چند اہم باتیں بتلا رہا ہوں: تم اللہ کے احکام کی حفاظت کرو، وہ تمہاری حفاظت فرمائے گا، تو اللہ کے حقوق کا خیال رکھو اسے تم اپنے سامنے پاؤ گے، جب تم کوئی چیز مانگو تو صرف اللہ سے مانگو، جب تو مدد چاہو تو صرف اللہ سے مدد طلب کرو، اور یہ بات جان لو کہ اگر ساری امت بھی جمع ہو کر تمہیں کچھ نفع پہنچانا چاہے تو وہ تمہیں اس سے زیادہ کچھ بھی نفع نہیں پہنچا سکتی جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے، اور اگر وہ تمہیں کچھ نقصان پہنچانے کے لیے جمع ہو جائے تو اس سے زیادہ کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتی جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے، قلم اٹھا لیے گئے اور (تقدیر کے) صحیفے خشک ہو گئے ہیں۔

## شرح الحدیث

### اسباق حدیث

1) فلا تجعلوا لله اندادا، توحید کا راستہ اختیار کریں نہ کہ تندید کا راستہ
2) دعا کی اہمیت اور توحید کی اہمیت پر میرا بیان ہے اس کو ضرور سنیں
3) تحفۃ الاحوذی میں اس کی اچھی تشریح آئی ہے۔
4) احفظ الله فی اوامره ونهیه؛ اللہ کے احکامات کی پابندی کرنا اور اس کی نافرمانیوں سے بچنا یہ ہے احفظ اللہ کا مطلب، تو اللہ تمہاری بھی حفاظت کرے گا یعنی دنیا میں آفات سے بچائے گا، مکروہات سے بچائے گا، اور آخرت میں برے عقاب سے حفاظت کرے گا۔
5) ازا اردت السوال فاسال اللہ، کیونکہ وہی قادر ہے دینے پر، روکنے والے، نقصان سے بچانے پر اور نفع پہنچانے پر۔
6) تقدیر کی دو قسمیں ہیں: معلق اور مبرم

7) مبرم جو طئے ہو چکی ہے بدلتی نہیں۔ معلق وہ جو بدل سکتی ہے "یمحو اللہ ما یشاء ویثبت" سے دلیل لی ہے شیخ بن باز نے اور لا یرد القضاء الا الدعا سے۔

8) صلہ رحمی سے رزق عمر میں اضافہ ہوتا ہے (شیخ بن باز ایسے سمجھایا ہے کہ اللہ فرشتوں سے کہتا ہے کہ فلاں بندہ فلاں کام کرے اور معافی مانگے تو اس کی تقدیر بدل دو ورنہ اسی تکلیف میں رہنے دو)۔

9) دعا اور کوشش کرتے رہنا چاہیے معلق تقدیر بدل سکتی ہے (ابن تیمیہ: السعیان کی ضرورت ہے سعی رزق اور سعی دعا وأن لیس للانسان الا ما سعی)۔

10) بچوں کو تقدیر کا مسئلہ سکھانا بہت ضروری ہے تاکہ بچے بچپن ہی سے اللہ پر بھروسہ کرنا سیکھ جائیں۔ اور اپنے مسائل حل کرنا سیکھیں اور غم سے دور رہیں۔

11) بچوں کی تربیت پر ابھارا جارہا ہے اس حدیث میں۔

12) سفر پر سکھانے سے بچے جلد سیکھ جاتے ہیں۔

13) اسماء وصفات کو چار حصوں میں تقسیم کر کے میں نے اپنے ایک بیان میں سمجھایا تھا بلہاری میں وہ ضرور سماعت کریں۔

14) اللہ کو چھوڑ کر کسی اور سے مانگنا بے وقوفی ہے کیونکہ وہ نہ سن سکتے ہیں نہ دے سکتے ہیں۔

15) "المضطر" انسان جب مصیبتوں میں گھر جاتا ہے تو کیسے مانگتا ہے غار والوں سے سیکھنا چاہیے۔

16) جائز وسیلہ اپنانا چاہیے۔

17) مشروع صلاۃ الحاجہ پڑھ کر دعا کر سکتے ہیں۔ من گھڑت طریقہ سے صلوۃ حاجت نہ کرے

18) حمد سے شروعات پھر درود اور استغفار شامل رہے دعا میں۔

19) استخارہ بھی دعا کی ایک شکل میں؛ میں نے اپنی کتاب النکاح میں استخارہ کے 18 مسائل ذکر کیے ہیں ضرور پڑھیں۔

# راویوں کا تعارف

1) (أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى)

نام:احمد بن محمد بن موسی

المعروف:احمد بن محمد المروزی۔

لقب:مردویہ۔

کنیت:ابو العباس۔

رہائش:مرو۔بغداد۔

اساتذہ:عبد اللہ بن مبارک۔محمد بن عبد اللہ الزبیری۔اسحاق بن یوسف الارزق،وغیرہ۔

تلامذہ:امام بخاری۔امام ترمذی۔امام نسائی،وغیرہ۔

2) (عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ)

نام:عبد اللہ بن المبارک بن واضح۔

المعروف:عبد اللہ بن المبارک الحنظلی المروزی التیمی۔

کنیت:ابو عبد الرحمن۔

لقب:ابن المبارک۔

تاریخ پیدائش:118ھ۔

مقام پیدائش:مرو(ترکمانستان)۔

تاریخ وفات:181ھ۔

رہائش:مرو(ترکمانستان)۔کوفہ۔بصرہ۔خراسان۔یمن۔بلاد شام۔مصر۔

اساتذہ:عبد الرحمن الاوزاعی۔شعبہ بن الحجاج۔الاعمش۔سفیان الثور،وغیرہ۔

تلامذہ:یحیی بن معین۔ابو بکر ابن ابی شیبہ۔القاسم بن سلام الہروی،وغیرہ۔

3) (لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ)

نام:لیث بن سعد بن عبد الرحمن

المعروف:لیث بن سعد الفہمی المصری (قلقشندی)۔

کنیت: ابو الحارث۔

تاریخ پیدائش:94ھ۔

مقام پیدائش: مصر (مصر کے قلقشندہ نامی گاؤں میں پیدا ہوئے)۔

تاریخ وفات:175ھ۔

مقام وفات: القاہرہ، مصر (بعض کہتے ہیں کہ مصر کے شہر الفسطاط مین آپ کی تدفین ہوئی)۔

رہائش: مصر۔

اساتذہ: طاؤس بن کیسان۔ عبد الرحمن بن عمرو الاوزاعی۔ حسن بصری، وغیرہ۔

تلامذہ: امام شافعی۔ عبد اللہ بن مبارک۔ عبد اللہ بن یوسف الکلاعی، وغیرہ۔

4) (ابْنُ لَهِيعَةَ)

نام: عبد اللہ بن لہیعہ بن عقبہ بن فرعان بن ربیعہ بن ثوبان۔

المعروف: عبد اللہ بن لہیعہ الحضرمی الاعدولی الغافقی المصری۔ (قاضئ مصر)

کنیت: ابو عبد اللہ۔ ابو عبد الرحمن۔

تاریخ پیدائش:97ھ۔

تاریخ وفات:174ھ۔

رہائش: حضرموت۔ مصر۔

"خلط بعد احتراق کتبه"

اساتذہ: عبدلرحمن بن ہرمز الاعرج۔ موسی بن وردان۔ عطا بن ابی رباح۔ عمرو بن دینار، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان الثوری۔ الاوزاعی۔ شعبہ۔ عبد اللہ بن مبارک۔ قتیبہ بن سعید، وغیرہ۔

5) (قَيْسِ بْنِ الْحَجَّاجِ)

نام: قيس بن الحجاج بن خلي بن معدي كرب

المعروف: قیس بن الحجاج الحمیری الکلاعی الصنعانی المصری السلفی۔

تاریخ وفات: 129ھ۔

رہائش: صنعاء۔ مصر۔

اساتذہ: محمد بن کعب القرطبی۔ حنش بن عبد اللہ بن عمرو بن حنظلہ بن فہد، وغیرہ۔

تلامذہ: لیث بن سعد الفہمی۔ عبد اللہ بن وہب القرشی۔ ہمام بن یحیی العدوی، وغیرہ۔

6) (عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ) قاضی۔

نام: عبد اللہ بن عبد الرحمن بن الفضل بن بہرام بن عبد الصمد۔

المعروف: عبد اللہ بن عبد الرحمن الدارمی التیمی سمرقندی۔

کنیت: ابو محمد۔

تاریخ پیدائش: 180ھ / 181ھ۔

مقام پیدائش: سمرقند۔

تاریخ وفات: 522ھ۔

مقام وفات: مسقط۔

رہائش: سمرقند (اوزبکستان)۔ خراسان۔ بغداد۔ دارام۔ حجاز۔ عراق۔ بلاد شام۔ مصر۔

اساتذہ: حسن بن علی الہذلی۔ القاسم بن سلام الہروی، وغیرہ۔

تلامذہ: امام بخاری۔ محمد بن یحیی الذہلی۔ امام مسلم۔ محمد بن نصر المروزی، وغیرہ۔

7) (أَبُو الْوَلِيدِ)

نام:ہشام بن عبد الملک۔

المعروف:ہشام بن عبد الملک الباہلی البصری الطیالسی۔

کنیت:ابو الولید۔

تاریخ پیدائش:133ھ۔

تاریخ وفات:227ھ۔

مقام وفات:بصرہ۔

رہائش:بصرہ۔

اساتذہ:شعبہ الحجاج۔سفیان ابن عیینہ۔حماد بن سلمہ البصری،وغیرہ۔

تلامذہ:امام احمد۔اسحاق ابن راہویہ۔ابو العباس البرتی،وغیرہ۔

8) (حَنَشٍ الصَّنْعَانِيّ)تابعی۔

نام: حنش بن عبد اللہ(او عبید اللہ)بن عمرو بن حنظلہ بن فہد۔

المعروف:حنش الصنعانی السبائی الشامی۔(السبائی / السبئی،بعض کتابوں میں السبائی کی جگہ النسائی بھی لکھا ہوا ہے)۔

کنیت:ابی رشدین۔

تاریخ وفات:100ھ۔

مقام پیدائش:دمشق۔

مقام وفات:آفریقہ(مصر)

رہائش:اندلس۔دمشق۔مصر

اساتذہ:سیدنا عبد اللہ بن عباس۔سیدنا ابو ہریرہ۔ابو سعید الخذری،وغیرہ۔

تلامذہ:عامر بن یحیی بن جشیب المعافری المصری۔محمد بن زید بن مہاجر ابو بکر۔حبیب بن الشہید

ابومرزوق المصری، وغیرہ۔

9) (عَبْداللہ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا)

نام: عبد اللہ بن عباس بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف۔

المعروف: عبد اللہ بن عباس القرشی الہاشمی۔

کنیت: ابو العباس۔

لقب: (حَبْر الأمّة، تَرجمان القرآن)

تاریخ پیدائش: 4 قبل ہجری۔

مقام پیدائش: مکہ مکرمہ۔

تاریخ وفات: 72ھ۔

مقام وفات: طائف، حجاز۔

رہائش: مدینہ المنورہ۔ مکہ معظمہ، طائف۔ بلاد حجاز۔

تلامذہ: مجاہد بن جبر۔ وہب بن منبہ۔ طاؤس بن کیسان۔ محمد بن سیرین، وغیرہ۔

حدیث نمبر 14

# "مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا"

جو دھوکہ دے، ہم میں سے نہیں ہے

((حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيل بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى صُبْرَةٍ مِنْ طَعَامٍ، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيهَا، فَنَالَتْ أَصَابِعُهُ بَلَلًا، فَقَالَ: " يَا صَاحِبَ الطَّعَامِ مَا هَذَا "، قَالَ: أَصَابَتْهُ السَّمَاءُ يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: " أَفَلَا جَعَلْتَهُ فَوْقَ الطَّعَامِ حَتَّى يَرَاهُ النَّاسُ "، ثُمَّ

قَالَ:مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا)) [39]

**ترجمہ**: سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک غلہ کے ڈھیر سے گزرے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے اندر اپنا ہاتھ داخل کر دیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیاں تر ہو گئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”غلہ والے! یہ کیا معاملہ ہے؟“ اس نے عرض کیا: اللہ کے رسول! بارش سے بھیگ گیا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے اوپر کیوں نہیں کر دیا تاکہ لوگ دیکھ سکیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جو دھوکہ دے، ہم میں سے نہیں ہے۔

## شرح الحدیث

### اسباق حدیث

1) فلیس منا کا مطلب یہ مومنوں کی صفت میں سے نہیں ہے، ان کا طریقہ اور راستہ نہیں۔

2) خیر خواہی میں شامل ہے کہ دھوکہ نہ دے، سچائی اور دیانت داری اپنائے۔

---

[39] (سنن الترمذی، کتاب البیوع، بَابُ مَا جَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الْغِشِّ فِي الْبُيُوعِ- بیع میں دھوکہ دینے کی حرمت کا بیان، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے)

أخرجه صحيح البخارى/الإيمان 43 (102)، سنن ابى داود/ البيوع 52 (3452)، سنن ابن ماجه/التجارات 36 (2224)، (تحفة الأشراف: 13979)، و مسند احمد (2/242) (صحيح)»)وصحيح مسلم:101،102[283،284]-وابن حبان رقم: 567،5559-ومعجم الكبير للطبراني،رقم:10234،ومعجم الصغير للطبراني، رقم:738- وابن ابي شيبة:7/290(من طريق سليمان بن بلال)-وشرح مشكل الآثار للطحاوي، رقم:1331-والمسند الشهاب للقضاعي،رقم:352(من طريق عبد العزيز بن أبي حازم)وأخرجه بنحوه الشافعي في "السنن المأثورة" (270) ، والحميدي (1033) ،وابن الجارود (564) ، والطحاوي في " شرح مشكل الآثار" (1329) ، والبيهقي 5/320، والبغوي (2121) من طريق سفيان بن عيينة، به. وأخرجه بنحوه كذلك وأبو يعلى (6520) ، وأبو عوانة 1/57- والطحاوي (1330) ، وابن حبان (4905) ، وابن منده (550) و (551) و (552) ، والحاكم ٩/٢، والبيهقي 5/320 والبغوي (2120) من طرق عن العلاء بن عبد الرحمن، به. قال الترمذي: حديث حسن صحيح-

3) دھوکہ دیتے ہی کافر ہو جاتا یہ خوارج کا عقیدہ ہے۔ لیکن گناہ کبیرہ ہے۔ لیس منا سے تکفیر کا معنی نہ کریں۔

4) ابن تیمیہ رحمہ اللہ: کامل ایمان والا نہیں۔ اصل ایمان کی نفی نہیں کامل ایمان کی نفی ہے۔

5) امام خطابی: لیس من سیر تنا، ہمارا طریقہ نہیں ہے نبی کے طریقے سے ہٹ گیا۔ مولانا حفیظ الرحمن اَعظمی رحمہ اللہ نے ترجمہ کیا ہمارے راہ کا ہمسفر بن نہ سکا

6) انواع غش: بیع و شراء میں دھوکا، ناپ تول میں دھوکا، امتحان میں دھوکا، گواہی میں دھوکا، شادی میں دھوکا، نصیحت میں دھوکا، فیصلوں میں دھوکا۔

7) نقصان: جہنم، رذالت کی علامت، دعا کی قبولیت سے محرومی، حرمان برکت، عمر و مال، نقص ایمان، دشمن کے غلبہ کا عذاب

8) تاجروں کا غش: سامان غلط بتانا (fraud)، ملاوٹ، کوالٹی کا دھوکا، غلط بیانی، چرب زبانی، غلط معاملات، کسی کا حق مارنا، بغیر اجازت کے بیچنا،

9) قوم کی تربیت کا دخل (جاپان کی مثال)

10) اللہ کے نبی ﷺ کی تربیت سب سے بہترین و خیر الھدي، ھدی محمد ﷺ

11) بھروسہ اٹھ جاتا ہے قوموں پر

## راویوں کا تعارف

1) (عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ)

نام: علي بن حجر بن شیاس بن مقاتل بن مخادش بن مشمرج بن خالد۔

المعروف: علی بن حجر السعدی المروزی۔

کنیت: ابو الحسن۔

تاریخ پیدائش: 145ھ۔

تاریخ وفات: 244ھ۔

رہائش: مرو (ترکمانستان)۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ اسماعیل ابن علیہ۔ امام احمد، وغیرہ۔

تلامذہ: امام نسائی۔ عیسی بن محمد الطہمانی المروزی۔ محمد بن نصر المروزی، وغیرہ۔

2) (إِسْمَاعِيل بْنُ جَعْفَرٍ) قارئ أهل المدينة

نام: اسماعیل بن جعفر بن ابی کثیر۔

المعروف: اسماعیل بن جعفر الانصاری المدنی الزرقی۔

کنیت: ابو اسحاق (بعض نے ابو ابراہیم بھی کنیت بیان کی ہے)۔

لقب: ابن ابی کثیر۔

تاریخ پیدائش: 103ھ۔

تاریخ وفات: 180ھ۔

مقام وفات: بغداد۔

رہائش: مدینہ منورہ۔ بغداد۔

اساتذہ: جعفر الصادق۔ اسرائیل بن یونس ابو اسحاق الہمدانی۔ حمید الطویل البصری۔ امام مالک، وغیرہ۔

تلامذہ: حفص الدوری۔ دواد بن عمرو الضبی۔ قتیبہ بن سعید البلخی۔ امام شافعی، وغیرہ۔

3) (الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ) تابعی

نام: علاء بن عبد الرحمن بن یعقوب۔

المعروف: العلاء بن عبد الرحمن الحرقی المدنی الجہنی المخزومی۔

کنیت: ابو شبل

تاریخ وفات: 138ھ (بعض نے 132 ہجری بھی بیان کی ہے)

رہائش: مدینہ المنورہ۔ بلاد حجاز۔

اساتذہ: سیدنا انس بن مالک۔ حسین بن علی الہاشمی۔ محمد بن شہاب الزہری، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد الملک بن عبد العزیز بن جریج۔ روح بن القاسم العنبری۔ ابو غسان المدنی، وغیرہ۔

4) (أَبِيهِ) تابعی

نام: عبد الرحمن بن یعقوب الجہنی الحرقی المدنی الہمدانی

کنیت: ابو العلاء۔

مقام پیدائش: ہمدان (ایران)

تاریخ وفات: 101ھ۔

رہائش: مدینہ المنورہ۔ حجاز۔

اساتذہ: سیدنا ابو ہریرہ۔ ابی بن کعب۔ انس بن مالک، رضی اللہ عنہم وغیر۔

تلامذہ: ابو حفص عمر بن حفص بن ذکوان العبدی۔ شعبہ بن الحجاج۔ یحیی بن ابی کثیر الطائی، وغیرہ۔

5) (أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه)

نام: ابو ہریرہ، عبد الرحمن بن صخر الدوسی یمانی۔

ولادت: 21 قبل ہجرت۔

وفات: 59ھ۔

مقامِ وفات: مدینہ منورہ۔

تلامذہ: سالم بن عبد اللہ بن عمر بن خطاب۔ شہر ابن حوشب۔ سعید ابن المسیب، وغیرہ۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 15

# "احۡفَظُ اللّٰہَ یَحۡفَظۡکَ"

تم اللہ کے احکام کی حفاظت کرو، وہ تمہاری حفاظت فرمائے گا

((حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، أَخْبَرَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَابْنُ لَهِيعَةَ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَجَّاجِ، قَالَ. ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي، قَيْسُ بْنُ الْحَجَّاجِ ، الْمَعْنَى وَاحِدٌ ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كُنْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، فَقَالَ: يَا غُلَامُ ، " إِنِّي أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ: احْفَظْ اللَّهَ يَحْفَظْكَ احْفَظْ اللَّهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ إِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللَّهَ وَإِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللَّهِ، وَاعْلَمْ أَنَّ الْأُمَّةَ لَوِ اجْتَمَعَتْ عَلَى أَنْ يَنْفَعُوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَنْفَعُوكَ إِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللَّهُ لَكَ، وَلَوِ اجْتَمَعُوا عَلَى أَنْ يَضُرُّوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَضُرُّوكَ إِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللَّهُ عَلَيْكَ، رُفِعَتِ الْأَقْلَامُ وَجَفَّتِ الصُّحُفُ))[40]

**ترجمہ**: سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سواری پر پیچھے تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اے لڑکے! بیشک میں تمہیں چند اہم باتیں بتلا رہا ہوں: تم اللہ کے احکام کی حفاظت کرو، وہ تمہاری حفاظت فرمائے گا، تو اللہ کے حقوق کا خیال رکھو اسے تم اپنے سامنے پاؤ گے، جب تم کوئی چیز مانگو تو صرف اللہ سے مانگو، جب تو مدد چاہو تو صرف اللہ سے مدد طلب کرو، اور یہ بات جان لو کہ اگر ساری امت بھی جمع ہو کر تمہیں کچھ نفع پہنچانا چاہے تو وہ تمہیں اس سے زیادہ کچھ بھی نفع نہیں پہنچا سکتی جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے، اور اگر وہ تمہیں کچھ نقصان پہنچانے کے لیے جمع ہو جائے تو اس سے زیادہ کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتی جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے، قلم اٹھا لیے گئے اور (تقدیر

---

40 تخریج گزر چکی ہے۔

کے) صحیفے خشک ہو گئے ہیں۔

- شرح الحدیث:
- اسباق گزر چکے ہیں۔
- راویوں کا تعارف گزر چکا ہے۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

## حدیث نمبر 16

# "كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ"

### ہر نیک کام صدقہ ہے

((حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ)) [41]

---

[41] (صحیح البخاری، کتاب ادب، بَابُ كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ-ہر نیک کام صدقہ ہے، حدیث نمبر: 6021۔ وسنن الترمذی: 1970)
أخرجه القضاعي في "مسندالشهاب"(90). والحاكم فى "مستدركه" برقم: 7335،6770، وأبو داود فى "سننه" برقم: 5139، والترمذي فى "جامعه" برقم: 1897، والبيهقي فى "سننه الكبير" برقم: 7857، 15857، وأحمد فى "مسنده" برقم: 20345، والطبراني فى "الكبير" برقم:957،958، والطبراني فى "الأوسط" برقم: 4482، والطبراني فى "الصغير" برقم: 626،1140، وله شواهد من حديث أبى هريرة الدوسي، فأما حديث أبى هريرة الدوسي، أخرجه البخاري فى "صحيحه" برقم: ٥٩٧١، ومسلم فى "صحيحه" برقم: 2548، وابن ماجه فى"سننه"برقم: 2706،3658، وأحمد فى "مسنده" برقم: 8459۔وأخرجه عبد بن حميد (1090) عن خالد بن مخلد، والبغوي: 6/143-142من طريق بشر بن الوليد، كلاهما عن

**ترجمہ**: ہم سے علی بن عیاش نے بیان کیا، انہوں نے کہا ہم سے ابو غسان نے بیان کیا، انہوں نے کہا مجھ سے محمد بن منکدر نے بیان کیا، ان سے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہر نیک کام صدقہ ہے۔

# شرح الحدیث

## اسباق حدیث

1) معروف: خیر کا ہر قول و فعل جس سے اوروں کو فائدہ پہنچے۔
2) صدقہ صرف مال سے نہیں ہوتا بلکہ ہر انسان کا عمل اور قول جس میں خیر ہو صدقہ ہے۔
3) حدیث ابو ذر "ذھب اھل الدثور" والی حدیث میں صدقہ کی قسمیں ہیں۔
4) سبحان اللہ صدقہ ہے، الحمد للہ صدقہ ہے، لا الہ الا اللہ صدقہ ہے، امر بالمعروف صدقہ ہے، نہی عن المنکر صدقہ ہے۔
5) معروف خیر کا ہر وہ کام جسے وہ اللہ کے لیے بجا لائے اور لوگوں کو خیر سے نوازے اور شر سے دور رہے، ان دو صورتوں میں معروف عام ہے۔
6) معروف کی شکلیں: مال سے مدد، تعلقات سے مدد، تبسم والے چہرے سے ملنا، بات میں نرمی،

---

المنکدر بن محمد بن المنكدر. وأخرجه ابن أبي شيبة:8/550من طريق عبد الحميد البصري، والبخاري في "الأدب المفرد" (224) ، وابن حبان (3379) ، والطبراني في "الصغير" (672) ، والبغوي (1642) من طريق أبي غسان محمد ابن مطرف، كلاهما عن محمد بن المنكدر، به. مختصراَ: "كل معروف صدقة". وأخرج عبد بن حميد (1083) ، والدارقطني:3/38، والحاكم :2/50 ، والقضاعي في"مسند الشهاب" (88) ، والبيهقي:10/242 ، والبغوي (1646) من طريق عبد الحميد بن الحسن الهلالي، وأبو يعلى (2040) ، والبيهقي:10/242 من طريق مسور بن الصلت، كلاهما عن محمد بن المنكدر۔

یہ حدیث سیدنا حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے دیکھئے: صحیح مسلم، کتاب الزکاۃ، بَابُ بَيَانِ أَنَّ اسْمَ الصَّدَقَةِ يَقَعُ عَلَى كُلِّ نَوْعٍ مِنَ الْمَعْرُوفِ-ہر نیکی صدقہ ہے۔ حدیث نمبر:1005[2328]۔ وسنن ابو داود:4947۔

ادخال السرور، مریض کی عیادت کے وقت مرض کو معمولی سمجھانا(لاباس طھور)، کسی آدمی کو پسینہ میں دیکھ کر پنکھا چلانا یا مندیل / دستی دینا، فین یا اے سی کھولنا، مہمان کا بڑی خوشی سے استقبال کرنا، ضیافت جلدی پیش کرنا، اپنے شر سے لوگوں کو محفوظ رکھنا، گناہوں کو ترک کرنا( حدیث-غار والا بدکاری سے رکا)، مباح کام بھی اجر بن جاتا ہے اللہ کے قرب وخوشنودی کے لیے بیوی کے منہ میں لقمہ ڈالنا بھی صدقہ ہے-الحدیث۔

## راویوں کا تعارف

1) (عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ)

نام: علی بن عیاش بن مسلم الالہانی الحمصی الشامی۔

لقب: البکاء۔

کنیت: ابوالحسن۔

تاریخ پیدائش:143ھ۔

تاریخ وفات:210ھ /218ھ/219ھ

رہائش: حمص۔دمشق(سوریا)۔

اساتذہ:سفیان ابن عیینہ۔اسماعیل ابن عیاش العنبسی۔شعیب بن ابی حمزۃ دینار ابو بشر الاموی۔

تلامذہ:امام احمد۔اسحاق بن سوید الرملی۔احمد بن محمد بن یحیی بن حمزۃ الحضرمی الدمشقی، وغیرہ۔

2) (أَبُو غَسَّانَ)

نام: محمد بن مطرف بن داود بن مطرف بن عبد اللہ بن ساریہ۔

المعروف: محمد بن مطرف اللیثی المدنی۔

کنیت: ابوغسان۔

تاریخ پیدائش:99ھ۔

مقام پیدائش: مدینہ المنورہ۔

تاریخ وفات: 163ھ۔

مقام وفات: عسقلان (فلسطین)۔

رہائش: مدینہ المنورہ (حجاز)۔ بغداد۔ عسقلان (فلسطین)

اساتذہ: سلمہ بن دینار ابو حازم الاعرج۔ سفیان الثوری۔ محمد بن المنکدر بن عبد اللہ بن التیمی، وغیرہ۔

تلامذہ: الوليد بن مسلم بن السائب الدمشقي القرشي أبي العباس "الحافظ الأموي"۔ أبي جعفر محمد بن عيسى بن نجيح البغدادي "ابن الطباع محمد"۔ علي بن عياش بن مسلم أبي الحسن الألهاني، وغیرہ۔

3) (مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ) تابعی (القاری)

نام: محمد بن المنکدر بن عبد اللہ بن الہدیر بن عبد العزی بن عامر بن الحارث بن حارثہ بن سعد بن تیم بن مرۃ۔

المعروف: محمد بن المنکدر القرشی المدنی التیمی الحافظ۔

کنیت: ابو عبد اللہ۔ ابو بکر۔

تاریخ پیدائش: 51ھ (بعض نے 60 ہجری بیان کی ہے اور بعض نے 54 ہجری پیدائش کا سن بیان کیا ہے)

مقام پیدائش:

تاریخ وفات: 130ھ / 131ھ

مقام وفات: مدینہ المنورہ۔

رہائش: مدینہ المنورہ۔ مکہ المکرمہ۔

اساتذہ: جابر ابن عبد اللہ۔ ام المؤمنین سیدہ عائشہ۔ سیدنا ابو ہریرہ۔ سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہم اجمعین، وغیرہ۔

تلامذہ: محمد بن مسلم بن عبيد الله بن شهاب الزهري أبي بكر "ابن شهاب الزهري"۔ إسماعيل بن

إبراهيم بن مقسم أبي بشر الأسدي "ابن علية إسماعيل"۔ عبد الملك بن عبد العزيز بن جريج الأموي "ابن جريج"۔ وغیرہ۔

4) (جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا)

نام: جابر بن عبد اللہ بن عمرو بن حرام بن ثعلبہ بن کعب۔

المعروف: جابر بن عبد اللہ الانصاری المدنی الخزرجی السلمی۔

کنیت: ابو محمد، ابو عبد اللہ، ابو عبد الرحمن۔

تاریخ پیدائش: 16 قبل ہجرت۔

مقام پیدائش: مدینہ المنورہ۔

تاریخ وفات: 78ھ۔

مقام وفات: مدینہ المنورہ۔

رہائش: مدینہ المنورہ۔

تلامذہ: عمرو بن دينار أبي محمد القرشي الأثرم المكي الجمحي۔ علي بن الحسين بن علي أبي الحسن زين العابدين القرشي الهاشمي المدني "زين العابدين"۔ محمد بن عقيل بن أبي طالب بن عبد المطلب "محمد بن عقيل الهاشمي"، وغیرہ۔

حدیث نمبر 17

# "سَمِّ اللَّهَ وَكُلْ بِيَمِينِكَ"

بسم اللہ پڑھ لیا کرو، داہنے ہاتھ سے کھایا کرو

((حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، قَالَ الْوَلِيدُ بْنُ كَثِيرٍ: أَخْبَرَنِي، أَنَّهُ سَمِعَ وَهْبَ بْنَ كَيْسَانَ، أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ أَبِي سَلَمَةَ، يَقُولُ: كُنْتُ غُلَامًا فِي حَجْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَتْ يَدِي تَطِيشُ فِي الصَّحْفَةِ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا غُلَامُ، سَمِّ اللَّهَ وَكُلْ بِيَمِينِكَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ، فَمَا زَالَتْ تِلْكَ

# طِعْمَتِي بَعْدُ)) [42]

**ترجمہ**: ہم سے علی بن عبداللہ مدینی نے بیان کیا، کہا ہم کو سفیان ثوری نے خبر دی، کہا کہ مجھے ولید بن کثیر نے خبر دی، انہوں نے وہب بن کیسان سے سنا، انہوں نے عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں بچہ تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پرورش میں تھا اور (کھاتے وقت) میرا ہاتھ برتن میں

---

42 (صحیح البخاری، کتاب الاطعمۃ، بَابُ التَّسْمِيَةِ عَلَى الطَّعَامِ وَالأَكْلِ بِالْيَمِينِ - کھانے کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا اور دائیں ہاتھ سے کھانا، حدیث نمبر:5376، طرفاه في:5377، 5378۔ و صحیح مسلم:2022[526]۔ و سنن ابوداود:3777۔ و سنن الترمذی:1857 و سنن ابن ماجہ:3267)

أخرجه ابن حبان فى "صحيحه" برقم: 5211، 5212، 5215، والنسائي فى "الكبرىٰ" برقم: 6722، 6723، والدارمي فى "مسنده" برقم: 2062، 2089، والبيهقي فى "سننه الكبير" برقم: 14727، وأحمد فى "مسنده" برقم: 16588، والحميدي فى "مسنده" برقم: 580، وابن أبى شيبة فى "مصنفه" برقم: 24927، والطبراني فى "الكبير" برقم: 8298، والطبراني فى "الأوسط" برقم: 228، 5306، 7770، والطبراني فى "الصغير" برقم: 801 ـو الحميدي (570)،وابن أبي شيبة:8/292، ، والنسائي في "الكبرى" (10109) – وهو في "عمل اليوم والليلة" (278) – والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" (157) و (158)، والطبراني في "الكبير" (8299) و (8304)، وفي "الدعاء" (886)، والبيهقي في "السنن":7/277، وفي "الآداب" (493)، والبغوي في "شرح السنة" (2823) و مالك:2/934- ، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" (156) – والدارمي: 2/94 و100، والنسائي في "الكبرى" (10110) – وهو في "عمل اليوم والليلة" (279) – والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" (155، 154)

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کے سندوں کے بارے میں کہتے ہیں:

((وَقَدْ رُوِيَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِي وَجْزَةَ السَّعْدِيِّ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَيْنَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ وَقَدِ اخْتَلَفَ أَصْحَابُ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ فِي رِوَايَةِ هَذَا الْحَدِيثِ وَأَبُو وَجْزَةَ السَّعْدِيُّ اسْمُهُ يَزِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ))

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے "عن أبي وجزة السعدي عن رجل من مزينة عن عمر ابن أبي سلمة" کی سند سے مروی ہے، اس حدیث کی روایت کرنے میں ہشام بن عروہ کے شاگردوں کا اختلاف ہے۔

(سنن الترمذی، تحت حدیث:1857)

ہشام بن عروہ کے شاگردوں کے مرویات کی تخریج:

أخرجه ابن أبي شيبة:9/83 – و الطبراني في "الكبير" (8298) –

و الطبراني في "الكبير" (8301) و النسائي في "الكبرى" (10108) – وهو في "عمل اليوم والليلة" (277) – والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" (152) و الطيالسي (1358) عن ابن المبارك، وابن حبان (5211) و ابن حبان (5212)، والطبراني في "الكبير" (8303)، و (8306)

چاروں طرف گھوما کرتا۔ اس لیے آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ بیٹے! بسم اللہ پڑھ لیا کرو، داہنے ہاتھ سے کھایا کرو اور برتن میں وہاں سے کھایا کرو جو جگہ تجھ سے نزدیک ہو۔ چنانچہ اس کے بعد میں ہمیشہ اسی ہدایت کے مطابق کھاتا رہا۔

## شرح الحدیث

### اسباق حدیث

کھانے کے آداب:

1) کھانے سے قبل دونوں ہاتھوں کو دھونا:

2) کھانے سے قبل بسم اللہ پڑھنا

3) دائیں ہاتھ سے کھانا:

4) اپنے سامنے موجود کھانے میں سے کھانا:

5) کھانے کے بعد ہاتھ دھونا:

6) -کھانے کے بعد کلی کرنا:

7) میزبان کیلئے دعا :

8) تین انگلیوں سے کھانا کھانا:

9) گرے ہوئے لقمے کو کھانا:

10) کھانا کھاتے ہوئے ٹیک مت لگائے:

11) سب مل کر کھانا کھائیں

12) کھانے کے دوران اچھی گفتگو کریں

13) چھوٹے بچوں اور بیویوں کو اپنے ہاتھ سے کھلائیں

14) کھانے سے فراغت کے بعد الحمد للہ، اور دعا پڑھنا مسنون ہے

15) کھانے کے عیب نہ نکالے جائیں،

16) میانہ روی سے کھانا کھانا اور مکمل طور پر پیٹ نہ بھرنا

17) -کھانے پینے کیلئے سونے اور چاندی کے برتن استعمال نہ کرے

18) یہ لڑکے ابو سلمہ کے بیٹے تھے نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے ربیب تھے۔ اور بڑی عمر میں حدیث بیان کئے بچپن کی تربیت کا اثر کتنا دور تک جاتا ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے (بچپن کی عادت پچپن تک)

19) بائیں ہاتھ سے کھانے پر شدید وعید ہے۔ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے۔

20) جان بوجھ کر مخالفت تکبر ہے۔

21) اگر انواع واقسام کا کھانا ہو تو دور سے لے کر کھانا جائز ہے۔

22) بڑوں کو چاہیے کہ بچوں کو آداب اکل سکھائے۔

## راویوں کا تعارف

1) (عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ)

نام: علي بن عبد الله بن جعفر بن نجيح بن بكر بن سعد۔

المعروف: علی بن المدینی، البصری السعدی۔

کنیت: ابوالحسن۔

لقب: ابن المدینی۔

تاریخ پیدائش: 161ھ۔

مقام پیدائش: بصرہ (عراق)۔

تاریخ وفات: 234ھ۔

مقام وفات: سامراء۔ (سر من رأى)

رہائش: مدینہ المنورہ۔ بصرہ۔

اساتذہ: حماد بن زید۔ سفیان ابن عیینہ۔ اسماعیل ابن علیہ۔ یحیی بن سعید القطان۔ عبد الرحمن بن مہدی، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ امام بخاری۔ امام ابو داود، وغیرہ۔

2) (سُفْيَانُ)

نام: سفیان بن عیینہ بن میمون

المعروف: سفیان بن عیینہ الہلالی المکی الکوفی

کنیت: ابو محمد۔

لقب: الاعور۔ (ابن عیینہ۔ ابن ابی عمران)

تاریخ پیدائش: 107

تاریخ وفات: 197ھ / 198ھ۔

مقام وفات: مکہ۔

رہائش: کوفہ۔ مکہ۔ شام۔

اساتذہ: محمد بن مسلم بن عبيد الله بن شهاب الزهري أبي بكر "ابن شهاب الزهري"۔ شعبة بن الحجاج بن الورد العتكي الأزدي أبي بسطام الواسطي۔ إسماعيل بن أبي خالد الأحمسي البجلي أبي عبد الله "إسماعيل بن هرمز"، وغیرہ۔

تلامذہ: أبي عبد الله القشيري النيسابوري۔ امام احمد۔ اسحاق ابن راہویہ، وغیرہ۔

3) (الْوَلِيدُ بْنُ كَثِيرٍ) تبع تابعی۔

نام: ولید بن کثیر القرشی المدنی المخزومی۔

کنیت: ابو محمد۔

تاریخ وفات: 151ھ۔

مقام وفات: کوفہ۔

رہائش: مدینہ المنورہ۔ کوفہ۔

اساتذہ: نافع مولی ابن عمر۔ محمد بن شہاب الزہری۔ عبد الرحمن بن ہرمز الاعرج۔

تلامذہ: سفیان الثوری۔ حماد سلمہ البصری۔ سفیان ابن عیینہ، وغیرہ۔

4) (وَهْبَ بْنَ كَيْسَانَ) تابعی۔

نام: وہب بن کیسان بن ابی مغیث۔

المعروف: وہب بن کیسان القرشی الاسدی الزبیری المدنی الحجازی۔

کنیت: ابو نعیم۔

لقب: ابن ابی مغیث۔

تاریخ وفات: 127ھ۔/129ھ۔

مقام وفات: مدینہ المنورہ۔

رہائش: حجاز۔

اساتذہ: سیدنا عمر بن ابی سلمہ۔ جابر ابن عبد اللہ الانصاری۔ عبد اللہ بن زبیر الاسدی، رضی اللہ عنہم اجمعین، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد العزيز بن عبد الله بن أبي سلمة الماجشون أبي عبد الله۔ عبد الله بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن الخطاب۔ هشام بن عروة بن الزبير بن العوام أبي المنذر القرشي هشام أبي المنذر، وغیرہ۔

5) (عُمَرَ بْنَ أَبِي سَلَمَةَ) صحابي صغير

نام: عمر بن عبد اللہ بن عبد الأسد بن هلال بن عبد الله بن عمر بن مخزوم

المعروف: عمر بن ابی سلمہ القرشی المخزومی المدنی الحبشی۔

کنیت: ابو حفص۔

لقب: ابن ابی سلمۃ۔

تاریخ پیدائش: 2ھ۔ ابن عبد البر نے کہا 2 ہجری میں پیدا ہوئے بعض محدثین نے رد کیا کہا کہ اس سے پہلے پیدا ہوئے لیکن علامہ عینی نے کہا کہ ابن عبد البر کی تحقیق صحیح ہے

مقام پیدائش: حبشہ

تاریخ وفات: 83ھ۔ (کہا جاتا ہے کہ سیدنا عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ جنگِ جمل میں شہید ہوئے لیکن امام مزی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ یہ قول صحیح نہیں ہے)

مقام وفات: مدینہ المنورہ

رہائش: حبشہ۔ مدینہ المنورہ۔ مکہ مکرمہ۔ بحرین۔ فارس۔

تلامذہ: ثابت البنانی۔ ابو اسامہ اسعد بن سہل بن حنیف الانصاری۔ عبد اللہ بن کعب الحمیری، وغیرہ۔

حدیث نمبر 18

# "لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ"

ہر بیماری کی دوا ہے

((حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ ، وَأَبُو الطَّاهِرِ ، وَأَحْمَدُ بْنُ عِيسَى ، قَالُوا: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ ، أَخْبَرَنِي عَمْرٌو وَهُوَ ابْنُ الْحَارِثِ ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرٍ ، عن رسول الله صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: " لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ فَإِذَا أُصِيبَ دَوَاءُ الدَّاءِ بَرَأَ بِإِذْنِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ))[43]

[43] وأخرجه مسلم(2204)، والنسائي في "الكبرى"(7556)، وأبو يعلى(2036)،والطحاوي:4/323، وابن حبان(6036)، والحاكم :4/200-199و401،والبيهقي:9/343،واللفظ له، وأحمد(14597)۔

**ترجمہ**: سیدنا جابر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہر بیماری کی دوا ہے، جب کوئی دوا بیماری پر ٹھیک بٹھادی جاتی ہے تو مریض اللہ تعالیٰ کے حکم سے تندرست ہو جاتا ہے۔

## شرح الحدیث

### اسباق حدیث

1) فتح المنعم میں ہے: موسم اور جگہ بدلنے سے جانور، ترکاریاں اور پھل بھی الگ رہتے، یہاں تک کے بیکٹیریا بھی الگ رہتے، اور بعض کو جمتے اور بعض کو نہیں جمتے۔
2) آدم علیہ السلام کو اللہ نے علم عطا کیا۔ انسان نے تجربہ سے کافی چیزیں تخلیق افکار سے ایجاد کی، صنعت کاری وغیرہ
3) بیماری اور عیادت پر اسلام کیا کہتا ہے؟
4) امراض و تکالیف کے فوائد
5) آداب عیادت مریض
6) حقوق المسلم ست پڑھنا
7) کتاب الطب جوزی رحمہ اللہ کی پڑھیں
8) علاج توکل کے منافی نہیں ہے۔ توکل کا مطلب ہی یہ ہے کہ اسباب اختیار کر کر اللہ پر اعتماد کرنا۔
9) عیادت مریض کی دعا: 7 مرتبہ "اسال اللہ العظیم رب العرش العظیم ان یشفیک"
10) مسلم اطباء کو یقین دلاتی ہے یہ حدیث۔
11) "القانون فی الطب" ابن سینا کی کتاب کو بائبل کا درجہ دیتے تھے یوروپ میں۔ اس میں 700 علوم کا ذکر ہے۔

---

اس باب میں سیدنا عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث مروی ہے دیکھئے: مسند احمد ابن حنبل: 6/ 50، رقم: 3578، مؤسسۃ الرسالۃ۔

12) Pudaنامی یونیورسٹی میں syllabus کے طور پر مسلمانوں کی کتابیں تھیں۔

13) 30 سے زیادہ مرتبہ امام زہراوی کا ذکر ہے۔

14) یونانی دوائی میں مسلم ناموں کی بہتات ہے۔

15) طب نبوی تھی لیکن موجودہ دور میں ریسرچ میں ایلوپتھی آگے بڑھ گیا ہے مسلم پیچھے رہ گئے کیونکہ انہوں نے تعمیرات بنائی لیکن ریسرچ سنٹر کم بنائے سوائے چند کے وہ اتنے کافی نہیں۔

16) علاج کے لیے تعامل مسلم و غیر مسلم کوئی مسئلہ نہیں کیونکہ اللہ کے نبی ﷺ نے ہجرت کے موقع پر غیر مسلم سے تعامل کیا؛ دنیوی امور میں تعامل غلط نہیں۔

17) تلاوت قرآن و استشفاء بالقرآن وادعیہ ماثورہ کو ہر داعی سیکھے تاکہ دعوتی میدان میں مسلم اور غیر مسلم کو ہدایت کا سبب بن سکتے ہیں ان شاءاللہ۔

## راویوں کا تعارف

1-(هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ)(ابن منجویہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ یہ مسلم کے رجال میں سے ہیں)

نام:ہارون بن معروف المروزی البغدادی، الخزاز، ثم الضریر۔

کنیت:ابو علی۔

تاریخ پیدائش:157ھ۔

تاریخ وفات:231ھ۔

رہائش:بغداد(عراق)۔مرو(ترکمانستان)۔

اساتذہ:سفیان ابن عیینہ۔عبد اللہ ابن وہب بن مسلم الفہری۔ابو بکر بن عیاش بن سالم الاسدی الحناط،وغیرہ۔

تلامذہ:عبد اللہ بن زبیر الحمیدی۔عبد اللہ بن احمد بن حنبل الشیبانی۔اسحاق بن سیار بن محمد ابو نصر،وغیرہ۔

2-(أَبُو الطَّاهِرِ)

نام: احمد بن عمرو بن عبد اللہ بن عمرو بن السرح۔

المعروف: احمد بن عمرو القرشی الاموی المصری۔

کنیت: ابو طاہر۔

رہائش: مصر۔

اساتذہ: اشہب بن عبد العزیز العامری۔ انس بن عیاض اللیثی۔ الحارث بن مسکین الاموی، وغیرہ۔

تلامذہ: محمد بن ادریس الحنظلی۔ الحسن بن موسی العبدی۔ امام ابن ابی شیبہ، وغیرہ۔

3-(أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى)

نام: احمد بن عیسی بن حسان

المعروف: احمد بن ابو موسی المصری التستری العسکری الاہوازی۔

کنیت: ابو عبد اللہ۔

لقب: التستری۔

تاریخ پیدائش:

مقام پیدائش:

تاریخ وفات: امام ابن حبان نے 240 سن وفات بیان کیا ہے اور امام بغوی، ابن قانع اور ابن یونس نے 243 ہجری سن وفات بیان کیا ہے۔

مقام وفات: ابن قانع کہتے ہیں کہ سر من رأی میں انتقال ہوا اور ابن یونس کہتے ہیں کہ بغداد میں انتقال ہوا۔

رہائش: عسکر۔ تستر۔ مصر۔ بغدا۔

اساتذہ: عمرو بن الحارث الانصاری۔ عبد اللہ بن وہب القرشی۔ کثیر بن عبد اللہ المذحجی، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ امام مسلم۔ عبد اللہ بن عبد الرحمن الدارمی، وغیرہ۔

4-(ابْنُ وَهْبٍ)

نام:عبد اللہ بن وہب بن مسلم۔

المعروف:عبد اللہ بن وہب القرشی الفہری المصری۔

کنیت:ابو محمد۔

لقب:الحافظ۔ابن وہب۔

تاریخ پیدائش:125ھ۔

مقام پیدائش:

تاریخ وفات:197ھ۔

مقام وفات:مصر۔

رہائش:مصر۔

اساتذہ:ابراہیم بن سعد الزہری۔ابراہیم بن طہمان الہروی۔اسماعیل ابن علیہ الاسدی،وغیرہ۔

تلامذہ:امام احمد۔ابراہیم بن موسی التیمی۔حسن بن علی الہذلی،وغیرہ۔

5-(عَمْرٌو وَهُوَ ابْنُ الْحَارِثِ)

نام:عمرو بن الحارث بن یعقوب بن عبد اللہ بن الاشج۔

المعروف:عمرو بن الحارث الانصاری المدنی السعدی الاصل المصری۔

کنیت:ابو امیہ۔ابو ایوب۔

تاریخ پیدائش:90ھ/91ھ/92ھ/93ھ/94ھ۔

مقام پیدائش:مصر۔

تاریخ وفات:147ھ/148ھ/149ھ۔(قال ابن سعد في الطبقات الكبرى:مات سنة سبع أو ثمان وأربعين ومائة في خلافة أبي جعفر)

مقام وفات:مصر۔

رہائش: مصر۔ مدینہ المنورہ۔ المغرب۔

اساتذہ: ابو ایوب سختیانی۔ اسحاق بن یوسف الارزق۔ سعید بن ابی عروبہ العدوی، وغیرہ۔

تلامذہ: شعبہ بن الحجاج۔ سفیان ابن عیینہ۔ عبد اللہ بن المبارک، وغیرہ۔

6-(عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ) تابعی

نام: عبد ربہ بن سعید بن قیس بن عمرو بن سہل بن ثعلبہ۔

المعروف: عبد ربہ بن سعید الانصاری البصری النجاری المدنی

تاریخ وفات: 139ھ۔ (سیر اعلام النبلاء: 6/ 187، الناشر: دار الحدیث، القاہرۃ)

رہائش: مدینہ المنورہ۔

اساتذہ: ابو امامہ اسعد بن سہل بن حنیف الانصار (9 ہجری ان کی پیدائش ہے، بعض نے ان کو صحابی کہا ہے، لیکن رویت ثابت نہیں، واللہ اعلم)۔ عطا بن ابی رباح۔ عبد الرحمن بن ہرمز الاعرج، وغیرہ۔

تلامذہ: شعبہ بن الحجاج۔ سفیان ابن عیینہ۔ عبد اللہ بن مبارک، امام مالک، وغیرہ۔

7-(أَبِي الزُّبَيْرِ)

نام: محمد بن مسلم بن تدرس۔

المعروف: محمد بن مسلم القرشی الاسدی المکی۔

کنیت: ابوزبیر۔

تاریخ پیدائش: 44ھ۔

تاریخ وفات: 128ھ۔

رہائش: مکہ۔

اساتذہ: جابر ابن عبد اللہ الانصار۔ ابو سعید الخذری۔ ام المؤمنین سیدہ عائشہ، رضی اللہ عنہم اجمعین، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان ابن عیینہ۔ حماد بن سلمہ بن دینار البصری۔ لیث بن سعد بن عبد الرحمن بن الفہمی، وغیرہ۔

8-(جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا)

نام: جابر بن عبد اللہ بن عمرو بن حرام بن ثعلبہ بن کعب۔

المعروف: جابر بن عبد اللہ الانصاری المدنی الخزرجی السلمی۔

کنیت: ابو محمد، ابو عبد اللہ، ابو عبد الرحمن۔

تاریخ پیدائش: 16 قبل ہجرت۔

مقام پیدائش: مدینہ المنورہ۔

تاریخ وفات: 78ھ۔

مقام وفات: مدینہ المنورہ۔

رہائش: مدینہ المنورہ۔

تلامذہ: عمرو بن دينار أبي محمد القرشي الأثرم المكي الجمحي۔ علي بن الحسين بن علي أبي الحسن زين العابدين القرشي الهاشمي المدني "زین العابدین"۔ محمد بن عقيل بن أبي طالب بن عبد المطلب "محمد بن عقيل الهاشمي"، وغیرہ۔

حدیث نمبر19

# "اتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ"

## مظلوم کی بد دعا سے ڈرتے رہنا

((حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمَكِّيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ، فَقَالَ: "اتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ، فَإِنَّهَا لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللَّهِ حِجَابٌ))[44]

---

44 صحیح البخاری، کتاب المظلوم، بَابُ الاِتِّقَاءِ وَالْحَذَرِ مِنْ دَعْوَةِ الْمَظْلُومِ- مظلوم کی بد دعا سے بچنا اور ڈرتے رہنا، حدیث نمبر:2448۔ وسنن الترمذی:2014۔ وسنن ابوداود:1584۔ باختلاف يسير، و مسلم(19[212])مطولاً باختلاف يسير، وسنن ابن ماجه:1783،وابن مندة في الإيمان1/ 252،رقم116،،1/257،رقم118،وفي2/379،رقم213،214،وابن خزيمة 4/23،رقم2275،و4/58،رقم2346– والدارقطني 2/

**ترجمہ**: ہم سے یحییٰ بن موسیٰ نے بیان کیا، کہا ہم سے وکیع نے بیان کیا، کہا ہم سے زکریا بن اسحاق مکی نے بیان کیا، ان سے یحییٰ بن عبد اللہ صیفی نے، ان سے ابن عباس کے غلام ابو معبد نے، اور ان سے ابن عباس نے کہ نبی کریم ﷺ نے معاذ کو جب (عامل بنا کر) یمن بھیجا، تو آپ ﷺ نے انہیں ہدایت فرمائی کہ مظلوم کی بددعا سے ڈرتے رہنا کہ اس (دعا) کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہوتا۔

# شرح الحدیث

## اسباق حدیث

1) فقہ دعوہ یہ ہے کہ اولویات کا خیال رکھتے ہوئے ترجیحی بنیادوں پر کام کرے۔
2) تدرج اختیار کرتے ہوئے "أهم فالأهم" پر عمل کرے۔
3) پہلے ایمان پھر عمل کی دعوت دے ترتیب کا خیال رکھے۔ (سورۃ العصر)
4) سیرۃ النبی ﷺ و صحابہ کو پڑھ کر اسباق و ترتیب حاصل کرے۔
5) نبی ﷺ نے معاذ رضی اللہ عنہ کو سن 9 ہجری میں بھیجا؛ بعض نے کہا 10 ہجری۔
6) احوال اقوام کا پتہ ہونا چاہیے؛ وہ قوم اہل کتاب تھی (نصاری)
7) پہلے شہادۃ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ کلمۂ توحید و کلمۂ رسالت
8) بدنی عبادت کے ساتھ مالی عبادت کا ذکر، صدقہ سے مراد یہاں زکاۃ ہے۔
9) نبی ﷺ کی وصیت ارکان اسلام کے ساتھ بیان کیا کہ مظلوم کی بددعا سے بچو، صرف حقوق اللہ پر نہیں ابھارا گیا بلکہ حقوق العباد پر بھی ابھارا گیا۔

---

136، رقم5، والبيهقي:7/8، والبيهقي:4/101و2/7، والبيهقي في الكبرى 4/101، و7/2، وفي المدخل (ص 232)، رقم314، والبغوي (1557) و ابن أبي شيبة:3/114، ورواه الدارمي 1/318، 1622، 1/322، رقم1638، (1614) و(1631)، وابن حبان1/370، رقم156، والطبراني في الكبير11/426، رقم12207، 12208، ومن طريقه أبو نعيم في المستخرج 1/114، رقم111-، وأبو عوانة 3/63، وأبو نعيم في المستخرج1/114، رقم112، وأبو نعيم في الحلية 1/23، والخطيب في الفقيه والمتفقه 1/314، رقم308۔

10) جب زکاۃ کا مال لینے کا ذکر ہوا تو مظلوم کی بد دعا سے بچنے کی وصیت کیونکہ مال کے معاملے میں آدمی جلد ظلم کا شکار ہو جاتا ہے۔

11) مظلوم کی بد دعا ضائع نہیں ہوتی "ليس بينه وبين الله حجاب"

12) "التوحید اولا یا دعاۃ" نامی کتاب پڑھنا ضروری ہے۔

13) منہج الانبیاء فیہ الحکم والعقل" شیخ ربیع کی کتاب ہر داعی کو پڑھنا ضروری ہے۔

14) دعوۃ میں توحید کو ترجیح حاصل ہے۔

15) ہر بد دعا قبول نہیں ہوتی؛ مظلومیت والی بد دعا قبول ہوتی ہے، اور بد دعا بے جا ہو تو اللہ رحم و عدل والے ہیں۔

16) اللہ حکیم ہے؛ کسی کی دعا اور بد دعا قبول کرنا یا نہیں اللہ بہتر جانتا ہے۔

17) مظلوم اگر کافر بھی ہو تو دعا قبول ہوتی ہے لہذا ظلم سے بچو۔

18) تین لوگوں کی دعا رد نہیں ہوتی: امام عادل، روزہ دار، مظلوم۔ آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور اللہ کہتا ہے میں تمہاری ضرور مدد کرونگا کچھ دیر بعد ہی سہی۔ (سلسلہ صحیحہ: 2/257)

19) مظلوم کے سامنے تین راستے: 1۔ بد دعا (جیسا کہ سعد بن ابی وقاص اور سعید بن زید نے کی تھی)، 2۔ معافی (جیسا کہ فتح مکہ کے موقع پر کیا گیا)، 3۔ اللہ کے حوالے (حسبنا الله ونعم الوكيل)

20) افضل ہے معافی کیونکہ اللہ کو معاف کرنا پسند ہے۔

21) قوم پر ظلم ہو تو قنوت نازلہ کا بھی ثبوت ملتا ہے۔

22) معاف کرنے کی فضیلت: ثواب، اللہ کی خوشنودی۔

23) وَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُونَ ۚ إِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيهِ الْأَبْصَارُ (ابراہیم: 42)

24) ناانصافوں کے اعمال سے اللہ کو غافل نہ سمجھ وہ تو انہیں اس دن تک مہلت دیے ہوئے ہے جس دن آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی۔

25) الظلم ظلمات يوم القيامة۔

26) حدیث قدسی:انی حرمت الظلم علی نفسی فلا تظالموا۔

27) ظلم کی تین قسمیں ہیں: 1۔ شرک، 2۔ گناہ و معصیت، 3۔ لوگوں پر ظلم کرنا۔

28) ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بندے کے ظلم کے تین دواوین ہے قیامت کے دن اللہ کے پاس؛ 1۔ دیوان شرک، 2۔ دیوان ظلم العباد، 3۔ دیوان معصیت۔

29) پہلے کے دو دیوان آسانی سے نہیں مٹتے؛ دیوان شرک مٹ جاتا ہے توحید سے، دیوان ظلم العباد مٹ جاتا ہے بندوں کے مظالم و حقوق واپس کرنے سے۔ البتہ دیوان معصیت جلد مٹ جاتا ہے استغفار و توبہ نصوحہ سے۔

٣٠) نوٹ: لیکن کسی بھی نیکی اور بدی کو معمولی نہ سمجھیں عادت بننے دیر نہیں لگتی۔ فإن الجبال من الحصی۔

31) عدم ظلم محبت انسانی اور محبت الہی کا تقاضہ ہے۔ ایمان کامل نصیب ہوتا ہے۔

32) قولی ظلم اور فعلی ظلم سے بچو، المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ۔

33) قولی ظلم: غیبت، چغلخوری، کذب، بہتان، گالی، لڑائی، برے القاب، مذاق اڑانا، ذلیل کرنا، راز فاش کرنا۔

34) فعلی ظلم: ضرب، قتل ناحق، چوری، دھوکہ، رشوت، سود، باطل طریقے سے لوگوں کے مال کھانا، زنا، جاسوسی، لوگوں کے عیب ٹٹولنا، سرگوشی سننا، سحر، سازش، بخیلی، اموال کا ضائع کرنا، یتیم کا مال کھانا، کمزور کو دبانا، خیانت، کسی کا حق مارنا یا زمین دبانا، غصب، جھوٹی قسم پر معاملات کرنا، قرض لے کر واپس نہ کرنا، کسی کے رزق کو بند کر دینا حسد میں آکر، عہدہ کا غلط استعمال کرتے ہوئے کسی کو جاب سے یا اس کے حق سے محروم کر دینا، لالچ، ناحق کھانا، حقوق کے لیے رکاوٹ بننا، حصول اور میراث کی غلط تقسیم، کسی کے بھروسے اور غفلت کا ناجائز فائدہ اٹھانا، والدین کی نافرمانی، ان کے حقوق یا رشتہ داروں کے حقوق مارنا۔

35) ظلم کا انجام: بہت برا ہے۔ قصہ فرعون، قصہ عاد و ثمود، قصہ قوم ابراہیم و لوط، قصہ صالح، قصہ کفار قریش، قصہ مغضوم و ضالین، حدیث مفلس، حدیث سبع موبقات، سورۂ یوسف ظالم اور مظلوم

دونوں کے لیے رہنمائی کا سورہ، ظالم کو کامیابی نہیں ملتی، لعنت برستی ہے، ظالم کو ہدایت نہیں ملتی، ظالم کو سفارش نہیں ملتی، کبیرہ گناہ جس سے عذاب قبر ہوگا، قیامت کے دن اندھیرا، عذابات کا سلسلہ۔

36) فَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَقَصْرٍ مَّشِيدٍ(حج:45)

37) بہت سی بستیاں ہیں جنہیں ہم نے تہ وبالا کر دیا اس لئے کہ وہ ظالم تھے پس وہ اپنی چھتوں کے بل اوندھی ہوئی پڑی ہیں اور بہت سے آباد کنوئیں بیکار پڑے ہیں اور بہت سے پکے اور بلند محل ویران پڑے ہیں۔

38) اسباب الظلم: چار برے اخلاق: کبر، حسد، غضب، شہوت؛ شیطانی صفت، نفس امارہ۔

39) عواقب: برکت کا خاتمہ، بدنامی، عذاب، عدم فلاح، عدم ہدایت، رحمت الہی سے دوری، سبب لعنت، زوال، نعمتوں کا زوال، سوء انجام، عذاب قبر، عذاب حشر، جہنم، صراط شیطان، صراط مستقیم سے دوری۔

## راویوں کا تعارف

1-(يَحْيَى بْنُ مُوسَى)

نام: یحیی بن موسی بن عبدربہ بن سالم۔

المعروف: یحیی بن موسی الحدانی البلخی السختیانی الکوفی۔

کنیت: ابوزکریا۔

تاریخ وفات: 239ھ / 240ھ / 241ھ۔

مقام وفات: بلخ۔

رہائش: بلخ۔ حدان۔ کوفہ۔

اساتذہ:سفیان ابن عیینہ۔ سلیمان بن حرب الواشحی۔ ابوداود الطیالسی،وغیرہ۔

تلامذہ:امام بخاری۔ امام نسائی۔ امام ابوداود۔وغیرہ۔

2-(وَكِيعٌ) تبع التابعی

نام:وکیع بن الجراح بن ملیح بن عدی بن فرس بن سفیان بن الحارث بن عمرو بن عبید بن رواس الرواسی۔

المعروف:وکیع بن الجراح الرواسی القیسی،الکوفی النیسابوری۔

کنیت:ابوسفیان۔

تاریخ پیدائش:127ھ/128ھ/129ھ

مقام پیدائش:ابۃ(کوفہ)

تاریخ وفات:196ھ/197ھ/198ھ۔

مقام وفات:(فید في طريق مكة)

رہائش:عراق۔کوفہ۔

اساتذہ:اسحاق بن یوسف الارزق۔اسماعیل بن علیہ الاسدی۔ثور بن یزید الرجبی،وغیرہ۔

تلامذہ:احمد بن سنان القطان۔امام احمد۔اسحاق ابن راہویہ،وغیرہ۔

3-(زَكَرِيَّاءُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمَكِّيُّ)

نام:زکریا بن اسحاق المکی۔

تاریخ وفات:150ھ(امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:" تُوُفِّيَ سَنَةَ نَيِّفٍ وَخَمْسِيْنَ وَمائَةٍ"،سیراعلام النبلاء)

اساتذہ:عمرو بن دینار المکی۔محمد بن مسلم بن تدرس المکی۔یحیی بن عبد اللہ بن محمد صیفی المخزومی المکی،وغیرہ۔

تلامذہ:ضحاک بن مخلد۔روح بن عبادۃ بن العلاء۔بشر بن السری الاقوۃ البصری،وغیرہ۔

4-(يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ صَيْفِيٍّ)تابعی۔

نام:یحیی بن عبد اللہ بن محمد بن یحیی بن صیفی۔

المعروف:یحیی بن عبد اللہ القرشی المکی المخزومی۔

تاریخ وفات:111ھ سے لیکر120 ہجری کے درمیان سن وفات بیان کی گئی ہے۔

رہائش:مکہ۔

اساتذہ:عبد اللہ ابن عباس۔عبد اللہ بن عمر۔ام المؤمنین ام سلمہ،رضی اللہ عنہم اجمعین،وغیرل۔

تلامذہ:اسماعیل بن امیہ الاموی۔السائب بن عمر القرشی۔ابن جریج المکی،وغیرہ۔

5-(أَبِي مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ)تابعی

نام:نافذ۔

المعروف:نافذ مولی ابن عباس،المکی المدنی الحجازی۔

کنیت:ابو معبد۔

تاریخ وفات:104ھ۔

مقام وفات:

رہائش:مدینہ المنورہ۔مکہ معظمہ۔حجاز۔

اساتذہ:عبد اللہ ابن عباس۔الفضل بن عباس،رضی اللہ عنہما،وغیرہ۔

تلامذہ:یحیی بن عبد اللہ القرشی المکی المخزومی۔سلیمان بن ابو مسلم الاحوال۔عمرو بن دینار الجمحی،وغیرہ۔

6-(ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا)

نام:عبد اللہ بن عباس بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف۔

المعروف:عبد اللہ بن عباس القرشی الہاشمی۔

کنیت:ابو العباس۔

لقب:(حَبْر الأمّة، تَرجمان القرآن)

تاریخ پیدائش:4 قبل ہجری۔

مقام پیدائش:مکہ مکرمہ۔

تاریخ وفات:72ھ۔

مقام وفات:طائف، حجاز۔

رہائش: مدینہ المنورہ۔مکہ معظمہ، طائف۔ بلاد حجاز۔

تلامذہ: مجاہد بن جبر۔ وہب بن منبہ۔ طاؤوس بن کیسان۔ محمد بن سیرین، وغیرہ۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 20

# "الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ"

نیکی اچھا خلق ہے

((حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُونٍ ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ النَّوَّاسِ بْنِ سِمْعَانَ الْأَنْصَارِيِّ ، قَالَ: " سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ؟ فَقَالَ: الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ، وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي صَدْرِكَ، وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ))[45]

45 صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ والادب، بَابُ تَفْسِيرِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ- بھلائی اور برائی کے معنی، حدیث نمبر:2553[6516]۔ وسنن الترمذی:2389۔

**ترجمہ:** ابن مہدی نے ہمیں معاویہ بن صالح سے حدیث بیان کی، انہوں نے عبد الرحمٰن بن جبیر بن نفیر سے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے سیدنا نواس بن سمعان انصاری سے روایت کی، کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے نیکی اور گناہ کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا: "نیکی اچھا خلق ہے، اور گناہ وہ ہے جو تمہارے دل میں کھٹکے اور تم ناپسند کرو کہ لوگوں کو اس کا پتہ چلے۔"

# شرح الحدیث

## اسباق حدیث

1) صفات ابرار
2) صفات انبیاء وصالحین
3) صفات اولیاء
4) البر–جامع لکل اعمال الخیر
5) حصر مبالغہ کے لیے ہے تخصیص نہیں۔
6) حسن اخلاق–خالق اور مخلوق کے ساتھ
7) قلب سلیم کا حصول / قلب مریض سے نجات
8) اخلاق محمودہ - اخلاق مذمومہ پر میری کتاب "نوجوان بلوغت کی دہلیز پر" ص: 100 سے ضرور پڑھیں۔

---

وأخرجه الدارمي(2798)و(2790)،والطبراني في "مسند الشاميين"(980)،(2023) والبيهقي في "الشعب"(7273)(7995)(7994)(7272)وأخرجه الحاكم في "المستدرك":2/14،و4/16والرازي في "العلل"(1849)، وأخرجه يعقوب بن سفيان في "المعرفة والتاريخ":2/339، والخرائطي في "مكارم الأخلاق" ص8، وابن قانع في "معجم الصحابة":3/163،والبخاري في "الأدب المفرد"(295)و(306)،والطحاوي في "شرح المشكل"(2138)،وأخرجه ابن أبي شيبة:8/520، والبغوي في "شرح السنة"(3494)، وفي "التفسير":2/6۔

9) بندہ اور رب کے درمیان اور بندہ اور دیگر بندوں کے درمیان معاملات صحیح رہے۔

10) حسن اخلاق–سامنے والے کا خیال رکھنا

11) نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے 15 سنہری اخلاق کے واقعات کے ذریعہ ہم سمجھ سکتے حسن سیرت و کردار اپنانے کا راستہ

12) کان خلقہ القرآن– قرآن اور سیرت پڑھنے سے اچھے اخلاق پیدا ہوتے ہیں

13) حسن اخلاق سے دعوت کا کام آسان ہو جاتا

14) بد اخلاقی سے اسلام اور دعوتی کام میں رکاوٹ آتی۔

15) فوائد حسن اخلاق: تقرب الہی، جنت میں نبی کی صحبت، ثقل میزان، نیکی، فوز، محبت الہی، دخول جنت، رضوان، معاشرہ میں خوشحالی، لوگوں میں عزت، کاموں میں آسانی، کامیابی

16) اخلاق محمودہ کی لسٹ: الدرر السنیہ یا ہماری کتاب "نوجوان بلوغت کی دہلیز پر" ملاحظہ کریں

17) حسن اخلاق اپنانے کا طریقہ: اللہ سے رجوع، فکر آخرت، فکر انسانیت، فکر عاقبت، فوائد پر نظر اور نقصان کا ذکر، عادت اپنائے اچھے اقوال اچھے افکار، اچھے لوگوں کی صحبت، ثواب کا علم، بغض و عداوت اور لڑائی سے اجتناب اور برے انجام پر نظر، زبان سے اور عمل سے بے حیائی سے دور رہنا، فحش و منکرات سے دور رہنا، گندی عادت، شراب، جوا، بد اخلاقی سے دور رہنا

18) اچھے اخلاق کی مثالیں:

1. مسکراتا چہرا
2. سخت مزاجی سے دوری
3. نرم لہجہ
4. حقوق اللہ اور حقوق العباد کا خیال
5. معافی مانگنا
6. غصہ پینا، معاف کرنا، اعراض کرنا، نظر انداز کرنا
7. صبر کرنا لوگوں کی تکالیف پر

8. بر الوالدین وصلہ رحمی
9. پڑوسی کے حقوق
10. کرم، جود وسخاوالی صفت اپنانا، بخیلی سے بچنا
11. امانت
12. خیر خواہی
13. گالی، لعنت، غیبت، چغلخوری سے بچنا
14. نظافت–بدن، جگہ، زبان، لباس
15. وعدہ کی پابندی، ٹائم کی پابندی، امانت داری
16. حسن ظن، احترام
17. دعا کرنا -اپنے دوست کے لیے ،انسانوں کے لیے-ہدایت کی دعا ، مومنوں کے لیے مغفرت کی دعا
18. غائبانہ اچھاذکر کرنا
19. لاضرر ولاضرار

19) فہرست حسن اخلاق:

1. حیاء
2. صلاح والے اعمال کی تڑپ، فساد سے دوری
3. صدوق اللسان
4. اعمال صالحہ کی تڑپ، فضول سے دوری
5. صبور
6. شکور
7. وقور
8. کبر، حسد، غصہ مذموم، شہوات سے پاک

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

9. اللھم انی اعوذبک من الشقاق والنفاق وسوء الاخلاق

20) مظاہر حسن اخلاق:

1. سلام عام کرنا
2. مسکراتا چہرہ
3. مصافحہ کرنا

21) سلام کا جواب بہتر طریقہ سے گرمجوشی کے ساتھ

22) زبان کی حفاظت، اچھے طریقہ سے کلام کرنا

23) زبان واعمال سے صرف خیر ہی نکالنا نہ کہ شر

24) تین ہوں تو دو کا سرگوشی نہ کرنا

25) لایعنی چیزوں کو نہ کریدنا

26) حب الخیر وعدم الحسد

27) عدم احتقار

28) لوگوں کے عیبوں کو نہ ٹٹولنا

29) دوسروں کے نفسیات اور جذبات کو ٹھیس پہنچانے سے بچنا

30) تحفہ تحائف دینا

31) صرف لینا نہیں دینا بھی (ویل للمطففین)

32) معافی، نرمی، رواداری، عصبیت سے پاک

33) لوگوں کی رضا سے زیادہ اللہ کی رضا کا خیال۔

## راویوں کا تعارف

1-(مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُونٍ)

نام: محمد بن حاتم بن میمون۔

المعروف: محمد بن حاتم السمین المروزی البغدادی القطیعی۔

کنیت: ابو عبد اللہ۔

لقب: السمین۔

تاریخ وفات: 235ھ /236ھ۔

مقام وفات:

رہائش: بغداد۔ مرو۔

اساتذہ: اسماعیل بن علیہ الاسدی۔ سعید بن سلیمان الضبی۔ سفیان ابن عیینہ، وغیرہ۔

تلامذہ: اسحاق ابن راہویہ المرزی۔ امام مسلم۔ یعقوب بن اسحاق النیسابوری، وغیرہ۔

2-(ابْنُ مَهْدِيٍّ)

اسم: عبد الرحمن بن مہدی بن حسان بن عبد الرحمن

المعروف: عبد الرحمن بن مہدی العنبری الازدی البصری۔

کنیت: ابو سعید۔

تاریخ پیدائش: 135ھ۔

تاریخ وفات: 198ھ۔

مقام پیدائش: بصرہ۔

مقام وفات: بصرہ۔

مقام رہائش: بصرہ۔ بغداد۔

اساتذہ: شعبہ بن الحجاج۔ سفیان ابن عیینہ۔ سفیان الثوری، وغیرہ۔

تلامذ: امام احمد بن حنبل۔ اسحاق ابن راہویہ۔ عبد السلام سخنون، وغیرہ۔

3-(مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ)تبع تابعی۔

نام:معاویہ بن صالح بن حدیر بن سعید بن فہر

المعروف:معاویہ بن صالح الحضرمی الحمصی الاندلسی الشامی(قاضئ اندلس)۔

کنیت:ابوحمزة،ابوعبد الرحمن۔ابوعمرو۔

تاریخ پیدائش:80ھ۔

مقام پیدائش:حضرموت۔

تاریخ وفات:158ھ۔

مقام وفات:قرطبہ،اندلس۔

رہائش:حمص۔حضرموت۔اندلس۔المغرب۔مصر۔

اساتذہ:اللیث بن سعد الفہمی۔سفیان الثوری۔ربیعہ بن یزید الاباری۔مکحول بن ابی مسلم شہراب،وغیرہ۔

تلامذہ:احمد بن منیع البغوی۔بشر بن سری البصری۔عبد الرحمن بن مہدی،وغیرہ۔

4-(عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ)تبع تابعی

نام:عبد الرحمن بن جبیر بن نفیر بن مالک۔

المعروف:عبد الرحمن بن جبیر الحضرمی الحمصی الشامی۔

کنیت:ابوحمیر۔ابوحمید۔

تاریخ وفات:118ھ۔

مقام وفات:

رہائش:حضرموت۔شام۔حمص۔

اساتذہ:خالد بن معدان بن ابی کریب الکلاعی الشامی۔کثیر بن مرة ابوشجرة الحضرمی۔جبیر بن نفیر بن مالک بن عامر الحضرمی،وغیرہ۔

تلامذہ:یزید بن خمیر الرجبی الشامی الہدانی۔زہیر بن سالم ابوالنخارق العنسی۔یحیی بن جابر الطائی۔

5-(أَبِيهِ) تابعی۔

نام: جبیر بن نفیر بن مالک بن عامر۔

المعروف: جبیر بن نفیر الحضرمی الشامی الحمصی الغفاری۔

کنیت: ابو عبد اللہ۔ ابو عبد الرحمن۔

تاریخ وفات: 75ھ / 80ھ۔

مقام وفات: الشام۔

رہائش: یمن۔ شام۔ مدینہ المنورہ۔ دمشق۔ شام۔

اساتذہ: سیدنا نواس بن سمعان الانصاری۔ سیدنا عمر ابن اخطاب۔ سیدنا عقبہ بن عامر، رضی اللہ عنہم اجمعین، وغیرہ۔

تلامذہ: ثور بن یزید الرحبی۔ ابو عثمان النہدی۔ قتادہ بن دعامہ السدوسی، وغیرہ۔

6-(النَّوَّاسِ بْنِ سِمْعَانَ الْأَنْصَارِيِّ رضي الله عنه)

نام: النواس بن سمعان بن خالد بن عبد اللہ بن عمرو بن قرط بن عبد اللہ بن ابی بکر بن کلاب بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ۔ (آپ بنو کلب سے ہیں بعض نے آپ کو انصاری کہا ہے)

المعروف: نواس بن سمعان الکلابی الانصاری العامری الشامی۔

تاریخ وفات: سن 41 اور 50 ہجری کے درمیان آپ کی وفات ہوئی۔

رہائش: دمشق، الشام۔

تلامذہ: سعید ابن المسیب۔ بسر بن عبید اللہ الحضرمی۔ مکحول بن ابی مسلم الشامی، وغیرہ۔

# تیسری کلاس-5 احادیث

## حدیث نمبر 21-25

## حدیث نمبر21

# "تَهَادَوا تَحَابُّوا"

## آپس میں ایک دوسرے کو تحفے تحائف دیا کرو

((حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ضِمَامُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: سَمِعْتُ مُوسَى بْنَ وَرْدَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَهَادَوا تَحَابُّوا)) ادب المفرد للبخاری

**ترجمہ**: سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آپس میں ایک دوسرے کو تحفے تحائف دیا کرو اس کی وجہ سے ایک دوسرے میں محبت پیدا ہوتی ہے۔

(صحیح الجامع الصغیر وزیادتہ للالبانی 1/577، رقم:3004، (شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو "حسن" کہا ہے) الناشر: المکتب الاسلامی۔ وإرواء الغلیل للالبانی:6/45، رقم:1601، الناشر: المکتب الاسلامی، بیروت)

## تخریج حدیث

أخرجه البخاري في ((الأدب المفرد)) (594)، وأبو يعلى (6148)، والبيهقي (12297). قال ابن العربي في ((عارضة الأحوذي)) (4/77): لم يصِحَّ. وقال ابن الملقن في ((البدر المنير)) (7/117): يُروى من طرقٍ. وجَوَّد إسناده العراقي في ((تخريج الإحياء)) (2/53)، وحَسَّن إسناده ابن حجر في ((التلخيص الحبير)) (3/1047)، وقال الشوكاني في ((نيل الأوطار)) (6/100): اختُلِفَ فيه على ضمام. وحَسَّن الحديث الألباني في ((صحيح الأدب المفرد)) (594)

قال الحافظ في تلخيص الحبير: حديث: ((تهادوا تحابوا))؛ رواه البخاري في الأدب المفرد، والبيهقي، وأورده ابنُ طاهر في مسند الشهاب من طريق محمد بن بكير عن ضمام بن إسماعيل، عن موسى بن وردان، عن أبي هريرة، وإسناده حسن، وقد اختُلف فيه على ضمام، فقيل عنه: عن أبي قبيل، عن عبدالله بن عمر، وأورده ابن طاهر، ورواه في مسند الشهاب من حديث عائشة بلفظ: ((تهادوا تزدادوا حبًّا))؛ وإسناده غريب، فيه محمد بن سليمان، قال ابن طاهر: ولا أعرفه، وأورده أيضًا من وجه آخر عن أمِّ حكيمٍ بنتِ وداع الخُزاعيَّة، قال ابن طاهر: إسناده أيضًا غريب، وليس بحُجَّة، وروى مالك في الموطأ عن عطاء الخراساني، رفعه: ((تصافحوا يذهَبِ الغلُّ، وتهادوا تحابُّوا وتذهَبِ الشحناء، وهاجِرواءتورثوا أولادَكم مَجدًا، وأقيلوا الكرام عثراتِهم))؛ وفي إسناده نظر

# تشریح حدیث

## اسباق حدیث

1) ایک دوسرے کو تحفہ و تحائف پیش کرنا سنت ہے، ایک دوسرے کے ساتھ محبت والفت پیدا کرنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بے حد پسندیدہ عمل ہے۔

2) سگے بھائی بہنو اور دیگر قریبی رشتہ داروں پر خرچ کرنا اور ان کو تحفہ دینا سنت ہے۔

3) بلاوجہ تحفہ قبول نہ کرنا ناجائز ہے۔

4) تحفہ قبول نہ کرنے میں انکار کی گنجائش ہے اگر معقول اور شرعی عذر ہو یا اصلا مقصود ہو البتہ اس کی وجہ بھی بتادینا سنت ہے جیسا کہ نبی کریم ﷺ تحفہ قبول نہ کرنے کی وجہ بتلادیا کرتے تھے:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ قبیلہ بنی فزارہ کے ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کو اپنے ان اونٹوں میں سے جو اسے غابہ میں ملے تھے ایک اونٹنی ہدیہ میں دی تو آپ ﷺ نے اسے اس کا کچھ عوض دیا، لیکن وہ آپ ﷺ سے خفا رہا، تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر فرماتے سنا:((إِنَّ رِجَالًا مِنَ الْعَرَبِ يُهْدِي أَحَدُهُمُ الْهَدِيَّةَ فَأُعَوِّضُهُ مِنْهَا بِقَدْرِ مَا عِنْدِي ، ثُمَّ يَتَسَخَّطُهُ ، فَيَظَلُّ يَتَسَخَّطُ فِيهِ عَلَيَّ ، وَايْمُ اللَّهِ لَا أَقْبَلُ بَعْدَ مَقَامِي هَذَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ هَدِيَّةً إِلَّا مِنْ قُرَشِيٍّ، أَوْ أَنْصَارِيٍّ، أَوْ ثَقَفِيٍّ، أَوْ دَوْسِيٍّ)) کہ عربوں میں سے کچھ لوگ مجھے ہدیہ دیتے ہیں اور اس کے بدلہ میں انہیں جس قدر میرے پاس ہوتا ہے میں دیتا ہوں، پھر بھی وہ خفا رہتا ہے اور برابر مجھ سے اپنی خفگی جتاتا رہتا ہے، قسم اللہ کی! اس کے بعد میں عربوں میں سے کسی بھی آدمی کا ہدیہ قبول نہیں کروں گا سوائے قریشی، انصاری یا ثقفی یا دوسی کے۔(سنن الترمذی، کتاب المناقب، بَابُ فِي ثَقِيفٍ وَبَنِي حَنِيفَةَ -قبیلہ ثقیف اور بنی حنیفہ کے فضائل و مناقب کا بیان، حدیث نمبر:3946، شیخ البانی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے، قال الشيخ الألباني: صحيح انظر ما قبله (3945))

5) کسی کو تحفہ دے کر احسان جتلانا ناجزئز ہے۔

6) کافر اور مشرکوں کو مصلحت کے غرض سے یا شرعی مقصد کے تحت تحفہ و تحائف پیش کرنا جائز ہے۔

7) ہدیہ کی جمع ہدایا ہے۔

8) ہدیہ باب تفاعل سے ہے۔ (تھادَوا؛ تحابَبَ، تحابَبُوا- تحابُّوا)

9) ہدیہ تعلقات مضبوط کرنے کا ایک اہم وسیلہ ہے۔

10) صرف کلام سے نہیں مادی وسائل سے محبت کا اظہار ہوتا ہے۔

11) چھوٹا ہدیہ بھی انسان کو خوش کر دیتا ہے۔

12) آداب ہدیہ و تحائف:

I. حسن نیت: اللہ کی رضا ہو، اور اتباع سنت مقصود ہو، دکھاوا مقصد نہ ہو، دوسروں کی مدد، تعلقات اچھے کرنا تحفہ دینے کی نیت ہو۔

i. مناسب وقت کا انتخاب

ii. دینی طور پر وہ مناسبات ثابت ہو، اور ناجائز رسموں اور مغربی تہذیب کی مشابہت کے مواقع و مناسبت نہ ہو جیسے بر تڈے وغیرہ

iii. دینی مناسبت جیسے عید الفطر و عید الاضحیٰ

iv. شخصیت اور عرف و سماج کا خیال رکھے

v. بعض اوقات ہدیہ بشکل کرنسی اور بعض اوقات بشکل کوئی چیز ہو سکتی ہے؛ موقع محل سے ترجیح بدل سکتی ہے

vi. بدلے میں ویسی ہی قیمت کا ہدیہ ملے ایسی امید نہ لگائیں

13) پرانی یا بے فائدہ چیز نہ دے

14) تحفہ اچھے غلاف میں دینا چاہیے نہ کہ اہتمام کے بغیر

15) بچوں کے لیے حلویات مٹھائی کا اہتمام کرنا جائز ہے–ادخال سرور بھی نیکی ہے

16) پیسوں کے علاوہ بھی تحفہ کی شکلیں ہیں جیسے کسی کی آمد ہی تحفہ سے کم نہیں کیونکہ خوشی حاصل ہوتی ہے، فون کر لینا بھی تحفہ ہے، اچھے مسیج کا بھی کافی اثر پڑتا ہے

17) بہترین دعا بھی تحفہ ہے

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

18) کسی میت کے لیے عمرہ بدل یا حج بدل بھی تحفہ دعاء مغفرت ہے؛ ان کے باحیات گھر والوں کے لیے خوشی کا ذریعہ ہے

19) رسول اللہ ﷺ ہدیہ قبول فرمالیا کرتے اور اس کا بدلہ بھی دے دیا کرتے تھے۔(صحیح بخاری:2585)

20) اللہ کے نبی ﷺ متواضع تھے؛ اس لیے کہ بعض لوگ تکبر میں آکر غریب کا تحفہ قبول نہیں کرتے

21) صحیحین کی حدیث ہے:"لو أهدى إلى ذراع اور كراع لقبلت"

22) تالیف قلب یعنی دل جیتنے کی ہر ممکن کوشش کرنا چاہیے

23) اللہ کے نبی صرف تحفہ لیتے نہیں بلکہ دیتے بھی تھے۔ متواضع تھے اس لیے غریب سے غریب شخص سے تحفہ قبول کرتے اور بخیل نہ تھے اس لیے بدلے میں دیتے بھی تھے

24) هل جزاء الاحسان الا الاحسان پر عمل کرتے، اور ایسے نہ تھے "وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ (١) الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ (٢) وَإِذَا كَالُوهُمْ أَوْ وَزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ (٣)"

25) امیر صنعانی نے التنویر شرح الجامع الصغیر میں کہا: تحفہ سے دل کا بغض، نفرت، جھگڑے کے جذبات ختم ہو جاتے ہیں(فإن الهدىة تذهب وغر الصدر-ترمذی، ضعفہ الالبانی)

26) تھادو تحابو-ایک دوسرے کو دینا یعنی صرف لینا نہیں ہے

27) ماوردی نے الحاوی الکبیر میں کہا: هدية: هداية الى الخير والتآلف، ہدیہ خیر اور الفت و محبت کی راہ بتاتا اور اس راہ کی طرف لے جاتا ہے۔

28) علماء نے کہا اس سے نظر بد بھی دور ہوتی ہے۔

29) احترام اور عزت و تکریم کے خیالات پیدا ہوتے ہیں۔

30) تعریف ہوتی ہے اللہ کے پاس اور فرشتوں کے پاس، اعمال صالحہ میں شمار ہوتا ہے۔

31) اخلاق حسنہ، محبوب عمل اور مقرب عمل ہے۔

32) تحفہ دے کر جتانا جائز نہیں۔(لا تبطلوا صدقاتكم بالمن والأذى)

33) تحفہ جائز ہے جبکہ رشوت جائز نہیں؛ اس لیے سلیمان علیہ السلام نے بلقیس کا تحفہ قبول نہیں کیا، جس تحفہ میں شر ہو یا خیر سے دور کرنا مقصود ہو ایسا تحفہ بھی جائز نہیں۔(سورۃ النمل:35-37)

34) تحفہ کا مقصد قیمتی شئ پیش کرنا نہیں بلکہ معمولی سی قیمت سے بھی یہ مقصود حاصل ہو سکتا ہے۔

35) "وجبت محبتی للمتحابين في والمتزاورين في" (مستدرك للحاكم) صححه الالبانی

36) تحفہ واپس لینا جائز نہیں اگر وہ قبول ہو چکا ہو تو۔ (تحفہ واپس لینا قئے واپس پینے کے مترادف ہے۔ صحیح بخاری:2621)

37) نبی ﷺ نے بعض یہودیوں کی دعوت قبول کی اور غیر مسلم بادشاہوں کے تحفے قبول کیے

38) قَوْلٌ مَعْرُوفٌ وَمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِنْ صَدَقَةٍ يَتْبَعُهَا أَذًى وَاللَّهُ غَنِيٌّ حَلِيمٌ. يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْأَذَى۔ (سورة البقرة: 263-264)

39) عَنْ أَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ» قَالَ: فَقَرَأَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ مِرَارًا، قَالَ أَبُو ذَرٍّ: خَابُوا وَخَسِرُوا، مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللهِ؟ قَالَ: «الْمُسْبِلُ، وَالْمَنَّانُ، وَالْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ» (صحيح مسلم: 106)

40) عورت شوہر کو مہر معاف کر سکتی ہے بطور ہدیہ

41) مرد عورت کو جو تحفہ دیتا ہے وہ واپس نہیں لے سکتا طلاق یا خلع کے وقت البتہ عاریۃ یا حفاظت یا وقتیہ استعمال کے لیے دیا ہو تو وہ لے سکتا ہے۔ (مجموع فتاوی ابن تیمیہ)

42) دو گھروں میں سے کونسے گھر کو تحفہ دیں؟ جو قریب ہو آپ کے گھر کے؛ جس کا دروازہ قریب ہو آپ کے گھر کے۔ الأقرب فالأقرب۔ (صحیح بخاری:2595)

43) لوگ باہر عزت کمانے شہرت کمانے donate کرتے ہیں اور خاندان میں نہیں کرتے۔

44) نبی ﷺ کو تحفہ پیش کیا:

I. ایلہ کے بادشاہ نے۔ سفید خچر اور قیمتی پوشاک
II. اکیدر دومۃ جندل نے ایک قیمتی جوڑا تحفہ کیا
III. ایک یہودیہ نے زہریلا گوشت بھی دیا تھا

IV. ماریہ قبطیہ جو ام ابراہیم تھی مقوقس نے تحفہ دیا تھا۔

45) کافر کو تحفہ دینا جائز ہے وہ کافر جو امن پسند شہری ہو،(لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ أَنْ تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ (٨) إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَى إِخْرَاجِكُمْ أَنْ تَوَلَّوْهُمْ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (٩)) سورة الممتحنة

46) لیکن ظالم کو مدد کرنے کی قبیل سے ہو تو ایسا تحفہ دینا جائز نہیں

47) اسلام میں رشوت اس کو شمار نہیں کیا گیا جو حق کے حصول اور اپنے آپ سے ظلم کو دور کرنے کے لیے ہو، اپنے آپ سے ظلم کو رفع کرنا اسلام میں رشوت میں نہیں آتا البتہ کسی کا حق مارنے میں رشوت شمار ہوتا ہے

48) چوری یا ناحق مال کا تحفہ قبول کرنا جائز نہیں

49) حرام چیز کا تحفہ بھی جائز نہیں

50) تحفہ کو سودی معاملہ نہ بنائے یعنی تحفہ دے کر اس سے زیادہ کا جبر کرنا جائز نہیں نہ امید لگائے

51) احسان جتانے کا ڈر ہو تو ایسے تحفے کو نظر انداز کر سکتے ہیں

52) اگر آپ کے تحفے سے بیوقوف بگڑ سکتے ہیں یا بچے بگڑ سکتے ہیں تو ایسے تحفے سے پرہیز کرنا چاہیے۔(واللہ لا یحب الفساد)

53) وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ

54) ایسا تحفہ جس میں خطرہ ہو جادو کا تو نظر انداز کر سکتے ہیں یا اپنے بچاؤ کی صورت نکال سکتے ہیں

55) تحفہ اور ترکہ میں فرق ہے۔(البانی)

مرنے سے پہلے والدین بچوں کو تحفہ دیں تو برابر دینا پڑے گا، لڑکا اور لڑکی کا حصہ برابر ہو گا، اور ترکہ میں لڑکے کا حصہ لڑکی کا دوگنا ہو گا۔

شیخ بن باز نے تحفہ میں ترکہ کے حساب سے بانٹنے کے لیے کہا لیکن شیخ البانی نے اس فتوے کو قبول نہیں کیا حدیث صریح کی وجہ سے "فاتقوا اللہ واعدلوا بین اولادکم" صحیح بخاری:2587

56) قرض لیتے وقت قرض دینے والے کے گھر کا پانی نہ پینا یا سایہ میں نہ ٹھہرنا یہ بعض سلف کا ذاتی عمل تھا کسی اور وجہ سے یا سماج میں معروف کچھ غلطی کی اصلاح مقصد تھی، شیخ البانی نے ایسے عمل کو بے جا سختی و تشدد پر محمول کیا ہے (التعلیقات الرضیۃ علی الروضۃ الندیۃ کا حاشیہ)

57) قرض سے پہلے بھی دعوتوں کا معمول تھا تو پھر قرض کے بعد کی دعوتوں پر جھجکنا صحیح نہیں ہے

58) قرض کو احسن انداز میں لوٹانا جائز ہے یعنی کچھ زیادہ؛ اگر پہلے سے شرط نہ لگائی گئی ہو تو، لیکن پہلے سے شرط لگائی گئی ہو یا معاشرہ کی مجبوری کی وجہ سے مجبور ادے رہا ہو تو یہ تحفہ نہیں سود ہے۔

"ان خیارکم احسنکم قضاء"(صحیح بخاری:2393، صحیح مسلم:1601)

اتیت النبی ﷺ وهو فی المسجد وکان لی علیه دين فقضاني وزادني (صحیح بخاری:2394، صحیح مسلم:1222)

59) اگر فتنہ کا امکان نہ ہو تو مرد اور عورت ایک دوسرے کو تحفہ دے سکتے ہیں اور محرم کی نگرانی میں ہو تو فتنے کو موقع نہیں ملتا۔

## راویوں کا تعارف

(ادب المفرد کی سند)

1) (عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ)

اسم: عمرو بن خالد بن فروخ بن سعید بن عبد الرحمن بن واقد بن لیث بن واقد بن عبد اللہ

کنیت: ابو الحسن۔

اسم مشہور: عمرو بن خالد الحرانی، حنظلی، الزجزری التیمی، الخزاعی۔

مقام رہائش: حران، الجزیرۃ، مصر۔

وفات: 229۔

مقامِ وفات: مصر۔

اساتذہ: محمد بن یحییٰ الذہلی۔ عبد اللہ بن مبارک۔ لیث بن سعد الفہمی، وغیرہ۔

تلامذہ: محمد بن اسماعیل البخاری۔ عبد اللہ بن عبد الرحمن الدارمی۔ حسن بن علی الہذلی، وغیرہ۔

2) (ضِمَامُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ)

اسم: ضمام بن اسماعیل بن مالک المرادی الناشری المعافری المصری۔

کنیت: ابو اسماعیل۔ ابو شریح۔

مقامِ رہائش: مصر۔

مقامِ وفات: اسکندریہ، مصر۔

اساتذہ: موسیٰ بن وردان۔ عقیل بن خالد الایلی۔ وہب بن عبد اللہ الکعبی، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد اللہ بن وہب القرشی۔ احمد بن ابو موسیٰ المصری۔ عمرو بن خالد الحرانی، وغیرہ۔

3) (مُوسَى بْنَ وَرْدَانَ)

اسم: موسیٰ بن وردان القرشی العامری مصری مدنی۔

کنیت: ابو عمر۔

مقامِ رہائش: مدینہ۔ مصر

تاریخ پیدائش: 43۔

تاریخ وفات: 117

اساتذہ: سیدنا ابو ہریرہ۔ سیدنا جابر بن عبد اللہ الانصاری۔ سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہم۔ سعید ابن المسیب، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد اللہ بن لہیعہ۔ عبد اللہ بن شریح۔ زہری بن بن محمد التیمی، وغیرہ۔

4) ( أَبِي هُرَيْرَةَ)

اسم: ابوہریرہ، عبد الرحمن بن صخر الدوسی یمانی۔

ولادت: 21 قبل ہجرت۔

وفات: 59ھ۔

مقامِ وفات: مدینہ منورہ۔

تلامذہ: سالم بن عبد اللہ بن عمر بن خطاب۔ شہر ابن حوشب۔ سعید ابن المسیب، وغیرہ۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر22

# " لَاتَسُبُّواأَصْحَابِي"

میرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو برا مت کہو

((حَدَّثَنَا يَحْيَي بْنُ يَحْيَي التَّمِيمِيُّ ، وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ ، قَالَ يَحْيَي: أَخْبَرَنَا، وقَالَ الْآخَرَانِ: حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ الْأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي، لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا أَدْرَكَ مُدَّ أَحَدِهِمْ

وَلَا نَصِيفَهُ "))

**ترجمہ**: ابو معاویہ نے اعمش سے، انھوں نے ابو صالح سے، انھوں نے سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی، کہا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میرے صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین کو برا مت کہو، میرے صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین کہو، اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے،! اگر تم میں سے کوئی شخص اُحد پہاڑ جتنا سونا بھی خرچ کرے تو وہ (صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین) میں سے کسی ایک کے دیے ہوئے مد بلکہ اس کے آدھے کے برابر بھی (اجر) نہیں پا سکتا۔"

(صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابة، بَابُ تَحْرِيمِ سَبِّ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ-صحابہ رضی اللہ عنہم کو گالی دینے کی حرمت، حدیث نمبر :2540[6487]و2541[6488]۔ والنسائی الکبری:8309۔ المنتخب لعبد بن حمید:918۔ السنة لابن ابی عاصم:988۔ ومسند ابی یعلی:1171۔ و صحیح ابن حبان:6994)

❖ "یہ حدیث سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے"۔

## تخریج حدیث

صحیح البخاری:3673۔ و صحیح مسلم:2541[6488]۔ و سنن ابو داود:4658۔ و سنن الترمذی:3861۔ و سنن ابن ماجہ:161۔ و مسند احمد ابن حنبل:11516،11608،11079۔ و ابن ابی شیبة:12/174-175۔ السنة لابن ابی عاصم، رقم:990،991۔ و مسند ابی یعلی:1198۔ و صحیح ابن حبان:7255۔ والسنة للبغوی:3859۔ و معجم الصغیر للطبرانی:725،902۔

# تشریح حدیث

## اسباق حدیث

1. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مقام و مرتبہ کو اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں بیان فرمایا ہے۔
2. اللہ تعالیٰ تمام صحابہ کرام سے راضی ہے (سورۃ التوبۃ:100)
3. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو برا بھلا کہنا کفر و نفاق کی نشانی ہے۔
4. انبیاء کے بعد امتیوں میں سب سے اعلیٰ و بالا مقام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ہے کوئی تابعی کوئی عالم یا کوئی زاہد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مقام و مرتبہ کو نہیں پہنچ سکتا۔
5. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت ایمان کا جز ہے (سورۃ الفتح:29)
6. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عزت و احترام کا حکم دیا ہے (سنن النسائی الکبری:9222)
7. میرا خطبہ میں دلائل ہیں۔صحابہ کرام رضی اللہ عنھم اجمعین کی دس اہم خصوصیات قرآن مجید کی روشنی میں:

- پہلی خصوصیت ایمان صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین
- 2دوسری خصوصیت منہج صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین
- تیسری خصوصیت صداقت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین
- چوتھی خصوصیت فلاح صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین
- پانچویں خصوصیت خیریت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین
- چھٹی خصوصیت رشد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین
- ساتویں خصوصیت مغفرت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین
- آٹھویں خصوصیت رضائے صحابہ کرام رضوان اللہ علیھما
- نویں خصوصیت عدالت و شھادت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین
- دسویں خصوصیت صحبت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین

8. صحابہ کرام کے بارے میں امام طحاوی نے عقیدہ اہل السنّہ کی ترجمانی ان الفاظ سے کی ہے:"ہم اصحابِ رسول سے محبت رکھتے ہیں، ان کی محبت میں کوتاہی نہیں کرتے اور نہ ہی ان میں سے کسی سے اظہارِ برات کرتے ہیں۔ صحابہ سے بغض رکھنے والوں اور ان کا ذکر خیر نہ کرنے والوں سے ہم بغض رکھتے ہیں، ان کا ذکرِ جمیل ہمیشہ ہماری زبانوں پر رہتا ہے۔ صحابہ سے محبت دین وایمان بلکہ خوبی اسلام ہے اوران سے بغض درحقیقت سرکشی اور کفر ونفاق ہے۔" (عقیدہ طحاویہ:1/57)

9. انبیاء کے بعد سب سے اعلی مقام صحابہ کا ہے، کوئی اس مقام کو پا نہیں سکتا اگرچیکہ بعد والوں میں کتنا ہی صالح کیوں نہ ہو۔

10. قرآن کی محکم آیات کو چھوڑ کر تاریخی تشابہ واقعات کو لے کر صحابہ کی عظمت اور نیت پر حملہ کرنا درایت کے خلاف ہے اور ایمان کو غارت کرلینا ہے۔

11. اور حرام سے بچنے والے یہ بھی جان لیں کہ صحابہ کو گالی دینا حرام ہے۔(لاتسبوا اصحابی۔۔۔)

12. اور شرک وکفر ونفاق وارتداد سے بچنے والے جان لو صحابہ کو گالی دینا ضلالت وگمراہی، صراط مستقیم سے ہٹ کر صراط جحیم کا راستہ ہے۔وَمَن يُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَىٰ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا (4:115)

13. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ" . (صحيح بخاری: 3673)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا”میرے اصحاب کو برا بھلا مت کہو۔ اگر کوئی شخص احد پہاڑ کے برابر بھی سونا (اللہ کی راہ میں) خرچ کرڈالے تو ان کے ایک مدغلہ کے برابر بھی نہیں ہوسکتا اور نہ ان کے آدھے مد کے برابر۔“

14. صاحبِ وحی کا مشاہدہ، صحبتِ نبی ﷺ، نزول قرآن کے مقاصد واسباب نزول کو جاننے والے، شریعت و ہدایت کی معرفت بعد والوں سے بہتر سمجھنے اور عمل کرنے والے تھے۔

15. جو صحابہ کو گالی دے دراصل شریعت اسلامیہ کے گواہوں سے اپنا رشتہ کاٹ رہا ہے اور اس کے لیے

ضلالت کا راستہ آسان ہو جاتا ہے۔

16. اللہ جن سے راضی ہو بعد والوں کو حق نہیں پہنچتا کے تاریخ کے ادھورے قصے سے تنقید کریں، عالم الغیب کے علم کا احاطہ مخلوقات نہیں کر سکتی۔

17. امام نووی نے کہا: صحابہ کی فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ انھوں نے سخت حالات میں قربانیاں پیش کیں، نصرتِ نبی ﷺ کا کردار ادا کر دیا، امانت قرآن و سنت کو بعد تک من و عن پہنچایا۔

18. ابن تیمیہ نے فرمایا: صحابہ کے درمیان جو ناگوار واقعات ہوئے؛ سلامتی ایمان اسی میں ہے کہ ان کے بارے میں گہرائی میں نہ جائے کیونکہ واقعات کے سارے تانے بانے احاطہ علم سے باہر ہے۔

19. مجتہد مخطی کو شریعت میں جب ایک اجر ہے تو ہم صحابہ کو گالی کیسے دے سکتے ہیں۔ (ابن تیمیہ)

20. عبداللہ بن مسعود صحابہ سے متعلق فرماتے ہیں: مَن كانَ مُستَنًّا ، فَلْيَستَنّ بمن قد ماتَ ، فانّ الحيّ لا تُؤمَنُ عليه الفِتنَةُ ، أولئک اصحابُ محمد صلى الله عليه وسلم ، كانوا افضلَ هذه الامة ابرّها قلوبًا ، واعمقَها علمًا ، واقلّها تكلُّفًا ، اختارهم الله لصحبة نبيِّه ، ولاقامة دِينه ۔

21. اللہ کے اختیار پر اعتراض کرنا ضلالت ہے۔

22. صحابہ سے بغض کفر کا راستہ ہے۔("ليغيظ بهم الكفار" سے دلیل لی بعض علماء نے)

23. «إذا ذكر أصحابي فأمسكوا وإذا ذكرت النجوم فأمسكوا وإذا ذكر القدر فأمسكوا» ( صحيح الجامع:545)

24. سبِّ صحابہ کے احکامات میں تین اقسام کے سب و شتم ہوتے ہیں:

- صحابہ کے کفر اور مرتد ہونے کا عقیدہ رکھے تو ایسی سب و شتم کرنے والا کفر کا مرتکب ہے۔
- اگر صحابہ پر لعن طعن کرتا ہے لیکن ان کو کافر نہیں کہتا تو ایسے خبیث کو فاسق سے تعبیر کرتے ہیں یعنی کبیرہ گناہ اور جرم کا مرتکب شمار کرتے ہیں، بعض علماء ان کو بھی کافر ہی کہتے ہیں۔
- صحابہ کو دنیوی اعتبار سے بزدل یا دنیوی کمزوری کا ذکر کرتے ہیں تو علماء ان کو کافر نہیں کہتے لیکن ضال و مضل کہتے ہیں اور حاکم کے لیے اجازت ہے کہ انکی شان میں گستاخی کی وجہ سے تادیب اور ادب

سکھانے کے لیے سزا دے۔

❖ نوٹ: تینوں صورت بھی قبیح اور عمل سیئ اور ارتداد وضلالت کا راستہ ہے۔

25. "الصحابہ کلھم عدول" سارے محدثین کا اتفاق ہے صحابہ کے بارے میں کسی بھی قسم کا طعنہ جائز نہیں

26. دفاع صحابہ؛ حب الہی وحب رسول وایمان کامل کی دلیل ہے۔ بغض صحابہ وسب صحابہ کم علمی وکمزور ایمان کی دلیل ہے۔

27. شیخ صالح فوزان حفظہ اللہ نے کہا: اہل السنہ والجماعہ کا عقیدہ واصول یہ ہے:

❖ دل بغض سے پاک ہو

❖ زبان پاک رہے لعن طعن سے

❖ صحابہ کے درمیان ناخوشگوار واقعات میں خاموشی اختیار کریں اپنے ایمان کو بچائے

28. ولا تقف ما لیس لک به علم

29. تبرا اور گالی دینے والوں سے اپنے آپ کو اپنے اہل وعیال کو دور رکھنا، تجانیت اختیار کرنا چاہیے تاکہ وہ جراثیم ہمارے اندر نہ آجائیں

30. ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ: صحابہ کو برا بھلا کہنے والا کم از کم غیبت کے گناہ میں پڑ جاتا ہے۔ (اور وہ بھی کبیرہ گناہ اور قبر کے عذاب کا موجب ہے)

31. "اولئک هم الراشدون" راشد کا معنی ہے کبھی نہ بھٹکنے والے، پھر صحابہ کے بارے میں برا بولنا کہاں سے جائز ہوا۔

32. صحابہ کے فضائل کی آیات واحادیث کا انکار لازم آئے گا وہ کفر ہے تکذیب قرآن وحدیث (محمد بن عبد الوہاب)

33. صحابہ کو منافق پسند نہیں کرتے (واذا قیل لهم آمنوا کما آمن الناس)، بعد والے جو سب وشتم کرتے ہیں منافقین کے راستے پر ہیں۔

34. شیخ صالح فوزان حفظہ اللہ: نواصب بھی غلط ہیں جو اہل بیت سے بغض رکھتے ہیں اور صحابہ سے محبت، اور روافض

بھی غلط ہیں جو اہل بیت سے محبت رکھتے ہیں ااور صحابہ سے نہیں، بہترین متوسط طبقہ اہل السنہ والجماعہ کا ہے جو اہل بیت اور صحابہ دونوں سے محبت رکھتے ہیں۔

35. امام احمد رحمۃ اللہ علیہ: اگر کوئی صحابہ پر طعن کرے تو یہ عمل اس کی دینداری پر تہمت کے لئے کافی ہے۔

## راویوں کا تعارف

1) (يَحْيَي بْنُ يَحْيَي التَّمِيمِيُّ)

اسم: یحیی بن یحیی بن بکر بن عبد الرحمن نیشاپوری حنظلی مروزی تمیمی۔

کنیت: ابوزکریا۔

پیدائش: 142ھ۔

وفات: 226ھ۔

مقام رہائش: نیشاپور۔ خراسان۔ حجاز۔ عراق۔ شام۔ مصر۔

اساتذ: یحیی بن المتوکل مدنی۔ وکیع بن جراح۔ حفص بن غیاث م، وغیرہ۔

تلامذہ: امام مسلم۔ امام مروزی۔ عبد اللہ بن فضالۃ النسائی، وغیرہ۔

2) (أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ)

اسم: عبد اللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان بن خواستی۔ المعروف ابن ابی شیبہ العبسی۔

کنیت: ابو بکر۔

تاریخ پیدائش: 156ھ۔

تاریخ وفات: 235ھ۔

مقام رہائش: کوفہ۔ بغداد۔ واسط۔ دمشق۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ عبد اللہ بن مبارک، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ امام اثرام۔ ابو بکر الاسفرانی، وغیرہ۔

ASK ISLAMPEDIA GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

3) (مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ)

اسم: محمد بن العلاء بن کریب الہمدانی کوفی۔

کنیت: ابو کریب۔

تاریخ پیدائش: 161ھ

تاریخ وفات: 248ھ

مقام رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ حفص بن غیاث، وغیرہ۔

تلامذہ: امام مسلم۔ امام نسائی۔ امام ابن خزیمہ۔ امام طبری۔ امام مروزی، وغیرہ۔

4) (أَبُو مُعَاوِيَةَ)

اسم: محمد بن خازم الاعمی السعدی التیمی، الکوفی۔

کنیت: ابو معاویہ

تاریخ پیدائش: 113ھ

مقام پیدائش: کوفہ۔

تاریخ وفات: 194ھ

مقام رہائش: کوفہ۔ بغداد۔

اساتذہ: امام اعمش۔ حجاج بن اطاۃ۔ داود بن دینار، وغیرہ۔

تلامذہ: محمود بن غیلان مروزی۔ محمد بن عبد اللہ بن نمیر الہمدانی۔ ابو عبد اللہ القشیری نیشاپور، وغیرہ۔

5) (الْأَعْمَشِ)

اسم سلیمان بن مہران الاعمش الکاہلی الاسدی الکوفی۔

کنیت: ابو محمد۔

تاریخ پیدائش: 61ھ۔

تاریخ وفات: 148ھ۔

رہائش: واسط، کوفہ، مکہ۔

اساتذہ: ابراہیم نخعی۔ عدی بن ثابت بن دینار الانصاری۔ ابو الحسن الاشجعی، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ سلیمان بن طرخان التیمی، وغیرہ۔

6) (أَبِي صَالِحٍ) تابعی

اسم: ذکوان، ابو صالح السمان الزیات تیمی مدنی۔

کنیت: ابو صالح۔

تاریخ وفات: 101ھ۔

رہائش: مدینہ منورہ، کوفہ۔

اساتذہ: سیدنا ابو ہریرہ۔ سیدنا ابو سعید الخذری۔ جابر ابن عبد اللہ الانصاری، رضی اللہ عنہم وغیرہ۔

تلامذہ: ابو عمرو بن العلاء الخزاعی۔ امام اعمش۔ عثمان بن عاصم ابو حصین، وغیرہ۔

7) (أَبِي هُرَيْرَةَ)

اسم: ابو ہریرہ، عبد الرحمن بن صخر الدوسی یمانی۔

ولادت: 21 قبل ہجرت۔

وفات: 59ھ۔

مقامِ وفات: مدینہ منورہ۔

تلامذہ: سالم بن عبد اللہ بن عمر بن خطاب۔ شہر ابن حوشب۔ سعید ابن المسیب، وغیرہ۔

حدیث نمبر 23

# "لَاتَمَنَّوُاالْمَوْتَ"

موت کی تمنا نہ کرو

((حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، أَخْبَرَنَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاق، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، قَالَ: أَتَيْنَا خَبَّابًا نَعُودُهُ وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعَ كَيَّاتٍ، فَقَالَ: لَقَدْ تَطَاوَلَ مَرَضِي، وَلَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " لَا تَمَنَّوْا الْمَوْتَ " لَتَمَنَّيْتُ، وَقَالَ: " يُؤْجَرُ الرَّجُلُ فِي نَفَقَتِهِ كُلِّهَا إِلَّا التُّرَابَ، أَوْ قَالَ: فِي الْبِنَاءِ ))

**ترجمہ**: حارثہ بن مضرب کہتے ہیں کہ ہم خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کے پاس عیادت کرنے کے لیے آئے، انہوں نے اپنے بدن میں سات داغ لگوا رکھے تھے، انہوں نے کہا: یقیناً میرا مرض بہت لمبا ہو گیا ہے، اگر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے نہ سنا ہوتا کہ "موت کی تمنا نہ کرو"، تو میں ضرور اس کی تمنا کرتا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "آدمی کو ہر خرچ میں ثواب ملتا ہے سوائے مٹی میں خرچ کرنے کے"، یا فرمایا: "گھر بنانے میں"۔

(سنن الترمذی، کتاب صفة القيامة، والرقاق والورع، باب [40]، حدیث نمبر: 2483، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ تخريج الحديث: «انظر حديث رقم 970 (صحيح)» "قال الشيخ الألباني: صحيح ومضى :970۔ هذا رقم الدعاس، وهو عندنا برقم :776 – 984")

## تشرح حدیث

### اسباق حدیث

1. موت کی تمنا نہ کرنے کی چند وجوہات یہ ہیں: بندہ مصیبت میں مبتلا ہو جاتا ہے اور گھبرا کر موت کی تمنا کرنے لگتا ہے حالانکہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو مصیبت میں مبتلا کرتا ہے تو وہ مصیبت اس بندے کے گناہوں کو مٹانے کا ذریعہ بن جاتی ہے۔
2. مسلمان اور غیر مسلمان میں یہ فرق ہے کہ جب مسلمان مصیبت گِھر جاتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے اور جب ایک غیر مسلمان مصیبت میں گِھر جاتا ہے تو وہ گھبرا کر خود کشی کی طرف بڑھ جاتا ہے
3. اسلام نے موت کی تمنا کرنے سے اس لئے منع کیا ہے کہ اگر بندہ نیک ہو تو وہ مزید نیکیوں کے کام کرتا رہے اور اگر گناہ گار ہے تو اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی طلب کرے جیسا کہ نبی کریم نے ارشاد فرمایا: ((لَا يَتَمَنَّى أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ، إِمَّا مُحْسِنًا فَلَعَلَّهُ يَزْدَادُ، وَإِمَّا مُسِيئًا فَلَعَلَّهُ يَسْتَعْتِبُ))
4. کوئی شخص تم میں سے موت کی آرزو نہ کرے، اگر وہ نیک ہے تو ممکن ہے نیکی میں اور زیادہ ہو اور اگر برا ہے

تو ممکن ہے اس سے توبہ کر لے۔

(صحیح البخاری:7235)

5. وقتی مصیبت پر موت کی تمنا کرنا ناجائز اور حرام ہے۔

6. کسی بیماری یا کسی پریشانی کی وجہ سے موت کی تمنا کرنا ایمان کے کمزور ہونے کی علامت ہے۔

7. اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کے حالات سے بخوبی واقف ہے لہذا تقدیر پر ایمان رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے ہر فیصلے کو قبول کرنا چاہیئے۔

8. بندہ کسی چیز میں لذت محسوس کرتا ہے حالانکہ وہ لذت اس کو ہمیشہ کی مصیبت میں ڈال دیتی ہے اور ایک بندہ مومن وقتی پریشانی اور مصیبت کو من جانب اللہ مان کر اس پر صبر کرتا ہے تو اس کو ہمیشہ ہمیشہ رہنے والی لذت حاصل ہوتی ہے، جیسا کہ حدیث میں ہے سیدنا ابو سعید خدری اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

9. ((مَا يُصِيبُ الْمُسْلِمَ مِنْ نَصَبٍ، وَلَا وَصَبٍ، وَلَا هَمٍّ، وَلَا حُزْنٍ، وَلَا أَذًى، وَلَا غَمٍّ، حَتَّى الشَّوْكَةِ يُشَاكُهَا، إِلَّا كَفَّرَ اللَّهُ بِهَا مِنْ خَطَايَاهُ))

10. کہ مسلمان جب بھی کسی پریشانی، بیماری، رنج و ملال، تکلیف اور غم میں مبتلا ہو جاتا ہے یہاں تک کہ اگر اسے کوئی کانٹا بھی چبھ جائے تو اللہ تعالیٰ اسے اس کے گناہوں کا کفارہ بنا دیتا ہے۔

(صحیح البخاری، کتاب المرضی، بَابُ مَا جَاءَ فِي كَفَّارَةِ الْمَرَضِ- بیماری کے کفارہ ہونے کا بیان اور اللہ تعالیٰ نے سورۃ نساء میں فرمایا "جو کوئی برا کرے گا اس کو بدلہ ملے گا"، حدیث نمبر :5642۔ و صحیح مسلم :2573[6568]۔ و سنن الترمذی:966)

11. قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ مِنْ ضُرٍّ أَصَابَهُ، فَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَلْيَقُلْ، اللَّهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي ". (صحیح بخاری:5671)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی تکلیف میں اگر کوئی شخص مبتلا ہو تو اسے موت کی تمنا نہیں کرنی چاہیئے اور اگر کوئی موت کی تمنا کرنے ہی لگے تو یہ کہنا چاہیئے: "اے اللہ! جب تک زندگی میرے لیے بہتر ہے مجھے زندہ

رکھ اور جب موت میرے لیے بہتر ہو تو مجھ کو اٹھا لے۔"

12. تکلیف پر ثواب ملتا ہے، قیامت کے دن اہل عافیت اہل بلاء کے ثواب کو دیکھینگے تو کہینگے کاش قینچیوں سے ہمارے چمڑے کاٹ دیے جاتے۔۔۔(الحدیث)

13. نیکی کر کے ثواب بڑھانا تو سب کو معلوم ہے لیکن تکالیف کو جھیل کر ثواب حاصل کرنے کو بھول جاتے ہیں۔حدیث:ان اصابته ضراء صبر فكان خيرا له۔ (مسلم)صبر کی عظمت وفضیلت میں علماء نے یہ حدیث بیان کی ہے، صبر سے بڑا گہرا تعلق ہے اس حدیث کا۔

14. صبر و تحمل یہ اعلی صفت ہے اپنے اندر پیدا کرے، جلدی پریشان ہونا توکل کے منافی ہے۔

15. خودکشی حرام ہے، آدمی جلد باز ہو اور تکالیف کو برداشت نہ کرے تو بہت سارے حرام کام کا مرتکب ہوجاتا ہے وہ ہے قتل کرنے کا گناہ یا خودکشی کرنے کا گناہ سب حرام ہے اور کبیرہ گناہ ہے اور عذاب قبر کا موجب ہے۔

16. توفنی اذا كانت الوفاة خيرا لی اور لا يتمنوا احدكم الموت دونوں کو کیسے جمع کریں؟ آدمی صرف تکلیفوں سے گھبرا کر موت کی تمنا کرے تو یہ جائز نہیں لیکن اگر اسے ڈر ہے کہ فتنے میں پڑھ کر ایمان گنوا بیٹھے گا تو اس شرط پر ایسی دعا کرنا جائز ہے۔(سلف سے جو دعا ہے وہ اس سیاق میں ہے)

17. صرف طول عمر کی دعا نہ کرے بلکہ برکت والی عمر، اطاعت والی زندگی عطا کر ایسی دعا کرے۔

18. طول عمر اطاعت والی بہتر ہے موت سے۔قال النبی ﷺ: خير الناس من طال عمره وحسن عمله (صحیح ترمذی:110)

19. دو صحابی کا واقعہ اس میں ایک شہید ہوئے اور دوسرے ایک سال بعد انتقال ہوا پھر بھی شہید سے آگے مقام پا گئے جنت میں۔الحدیث

20. "إنما يستريح من غفر له" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"(دنیا اور اہل دنیا سے) آرام تو وہ کرتا ہے جسے (موت کے بعد) بخش دیا جاتا ہے۔"(سلسلہ صحیحہ:1710)

21. بعض اوقات موت کی تمنا جائز ہے اگر وہ شرطیہ ہو کہ دین میں فتنہ سے بچنے کی نیت ہو تو جائز ہے۔(ابن رجب)

22. "اثنتان يكرههما ابن آدم: يكره الموت والموت خير للمؤمن من الفتنة ويكره قلة المال وقلة المال أقل للحساب." (سلسلہ صحیحہ:813)

محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "آدم کا بیٹا دو چیزوں کو ناپسند کرتا ہے: (۱) موت کو ناپسند کرتا ہے، حالانکہ موت مومن کے لیے فتنے سے بہتر ہے اور (۲) قلت مال کو ناپسند کرتا ہے، حالانکہ مال کی کمی قیامت والے دن حساب کے ہلکا ہو جانے کا باعث ہے۔"

23. وَإِذَا أَرَدْتَ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِي إِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُونٍ۔(سنن ترمذی:3233)

"اور جب تو اپنے بندوں کو کسی آزمائش میں ڈالنا چاہیئے تو فتنے میں ڈالے جانے سے پہلے مجھے اپنے پاس بلا لے"

24. ایسی دعا بھی جائز ہے: اللهم ارزقنی شهادة فی سبیلک واجعل موتی فی بلد رسولک۔ (بخاری عن عمر)

25. علامات حسن خاتمہ شیخ البانی نے جمع کیا کتاب الجنائز میں دیکھیے۔

26. حسن خاتمہ میں کلمہ شہادتین ادا کرے زبان سے۔

27. حسن خاتمہ میں ہے پیشانی سے پسینہ نکل آنا

28. یوم جمعہ یا لیلہ جمعہ میں وفات سے قبر کے سوالات کے فتنے سے محفوظ رہتا ہے لیکن عذاب قبر سے محفوظ رہنے کی دلیل نہیں۔

29. حسن خاتمہ میں یہ بھی ہے کہ شھادۃ فی سبیل اللہ اور غازی فی سبیل اللہ

30. طاعون کے سبب موت

31. پیٹ کی بیماری سے فوت

32. نفاس میں موت

33. جل کر یا ڈوب کر یا سانس کی تکلیف سے پھیپھڑے کی تکلیف سے موت، دیوار گر کے (کار ایکسیڈنٹ)

34. اپنے مال کے دفاع میں مرا ہو

35. عمل صالح کرتے کرتے مر جائے۔

# راویوں کا تعارف

1) (عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ)

اسم: علی بن حجر بن ایاس بن مقاتل بن مخادش بن مشمرج بن خالد السعدی المروزی۔

کنیت: ابو الحسن۔

تاریخ پیدائش: 145ھ۔

تاریخ وفات: 244ھ۔

رہائش: مرو (ترکمانستان)۔ بغداد۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ ان علیہ اسماعیل۔ امام احمد ابن حنبل، وغیرہ۔

تلامذہ: امام نسائی۔ امام مروزی۔ عیسیٰ بن محمد الطہمانی المروزی، وغیرہ۔

2) (شَرِيكٌ)

اسم: شریک بن عبد اللہ بن الحارث بن شریک بن عبد اللہ القاضی النخعی الکوفی۔

کنیت: ابو عبد اللہ۔ (قاضئ واسط)

تاریخ پیدائش: 95ھ۔

مقام پیدائش: بخاریٰ (ازبکستان)

تاریخ وفات: 177ھ۔

مقام وفات: کوفہ۔

رہائش: بخاریٰ۔ اہواز۔ خراسان۔ کوفہ۔ واسط۔ مکہ۔

اساتذہ: شعبہ بن الحجاج۔ سماک بن حرب۔ امام اعمش۔ امام سفیان الثوری، وغیرہ۔

تلامذہ: وکیع بن جراح۔ محمد بن یزید الکلاعی۔ امام ابن ابی شیبہ، وغیرہ۔

3) (أَبِي إِسْحَاقَ) تابعی

اسم: عمرو بن عبد اللہ بن عبید السبیعی الہمدانی الکوفی۔

کنیت: ابو اسحاق۔

تاریخ پیدائش: 30ھ۔

تاریخ وفات: 126ھ۔

رہائش: کوفہ۔

مقام وفات: کوفہ۔

اساتذہ: سیدنا انس بن مالک۔ سیدنا اوس بن اوس الثقفی۔ سیدنا حسن بن علی السبط، رضی اللہ عنہم وغیرہ۔

تلامذہ: احمد بن یونس التیمی۔ ابراہیم بن محمد الفزاری۔ حماد بن زید الازدی، وغیرہ۔

4) (حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ) تابعی

اسم: حارثہ بن مضرب العبدی الکوفی

رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: سیدنا خباب بن الارت، سیدنا عبد اللہ ابن مسعود۔ سیدنا علی بن ابی طالب۔ سیدنا عمر ابن الخطاب، وغیرہ۔

تلامذہ: امام اعمش۔ ابو اسحاق السبیعی۔ عامر الشعبی، وغیرہ۔

5) (خَبَّابًا) صحابی

اسم: خباب بن الارت التمیمی الخزاعی من بنی سعد بن مناۃ

کنیت: ابو عبد اللہ۔

پیدائش: 36 قبل ہجری۔

وفات: 37ھ۔

رہائش: مدینہ منورہ۔ مکہ۔ کوفہ۔

مقام وفات: کوفہ۔

تلامذہ: شقیق بن سلمہ الازدی (مخضرم)۔ امام زہری۔ مسروق بن الاجدع الہمدنی، وغیرہ۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 24

# "الْمَجَالِسُ بِالْأُمَانَةِ"

مجلسیں امانت داری کے ساتھ ہیں

## (("المجالس بالأمانة" . . . ))

[خط] عن علي .(حسن) الأحاديث الضعيفة 1909،3224: حم، د – جابر. الديلمي – ابن مسعود. ابن المبارك – أبي بكر بن حزم مرسلا

(صحیح الجامع للالبانی:2/133،رقم:6678)

Ask Islampedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

**سنن ابوداود کی روایت:**

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نَافِعٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ ابْنِ أَخِي جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ

اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" الْمَجَالِسُ بِالْأَمَانَةِ إِلَّا ثَلَاثَةَ مَجَالِسَ: سَفْكُ دَمٍ حَرَامٍ، أَوْ فَرْجٌ حَرَامٌ، أَوِ اقْتِطَاعُ مَالٍ بِغَيْرِ حَقٍّ".

**ترجمہ**: جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”مجلسیں امانت داری کے ساتھ ہیں (یعنی ایک مجلس کی بات دوسری جگہ جا کر بیان نہیں کرنی چاہیئے) سوائے تین مجلسوں کے، ایک جس میں ناحق خون بہایا جائے، دوسری جس میں بدکاری کی جائے اور تیسری جس میں ناحق کسی کا مال لوٹا جائے۔
(سنن ابو داود، کتاب الادب، بَابُ فِي نَقْلِ الْحَدِيثِ- راز کی باتوں کو افشاء کرنے کی ممانعت، حدیث نمبر :4869۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے)

**مسند احمد کی روایت:**

((حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ أَخِي جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الْمَجَالِسُ بِالْأَمَانَةِ، إِلَّا ثَلَاثَةَ مَجَالِسَ: مَجْلِسٌ يُسْفَكُ فِيهِ دَمٌ حَرَامٌ، وَمَجْلِسٌ يُسْتَحَلُّ فِيهِ فَرْجٌ حَرَامٌ، وَمَجْلِسٌ يُسْتَحَلُّ فِيهِ مَالٌ مِنْ غَيْرِ حَقٍّ))

شعیب ارنؤوط نے مسند احمد کی اس روایت کو ضعیف کہا ہے: إسناده ضعيف لجهالة ابن أخي جابر بن عبد الله. وأخرجه الخرائطي في "منتقى مكارم الأخلاق" (327) من طريق صالح بن أحمد بن حنبل، عن أبيه، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داود (4869)، ومن طريقه البيهقي 10/247 عن أحمد بن صالح، عن عبد الله بن نافع، به. وانظر الحديث السالف برقم (14474)

# شرح حدیث

## اسباق حدیث

1. مجالس میں جو کوئی راز کی بات ہوتی ہے وہ امانت ہوتی ہے لہذا راز کی باتوں کو فاش کرنا جائز نہیں۔
2. مجالس میں اگر کوئی ایسی راز کی بات ہوتی ہے جو جائز نہیں جیسا کہ کسی کو جان سے مارنے کی بات ہو یا کسی کا مال ناحق لوٹ لینے کی بات یا کسی کے عزت وآبرو کی بات ہو تو ایسی ناجائز اور حرام باتوں کو راز میں رکھنا ناجائز اور حرام ہے۔
3. عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے اس آدمی سے تعجب ہوتا ہے جو تقدیر سے بھاگنے کی کوشش کرتا ہے حالانکہ وہ اس پر واقع ہونے والی ہے، اور اپنے بھائی کی آنکھ کا تنکا بھی اسے نظر آجاتا ہے اور اپنی آنکھ میں شہتیر بھی اسے دکھائی نہیں دیتا، اور اپنے بھائی کے دل سے کینے کو نکالنا چاہتا ہے اور اپنے دل میں کینے کو چھوڑ دیتا ہے، اور میں نے اپنا راز کسی کے پاس نہیں رکھا کہ پھر اس کے افشا کرنے پر اسے ملامت کی ہو، میں اسے کیسے ملامت کر سکتا ہوں جبکہ میں خود ہی (اس کو محفوظ رکھنے سے) تنگ دل ہو گیا تھا۔(ادب المفرد، حدیث نمبر:886، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے)
4. راز فاش کرنے کے نقصانات
   - رشتے ٹوٹ جاتے ہیں
   - نفس اور دلوں میں بغض پیدا ہوتا ہے
   - عزت پامال ہو جاتی ہے
   - احترام ختم ہو جاتا ہے
   - دشمنوں کو فائدہ اٹھانے کا موقع ملتا ہے
   - لوگ اور ملک تباہ ہو جاتے ہیں
   - عالم کی عزت ختم ہوتی ہے اور جاہل غالب ہو جاتا ہے
5. امانت کا باب بہت وسیع ہے: امانت فی حقوق اللہ، امانت فی حقوق البشر

6. علماء نے غیبت کی اجازت یاراز فاش کرنے کی اجازت اس وقت دی ہے جبکہ مفسدہ یا تہمت سے بری کرنا ہو جیسے کہ یوسف علیہ السلام نے عورت سے متعلق بتادیا جس نے ورغلایا تھا۔ اور محدثین نے راویوں کی بھی کھل کر غیبت کی تاکہ امت ضعیف اور موضوع حدیث سے بچ سکے۔

7. رازنہ چھپانے سے بہت بڑے بداخلاقیاں ظاہر ہوتی ہیں اور کئی آیات کی مخالف ہوتی ہے:

- اوفوا بالعقود
- والذين هم لأماناتهم وعهدهم راعون
- والموفون بعهدهم
- وبعهد الله أوفوا ذلكم وصاكم به
- ان الله يامركم ان تؤدوا الامانات
- لا تخونوا الله والرسول وتخونوا اماناتكم
- والذين لا يشهدون الزور

ان آیات سے حفاظت اسرار وراز کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔

8. آيات المنافق : اذا عاهد غدر واذا اؤتمن خان

9. قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ مِنْ أَشَرِّ النَّاسِ، عَنْدَ اللَّهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ الرَّجُلَ يُفْضِي إِلَى امْرَأَتِهِ وَتُفْضِي إِلَيْهِ، ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا " .

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "قیامت کے دن، اللہ کے ہاں لوگوں میں مرتبے کے اعتبار سے بدترین وہ آدمی ہو گا جو اپنی بیوی کے پاس خلوت میں جاتا ہے اور وہ اس کے پاس خلوت میں آتی ہے پھر وہ (آدمی) اس کا راز افشا کر دیتا ہے۔(صحیح مسلم:1437)

10. «استعينوا على إنجاح الحوائج بالكتمان فإن كل ذي نعمة محسود» .(صحیح الجامع: 943)

نعمتیں چھپا کر حسد اور نظر بد کے نقصانات سے بچو۔

11. اذا وسد الأمر الى غير أهلها فانتظر الساعة

12. امانت میں حقوق اللہ بھی آتے ہیں: صلاۃ وصوم، عبادات معاملات شریعت کی پابندی
13. انا عرضنا الامانة على السماوات۔۔۔
14. امانت میں لوگوں کے آپس کے معاہدے بھی آتے ہیں۔
15. صاحب سرِّ رسول کا لقب کس کا تھا؟ حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ
16. حاطب بن ابی بلتعہ کو راز فاش کرنے کی وجہ سے نصیحت کی گئی، اہل بدر میں سے تھے اس لیے معاف کر دیا گیا۔
17. «من استمع إلى حديث قوم وهم له كارهون صب في أذنيه الآنك» . (صحيح الجامع: 6028)، ترجمہ: جو کسی کی باتیں چھپ کر سنے حالانکہ وہ ناپسند کرتے ہوں ایسے شخص کے کان میں شیش پگھلا کر ڈالا جائے گا۔
18. لَّا خَيْرَ فِي كَثِيرٍ مِّن نَّجْوَاهُمْ إِلَّا مَنْ أَمَرَ بِصَدَقَةٍ أَوْ مَعْرُوفٍ أَوْ إِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ۔ (نساء:114) ترجمہ: ان کے اکثر خفیہ مشوروں میں کوئی بھلائی نہیں سوائے اس شخص (کے مشورے) کے جو کسی خیرات کا یا نیک کام کا یا لوگوں میں صلح کرانے کا حکم دیتا ہے۔
19. تین ہوں تو دو آپس میں مناجاہ نہ کرے۔
20. انما النجوى من الشيطان، سرگوشی میں شیطان کامیاب ہو جاتا ہے۔
21. لوگوں کے عیب چھپانا اولیاء کی عادت ہے
22. یہ خیانت ہے کہ لوگوں کا راز سر عام لاؤ اور بدنام کرو۔ (حسن بصری)
23. فون کی بات ریکارڈ کرنا مخالفت امانت اور خیانت کی قسم / مجلس کی خیانت میں ہے۔
24. Message یا Email دوسروں کو forward کرنا اور بدنام کرنا خیانت ہے۔
25. فون کی آواز بلند سنانا بغیر سامنے والے کی اجازت کے خیانت ہے۔
26. امانت کی قسمیں:
    - امانت علم
    - امانت مال

- ❖ امانت اولاد و اہل
- ❖ امانت رعایا
- ❖ امانت شریعت
- ❖ امانت عہد وپیمان
- ❖ امانت بدن
- ❖ امانت وسائل
- ❖ امانت صلاحیتیں
- ❖ امانت ذمہ داریاں
- ❖ امانت خدمات ونوکری واجرت
- ❖ امانت طلبہ ومدارس ومساجد وطاقت ورسوخ

27. اذا حدث الرجل بحديث ثم التفت فهى امانه( صحیح الجامع:4869،جو آدمی بات کرے پھر ادھر ادھر دیکھے تو سمجھو یہ امانت ہے۔

28. میت کے اسرار فاش نہ کرنے کی فضیلت:

- ❖ من غسل مسلما فكتم عليه غفر الله له اربعين مرة، وفى رواية اربعين كبيرة- (کتاب الجنائز:51، صحیح)
- ❖ من غسل ميتا فستره ستره الله من الذنوب ، ومن كفنه كساه الله من السندس- ( صحیح الجامع:6403)

29. صادق اور امین یہ نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی صفت ہے۔

30. ابن تیمیہ رحمہ اللہ السیاسۃ الشرعیۃ میں فرماتے ہیں: کسی کو بھی کوئی ذمہ داری دینا ہو تو اس میں دو چیزیں ہونا ضروری ہے - امانت (صالحیت) و قوت (صلاحیتِ عملِ دنیوی)، موسی علیہ السلام کی تعریف میں بھی عورتوں نے اپنے والد سے کہا قوی اور امین ہے۔(ان خير من استاجرت القوى الامين)

31. شیخ الحدیث ظہیر اثری رحمہ اللہ نے کہا تھا: کبھی سازشوں سے مت ڈرو اگر تم صادق و امین ہو۔

32. امانت۔مفتاح کعبہ عثمان بن طلحہ کو ادا کر دیا،ان تؤدوا الامانات الی اھلھا
33. انبیاء امناء ہوتے ہیں۔ اس لیے علماء و دعاۃ کو بھی امانت دار رہنا چاہیے، صحیح علم دینا، ضعیف و موضوع اور بدعات نہیں عام کرنا چاہیے۔(ابلغکم رسالات ربی وانا لکم ناصح امین)
34. نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق صحابہ نے کہا تھا: لقد ادیت الامانۃوبلغت الرسالۃ ونصحت الامۃ۔
35. بدعت پر عمل دراصل امانت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر شک کرنا ہے۔
36. بدعت پھیلانا خیانت ہے۔
37. امانت کی وجہ سے خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ کی گواہی دی۔
38. آپ کی امانت پر کفار قریش بھی گواہی دیتے تھے، ہر قل کے سامنے ہو یا ہجرت کے موقع پر
39. عبادت میں امانت یہ ہے کہ پورے خشوع و خضوع، آداب و شرائط، ارکان وواجبات کے ساتھ عبادات بجا لائی جائے جیسے صوم وصلاۃ زکاۃ وحج۔
40. اعضاء واسباب کو نافرمانی میں استعمال کرنا بھی خیانت ہے۔
41. اعمال وذمہ داری کی امانت، تنخواہ کا پورا حق ادا کرنا۔
42. امانت سامان یہ ہے کہ دھوکہ نہ دے، ملاوٹ نہ کرے۔
43. امانت داروں کو جنت کی خوشخبری۔الذین ھم لاماناتھم وعھدھم راعون
44. خیانت کی سزا۔ان اللہ لا یحب من کان خوانا اثیما
45. لکل غادر لواء یعرف بہ یوم القیامۃ(ہر خائن دھوکے باز اور غدار کا ایک جھنڈا ہو گا جس سے اسے پہچان لیا جائے گا قیامت کے دن)
46. وان فر من الزحف – دعا استغفار، استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ
47. قرآن کے حساب سے اوامر شریعت اور نواہی شریعت کا مجموعہ امانت ہے۔انا عرضنا الامانۃ
48. الامانات فی الدین۔امانات الناس کو شامل ہے۔(تفسیر طبری)
49. شنقیطی: امانت ہر وہ چیز ہے جو آپ کو ذمہ داری دی گئی واجب طور پر ادا کرنے کے لیے۔

50. تین قسم کی امانات ہیں:

- ❖ امانت مالیہ و عقود
- ❖ امانت اسرار و راز
- ❖ امانت مسؤلیات و ذمہ داری

51. حدیث مفلس سے نصیحت

52. قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" مَنْ كَانَتْ لَهُ مَظْلَمَةٌ لِأَخِيهِ مِنْ عِرْضِهِ أَوْ شَيْءٍ فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ الْيَوْمَ قَبْلَ أَنْ لَا يَكُونَ دِينَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ، إِنْ كَانَ لَهُ عَمَلٌ صَالِحٌ أُخِذَ مِنْهُ بِقَدْرِ مَظْلَمَتِهِ، وَإِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبِهِ فَحُمِلَ عَلَيْهِ"( صحیح بخاری:2449)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر کسی شخص کا ظلم کسی دوسرے کی عزت پر ہو یا کسی طریقہ (سے ظلم کیا ہو) تو آج ہی، اس دن کے آنے سے پہلے معاف کرا لے جس دن نہ دینار ہوں گے، نہ درہم، بلکہ اگر اس کا کوئی نیک عمل ہو گا تو اس کے ظلم کے بدلے میں وہی لے لیا جائے گا اور اگر کوئی نیک عمل اس کے پاس نہیں ہو گا تو اس کے (مظلوم) ساتھی کی برائیاں اس پر ڈال دی جائیں گی۔

53. توبہ نصوحہ کی پانچ شرائط ہیں:

- ❖ معصیت چھوڑنا
- ❖ ندامت
- ❖ عزم پختہ کہ گناہ دوبارہ نہ کرنا
- ❖ نیکیوں میں اضافہ
- ❖ حقوق آدمی واپس کرنا

حدیث نمبر 25

# "أَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ"

آپس میں سلام عام کرو

((حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، وَوَكِيعٌ ، عَنِ الأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَا تَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتَّى تُؤْمِنُوا، وَلَا تُؤْمِنُوا حَتَّى تَحَابُّوا أَوَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَى شَيْءٍ إِذَا فَعَلْتُمُوهُ تَحَابَبْتُمْ، أَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ "))

**ترجمہ**: ابو معاویہ اور وکیع نے اعمش سے حدیث سنائی، انہوں نے ابو صالح سے اور انہوں نے سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی، انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”تم جنت میں داخل نہیں ہو گے یہاں تک کہ

تم مومن ہو جاؤ، اور تم مومن نہیں ہو سکتے یہاں تک کہ ایک دوسرے سے محبت کرو۔ کیا تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں کہ جب تم اس پر عمل کرو تو ایک دوسرے کے ساتھ محبت کرنے لگو، آپس میں سلام عام کرو۔"

(صحیح مسلم، کتاب الایمان، بَابُ بَيَانِ أَنَّهُ لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلاَّ الْمُؤْمِنُونَ وَأَنَّ مَحَبَّةَ الْمُؤْمِنِينَ مِنَ الإِيمَانِ وَأَنَّ إِفْشَاءَ السَّلاَمِ سَبَبٌ لِحُصُولِهَا- جنت میں صرف مومن جائیں گے، اور مومنوں سے محبت رکھنا ایمان کی علامت ہے، اور سلام کو عام کرنا محبت کا سبب ہے، حدیث نمبر :54[194]۔ وسنن الترمذی:2688۔ وسنن ابوداود:5193۔ وسنن ابن ماجہ:68)

## تخریج حدیث

وأخرجه ابن أبي شيبة:8/624-625 ومحمد بن نصر في "تعظيم قدر الصلاة" (463) ، وأبو عوانة :1/30، وابن حبان (236) ، وابن منده (331) ، والبيهقي في "الشعب" (8745) من طريق أبي معاوية، ومسلم (54) (94) ، ومحمد بن نصر (462) من طريق جرير بن عبد الحميد، وأبو داود (5193) ، وأبو عوانة 1/31-30،وابن منده (330) ، والبغوي بإثر الحديث (3300) من طريق زهير بن معاوية، ومحمد بن نصر (463) ، وابن منده (332) من طريق عمر بن عبيد، أربعتهم عن الأعمش، بهذا الإسناد.

وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" (260) من طريق إبراهيم بن أبي أسيد، عن جده، عن أبي هريرة. وزاد في آخره: "وإياكم والبغضة فإنها هي الحالقة، لا أقول لكم: تحلق الشعر، ولكن تحلق الدين".

وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" (980) ، وابن منده (333) و (334) .من طريق عبد الرحمن بن يعقوب، عن أبي هريرة.

وأخرجه ابن منده (335) ، والبيهقي في "الشعب" (8746) ، والخطيب في "الموضح" 2/386، من طريق سعيد المقبري، عن أبي هريرة.

وأخرج الترمذي (1854) من طريق محمد بن زياد، عن أبي هريرة، عن النبي صَلّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلّمَ قال: "أفشوا السلام، وأطعموا الطعام، واضربوا الهام، تورثوا الجنان". وقال الترمذي: حسن صحيح غريب من حديث محمد بن زياد، عن أبي هريرة. وقال الشيخ الألباني: ضعيف، الإرواء (3/238) ـ 777 ، الضعيفة (1324) ضعيف الجامع الصغير :995-

## شرح حدیث

### اسباق حدیث

1. سلام عام کرنے سے دنیا و آخرت میں بھلائی نصیب ہوتی ہے۔
2. سلام اہل اسلام کی نشانی ہے۔
3. ایمان والے جب ایک دوسرے کو سلام کرتے ہیں تو امن و امان یقینی ہو جاتا ہے۔
4. سلام کی وجہ سے آپس میں باہمی محبت والفت کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔
5. محبت حاصل کرنے کا آسان طریقہ سلام ہے۔
6. سلام کو عام کرنے کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ مسلمان ایک دوسرے کو سلام کریں چاہے ایک دوسرے کو جانتے ہوں یا نہ ہوں۔
7. ایک دوسرے کو سلام کرنا جنت میں داخلہ کے اسباب میں سے ایک سبب ہے۔
8. ایک دوسرے کو سلام کرنے کی وجہ سے خاندانی تعلقات اور رشتہ داریاں مضبوط ہو جاتی ہیں۔
9. سلام کرنے میں یہ برکت ہے کہ اس کی وجہ سے دشمنی، کینہ کپٹ اور بغض دور ہو جاتا ہے۔
10. سلام عام کرنے میں نیت خالص اللہ تعالیٰ کے لئے ہونی چاہیئے خواہشِ نفسانی اس میں شامل ہو جائے تو سلام کا کوئی معنی باقی نہیں رہتا۔

11. دوسرے قسم کے تحیات سے بچیے اور سلام کو عام کریں۔

12. نبی ﷺ کا فرمان ہے: لاتدخلون الجنة حتى تؤمنوا،ولا تؤمنوا حتى تحابوا،أو لا أدلُّكم على شيء إذا فعلتموه تحاببتم؟ أفشوا السلام بينكم۔ (صحیح مسلم: 54)

"تم جنت میں اس وقت تک داخل نہیں ہو سکتے جب تک کہ ایمان نہ لے آؤ اور تم ایمان نہیں لا سکتے جب تک کہ تم آپس میں ایک دوسرے سے محبت نہ کرو اور کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں کہ جسے اپنا کر تم ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو؟ وہ یہ ہے کہ تم آپس میں سلام کو عام کرو۔" یعنی ایک دوسرے کو خوب سلام کیا کرو۔

13. نبی کا فرمان ہے: يأيها الناس أفشوا السلام،وأطعموا الطعام وصلُّوا بالليل والناس نيام، تدخلوا الجنة بسلام۔(سنن ترمذی:2485)

"لوگو! سلام کو عام کرو، کھانا کھلایا کرو، رات کو جب لوگ سو رہے ہوں تو تم نماز پڑھا کرو، سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔"

14. مسلمانوں کا آپس میں پیار و محبت کا رشتہ سلام کی وجہ سے قائم ہو گا۔

15. ایک مسلمان کا دوسرے کو سلام کرنا مسلمانوں کے حقوق میں شامل ہے۔ لہٰذا ہر مسلمان کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو سلام کرے اور اسی طرح وہ اپنے مسلمان بھائی کے سلام کا جواب دے۔

16. سلام ہر مسلمان کو کرنا ہے، چاہے وہ واقف ہو یا ناواقف

17. اسلام کی خوبی میں یہ بات شامل ہے کہ سلام کو رواج دیا جائے۔

18. وہ شخص اللہ تعالیٰ کے قریب ہے کہ جو سلام کرنے میں پہل کرے۔

19. سلام اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام ہے جسے اللہ تعالیٰ نے زمین میں رکھ دیا ہے لہٰذا اسلام کو آپس میں خوب عام کرنا چاہیے۔

20. سلام کرنے والا سلامتی میں رہے گا کیونکہ جب وہ دوسروں کی سلامتی چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے بھی سلامتی میں رکھے گا نیز سلام کرنے والا تکبر سے بھی محفوظ رہے گا۔

21. سلام کو عام کرنا مسلمانوں کی سربلندی کا زینہ ہے۔

22. سلام ایک ایسا عمل ہے جو جنت میں داخلہ کا ذریعہ بھی ہے۔

23. سب سے بڑا بخیل وہ ہے جو سلام میں بخل کرتا ہے۔

24. آداب سلام واحکام:

25. اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو جب پیدا کیا تو اُنہیں حکم دیا کہ وہ فرشتوں کی جماعت کو سلام کہیں اور فرمایا کہ یہی آپ کا اور آپ کی اولاد کا سلام ہو گا۔(صحیح بخاری:3326، صحیح مسلم:2841)

26. ایک حدیث میں ہے کہ سوار پیادہ کو، پیادہ بیٹھے ہوئے کو اور کم تعداد والے زیادہ لوگوں کو سلام کیا کریں۔ (صحیح بخاری:6233، صحیح مسلم:2160)

27. چلنے والا بیٹھے ہوئے کو اور قلیل کثیر کو سلام کیا کریں۔(صحیح بخاری:6234)

28. یہودی، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں آکر "السّام علیکم "(یعنی تمہیں موت آئے) کہا کرتے تھے۔ چنانچہ ان کے اس طرزِ عمل پر اُنہیں یہ جواب دیا گیا کہ جب اہل کتاب سلام کریں تو جواب میں اُنہیں وعلیکم کہا جائے۔(صحیح مسلم:2164)

29. کسی مجلس میں مسلمان، مشرکین، بت پرست اور یہودی مشترک ہوں تو اُنہیں سلام کہا جائے۔(صحیح بخاری:6254، صحیح مسلم:1798)

30. السلام علیکم کہنے والے کو دس نیکیاں اور السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہنے والے کو بیس نیکیاں اور السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہنے والے کو تیس نیکیاں ملتی ہیں۔(سنن ترمذی:2689، سنن ابوداؤد:5195)

31. ایک جماعت اگر کسی شخص کے پاس سے گزرے تو ایک شخص کا سلام کہنا سب کی طرف سے کافی ہو جائے گا اور بیٹھے ہوئے لوگوں میں سے ایک شخص جواب دے تو وہ جوابِ سلام سب کی طرف سے کافی ہو جائے گا۔ (سنن ابوداؤد:5210)

32. اُنگلیوں کے ساتھ اشارہ کر کے سلام کہنا عیسائیوں کا سلام ہے اور ہتھیلیوں سے اشارہ کرنا یہودیوں کا سلام ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہمارے غیر کے ساتھ مشابہت کرتا ہے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔(سنن ترمذی:2695)

33. البتہ ضرورت کے تحت ہاتھ سے اشارہ کیا جاسکتا ہے۔(سنن ترمذی:2697 وقال حدیث حسن) زبان سے بھی کہے اشارہ کے ساتھ

34. اگر کسی مسلمان سے ملاقات ہو تو پھر اسے سلام کہے اور چلتے وقت درمیان میں کوئی درخت، دیوار یا چٹان حائل ہو جائے اور دوبارہ ملاقات ہو تو پھر اسے سلام کرے۔(سنن ابو داؤد:5200، قال الشیخ الألباني: صحیح موقوفاً ومرفوعاً)

35. کسی مجلس میں پہنچے تو سلام کہے اور جب وہاں سے رخصت ہو تو سلام کہے۔(سنن ترمذی:2706، قال الألباني: حسن صحیح)

36. عورتوں کو بھی سلام کرے۔(سنن ابو داؤد:5204، قال الألباني: صحیح)(علماء نے کہا: اگر فتنہ کا خوف نہ ہو)

37. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چند لڑکوں کے پاس سے گزرے تو اُنہیں سلام کیا۔(صحیح مسلم:2168)

38. بول و براز کے وقت نہ سلام کرے اور نہ سلام کا جواب دے۔ (سنن ترمذی:2720، سنن ابن ماجہ:350، الصحیحۃ:197)

39. نمازی ہاتھ کے اشارے سے سلام کا جواب دے۔(سنن نسائی:1186، قال الشیخ الألباني: صحیح)

40. جب کوئی شخص کسی کا سلام پہنچائے تو اس طرح جواب دے: علیک وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ و برکاتہ۔ (مسند احمد، بلوغ الامانی 12522 وسندہ صحیح)

41. رات کے وقت اتنی آواز سے سلام کرے کہ جاگنے والا سن لے اور سونے والا بیدار نہ ہو۔(صحیح مسلم)

## راویوں کا تعارف

1) (أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ)

اسم: عبد اللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان بن خواستی۔ المعروف ابن ابی شیبہ العبسی۔

کنیت: ابو بکر۔

تاریخ پیدائش: 156ھ۔

تاریخ وفات: 235ھ۔

مقامِ رہائش: کوفہ۔ بغداد۔ واسط۔ دمشق۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ عبد اللہ بن مبارک، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ امام اثرام۔ ابو بکر الاسفراینی، وغیرہ۔

2) (أَبُو مُعَاوِيَةَ)

اسم: محمد بن خازم الاعمی السعدی التیمی، الکوفی۔

کنیت: ابو معاویہ

تاریخ پیدائش: 113ھ

مقام پیدائش: کوفہ۔

تاریخ وفات: 194ھ

مقام رہائش: کوفہ۔ بغداد۔

اساتذہ: امام اعمش۔ حجاج بن اطاۃ۔ داود بن دینار، وغیرہ۔

تلامذہ: محمود بن غیلان مروزی۔ محمد بن عبد اللہ بن نمیر الہمدانی۔ ابو عبد اللہ القشیری نیشاپور، وغیرہ۔

3) (وَكِيعٌ)

اسم: وکیع بن الجراح بن ملیح بن عدی بن فرس بن جمجمۃ بن سفیان بن عمرو بن الحارث بن عمرو۔

المعروف: وکیع بن الجراح الرواسی الکوفی۔

کنیت: ابو سفیان۔

تاریخ پیدائش: 128ھ۔

مقام پیدائش: عراق۔

تاریخ وفات: 196ھ۔

مقام رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: شعبہ بن الحجاج۔ سفیان ابن عیینہ۔ حماد بن سلمہ، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ اسحاق ابن راہویہ۔ قتیبہ بن سعید البلخی، وغیرہ۔

4) (الأَعْمَشِ)

اسم سلیمان بن مہران الاعمش الکاہلی الاسدی الکوفی۔

کنیت: ابو محمد۔

تاریخ پیدائش: 61ھ۔

تاریخ وفات: 148ھ۔

رہائش: واسط، کوفہ، مکہ۔

اساتذہ: ابراہیم نخعی۔ عدی بن ثابت بن دینار الانصاری۔ ابوالحسن الاشجعی، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ سلیمان بن طرخان التیمی، وغیرہ۔

5) (أَبِي صَالِحٍ) تابعی

اسم: ذکوان، ابوصالح السمان الزیات تیمی مدنی۔

کنیت: ابوصالح۔

تاریخ وفات: 101ھ۔

رہائش: مدینہ منورہ، کوفہ۔

اساتذہ: سیدنا ابوہریرہ۔ سیدنا ابوسعید الخدری۔ جابر ابن عبد اللہ الانصاری، رضی اللہ عنہم وغیرہ۔

تلامذہ: ابوعمرو بن العلاء الخزاعی۔ امام اعمش۔ عثمان بن عاصم ابو حصین، وغیرہ۔

6) (أَبِي هُرَيْرَةَ)

اسم: ابوہریرہ، عبدالرحمن بن صخر الدوسی یمانی۔

ولادت: 21 قبل ہجرت۔

وفات: 59ھ۔

مقامِ وفات: مدینہ منورہ۔

تلامذہ: سالم بن عبد اللہ بن عمر بن خطاب۔ شہر ابن حوشب۔ سعید ابن المسیب، وغیرہ۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# چوتھی کلاس-5 احادیث

## حدیث نمبر: 26-30

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 26

# "مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ"

جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا

((حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:" مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ"))

**ترجمہ**: ہم سے عمر بن حفص نے بیان کیا، انہوں نے کہا ہم سے ہمارے والد نے بیان کیا، ان سے اعمش نے بیان کیا، انہوں نے کہا کہ مجھ سے زید بن وہب نے بیان کیا، انہوں نے کہا کہ میں نے سیدنا جریر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔"

(صحیح البخاری، کتاب الادب، بَابُ رَحْمَةِ النَّاسِ وَالْبَهَائِمِ-انسانوں اور جانوروں سب پر رحم

کرنا، حدیث نمبر:6013/و/7376۔و صحیح مسلم:2319[6030]۔وسنن الترمذی:1922۔ وادب المفرد للبخاری:96/71)

## تخریج حدیث

اس باب میں سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث مروی ہے دیکھئے: صحیح البخاری:5997۔ و صحیح مسلم:2318[6028]۔وسنن الترمذی:1911۔وسنن ابوداود:5218۔ومسند احمد : 10673۔ وأخرجه أبو يعلى (5892) و (5983) و (6113) ، والخطيب في "تاريخه" 10/177، من طريق هشيم، بهذا الإسناد.و"الأدب المفرد" (91) ، والبغوي (3446)

اس باب میں سیدنا ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے بھی حدیث مروی ہے دیکھئے:سنن الترمذی: 2381۔وسنن ابن ماجہ:4206۔وادب المفرد:95/70، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے ان سب کو صحیح کہا ہے۔

## تشریح حدیث

### اسباق حدیث

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ اللعالمین ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رحم کرم کا معاملہ تمام چھوٹے بڑے امیر غریب، تمام ماتحت افراد نیز تمام حیوانات چرند پرند پر پھیلا ہوا ہے۔
- جو بندہ اللہ تعالیٰ کی مخلوقات پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس پر دنیا اور آخرت میں رحم نہیں کرتا۔
- والدین کا اپنے بچوں سے محبت کرنا مخلوق پر رحم کے مترادف ہے، یعنی کہ اولاد کے ساتھ

حسن سلوک رحم کی علامت ہے۔

❖ بندوں پر اللہ تعالیٰ کی رحمت کی علامت یہ ہے کہ تمام بندے آپس میں رحم اور شفقت سے رہ رہے ہیں اور اگر بندوں میں آپس میں کوئی رحم دلی نہیں ہے تو یہ بندوں پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہے۔

❖ تمام اعمال کا بدلہ یہ ہے کہ جو بندوں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالی بندے کے اس فعل کے بدلے اس پر رحم نہیں کرتا۔

❖ اہل اسلام اہل ایمان، تمام مخلوقات کو فائدہ پہنچاتے ہے۔

❖ سیدنا عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((الرَّاحِمُونَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمَنُ، ارْحَمُوا أَهْلَ الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ))

رحم کرنے والوں پر رحمن رحم فرماتا ہے، تم زمین والوں پر رحم کرو، تو آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

(سنن ابوداود: 4941، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے)

❖ بچوں پر رحمت کی شکل:

- بوسہ لینا (حسن حسین رضی اللہ عنہما کو بوسہ دیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم)
- بچوں پر رقیہ (دم) کرنا کیونکہ وہ اتنے قابل نہیں کہ اپنا اچھا برا سوچ سکیں۔ اعوذ بکلمات اللہ التامۃ من کل شیطان وھامۃ ومن کل عین لامۃ۔ (نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حسنین پر یہ دم کیا اور فرمایا یہ ابراہیم علیہ السلام اپنے بچوں اسماعیل واسحاق پر دم کرتے تھے)

❖ ماں باپ کے ساتھ رحمت کا معاملہ:

- قول جمیل، صنع جمیل، خدمت صادقہ، حسن سلوک

❖ رشتہ داروں سے رحم کا معاملہ: بر وصلہ، محبتی ملاقات، ان کے مصالح وفوائد کے مشورے اور خیر خواہی، ایک دوسرے کی تکالیف کو دور کرنا

❖ شوہر وبیوی پر رحم کا معاملہ: محبت، اچھا سلوک (معاشرت بالمعروف)، اخلاص کے ساتھ معاملات داری، بیجا مطالبات سے ایک دوسرے کو تکلیف اور مشکل میں نہ ڈالنا، جس کی طاقت نہ ہو ویسے مطالبہ نہ کرنا، گھر گھرستی میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنا، گھر چلانے اور تربیت اولاد میں وقت اور مال لگانا اپنی گنجائش کے مطابق

❖ عام لوگوں پر رحم کا معاملہ: ان کے لیے وہی پسند کرنا جو اپنے لیے پسند کرتے ہیں، ان کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھنا

❖ حیوانوں پر رحم کا معاملہ: انہیں تکلیف نہ دینا، اذیت نہ دینا، علاج کروانا، کھلانا پلانا، زیادہ بوجھ نہ ڈالنا اگر سواری کے قابل ہوں تو

❖ اوصاف رحمت:

- سخت دلی نہ ہو
- حسد نہ کرے
- تکبر نہ کرے
- غضب مذموم سے بچے

❖ ایک کتے کو پانی پلانے پر جنت بھی مل سکتی ہے۔(صحیح بخاری)

❖ شریعت میں سختی نہیں۔(لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا)؛ یہ بھی رحمت کی دلیل

ہے۔

- بندہ توبہ کرے تو توبہ کی توفیق ملنا بھی رحمت کی دلیل ہے اور معاف کر دینا بھی رحمت کی دلیل ہے۔(ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفر لنا وترحمنا لنکونن من الخاسرین)
- نبی ﷺ کو قرآن میں رؤوف رحیم کہا گیا۔
- نبی ﷺ جماعت کی نماز میں امامت کو مختصر کرتے تھے اگر بچے کی آواز سن لیتے تا کہ ماں پر آسانی ہو (بخاری)
- " مَثَلُ الْمُؤْمِنِينَ فِي تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ، مَثَلُ الْجَسَدِ إِذَا اشْتَكَى مِنْهُ عُضْوٌ تَدَاعَى لَهُ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمَّى " . (صحیح مسلم: 2586) سارے مومن ایک دوسرے کے لئے ایک جسم کے مانند ہیں
- دشمن پر رحمت:
  - فتح مکہ دلیل ہے
  - جنگ احد دلیل ہے
  - طائف کا واقعہ دلیل ہے
- ہر ایک جاندار کی جان کا خیال رکھنا صدقہ ہے
- پرندہ اگر آپ کے لگائے ہوئے پودے سے کھائے تو اس کا بھی آپ کو اجر ہے۔
- لوگوں کے راستے میں فارغ نہ ہونا یہ تعلیمات بھی ان کے ساتھ رحم کی دلیل ہے
- اپنے آپ پر رحم کھانا مطلب:
  - گناہ نہ کرنا

- خودکشی نہ کرنا
- اپنا خیال رکھنا
- ولا تلقوا بأيدكم الى التهلكة
- فَإِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَإِنَّ لِعَيْنِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَإِنَّ لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقًّا". (صحيح بخارى: 5199)

❖ معاشرتی تعلقات بھی رحمت ہے( ومن آياتہ ان خلق لكم من انفسكم۔۔۔30:21۔)

❖ تجارت میں رحمت ضروری ہے:عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، أَنّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:" رَحِمَ اللَّهُ رَجُلًا سَمْحًا، إِذَا بَاعَ، وَإِذَا اشْتَرَى، وَإِذَا اقْتَضَى ".( صحیح بخاری:2076)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر رحم کرے جو بیچتے وقت اور خریدتے وقت اور تقاضا کرتے وقت فیاضی اور نرمی سے کام لیتا ہے۔

❖ مساکین اور بیواؤں کا خیال رکھنا، ان کے لیے اچھے اسکیم، اچھے فنڈ اور جمعیہ خیریہ قائم کرنا (ولا يحض على طعام المسكين–اس سے شیخ البانی رحمہ اللہ نے جمعیہ خیریہ قائم کرنے کی دلیل لی ہے)

" السَّاعِي عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِينِ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، أَوْ كَالَّذِي يَصُومُ النَّهَارَ وَيَقُومُ اللَّيْلَ" . (صحيح بخارى: 6006)

ترجمہ: بیواؤں اور مسکینوں کے لیے کوشش کرنے والا اللہ کے راستہ میں جہاد کرنے والے کی طرح ہے یا اس شخص کی طرح ہے جو دن میں روزے رکھتا ہے اور رات کو عبادت کرتا

ہے۔

- انس رضی اللہ عنہ کی گواہی نبی ﷺ کی رحمت و شفقت کی دلیل ہے۔
- نبی ﷺ چھوٹے بچوں کے پرندوں اور کھلونوں کا خیال رکھتے۔"یا ابا عمیر ما فعل النغیر "، اچھے القاب سے پکارتے، عائشہ رضی اللہ عنہا کو گڑیا کی اجازت دی خاموش رہ کر (حدیث تقریری)۔
- رحمت کے خلاف امور:
  - گالی دینا
  - لعن طعن کرنا
  - چیخنا چلانا
  - سخت مزاجی
  - بدخوئی
- رحمت کا تقاضہ:
  - صلح پسند رہنا۔لڑاکو مزاج سے دور رہنا
  - جلدی معاف کردینا
  - غصہ پی لینا
  - حلم وبردباری
- رحمٰن: عمومی رحمت سب مخلوق کے لیے
- رحیم: خاص رحمت قیامت کے دن صرف مؤمنین کے لیے
- سورہ نبأمیں مشاہداتی نشانیاں اور سورہ عبس میں غذا کی فراہمی میں کائنات کا سسٹم کو اللہ کی

ربوبیت پر دلیل بنا کر عبادت کی دعوت دی یہ رحمت کی دلیل ہے۔

- اللہ کی رحمت یہ ہے کہ: کتابیں نازل کیں رسول بھیجے، ہدایت کا انتظام کیا، ظالم کی پکڑ، مظلوم کی مدد، کائنات کے تصرفات، قیوم کی صفت، چاند سورج بارش ساری نعمتیں آلاء اللہ، انعامات، کھانے پینے کا انتظام، کھیتی، جانور، ترکاریاں، میوے، ہر ایک کو ایک دوسرے کا مدد کرنے کا نظام بنایا کیونکہ سب کمزور ہیں ایک دوسرے کی مدد کے محتاج (سورہ زخرف)۔ (مختصر الصواعق المرسلہ–ابن قیم رحمہ اللہ)
- دنیا میں مصائب رکھے یہ رحمت ہے ورنہ لوگ آخرت بھول جاتے جنت کی خواہش ختم ہو جاتی۔ (اغاثۃ اللھفان–ابن قیم رحمہ اللہ)
- " إِنَّ لِلَّهِ مِائَةَ رَحْمَةٍ أَنْزَلَ مِنْهَا رَحْمَةً وَاحِدَةً بَيْنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالْبَهَائِمِ وَالْهَوَامِّ، فَبِهَا يَتَعَاطَفُونَ، وَبِهَا يَتَرَاحَمُونَ، وَبِهَا تَعْطِفُ الْوَحْشُ عَلَى وَلَدِهَا وَأَخَّرَ اللَّهُ تِسْعًا وَتِسْعِينَ رَحْمَةً يَرْحَمُ بِهَا عِبَادَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ " .
(صحيح مسلم: 2752)

ترجمہ: "اللہ تعالیٰ کی سو رحمتیں ہیں، ان میں سے ایک رحمت اس نے جن وانس، حیوانات اور حشرات الارض کے درمیان نازل فرما دی، اسی (ایک حصے کے ذریعے) سے وہ ایک دوسرے پر شفقت کرتے ہیں، آپس میں رحمت کا برتاؤ کرتے ہیں، اسی سے وحشی جانور اپنے بچوں پر شفقت کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ننانوے رحمتیں مؤخر کر کے رکھ لی ہیں، ان سے قیامت کے دن اپنے بندوں پر رحم فرمائے گا۔"

- عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْيٌ، فَإِذَا امْرَأَةٌ مِنَ السَّبْيِ قَدْ تَحْلُبُ ثَدْيَهَا تَسْقِي، إِذَا وَجَدَتْ

صَبِيًّا فِي السَّبْيِ أَخَذَتْهُ فَأَلْصَقَتْهُ بِبَطْنِهَا وَأَرْضَعَتْهُ، فَقَالَ لَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" أَتُرَوْنَ هَذِهِ طَارِحَةً وَلَدَهَا فِي النَّارِ" قُلْنَا: لَا، وَهِيَ تَقْدِرُ عَلَى أَنْ لَا تَطْرَحَهُ فَقَالَ:" لَلَّهُ أَرْحَمُ بِعِبَادِهِ مِنْ هَذِهِ بِوَلَدِهَا" . (صحيح بخاری: 5999)

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ قیدی آئے قیدیوں میں ایک عورت تھی جس کا پستان دودھ سے بھرا ہوا تھا اور وہ دوڑ رہی تھی، اتنے میں ایک بچہ اس کو قیدیوں میں ملا اس نے جھٹ اپنے پیٹ سے لگا لیا اور اس کو دودھ پلانے لگی۔ ہم سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم خیال کر سکتے ہو کہ یہ عورت اپنے بچے کو آگ میں ڈال سکتی ہے ہم نے عرض کیا کہ نہیں جب تک اس کو قدرت ہو گی یہ اپنے بچے کو آگ میں نہیں پھینک سکتی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر فرمایا کہ اللہ اپنے بندوں پر اس سے بھی زیادہ رحم کرنے والا ہے جتنا یہ عورت اپنے بچہ پر مہربان ہو سکتی ہے۔

- عیادت مریض کے فضائل سے رحمت الٰہی ملتی ہے۔
- نماز کے بعد مجلس سے نہ اٹھنے تک رحمت نازل ہوتے رہتی ہے۔
- نوافل گھر میں پڑھنے سے رحمت ملتی ہے۔
- ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " مَا مِنْ أَحَدٍ يُدْخِلُهُ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ "، فَقِيلَ: وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟، قَالَ: " وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِي رَبِّي بِرَحْمَةٍ " . (صحيح بخاری: 7113)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تم میں سے کسی شخص کو اس کا عمل جنت میں نہیں لے

جائے گا۔ "پوچھا گیا: اللہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کو بھی نہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "مجھے بھی نہیں مگر یہ کہ میرا رب مجھے اپنی رحمت میں چھپا لے۔"

- قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ-(سورۃ الزمر:53) اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا
- ماں باپ پر رحمت: واخفض لھما جناح الذل من الرحمۃ
- الایمان بین الخوف والرجاء (امام بخاری نے باب باندھا)
- امر بالمعروف والنھی عن المنکر بھی رحمت کی دلیل ہے۔
- فقہاء محدثین مفسرین علماءِ عقیدہ یہ سب عوام پر ماؤوں سے زیادہ رحم کرتے ہیں (ابن تیمیہ) تب ہی تو پوری زندگی کے آرام کو قربان کر کے علم حاصل کرتے اور پھیلانے کے لیے دور دراز سفر کرتے۔
- دعا کرنا — وقل رب اغفر وارحم وانت خیر الراحمین
- احکامات شریعت میں انسان کی پانچ عظیم بنیادی ضرورتوں کی تکمیل ہے یہ بھی رحمت کی دلیل ہے۔
- معاملات وبیوع میں حرام وحلال کا سسٹم دراصل انسانوں کو تکالیف اور ظلم، جھگڑا و فساد سے بچانا مقصود ہے (ابن قیم)؛ یہ رحمت کی دلیل ہے۔
- اپنے اطراف سے بھگانا کمال نہیں اپنے قریب رکھنا بڑی بات ہے۔ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ لِنتَ لَهُمْ ۖ وَلَوْ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ۔(آل عمران: 159)
- عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ ، " أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

ASKISLAMPEDIA GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

تَلَا قَوْلَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي إِبْرَاهِيمَ: رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيرًا مِنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي سورة إبراهيم آية ٣٦ الآيَةَ، وَقَالَ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَام: إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ سورة المائدة آية ١١٨، فَرَفَعَ يَدَيْهِ، وَقَالَ: اللَّهُمَّ، أُمَّتِي، أُمَّتِي، وَبَكَى، فَقَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا جِبْرِيلُ، اذْهَبْ إِلَى مُحَمَّدٍ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ، فَسَلْهُ مَا يُبْكِيكَ؟ فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَسَأَلَهُ، فَأَخْبَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا قَالَ، وَهُوَ أَعْلَمُ، فَقَالَ اللَّهُ: يَا جِبْرِيلُ، اذْهَبْ إِلَى مُحَمَّدٍ، فَقُلْ: إِنَّا سَنُرْضِيكَ فِي أُمَّتِكَ وَلَا نَسُوؤُكَ ".

(صحيح مسلم: 499)

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابراہیم رضی اللہ عنہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے فرمان: "پروردگار، ان بتوں نے بہتوں کو گمراہی میں ڈالا ہے (ممکن ہے کہ میری اولاد کو بھی یہ گمراہ کر دیں، لہٰذا ان میں سے) جو میرے طریقے پر چلے وہ میرا ہے اور جو میرے خلاف طریقہ اختیار کرے تو یقیناً تو درگزر کرنے والا مہربان ہے۔" اور عیسیٰ رضی اللہ عنہ کے قول "اگر تو انہیں عذاب دے تو وہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انہیں معاف فرما دے تو بلاشبہ تو ہی غالب حکمت والا ہے" کی تلاوت فرمائی اور اپنے ہاتھ اٹھا کر فرمایا: "اے اللہ! میری امت، میری امت" اور (بے اختیار) رو پڑے۔ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا: اے جبریل رضی اللہ عنہ! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ، جبکہ تمہارا رب زیادہ جاننے والا ہے، ان سے پوچھو کہ آپ کو کیا بات رلا رہی ہے؟ جبریل رضی اللہ عنہ آپ کے پاس آئے اور (وجہ) پوچھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

جو بات کہی تھی ان کو بتائی، جبکہ وہ (اللہ اس بات سے) زیادہ اچھی طرح آگاہ ہے، اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے جبریل! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم آپ کی امت کے بارے میں آپ کو راضی کریں گے اور ہم آپ کو تکلیف نہ ہونے دیں گے۔

- نبی ﷺ کے پیر ورم زدہ ہوتے امت پر رحمت کھاتے کھاتے
- حقوق المسلم کی حدیث رحمت کی دلیل
- إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَىٰ۔(سورۃ النحل:90)

## راویوں کا تعارف

1) (عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ)

اسم: عمر بن حفص بن غیاث بن طلق بن معاویہ النخعی الکوفی۔

کنیت: ابو حفص۔

تاریخ وفات: 222ھ۔

مقام وفات: کوفہ۔

مقام رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: حفص بن غیاث النخعی الکوفی۔ عبد اللہ بن ادریس الازدی الکوفی۔ ابو بکر بن عیاش بن سالم الاسدی الحناط، وغیرہ۔

تلامذہ: اسحاق بن اسماعیل الطالقانی۔ محمد بن حسین الجنینی۔ محمد بن عثمان ابن کرامہ العجلی، وغیرہ۔

2) (أَبِي)

اسم: حفص بن غیاث النخعی الکوفی (قاضئ کوفہ ووالیئ بغداد)

کنیت: ابو عمر۔

تاریخ پیدائش:117ھ۔

تاریخ وفات:194ھ۔

مقام وفات: کوفہ۔

مقام رہائش: کوفہ۔ بغداد۔

اساتذہ: سلیمان بن طرخان التیمی۔ ابن جریج الاموی۔ لیث بن ابو سلیم ایمن بن زنیم، وغیرہ۔

تلامذہ: اسحاق ابن راہویہ۔ عبد السلام سحنون۔ ابو عبد اللہ احمد بن ابراہیم بن کثیر الدورقی، وغیرہ۔

3) (الْأَعْمَشُ)

اسم سلیمان بن مہران الاعمش الکاہلی الاسدی الکوفی۔

کنیت: ابو محمد۔

تاریخ پیدائش:61ھ۔

تاریخ وفات:148ھ۔

رہائش: واسط، کوفہ، مکہ۔

اساتذہ: ابراہیم نخعی۔ عدی بن ثابت بن دینار الانصاری۔ ابو الحسن الاشجعی، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ سلیمان بن طرخان التیمی، وغیرہ۔

4) (زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ) تابعی

اسم: زید بن وہب الجہنی الہمدانی الکوفی۔

کنیت: ابو سلیمان۔

تاریخ وفات:96ھ۔

مقام رہائش: کوفہ۔ ہمدان (ایران)

اساتذہ: جریر بن عبد اللہ۔ عمر ابن الخطاب۔ ابو ذر غفاری۔ عبد اللہ بن مسعود، وغیرہ۔

تلامذہ: سلیمان بن مہران اعمش۔ اسماعیل بن ہرمز۔ عدی بن ثابت بن دینار الانصاری، وغیرہ۔

5) (جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ)صحابی۔

جریر بن عبد اللہ بن جابر بن مالک نضر بن ثعلبہ۔

المعروف: جریر بن عبد اللہ البجلی الیمانی القسری۔

کنیت: ابو عبد اللہ۔ ابو عمرو۔

تاریخ وفات: 51ھ۔

مقام وفات: کوفہ۔

مقام رہائش: کوفہ۔ یمن۔ قرقیسیا(بلاد شام)۔

تلامذہ: زید بن وہب۔ قیس بن ابو حازم البجلی۔ زیاد بن علاقہ ابو مالک الکوفی۔ عامر بن سعد البجلی الکوفی، وغیرہ۔

## رحمت سے متعلق آسک اسلام پیڈیا سے مأخوذ دو مفید آرٹیکل[46]

اللہ کی مخلوق پر رحمت وشفقت کرنے کی فضیلت

فہرستِ مضمون


پہلی حدیث

دوسری حدیث

تیسری حدیث

چوتھی حدیث

پانچویں حدیث

چھٹی حدیث

ساتویں حدیث

حوالہ


[46] https://www.askislampedia.com/ur/wiki/-/wiki/Urdu_wiki/%D8%A7%D9%84%D9%84%DB%81++%DA%A9%DB%8C+%D9%85%D8%AE%D9%84%D9%88%D9%82+%D9%BE%D8%B1+%D8%B1%D8%AD%D9%85%D8%AA+%D9%88+%D8%B4%D9%81%D9%82%D8%AA+%DA%A9%D8%B1%D9%86%DB%92++%DA%A9%DB%8C+%D9%81%D8%B6%DB%8C%D9%84%D8%AA;jsessionid=9B3A5AA1D38D82B22C03DE3A4E298B02

## پہلی حدیث:

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، " يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاحِمُونَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمَنُ، ارْحَمُوا أَهْلَ الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ، "

حضرتِ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’رحم کرنے والوں پر رحمان رحم کرتا ہے۔ تم اہلِ زمین پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا‘‘۔

(الراوي: عبد الله بن عمرو | المحدث: الألباني | المصدر: صحيح أبي داود | الصفحة أو الرقم: 4941 | خلاصة حكم المحدث: صحيح | التخريج: أخرجه أبو داود (4941)، والترمذي (1924)، وأحمد (6494))

قال الله تعالى : " قُلِ ادْعُوا اللَّـهَ أَوِ ادْعُوا الرَّحْمَـٰنَ ۖ أَيًّا مَّا تَدْعُوا فَلَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۚ " . سورة الإسراء : ﴿١١٠﴾ .

کہہ دیجئیے کہ اللہ کو اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر، جس نام سے بھی پکارو تمام اچھے نام اسی کے ہیں۔ "

## دوسری حدیث:

عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَا يَرْحَمُ اللَّهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ"

حضرتِ جریر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا، اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس پر رحم نہیں کرتا‘‘۔

(الراوي: جرير بن عبد الله | المحدث: البخاري | المصدر: صحيح البخاري | الصفحة أو الرقم: 7376 | خلاصة حكم المحدث: [ صحيح ] | التخريج: أخرجه البخاري (7376) واللفظ له، ومسلم (2319))

## تیسری حدیث

عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: " كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَهُ رَسُولُ

إِحْدَى بَنَاتِهِ يَدْعُوهُ إِلَى ابْنِهَا فِي الْمَوْتِ، ---- الحديث وفيه : فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا هَذَا ؟، قَالَ: هَذِهِ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللَّهُ فِي قُلُوبِ عِبَادِهِ، وَإِنَّمَا يَرْحَمُ اللَّهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ ."

حضرتِ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے پاس تھے۔ کہ آپ کی ایک صاحبزادی (حضرتِ زینب رضی اللہ عنہا) کے بھیجے ہوئے ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ ان کے لڑکے نزع کی حالت میں ہیں۔ اوروہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:سول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو بلارہی ہیں۔ حدیث طویل ہے، اور اس میں ہے آپ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ تو حضرتِ سعد رضی اللہ عنہ کہا: اللہ کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! یہ کیا ہے؟۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:”یہ رحمت ہے جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے بندوں کے دلوں میں رکھی ہے۔ اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ بھی اپنے انہی بندوں پر رحم کرتا ہے۔ جو رحم دل ہوتے ہیں“۔

(الراوي: أسامة بن زيد | المحدث: البخاري | المصدر: صحيح البخاري | الصفحة أو الرقم: 7377 | خلاصة حكم المحدث: [صحيح] | التخريج: أخرجه البخاري (7377) واللفظ له، ومسلم (923))

## چوتھی حدیث

حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ:" قَبَّلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَعِنْدَهُ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيمِيُّ جَالِسًا، فَقَالَ الْأَقْرَعُ: إِنَّ لِي عَشَرَةً مِنَ الْوَلَدِ مَا قَبَّلْتُ مِنْهُمْ أَحَدًا، فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ:" مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ ."

حضرتِ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ حضرتِ ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ کہا: رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے حضرتِ حسن بن علی رضی اللہ عنہ کا بوسہ لیا۔ اور آپ کے پاس حضرتِ اقرع بن حابس تمیمی رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرتِ اقرع نے کہا کہ میرے دس لڑکے ہیں، اور میں نے ان میں سے کسی کا بوسہ نہیں لیا۔ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ان کی طرف دیکھا اور فرمایا:”جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مخلوق پر رحم نہیں کرتا، اس پر بھی رحم نہیں کیا جاتا“۔

(الراوي: أبو هريرة|المحدث: البخاري|المصدر: صحيح البخاري|الصفحة أو الرقم: 5997|خلاصة حكم المحدث: [صحيح]

## پانچویں حدیث

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: تُقَبِّلُونَ الصِّبْيَانَ، فَمَا نُقَبِّلُهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" أَوَأَمْلِكُ لَكَ أَنْ نَزَعَ اللَّهُ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ ."

حضرتِ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ روایت کرتی ہیں۔ کہ ایک دیہاتی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس نے کہا: آپ لوگ بچوں کا بوسہ لیتے ہیں۔ ہم تو ان کا بوسہ نہیں لیتے۔ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "اگر اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے تمہارے دل سے رحم نکال دیا ہے تو میں کیا کر سکتا ہوں"۔

(الراوي: عائشة أم المؤمنين|المحدث: البخاري|المصدر: صحيح البخاري|الصفحة أو الرقم: 5998|خلاصة حكم المحدث: [صحيح])

## چھٹی حدیث

وفي رواية لمسلم : " وَأَمْلِكُ إنْ كانَ اللَّهُ نَزَعَ مِنْكُمُ الرَّحْمَةَ . وقالَ ابنُ نُمَيْرٍ: مِن قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ . " .

اور اسی طریقہ سے مسلم شریف کی روایت میں ہے کہ "اگر اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے تم سے رحمت چھین لی ہے، تو میں کیا کر سکتا ہوں"۔ اور ابن نمیر راوی نے (یہ لفظ) بیان کیا کہ تیرے دل سے رحمت (چھین لی گئی ہے)۔

(الراوي: عائشة أم المؤمنين|المحدث: مسلم|المصدر: صحيح مسلم|الصفحة أو الرقم: 2317|خلاصة حكم المحدث: [صحيح]|التخريج: أخرجه مسلم (2713) واللفظ له، وابن ماجه (3665))

## ساتویں حدیث

أنَّ رَجُلًا قال: يا رسولَ اللهِ، إنّي لأذبَحُ الشّاةَ، وأنا أرحَمُها -أو قال: إنّي أرحَمُ الشّاةَ أنْ أذبَحَها- فقال: والشّاةُ إنْ رَحِمتَها، رَحِمَكَ اللهُ.

حضرتِ معاویہ بن قرہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں۔ کہ ایک آدمی نے عرض کیا: اللہ کے رسول ﷺ! میں بکری ذبح کرتا ہوں۔ تو اس پر رحم بھی کرتا ہوں یا یوں کہا کہ میں بکری پر رحم کرتا ہوں۔ کہ اس کو ذبح کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اگر تو بکری پر رحم کرے گا تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ تجھ پر رحم کرے گا"۔

(الراوي: قرة بن إياس المزني|المحدث: شعيب الأرناؤوط|المصدر: تخريج المسند|الصفحة أو الرقم: 20363|خلاصة حكم المحدث: إسناده صحيح | التخريج: أخرجه أحمد (20363) واللفظ له، وابن أبي شيبة (25870)، والطبراني (46)(23/19))

## حوالہ

(ماخوذ از کتاب: صحیح اور مستند فضائل اعمال ضعیف اور موضوع روایات سے پاک مجموعۂ احادیث، تالیف: ابو عبد اللہ علی بن محمد المغربی رحمۃ اللہ علیہ، مترجم: فضیلۃ الشیخ حافظ عبد الغفار المدنی حفظہ اللہ)

# دوسرا آرٹیکل آسک اسلام پیڈیا[47] سے

## رحمتِ الٰہی

اللہ سبحانہ وتعالیٰ بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے، اور وہ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ارحم الراحمین ہے، جس کی رحمت ہر چیز پر وسیع ہے۔

فہرست

قرآن

47 https://www.askislampedia.com/ur/wiki/-/wiki/Urdu_wiki/%D8%B1%D8%AD%D9%85%D8%AA%D9%90+%D8%A7%D9%84%DB%81%DB%8C

حدیث

رحمتِ الٰہی کے بعض مظاہر

اللہ تعالی کی رحمت کی دو قسمیں ہیں

الرحمن الرحیم

اور دیکھیے

حوالہ جات

قرآن

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے: اور میری رحمت ہر چیز کو وسیع ہے (الاعراف:156)،

نیز فرمایا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان سب پر بہت ہی شفیق مہربان ہے۔(التوبہ:117)،

نیز فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت نیک کام کرنے والوں کے نزدیک ہے۔(الاعراف:56)،

نیز فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بڑا ہی لطف کرنے والا ہے، جسے چاہتا ہے کشادہ روزی دیتا ہے اور وہ بڑی طاقت، بڑے غلبہ والا ہے۔(الشوری:19)۔

## حدیث

ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے لئے سو(100) رحمتیں ہیں ان میں سے ایک رحمت نازل فرمائی ہے جس کے ساتھ جن وانس اور جانور اور چوپائے اور کیڑے مکوڑے ایک دوسرے پر رحم اور نرمی کرتے ہیں، اور اللہ تعالی نے ننانویں رحمتیں اپنے لئے رکھیں جن کے ساتھ وہ روز قیامت اپنے بندوں پر رحم کرے گا.

(صحیح مسلم:6908)

عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ: رسول کریم ﷺ کے پاس کچھ قیدی لائے گئے اور ان قیدیوں میں سے ایک عورت کچھ تلاش کر رہی تھی کہ اس نے قیدیوں میں بچہ پایا تو اسے لے کر اپنے سینے سے چمٹایا اور دودھ پلانے لگی، تو رسول کریم ﷺ نے ہمیں فرمایا: کیا تمہارے خیال میں یہ عورت اپنے بیٹے کو آگ میں ڈال دے گی؟ تو ہم نے عرض کیا اللہ کی قسم نہیں، وہ اس پر قادر ہے کہ اسے آگ میں نہیں ڈالے، تو رسول کریم

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالی اپنے بندوں کے ساتھ اس عورت کے اپنے بیٹے پر رحم کرنے سے بھی زیادہ رحم کرنے والا ہے.

(صحیح بخاری:5653، صحیح مسلم:69121)

سلمان فارسی رضی اللهعنہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالی نے جس دن آسمان اور زمین بنائے اس دن سو رحمتیں پیدا کیں، ہر ایک رحمت اتنی بڑی ہے جتنا فاصلہ آسمان اور زمین میں ہے تو ان میں سے ایک رحمت زمین میں کی جس کی وجہ سے ماں بچے سے محبت کرتی ہے اور وحشی جانور اور پرندے للام دوسرے سے محبت کرتي ہیں پھر جب قیامت کا دن ہو گا تو اللہ تعالی اس کو پورا کرے گا اس رحمت سے۔

(صحیح مسلم:2753)

## رحمتِ الٰہی کے بعض مظاہر

اور اللہ تعالی کی اپنے بندوں پر رحمت ہی ہے کہ اس نے رسول مبعوث کئے اور کتابیں اور شریعتیں نازل فرمائیں تاکہ ان کی زندگی سنور سکے اور وہ تنگی وتکلیف اور گمراہی سے رشد وہدایت کی طرف نکل آئیں، فرمان باری تعالی ہے: اور ہم نے آپ کو سب جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے (الانبیاء:107)۔ نیز فرمایا: اور ہم پیغمبروں کو صرف اس واسطے بھیجا کرتے ہیں کہ وہ بشارت دیں اور ڈرائیں پھر جو ایمان لے آئے اور درستی کرلے سو ان لوگوں پر کوئی اندیشہ نہیں اور نہ وہ مغموم ہوں گے۔

(الأنعام:48)

یہ اللہ تعالی کی رحمت کا نتیجہ ہی ہے کہ وہ بندوں کی توبہ کو قبول فرماتا ہے اور دن ورات ان کے گناہوں کو بخش دیتاہے، فرمان باری تعالی ہے: (میری جانب سے) کہہ دو کہ اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے تم اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو جاؤ، بالیقین اللہ تعالیٰ سارے گناہوں کو بخش دیتاہے، واقعی وہ بڑی بخشش بڑی رحمت والا ہے۔(الزمر: 53)۔ نیز فرمایا: وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور گناہوں سے درگزر فرماتاہے اور جو کچھ تم کر رہے ہو (سب) جانتاہے۔(الشوری: 25)۔ ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہي کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزت اور بزرگی والا اپنا ہاتھ پھیلا تاہے رات کو تاکہ دن کا گنہگار توبہ کرے اور ہاتھ پھیلا تا ہے دن کو تاکہ رات کا گنہگار توبہ کرے یہاں تک کہ آفتاب نکلے پچھم سے۔(صحیح مسلم:

2759)۔ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما نے دو احادیث (بیان کیں) ایک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اور دوسری خود اپنی طرف سے کہا کہ مومن اپنے گناہوں کو ایسا محسوس کرتا ہے جیسے وہ کسی پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہے اور ڈرتا ہے کہ کہیں وہ اس کے اوپر نہ گر جائے اور بدکار اپنے گناہوں کو مکھی کی طرح ہلکا سمجھتا ہے کہ وہ اس کے ناک کے پاس سے گزری اور اس نے اپنے ہاتھ سے یوں اس طرف اشارہ کیا۔ ابو شہاب نے ناک پر اپنے ہاتھ کے اشارہ سے اس کی کیفیت بتائی پھر انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث بیان کی۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کی توبہ سے اس شخص سے بھی زیادہ خوش ہوتا ہے جس نے کسی پر خطر جگہ پڑاؤ کیا ہو اس کے ساتھ اس کی سواری بھی ہو اور اس پر کھانے پینے کی چیزیں موجود ہوں۔ وہ سر رکھ کر سو گیا ہو اور جب بیدار ہوا ہو تو اس کی سواری غائب رہی ہو۔ آخر بھوک وپیاس یا جو کچھ اللہ نے چاہا اسے سخت لگ جائے وہ اپنے دل میں سوچے کہ مجھے اب گھر واپس چلا جانا چاہئے اور جب وہ واپس ہوا اور پھر سو گیا لیکن اس نیند سے جو سر اٹھایا تو اس کی سواری وہاں کھانا پینا لئے ہوئے سامنے کھڑی ہے تو خیال کرو اس کو کس قدر خوشی ہو گی۔

(صحیح بخاری:6308)

اور اللہ تعالی کی رحمت ہی روز قیامت اس کے مومن بندوں کو جنت میں داخل کرے گی، کوئی شخص بھی اپنے اعمال کی بنا پر جنت میں داخل نہیں ہو گا جیسا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: کسی شخص کو بھی اس کا عمل جنت میں داخل نہیں کرے گا، صحابہ کرام نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ بھی نہیں؟ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بھی نہیں الا یہ کہ اللہ تعالی مجھے اپنے فضل اور رحمت سے ڈھانپ لے، لھذا درمیانہ راہ اختیار کرو اور افراط و تفریط سے بچو، اور تم میں سے کوئی بھی موت کی تمنا نہ کرے اگر تو وہ نیکی کرنے والا ہے تو خیر و بھلائی زیادہ کرے گا اور اگر گنہگار ہے تو ہو سکتا ہے توبہ کر لے۔

(صحیح بخاری:5349، صحیح مسلم:7042)

مومن کو چاہئے کہ وہ اللہ تعالی سے اس کی رحمت امید اور اس کے عذاب کا خوف رکھے اسے ان دونوں کے مابین رہنا چاہئے، کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے: میرے بندوں کو بتا دو کہ میں بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہوں، اور میرا ساتھ ہی میرا عذاب ہی دردناک عذاب ہے (الحجر:50،49)۔

## اللہ تعالی کی رحمت کی دو قسمیں ہیں

(1) رحمت عامّہ،

(2)رحمت خاصّہ۔

(1)رحمت عامّہ وہ رحمت ہے جو ساری مخلوقات کو گھیرے ہوئے ہے، حتی کہ کفار اور مشرکین بھی اس سے محروم نہیں،اس رحمت کا دوسرا نام دنیوی رحمت ہے،جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا:اے ہمارے پروردگار!تونے ہر چیز کو اپنی رحمت اور علم سے گھیر رکھا ہے۔(غافر:7)۔

(2)رحمت خاصّہ وہ رحمت ہے جسے اللہ تعالیني اپنے مومن بندوں کے لے خاص کرر کھاہے،یہ دینی، دنیوی اور اخروی رحمت ہے جو طاعت کی توفیق، معصیت سے گریز، صراط مستقیم پر استقامت، جنت کی طلب اور جہنم سے خوف کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے۔ فرمان باری تعالی ہے:وہی ہے جو تم پر اپنی رحمتیں بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے (تمہارے لئے دعائے رحمت کرتے ہیں) تاکہ وہ تمہیں اندھیروں سے اجالے کی طرف لے جائے اور اللہ تعالیٰ مومنوں پر بہت ہی مہربان ہے۔(الأحزاب:43)۔

## الرحمن اورالرحیم

الرحمن اور الرحیم اللہ تعالی کے اسماء میں سے دو اسم ہیں جو کہ اللہ کی صفت رحمت پر دلالت کرتے ہیں۔ الرحمن اللہ تعالی کی وسعت رحمت اور الرحیم اس رحمت کو مخلوق تک پہنچانے پر دلالت کرتا ہے ، تو الرحمن وسعت رحمت والا اور الرحیم پہنچانے والا۔

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے کہ:الرحمنیعنی وسعت رحمت والا ہے؛اس لئے کہ عربی میں فعلان کا وزن وسعت اور امتلاء پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ قول ہے، رجل عضبان، کہ جب اس میں غصہ بھر جا ئے تو اسے غصہ سے بھرا ہوا آدمی کہتے ہیں۔ الرحیم: ایسا اسم ہے جو کہ فعل پر دلالت کرتا ہے، کیونکہ یہ فعیل بمعنی فاعل ہے، جو کہ فعل پر دلالت کرتا ہے، تو الرحمن اور الرحیم میں جمع ہوگئے، اور الرحمن سے یہ اخذ ہوتا ہے کہ وہ وسعت رحمت والا ہے اور الرحیم سے یہ اخذ کیا جاتا ہے کہ وہ اس رحمت کو مخلوق تک پہنچانے والا ہے۔ اور بعض نے یہ کہا ہے کہ الرحمن میں رحمت عامہ اور الرحیم میں رحمت خاصہ جو کہ مومنوں کے ساتھ خاص ہے، لیکن جو ہم نے ذکر کیا ہے وہ ہی اولی ہے)۔(شرح عقیدہ الواسطیۃ:1 / 22)۔

## حوالہ جات

شرح العقیدۃ الواسطیۃ: الشیخ محمد بن صالح العثیمین، فقہ الاسماء والحسنی: الشیخ عبد الرزاق بن عبد المحسن البدر۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 27

# "الْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيمَانِ"

حیاء (شرم) بھی ایمان کی ایک شاخ ہے

((حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْه، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:" الْإِيمَانُ بِضْعٌ وَسِتُّونَ شُعْبَةً، وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيمَانِ"))

**ترجمہ**: ہم سے بیان کیا عبد اللہ بن محمد جعفی نے، انہوں نے کہا ہم سے بیان کیا ابو عامر عقدی نے، انہوں نے کہا ہم سے بیان کیا سلیمان بن بلال نے، انہوں نے عبد اللہ بن دینار سے، انہوں

نے روایت کیا ابو صالح سے، انہوں نے نقل کیا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے، انہوں نے نقل فرمایا جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان کی ساٹھ سے کچھ اوپر شاخیں ہیں، اور حیاء (شرم) بھی ایمان کی ایک شاخ ہے۔

## تخریج حدیث

( صحیح البخاری، کتاب الایمان، بَابُ أُمُورِ الإِيمَانِ - ایمان کے کاموں کا بیان، حدیث نمبر :9۔و صحیح مسلم:35[152،153]۔وسنن ابوداود:4676۔وسنن الترمذی:26214۔وسنن النسائی:5008۔وسنن ابن ماجہ:57)

وأخرجه وابن حبان (166) ، والآجري في "الشريعة" ص 110 و110-111، وابن منده (147) ، والبغوي (17) و الطيالسي (2403) عن وهيب بن خالد، عن سهيل بن أبي صالح، عن أبيه، عن أبي هريرة. فأسقط منه عبد الله بن دينار۔

## شرح حدیث

### اسباق حدیث

1. حیا ایمان کا ایک شعبہ ہے جس کے ماتحت بے شمار ایمان کے شعبے آتے ہیں۔
2. شرم وحیا حسن اخلاق کا جز ہے۔
3. اللہ تعالیٰ پر ایمان نہ لانا سب سے بڑی بے حیائی اور بے شرمی ہے۔

4. حیا ایمان کا سبب ہے، یعنی کہ حیا ایمان کا بہت بڑا حصہ ہے۔
5. ایمان کی تمام شاخیں ایک دوسرے پر فوقیت رکھتے ہیں۔
6. شرم وحیا ایمان کا حصہ ہے۔
7. شرم وحیا کا اسلام میں بہت بڑا مقام ہے۔
8. اللہ سے حیاء کا مطلب:
   a. خوف
   b. اللہ دیکھ رہا ہے
   c. اس کی عبادت کرنا
   d. اس کے حکم کی اتباع اور ممنوع کام سے رکنا
   e. اللہ کی نافرمانی کے قریب جانے سے حیا آنا
   f. حیا انسانوں کو گناہ سے روکتی ہے
   g. اکیلے ہو یا سفر یا حضر میں اتق الله حيثماكنت، ان الله كان عليكم رقيبا
9. فرشتوں سے حیا کا مطلب:
   a. اعمال ونامۂ اعمال کا تصور کر کے اپنے آپ کو گناہ سے دور رکھنا، فرشتے نوٹ کر رہے ہیں۔
   b. عثمان رضی اللہ عنہ حیا والے تھے، فرشتے بھی ان سے حیا کھاتے تھے۔
10. لوگوں سے حیا:
   a. انسانیت کے مخالف امور سے دور رہنا
   b. اپنی زبان اور افعال سے تکلیف نہ دینا

c. طعنے اور غیبت سے دور رہنا

d. اپنی عار اور شرم والی چیزوں کا اظہار نہ کرنا

11. مذموم حیا:

a. عدم سوال

b. عدم طلب علم

c. و الله لا یستحی من الحق

d. نعمت النساء نساء الانصار لا یمنعهن الحیاء

e. ممنوع حیا کہ مہمانوں کی خاطر نماز چھوڑ دینا

f. کوئی نیک عمل کرنے سے ڈرنا

g. ان کے خاطر شریعت چھوڑنا

12. ہر نبی نے حیاء کی تعلیم دی۔ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" إِنَّ مِمَّا أَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْأُولَى إِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ".( صحیح بخاری:6120)

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”اگلے پیغمبروں کا کلام جو لوگوں کو ملا اس میں یہ بھی ہے کہ جب شرم ہی نہ رہی تو پھر جو جی چاہے وہ کرے۔“

13. اس حدیث کے دو معنی ہیں:

a. اگر جہنم میں جانا ہو تو جو چاہو کر لو یعنی دھمکی ہے۔

b. اگر وہ امر حیاء کے قابل نہ ہو تو کام کر سکتے ہو۔

14. فوائد حیاء:

a. گناہ سے دور ہونا آسان ہو جاتا

b. اطاعت کرنا آسان

c. دنیا اور آخرت کی ذلت سے بچ جاتے

d. ہر شُعبِ ایمان پر عمل آسان ہو جاتا

e. وقار و سنجیدگی نصیب ہوتی

f. لوگوں میں عزت اور آخرت میں سرخروئی

15. عدم حیاء کی علامات:

a. عورتیں کپڑے تنگ یا جسم نظر آنے والے پہنے

b. غیر محرم کے سامنے اپنی زیب و زینت ظاہر کرے

c. گناہ کا اظہار عام کرنا

d. غیر محرم اجنبی عورت یا مرد سے بیجا یا غیر شرعی گفتگو کرنا (ضرورت پڑھنے پر گفتگو جائز ہے اگر تعلیم یا ضرورت ہو تو لیکن گھر میں موجود ہو اور کوئی آئے تو نرم آواز سے گفتگو نہ کرے، لہجہ ایسا نہ کہ کوئی غلط فہمی کا شکار ہو جائے)

e. علم و تعلیم میں عورت کا اپنی آواز کا پردہ نہیں، عائشہ رضی اللہ عنہا اور راویات کے تلامذہ دلیل ہے حدود شریعت کا خیال رکھے۔

16. حیاء سے دور کرنے والے اسباب:

a. گانا

b. رقص

c. غلط صحبت

d. کثرت کلام جس میں فائدہ نہ ہو

e. ارتکاب معاصی

17. حیاء کو بڑھانے والے امور:

a. اطاعت الہی

b. عبادت الہی

c. حب الہی

d. اتباع نبی

e. سیرت انبیاء پڑھنا

f. سیرت صحابہ پڑھنا

g. صحبت صالحین

h. غیبت کی مجالس سے دور رہنا

i. غض بصر

j. معاصی سے دور رہنا

18. صفت باری تعالی: ان اللہ حیيي ستير

19. حیاء کا مطلب انسان کے اندر وہ مزاج جو اس کو قبیح اقوال و افعال سے روکے۔ (الموسوعة الفقهية)

20. قصص حیاء

a. حیاء موسی (پتھر کا واقعہ)

b. حیاء نبی ﷺ

c. حیاء صدیق (خطبہ)

d. حیاء عثمان

e. حیاء امرأۃ موسی (فجاءته تمشی علی استحیاء)

21. حیاء حاصل کرنے کے طریقے:

a. اللہ کی نعمت والی آیات پر غور

b. اپنی تقصیرِ شکر پر نظر

c. اللہ کی عظمت اور کمال سلطان پر تدبر

d. اللہ کے وسیع علم پر تدبر

e. فرشتوں سے حیاء کہ وہ نوٹ کر رہے ہیں

f. کراما کاتبین

g. گناہوں کے نتائج وانجام پر نظر

h. ذلت دنیا وآخرت

i. ذلک بما عصوا وکانوا یعتدون پر نظر

j. تباہ شدہ قوموں کے واقعات وانجام ذلت پر نظر

k. جو اسباب تقوی ہے وہی اسباب حیاء ہے

22. فوائد حیاء:

a. اسباب دخول جنت

b. اسباب رضاء الہی

c. اسباب احترام سیرت نبی ﷺ

d. اسباب احترام صحابہ

e. اسباب احترام انبیاء

f. اسباب احترام صالحین

g. ذلت دنیاو آخرت سے دوری

h. اللہ کے محبوب

i. اخلاقِ اسلام آسان ہو جانا

j. گناہوں سے بچنا آسان

## راویوں کا تعارف

1) (عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ)

اسم: عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ بن جعفر بن الیمان۔

المعروف: عبد اللہ بن محمد الجعفی البخاری۔

کنیت: ابو جعفر۔

تاریخ وفات: 229ھ۔

مقام وفات: بخاری

مقام رہائش: واسط۔ بغداد۔ بخاری۔ رے۔

اساتذ: وکیع بن جراح الرواسی۔ سفیان ابن عیینہ۔ عبد الرحمن بن مہدی۔ ابو داو طیالسی، وغیرہ۔

تلامذہ: محمد بن اسماعیل البخاری۔ محمد بن ادریس الحنظلی۔ محمد بن نصر المروزی۔ اسماعیل بن قتیبہ السلمی، وغیرہ۔

2) (أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ)

اسم: عبد الملک بن عمرو القیسی العقدی۔

کنیت: ابو عامر۔

تاریخ وفات: 204ھ۔

مقام رہائش: بصرہ۔

اساتذہ: شعبہ بن الحجاج۔ حماد بن سلمہ البصری۔ سفیان الثوری، وغیرہ۔

تلامذہ: ابو بکر ریاحی۔ یحیی بن محمد بن السکن بصری البزار البغدادی۔ اسحاق بن منصور الکوسج، وغیرہ۔

3) (سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ) تابعی

اسم: سلیمان بن بلال القرشی التیمی المدنی۔

کنیت: ابو محمد۔ ابو ایوب۔

مقام رہائش: مدینہ منورہ۔ بصرہ۔ بغداد۔

مقام وفات: مدینہ منورہ۔

تاریخ پیدائش: 100ھ۔

تاریخ وفات: تاریخ وفات میں اختلاف ہے، الکلاباذی کہتے ہیں 177 ہجری میں وفات ہوئی، امام بخاری نے تاریخ الکبیر میں 170 ہجری وفات کا سن لکھا ہے۔

اساتذہ: سیدنا انس بن مالک الانصاری رضی اللہ عنہ۔ امام جعفر الصادق۔ حماد بن سلمہ البصری۔ سفیان الثوری۔ امام مالک، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد الرحمن بن مہدی۔ عبد اللہ بن مبارک۔ فضیل بن عیاض۔ یعقوب بن سفیان الفسوی، وغیرہ۔

4) (عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ) تابعی

اسم: عبد اللہ بن دینار القرشی العدوی العمری المدنی۔

کنیت: ابو عبد الرحمن۔

تاریخ وفات: 127ھ۔

اساتذہ: سیدنا ابوہریرہ۔ سیدنا انس بن مالک۔ سیدنا جابر ابن عبد اللہ ۔ سیدنا عبد اللہ ابن عباس، رضی اللہ عنہم وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان الثوری۔ سفیان ابن عیینہ۔ سلیمان بن مہران الاعمش۔ شعبہ الحجاج ۔ عبد اللہ بن مبارک۔ امام مالک، وغیرہ۔

5) (أَبِي صَالِحٍ) تابعی

اسم: ذکوان، ابو صالح السمان الزیات تیمی مدنی۔

کنیت: ابو صالح۔

تاریخ وفات: 101ھ۔

رہائش: مدینہ منورہ، کوفہ۔

اساتذہ: سیدنا ابو ہریرہ۔ سیدنا ابو سعید الخدری۔ جابر ابن عبد اللہ الانصاری، رضی اللہ عنہم وغیرہ۔

تلامذہ: ابو عمرو بن العلاء الخزاعی۔ امام اعمش۔ عثمان بن عاصم ابو حصین، وغیرہ۔

6) (أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْه)

اسم: ابو ہریرہ، عبد الرحمن بن صخر الدوسی یمانی۔

ولادت: 21 قبل ہجرت۔

وفات: 59ھ۔

مقامِ وفات: مدینہ منورہ۔

تلامذہ: سالم بن عبد اللہ بن عمر بن خطاب۔ شہر ابن حوشب۔ سعید ابن المسیب، وغیرہ۔

# ایمان کی شاخیں

(آسک اسلام پیڈیا کا تیار کردہ مضمون بشکریہ اردو شاملہ ڈاٹ کام)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْه، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:" الْإِيمَانُ بِضْعٌ وَسِتُّونَ شُعْبَةً، وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيمَانِ ."

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:" ایمان کی ساٹھ سے کچھ اوپر شاخیں ہیں۔ اور حیاء (شرم) بھی ایمان کی ایک شاخ ہے۔"

Narrated Abu Huraira: The Prophet said, "Faith (Belief) consists of more than sixty branches (i.e. parts). And Haya is a part of faith."

(صحیح بخاری / کتاب: ایمان کے بیان میں / باب: ایمان کے کاموں کا بیان، حدیث نمبر: 9، حدیث متعلقہ ابواب: حیا ایمان کا حصہ ہے)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " الإِيمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُونَ شُعْبَةً، وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيمَان

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:" ایمان کی ستر سے زیادہ شاخیں ہیں اور حیا بھی ایمان کی ایک شاخ ہے۔

(صحیح مسلم / ایمان کے احکام و مسائل / باب: ایمان کی شاخوں کی تعداد، اور افضل اور ادنیٰ ایمان کا بیان، اور حیاء کی فضیلت اور اس کا ایمان میں داخل ہونے کا بیان۔ حدیث نمبر: 35)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الإِيمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُونَ أَوْ، بِضْعٌ وَسِتُّونَ شُعْبَةً، فَأَفْضَلُهَا قَوْلُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَدْنَاهَا إِمَاطَةُ الأَذَى عَنِ الطَّرِيقِ، وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيمَانِ ."

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:" ایمان کے ستر سے اوپر (یا

ساٹھ سے اوپر) شعبے (اجزاء) ہیں۔ سب سے افضل جزء "لا الہ الا اللہ" کا اقرار ہے اور سب سے چھوٹا کسی اذیت (دینے والی چیز) کو راستے سے ہٹانا ہے اور حیا بھی ایمان کی شاخوں میں سے ایک ہے۔()"

Abu Hurairah (May Allah be pleased with him):The Prophet (ﷺ) said, "Iman has over seventy branches – or over sixty branches – the uppermost of which is the declaration: 'None has the right to be worshipped but Allah'; and the least of which is the removal of harmful object from the road, and modesty is a branch of Iman."

(صحیح مسلم / ایمان کے احکام و مسائل / باب: ایمان کی شاخوں کی تعداد، اور افضل اور ادنیٰ ایمان کا بیان، اور حیاء کی فضیلت اور اس کا ایمان میں داخل ہونے کا بیان۔ حدیث نمبر: 35)

## تمہید

الإيمان ليس خصلة واحدة، أو شعبة واحدة، ولكنه شعب كثيرة، بضع وسبعون، أو بضع وستون شعبة، ولكن أفضها كلمة واحدة: وهي لا إله إلا الله، وأيسرها إزالة كل ما يؤذي المارين، من حجر، أو شوك، أو غير ذلك من الطريق، والحياء شعبة من الإيمان، فالأعمال من الإيمان عند أهل السنة والجماعة، وهو الحق الذي دلت عليه الأدلة الشرعية وهذه منها.

ایمان کی محض ایک ہی خیر و بھلائی کی صفت یا اس کی ایک ہی شاخ نہیں بلکہ اس کی ساٹھ یا ستر سے زائد بہت سی شاخیں ہیں لیکن ان میں افضل ترین ایک ہی کلمہ یعنی کلمہ توحید "لا إله إلا الله" ہے اور اس میں سب سے ادنی درجہ یہ ہے کہ راہگیروں کی راہ میں پتھر یا کانٹے وغیرہ جیسی تکلیف دہ چیز کو دور کیا جائے اور بالخصوص حیاء بھی ایمان کی ایک شاخ ہے، اس لئے کہ اہل سنت و جماعت کے نزدیک اعمال، ایمان کی تعریف میں شامل ہے اور یہ وہ برحق عقیدہ ہے جس کی حقانیت پر دلالت کرنے والے شرعی دلائل موجود ہیں اور انہیں میں سے یہ حدیث بھی ہے۔

قال العلَّامةُ ابنُ عثيمين – رحمه الله:-

علامہ ابن عثیمین رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

هذا الحديث بيَّن فيه الرسوُل – عليه الصلاة والسلام – أن الإيمان ليس خصلةً واحدةً، أو شعبة واحدة، ولكنه شعبٌ كثيرة؛ بِضع وسبعون، يعني من ثلاثٍ وسبعين إلى تسع وسبعين، أو بضع وستون شعبة، ولكن أفضها كلمة واحدة: وهي «لا إله إلا الله»، هذه الكلمة لو وزنت بها السماوات والأرض لرجحت بها، لأنها كلمة الإخلاص، وكلمة التوحيد، الكلمة التي أسأل الله أن يختم لي ولكم بها، من كانت آخر كلامه من الدنيا دخلالجنة. هذه الكلمة هي أفضل شُعب الإيمان، (وأدناها إماطة الأذى عن الطريق)، يعني إزالة الأذى عن الطريق، وهو كل ما يؤذي المارين، من حجر، أو شوك، أو زجاج، أو خرق، أو غير ذلك، كل ما يؤذي المارين إذا أزلته فإن ذلك من الإيمان.

اس حدیث میں نبی ﷺ نے اس بات کی وضاحت فرمائی کہ ایمان کسی ایک خوبی یا کسی ایک شعبہ کا نام نہیں ہے بلکہ اس کی ساٹھ یا ستر سے زائد بہت سی شاخیں ہیں لیکن ان میں افضل ترین ایک ہی کلمہ یعنی کلمہ توحید "لا إله إلا الله" ہے، یہی وہ کلمہ ہے کہ اگر اس کلمہ کو آسمانوں اور زمینوں کے ساتھ تولا جائے تو ان سب کے مقابلہ میں اس کلمہ توحید کا پلّا بھاری ہو جائے گا، کیونکہ یہ کلمہ اخلاص اور کلمہ توحید ہے، یہ وہ کلمہ ہے کہ ہم اللہ تعالی کی بارگاہ میں اسی بات کے طلبگار رہتے ہیں کہ ہمارا اور آپ سب کا خاتمہ اسی کے ساتھ ہو، کیونکہ جس کسی کا دنیا سے نکلتے ہوئے آخری کلام، اسی کلمہ کے ساتھ ہو تو وہ جنت میں داخل ہو گا۔ یہی کلمہ ایمان کے تمام شعبوں میں سب سے افضل ہے، اور " اور سب سے چھوٹا کسی اذیت (دینے والی چیز) کو راستے سے ہٹانا ہے " یعنی تکلیف دہ چیز کو راستہ سے ہٹادینا، یعنی راہگیروں کی راہ میں پتھر یا کانٹے، کانچ کا ٹکڑا یا چیتھڑے وغیرہ جیسی تکلیف دہ چیز کو دور کیا جائے، اگر آپ راہگیروں کو ضرر پہنچانے والی ہر چیز کو دور کر دیں تو یہی ایمان کا حصہ ہے۔

والحياء شعبة من الإيمان»، وفي حديث آخر: «الحياء من الإيمان». والحياء: حالة نفسية تعتري الإنسان عند فعل ما يخجل منه، وهي صفة حميدة كانت خلق النبي – عليه الصلاة والسلام – فكان من خلقه – عليه الصلاة والسلام – الحياء، حتى أنه

كان أكثر حياء من العذراء في خدرها – عليه الصلاة والسلام – إلا أنه لا يستحي من الحق.

"اور حیا بھی ایمان کی شاخوں میں سے ایک ہے" ایک دوسری حدیث میں یہ الفاظ ہیں :

عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَهُوَ يَعِظُ أَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" دَعْهُ فَإِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْإِيمَانِ."

سالم بن عبداللہ اپنے والد عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری شخص کے پاس سے گزرے اس حال میں کہ وہ اپنے ایک بھائی سے کہہ رہے تھے کہ تم اتنی شرم کیوں کرتے ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس انصاری سے فرمایا کہ اس کو اس کے حال پر رہنے دو کیونکہ حیاء بھی ایمان ہی کا ایک حصہ ہے۔()

Narrated 'Abdullah (bin 'Umar): Once Allah's Apostle passed by an Ansari (man) who was admonishing to his brother regarding Haya'. On that Allah's Apostle said, "Leave him as Haya' is a part of faith."

( صحیح بخاری / کتاب: ایمان کے بیان میں / باب: شرم وحیاء بھی ایمان سے ہے۔ حدیث نمبر:24، صحیح مسلم:36، حدیث کے الفاظ صحیح بخاری کے ہیں)

حیاء ایک ایسی نفسیاتی حالت ہے جو انسان پر اس فعل کے ارتکاب کے وقت طاری ہوتی ہے جس کے ارتکاب کی صورت میں وہ پشیمانی وندامت سے دوچار ہوتا ہے، یہ ایک قابل تعریف صفت ہے اور نبی ﷺ کے اخلاق حمیدہ میں "حیا" وصف خاص تھا کہ آپ ﷺ پردہ نشین کنواری لڑکیوں سے بھی زیادہ شرم وحیاء کے پیکر تھے تاہم حق کے معاملہ میں بالکل شرماتے نہ تھے، جیسا کہ بخاری ومسلم میں ہے :

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" أَشَدَّ حَيَاءً مِنَ الْعَذْرَاءِ فِي خِدْرِهَا.

سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پردہ نشیں کنواری لڑکیوں سے بھی زیادہ شرمیلے تھے۔

Narrated Abu Sa`id Al-Khudri: The Prophet was shier than a veiled virgin girl.

(صحیح بخاری / کتاب: فضیلتوں کے بیان میں / باب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیہ اور اخلاق فاضلہ کا بیان ۔حدیث نمبر:3562، صحیح مسلم:2320)

فالحياء صفة محمودة، لكن الحق لا يستحي منه، فإن الله يقول: ﴿ وَاللَّهُ لا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ ﴾ [الأحزاب: ٥٣]، وقال تعالى: ﴿ إِنَّ اللَّهَ لا يَسْتَحْيِي أَنْ يَضْرِبَ مَثَلاً مَا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا ﴾ [البقرة: ٢٦] الحق لا يستحي منه، ولكن ما سوى الحق فإن من الأخلاق الحميدة أن تكون حييًا، ضد ذلك من لا يستحي، فلا يبالي بما فعل، ولا يبالي بما قال. ولهذا جاء في الحديث: «إن مما أردك الناس من كلام النبوة الأولى: إذا لم تستح فاصنع ما شئت». والله الموفق.

اس لئے حیاء، ایک قابل تعریف صفت ہے لیکن حق سے شرمانا حیاء میں سے نہیں کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

﴿ وَاللَّهُ لا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ ﴾[الاحزاب:53]،

اور اللہ تعالیٰ (بیان) حق میں کسی کا لحاظ نہیں کرتا۔"

﴿ إِنَّ اللَّهَ لا يَسْتَحْيِي أَنْ يَضْرِبَ مَثَلاً مَا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا ﴾[البقرة:26]

یقیناً اللہ تعالیٰ کسی مثال کے بیان کرنے سے نہیں شرماتا، خواہ مچھر کی ہو، یا اس سے بھی ہلکی چیز کی۔"

حق کے سلسلہ میں شرمانا، حیاء نہیں ہے لیکن اس کے ماسوا امور میں باحیاء ہونا اخلاق حمیدہ میں سے ہے، اس کے برعکس بے حیاء شخص ہوتا ہے جس کو اپنے کئے اور کہے کی کوئی پرواہ ہی نہیں ہوتی۔ اسی لئے صحیح بخاری کی حدیث کا مشہور جملہ ہے :

عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم :" إِنَّ مِمَّا أَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْأُولَى إِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ . "

سیدنا ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"اگلے پیغمبروں کا کلام جو لوگوں کو ملا اس میں یہ بھی ہے کہ جب شرم ہی نہ رہی تو پھر جو جی چاہے وہ کرے۔"

Narrated Abu Mas`ud: The Prophet said, 'One of the sayings of the early Prophets which the people have got is: If you don't feel ashamed (from Haya': pious shyness from committing religious indiscretions) do whatever you like."

( صحیح بخاری / کتاب: اخلاق کے بیان میں / باب: جب حیاء نہ ہو تو جو چاہو کرو۔ حدیث نمبر: 6120)

(شرح ریاض الصالحین)(2 / 169 - 170)

## حدیث کے الفاظ کی لغوی تشریح

" شُعْبَة " یہاں اس کے معنی حصہ اور شاخ کے ہیں۔ جیسا کہ فرمان الہی ہے :

انطَلِقُوا إِلَىٰ ظِلٍّ ذِي ثَلَاثِ شُعَبٍ "﴿سورۃ المرسلات:30﴾

چلو تین شاخوں والے سائے کی طرف"

الإيمان :يطلق على جميع أمور الدين من اعتقاد القلب، وقول اللسان، وفعل الجوارح .

ایمان: دل کے اعتقاد، زبان کے اقرار اور اعضاء و جوارح سے صادر ہونے والے افعال پر مشتمل تمام دینی امور پر ایمان کا اطلاق ہوتا ہے۔

بضع :من ثلاثة إلى تسعة .

باء کے کسرہ اور کبھی فتح کے ساتھ، تین سے نو تک کے عدد کے لئے مستعمل ہوتا ہے۔

أفضلها :أعلاها وأكثرها أجرا .

ایمان کی افضل اور اعلی ترین اور سب سے زیادہ اجر وثواب عطا کرنے والی شاخ۔

أدناها :أيسرها .

اعمال میں سب سے ادنی و معمولی درجہ کا عمل۔

إماطة :تنحية وإبعاد .

ہٹا کر کنارہ میں یا دور کر دینا۔

الأذى :هو كل ما يؤذي المارين .

ہر وہ چیز جو راہگیروں کی تکلیف کا باعث ہو۔

الحياء :خلق يدعو لترك القبيح وفعل الجميل .

ایسی اخلاقی صفت جو برے عمل کو چھوڑنے اور اچھے عمل کو کرنے پر آمادہ کرے۔

## من فوائد الحديث

حدیث کے کچھ فوائد

1-الإيمان مراتب بعضها فوق بعض في الأهمية .

ایمان کے کچھ مراتب و درجات ہیں جن کی ایک دوسرے پر اہمیت ہے۔

2-الإيمان عند أهل السنة قول وعمل .

اہل سنت و جماعت کے نزدیک ایمان، قول اور عمل کا نام ہے۔

3-الإيمان دافع للعمل الصالح .

ایمان، عمل صالح کا مؤثر سبب ہے۔

4-الإيمان يتجزأ ولذلك فهو يزيد وينقص .

ایمان، اجزاء میں منقسم ہوتا ہے، اس لئے وہ بڑھتا اور گھٹتا رہتا ہے۔

5-الإيمان أمر مكتسب .

ایمان، ایک کسبی (محنت سے حاصل کیا جانے والا) معاملہ ہے۔

6-فضيلة الحياء والحث على التخلق به .

اس حدیث میں حیاء کی فضیلت اور اس اخلاقی وصف سے آراستہ رہنے کی ترغیب ہے۔

**ملاحظہ فرمائیں**

ایمان کی تفصیلی شاخیں

ایمان کے امور کو تین اجزاء میں تقسیم کیا گیا ہے اور ان کی مجموعی تعداد اُنہتر ہے: اور تفصیلی جزئیات کے ساتھ 79 ہے

1) دل کے اعتقادات، جس کی چوبیس عمدہ خصلتیں ہیں۔

2) زبان کے اعمال، جس کی سات عمدہ خصلتیں ہیں۔

3) جسمانی اعمال، جس کی اڑتیس عمدہ خصلتیں ہیں۔

اصل امور ایمان تو چھے ہیں جو حدیث جبریل علیہ السلام میں وارد ہوئے ہیں، امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے ادنی اور اعلی عمل کی تمیز کرنے والی اس حدیث کی تشریح بہت ہی شرح وبسط کے ساتھ کرتے ہوئے "شعب الایمان" کے زیر عنوان تمام ذیلی ایمانی شاخوں ضبط تحریر میں لایا۔

1۔ دل کے اعتقادات، جس کی چوبیس عمدہ خصلتیں ہیں۔

دل کے اعمال میں اعتقادی اور نیتوں سے متعلق ہوتے ہیں جس میں چوبیس امور شامل ہیں :

1) اللہ تعالی پر ایمان لانا، جس میں اللہ تعالی کی ذات، اس کی صفات اور اس توحید کا اقرار شامل ہے کہ اس جیسی کوئی چیز نہیں اور اس کے ماسوا تمام چیزیں حادث ہیں، اس کے فرشتوں پر ایمان لانا، اس کی کتابوں پر ایمان لانا، اس کے رسولوں پر ایمان لانا، تقدیر کے خیر اور شر پر ایمان لانا، یوم آخرت پر ایمان لانا۔

2) یوم آخرت پر ایمان لانے میں قبر میں ہونے والے عذاب یا اس کی نعمتوں پر ایمان لانا شامل ہے۔

3) یوم آخرت پر ایمان لانے میں قبروں سے اٹھایا جا کر میدان حشر میں اکٹھے کئے جانے پر ایمان لانا شامل ہے۔

4) یوم آخرت پر ایمان لانے میں حساب و کتاب لئے جانے پر ایمان لانا شامل ہے۔

5) یوم آخرت پر ایمان لانے میں اعمال ناموں کے تولے جانے پر ایمان لانا شامل ہے۔

6) یوم آخرت پر ایمان لانے میں پل صراط سے گزارا جانا شامل ہے۔

7) یوم آخرت پر ایمان لانے میں جنت اور دوزخ کے برحق ہونے پر ایمان لانا شامل ہے۔

8) یوم آخرت پر ایمان لانے میں اللہ تعالی سے محبت رکھنے کے وجوب پر ایمان لانا داخل ہے۔

9) کسی سے اللہ تعالی کے لئے محبت رکھنے اور اسی کے لئے کسی سے نفرت و بغض رکھنے کو واجب سمجھنا۔

10) نبی ﷺ سے محبت رکھنا، نبی ﷺ کی تعظیم و توقیر کرنے کا اعتقاد رکھنے اور اس میں نبی ﷺ پر درود سلام بھیجنے اور آپ ﷺ کی اتباع کرنے کو واجب سمجھنا۔

11) اللہ تعالی کے لئے اخلاص رکھنا اور اس میں ریاکاری اور نفاق کو چھوڑنے کو واجب سمجھنا شامل ہے۔

12) 1 اللہ تعالی سے اپنے گناہوں کے لئے توبہ کرنا۔

13) اللہ تعالی کا خوف رکھنے کو واجب سمجھنا۔

14) اللہ تعالی ہی سے امیدیں وابستہ رکھنے کو واجب سمجھنا۔

15) ہر حال میں اللہ تعالی کے شکر گزار رہنے کو واجب سمجھنا۔

16) اللہ تعالی کے ساتھ ایفائے عہد کرنے کو واجب سمجھنا۔

17) ہر حال میں اللہ تعالی کے لئے صبر کرنے کو واجب سمجھنا۔

18) قضاء وقدر پر راضی برضا رہنے اور اسی پر اعتماد و توکل کرنے کو واجب سمجھنا۔

19) رحم و شفقت کرنے کو واجب سمجھنا۔

20) تواضع و انکساری اختیار کرنے کو واجب سمجھنا اور اس میں بڑوں کی تعظیم و احترام کرنا اور چھوٹوں پر رحم و شفقت رکھنے کو واجب سمجھنا شامل ہے۔

21) تکبر اور خود پسندی کے چھوڑنے کو واجب سمجھنا۔

22) حسد و جلن کے جذبات چھوڑنے کو واجب سمجھنا۔

23) کینہ کپٹ چھوڑنے کو واجب سمجھنا۔

24) غصہ و طیش چھوڑنے کو واجب سمجھنا۔

(2) زبان کے اعمال، جس کی سات عمدہ خصلتیں ہیں۔

1) توحید کی زبانی گواہی دینا۔

2) قرآن مجید کی تلاوت کرنا۔

3) علم دین سیکھنا۔

4) علم دین سکھانا۔

5) دعاء کرنا۔

6) ذکر و اذکار کرنا

7) استغفار کرنا اور لغو و بے کار کاموں سے بچنا۔

(3) جسمانی اعمال، جس کی اڑتیس عمدہ خصلتیں ہیں۔

جن میں سے بعض کا خاص تعلق ظاہری امور سے ہے اور وہ پندرہ خصلتیں ہیں :

1) حسی اور حکمی اعتبار سے پاکی وصفائی حاصل کرنا اور اس میں نجاستوں سے بچنا شامل ہے۔

2) ستر پوشی اختیار کرنا۔

3) فرض اور نفل نمازیں ادا کرنا۔

4) زکاۃ ادا کرنا

5) غلاموں کو آزاد کرنا

6) جود و سخاوت کرنا اور اس میں کھانا کھلانا اور مہمان نوازی کرنا شامل ہے۔

7) فرض اور نفل روزے رکھنا۔

8) حج اور عمرہ کرنا۔

9) طواف کرنا۔

10) اعتکاف کرنا۔

11) شب قدر تلاش کرنا۔

12) اپنے دین کو بچانے کے لئے بھاگ جانا اور اس میں شرک کی سرزمین سے ہجرت کرنا بھی داخل ہے۔

13) نذر پوری کرنا، ایمان کی جانچ کرتے رہنا اور کفارے ادا کرنا۔

## ان میں سے بعض کا تعلق اتباع سے ہے اور وہ چھ اچھی خصلتوں ہیں:

1) نکاح کرتے ہوئے عفت و پاک دامنی اختیار کرنا

2) اہل و عیال کے حقوق بجالانا۔

3) والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنا اور اس میں ان کی نافرمانی کرنا شامل ہے۔

4) اولاد کی تربیت کرنا۔

5) صلہ رحمی کرنا۔

6) اپنے سرداروں کی طاعت کرنا یا غلاموں کے ساتھ نرمی برتنا۔

## اور ان میں سے بعض کا تعلق عام اچھی خصلتوں سے ہے اور وہ سترہ ہیں:

1) عدل و انصاف کے ساتھ امارت قائم کرنا۔

2) حق پرست جماعت کا مسلسل ساتھ دینا۔

3) حکمرانوں کی طاعت و فرمانبرداری کرنا۔

4) لوگوں کے مابین صلح صفائی کرنا اور اس میں خوارج اور باغی گرویوں کے خلاف قتال کرنا شامل ہے۔

5) نیکی کے کاموں میں باہم دیگر تعاون کرنا اور اس میں بھلائیوں کا حکم دینا اور برائیوں سے روکنا اور حدود قائم کرنا شامل ہے۔

6) جہاد کرنا اور دشمنوں کی سرحد کے قریب پڑاؤ ڈال کر اسلامی سرحدوں کی نگرانی کرنا اسی قبیل سے ہے۔

7) امانتیں حق داروں کے حوالہ کرنا اور مال غنیمت کا پانچواں حصہ ادا کرنا اسی قبیل سے ہے۔

8) قرض پورا چکانا۔

9) پڑوسی کی عزت واکرام کرنا۔

10) عمدہ طریقہ سے معاملت داری کرنا اور حلال راستوں سے مال جمع کرنا اسی قبیل سے ہے۔

11) مال کو اس کے صحیح جگہ خرچ کرنا اور فضول خرچ اور اسراف اسی قبیل سے ہے۔

12) سلام کا جواب دینا۔

13) چھینکنے والے چھینک کر الحمد للہ کہے تو جواب میں یرحمک اللہ کہنا۔

14) لوگوں سے تکالیف کو دور کرنا۔

15) لہو ولعب چیزوں سے بچنا اور راستہ سے تکلیف دہ چیز کو دور کرنا۔

اس طرح یہ جملہ انہتر خصلتیں ہوئی اور اگر ان کے ساتھ ضم کردہ امور کو علحدہ کیا جائے تو ان کی تعداد اناسی بھی ہوسکتی ہے۔ واللہ اعلم۔

حوالہ جات: https://shamilaurdu.com/book/fatawa-ashaab-ul-hadees-jild-5/51/

حدیث نمبر 28

# "خَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ"

لوگوں کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آؤ

((حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " اتَّقِ اللَّهِ حَيْثُمَا كُنْتَ، وَأَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ"))

**ترجمہ**: سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جہاں بھی رہو اللہ سے ڈرو، برائی کے بعد (جو تم سے ہو جائے) بھلائی کرو جو برائی کو مٹا دے اور لوگوں کے ساتھ حسن اخلاق

سے پیش آؤ۔

(سنن الترمذی، کتاب البر والصلۃ، بَابُ مَا جَاءَ فِي مُعَاشَرَةِ النَّاسِ - حسن معاشرت (یعنی لوگوں کے ساتھ اچھے ڈھنگ سے رہنے) کا بیان، حدیث نمبر: 1987، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو حسن کہا ہے۔

## تخریج حدیث

قال الشيخ الألباني: حسن، المشكاة :5083۔ الروض النضير :855۔ تخريج الحديث: «تفرد به المؤلف [تحفة الأشراف: 11989]، وانظر مسند احمد :5/153، 158، 177، 228، 236۔وسنن الدارمی/الرقاق 74"حسن"۔

وأخرجه الدارمي (2791) والحاكم: 1/54 وأبو نعيم في "الحلية" 4/378، والبيهقي في "الشعب" (8026) ، وفي "الزهد الكبير" (869) و البزار في "مسنده" (4022) ، والقضاعي في "مسند الشهاب" [652])

## شرح حدیث

### اسباقِ حدیث

❖ ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ”میزان میں رکھی جانے والی چیزوں میں سے اخلاق حسنہ (اچھے اخلاق) سے بڑھ کر کوئی چیز وزنی نہیں ہے، اور

اخلاق حسنہ کا حامل اس کی بدولت روزہ دار اور نمازی کے درجہ تک پہنچ جائے گا۔(سنن الترمذی:2003، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے)

❖ سیدنا ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"بلاشبہ آدمی اخلاق حسنہ کی وجہ سے رات کو بیدار رہ کر (قیام کرنے والے) اور دوپہر کی گرمیوں میں پیاس برداشت کرنے والے (روزہ دار) کا مرتبہ حاصل کر لیتا ہے۔(سلسلۃ احادیث الصحیحۃ للالبانی ، رقم:794)

❖ عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اخلاق حسنہ لوگوں سے مسکرا کر ملنا ہے، بھلائی کرنا ہے اور دوسروں کو تکلیف نہ دینا ہے۔(سنن الترمذی:2005۔ تخريج الحديث: «تفرد به المؤلف -تحفة الأشراف: 18936-صحيح الإسناد")

❖ سیدنا انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"ایمان کے لحاظ سے سب سے مکمل مومن وہ ہے، جو ان میں سے اخلاق کے اعتبار سے سب سے اچھا ہو اور بیشک حسن اخلاق، روزے اور نماز کے درجہ کو پہنچ جاتا ہے۔(سلسلۃ احادیث الصحیحۃ للالبانی ، رقم:1590)

❖ سیدنا سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ ض نے فرمایا:"بلاشبہ اللہ تعالیٰ مہربان ہے، مہربانی اور بلند اخلاق کو پسند کرتا ہے اور ردی اخلاق سے نفرت کرتا ہے۔(سلسلۃ احادیث الصحیحۃ للالبانی، رقم:1378)

❖ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"آدم کے بیٹے نے کوئی ایسا عمل نہیں کیا جو نماز، باہمی اصلاح اور حسن اخلاق سے بہتر ہو۔(سلسلۃ احادیث الصحیحۃ للالبانی، رقم:1448)

## أخلاق حسنہ سے متعلق آسک اسلام پیڈیا سے مأخوذ مفید آرٹیکل

اچھے اخلاق کی فضیلت

فہرستِ مضمون


پہلی حدیث

دوسری حدیث

تیسری حدیث

چوتھی حدیث

پانچویں حدیث

چھٹی حدیث

ساتویں حدیث

آٹھویں حدیث

نویں حدیث

دسویں حدیث

گیارہویں حدیث

بارہویں حدیث

تیرہویں حدیث

چودہویں حدیث

حوالہ


## پہلی حدیث

قال الله تعالى مثنيا على النبي ﷺ : " وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ ﴿٤﴾ - سورة القلم -

اللہ تعالی نے نبی کریم ﷺ کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا: "اور بیشک تو بہت بڑے (عمدہ) اخلاق پر ہے"۔

حضرتِ نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ کہ میں رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے ساتھ مدینہ میں ایک سال رہا، میں نے ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں مستقل رہائش اس لیے نہیں رکھی۔ کیونکہ میں آپ سے دینی امور کے متعلق سوالات کو پسند کرتا تھا۔ کیونکہ جب میں سے کوئی ہجرت کر کے مستقل مدینہ منورہ میں رہائش رکھ لیتا۔ تو وہ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سے دینی امور میں سوال نہیں کرتا تھا۔ پس میں نے آپ سے نیکی اور گناہ کے متعلق سوال کیا؟۔ تو رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: ”نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے، اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکے، اور تو ناپسند جانے کہ لوگ اس پر مطلع ہوں“۔

## دوسری حدیث

عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا مَعَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو يُحَدِّثُنَا، إِذْ قَالَ: لَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا وَإِنَّهُ كَانَ يَقُولُ: " إِنَّ خِيَارَكُمْ أَحَاسِنُكُمْ أَخْلَاقًا . "

حضرتِ مسروق بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرتِ عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ ہم سے باتیں کر رہے تھے اسی دوران انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بد گو تھے نہ بد زبان۔ بلکہ آپ فرمایا کرتے تھے: ”تم میں سب سے زیادہ بہتر وہ ہے، جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں“۔

(الراوي: عبد الله بن عمرو | المحدث: البخاري | المصدر: صحيح البخاري | الصفحة أو الرقم: 6035 | خلاصة حكم المحدث: [ صحيح ] | التخريج: أخرجه البخاري (6035) واللفظ له، ومسلم (2321))

## تیسری حدیث

وفي رواية مسلم : " إنَّ مِن خِيَارِكُمْ أَحَاسِنَكُمْ أَخْلَاقًا " .

اور مسلم شریف کی روایت میں ہے۔ ”کہ تم میں سے اچھے وہ ہیں، جن کے اخلاق اچھے ہوں“۔

(الراوي: مسروق بن الأجدع | المحدث: مسلم | المصدر: صحيح مسلم | الصفحة أو الرقم: 2321 | خلاصة حكم المحدث: [ صحيح ])

## چوتھی حدیث

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ خُلُقًا"

حضرتِ ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”مومنوں میں سے سب سے زیادہ مکمل ایمان والے وہ لوگ ہیں۔ جو ان میں سے سب سے زیادہ اچھے اخلاق والے ہیں۔ اور تم میں سے سب سے اچھے وہ لوگ ہیں، جو تم میں سے اپنی عورتوں کے حق میں سب سے بہتر ہیں“۔

(الراوي: أبو هريرة | المحدث: الألباني | المصدر: صحيح الترمذي | الصفحة أو الرقم: 1162 | خلاصة حكم المحدث: حسن صحيح | التخريج: أخرجه أبو داود (4682)، والترمذي (1162)، وأحمد (2/472) واللفظ له.)

## پانچویں حدیث

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ."

حضرتِ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ”بے شک مومن اپنے اچھے اخلاق کی وجہ سے روزے دار اور (رات کو) قیام کرنے والے کا درجہ وثواب پالیتا ہے“۔

(الراوي: عائشة أم المؤمنين | المحدث: الألباني | المصدر: صحيح أبي داود | الصفحة أو الرقم: 4798 | خلاصة حكم المحدث: صحيح)

## چھٹی حدیث

إنَّ اللهَ لَيبلغُ العبدَ بحُسنِ خُلُقِه درجةَ الصومِ والصلاةِ

حضرتِ ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”بے شک اللہ سبحانہ وتعالیٰ بندے کو حسنِ اخلاق کی وجہ سے روزے (رکھنے والے) اور نماز (پڑھنے والے) کے اجر وثواب کو پہنچا دیتا ہے“۔

(الراوي: أبو هريرة | المحدث: الألباني | المصدر: السلسلة الصحيحة | الصفحة أو الرقم: 2/55 | خلاصة حكم المحدث: صحيح

علی شرط مسلم)

## ساتویں حدیث

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا زَعِيمٌ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ، وَإِنْ كَانَ مُحِقًّا، وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ، وَإِنْ كَانَ مَازِحًا، وَبِبَيْتٍ فِي أَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهُ."

حضرتِ ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”میں اس شخص کے لیے جنت کے درمیان میں ایک گھر کا ضامن ہوں، جس نے حق پر ہوتے ہوئے بھی جھگڑا چھوڑ دیا۔ اور اس شخص کے لیے بھی جنت کے درمیان میں ایک گھر کا ضامن ہوں۔ جس نے مزاح کے طور پر بھی جھوٹ نہیں بولا۔ اور اس شخص کے لیے جنت کے بلند ترین حصے میں ایک گھر کا ضامن ہوں۔ جس نے اپنے اخلاق سنوار لیے“۔

(الراوي: أبو أمامة الباهلي | المحدث: الألباني | المصدر: صحيح أبي داود | الصفحة أو الرقم: 4800 | خلاصة حكم المحدث: حسن)

## آٹھویں حدیث

حضرتِ اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس موجود تھا۔ کہ بہت سارے اعرابی آئے، تو دوسرے لوگ خاموش ہوگئے، ان (اعراب) کے علاوہ کوئی گفتگو نہیں کرتا تھا۔ انہوں نے کہا: اللہ کے رسول ﷺ! کیا ہم فلاں فلاں کام میں کوئی حرج ہے؟۔ لوگوں کے ایسے امور کے متعلق دریافت کیا، جن (کے کرنے) میں کوئی حرج نہیں۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا:

" يا عبادَ اللهِ ! و ضع اللهُ الحرجَ ، إلا امرءًا اقترض امرءًا ظلمًا ، فذاك الذي حرَجَ و هلك ، قالوا : يا رسولَ اللهِ أنتداوَى ؟ قال : نعم يا عبادَ اللهِ ! تداوُوا ؛ فإنَّ اللهَ عزَّ و جلَّ لم يضعْ داءً إلا وَضع له شفاءً ؛ غيرَ داءٍ واحدٍ قالوا : و ما هو يا رسولَ اللهِ ؟ قال الهَرَمُ قالوا : يا رسولَ اللهِ ! ما خيرُ ما أُعطِيَ الإنسانُ ؟ قال : خُلُقٌ حسنٌ " ۔

’اللہ کے بندو! اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے حرج (گناہ) اٹھالیاہے۔ مگر ظلم کے طور پر کسی آدمی کی غیبت کرنے والا، پس یہ

وہ شخص ہے جو گناہ گار ہوا اور ہلاک ہوا"۔

انہوں نے پوچھا اللہ کے رسول ﷺ! کیا ہم علاج معالجہ کرا لیا کریں؟۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "ہاں اللہ کے بندو! علاج کرایا کرو۔ اس لیے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ایک بیماری کے علاوہ تمام بیماریوں کے لیے شفاء رکھی ہے۔ انہوں نے کہا اللہ کے رسول ﷺ! وہ ایک بیماری کون سی ہے؟۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "بڑھاپا"۔ انہوں نے کہا: اللہ کے رسول ﷺ! کون سی بہتر چیز انسان کو دی گئی؟۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اچھا اخلاق"۔

(الراوي: أسامة بن شريك | المحدث: الألباني | المصدر: صحيح الأدب المفرد | الصفحة أو الرقم: 223 | خلاصة حكم المحدث: صحيح | التخريج: أخرجه أبو داود (2015)، والترمذي (2038)، والنسائي في ((السنن الكبرى)) (7554)، وابن ماجه (3436)، وأحمد (18454) باختلاف يسير، والبخاري في ((الأدب المفرد)) (291) واللفظ له)

## نوویں حدیث

وفي رواية لغيره : " كنا جلوسًا عند النَّبيِّ صلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ كأنما على رؤوسنا الطيرُ ما يتكلم منا مُتكلِّمٌ إذ جاءه أناسٌ . . . . . . . . " الحديث .

اور اسی طریقہ سے اور اس کے علاوہ روایت کے یہ الفاظ ہیں: "ہم نبی کریم ﷺ کے پاس ایسے بیٹھے تھے، جیسے ہمارے سروں پر پرندے ہیں۔ جب آپ کے پاس لوگ آتے تو ہم میں سے کوئی بھی بات نہیں کرتا تھا"۔

(الراوي: أسامة بن شريك | المحدث: الألباني | المصدر: صحيح الترغيب | الصفحة أو الرقم: 2652 | خلاصة حكم المحدث: صحيح | التخريج: أخرجه ابن ماجه (3436)، وأحمد (18454) باختلاف يسير مطولاً)

## دسویں حدیث

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا مِنْ شَيْءٍ أَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ"،

حضرتِ ابو درداء رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ ﷺ نے فرمایا: "(قیامت والے دن مومن کے) ترازو میں اچھے اخلاق سے زیادہ بھاری کوئی چیز نہیں ہو گی"۔

(الراوي: أبو الدرداء|المحدث: الألباني|المصدر: صحيح أبي داود|الصفحة أو الرقم:4799|خلاصة حكم المحدث: صحيح|
التخريج: أخرجه أبو داود(4799) واللفظ له، والترمذي(2002) مطولاً، وأحمد(27517) باختلاف يسير)

## گیارہویں حدیث

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، أَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَا شَيْءٌ أَثْقَلُ فِي مِيزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ، وَإِنَّ اللَّهَ لَيُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيءَ" ،

حضرتِ ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”قیامت کے دن مومن کے میزان (ترازو) میں اچھے اخلاق سے وزنی کوئی چیز نہیں ہو گی۔ اور بے شک اللہ فحش گو، بد کلام کو ناپسند کرتا ہے۔

(الراوي: أبو الدرداء|المحدث: الألباني|المصدر: صحيح الترمذي|الصفحة أو الرقم:2002|خلاصة حكم المحدث: صحيح|
التخريج: أخرجه أبو داود(4799)، وأحمد(27517) مختصراً، والترمذي(2002) باختلاف يسير)

## بارہویں حدیث

إنَّ من أحبِّكم إليَّ ، وأقربِكم مني مجلسًا يومَ القيامةِ أحاسِنُكم أخلاقًا ، وإنَّ أبغضَكم إليَّ وأبعدَكم مني مجلسًا يومَ القيامةِ الثَّرثارونَ ، والمُتشدِّقونَ ، والمُتفيهقونَ ، قالوا : قد علِمْنا الثرثارونَ و المتشدِّقونَ ، فما المتفيهقونَ ؟ قال : المُتكبِّرونَ

حضرتِ جابر رضی للہ عنہ اور حضرتِ ابو ثعلبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”تم سب میں سے مجھے زیادہ محبوب اور آخرت میں مجلس کے لحاظ سے سب سے زیادہ میرے قریب وہ لوگ ہیں۔ جو تم میں سے سب سے زیادہ میرے قریب وہ لوگ ہیں۔ جو تم میں سے سب سے زیادہ اخلاق والے ہیں۔ اور تم سب میں سے مجھے مبغوض (ناپسند) اور آخرت میں مجلس کے لحاظ سے سب سے زیادہ مجھ سے دور وہ لوگ ہیں۔ جو تم میں سے زیادہ برے اخلاق والے ہیں۔ جو بہت باتونی، تکبر سے باچھیں کھول کھول کر گفتگو کرنے والے اور تصنع سے باتیں کرنے والے ہیں“۔

(الراوي: جابر بن عبد الله|المحدث: الألباني|المصدر: السلسلة الصحيحة|الصفحة أو الرقم:791|خلاصة حكم المحدث:

إسناده حسن)

## تیرہویں حدیث

ألا أخبرُكم بأحبِّكم إليَّ وأقربَكم منِّي مجلِسًا يومَ القيامةِ ؟ فسكَتَ القومُ فأعادَها مرَّتينِ أو ثلاثًا قال القومُ : نعَم يا رسولَ اللهِ قال أحسَنُكم خُلُقًا

حضرتِ عمرو بن شعیب اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے بیان کرتے ہیں۔ کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ”کیا میں تمہیں اس آدمی کی خبر نہ دوں، جو قیامت کے دن تم سب میں سے مجھے زیادہ محبوب ہو گا۔ اور مجلس کے لحاظ سے تم سب میں سے میرے زیادہ قریب ہو گا“۔ لوگوں نے عرض کیا: ہاں اللہ کے رسول ﷺ! (آپ ضرور بتائیں) آپ ﷺ نے فرمایا: ”جو تم میں سے سب سے اچھے اخلاق والا ہو گا“۔

(الراوي: [جد عمرو بن شعيب] | المحدث: أحمد شاكر | المصدر: مسند أحمد | الصفحة أو الرقم: 11/ 23 | خلاصة حكم المحدث: إسناده صحيح)

## چودہویں حدیث

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَكْثَرِ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ، فَقَالَ: " تَقْوَى اللَّهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ "، ...... " الحديث .

حضرتِ ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے اس چیز کے متعلق سوال کیا گیا۔ جس کی وجہ سے لوگ سب سے زیادہ جنت میں داخل ہوں گے ؟۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ”اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا تقویٰ اور اچھا اخلاق۔۔ آخر حدیث تک۔۔

(الراوي: أبو هريرة | المحدث: الألباني | المصدر: صحيح الترمذي | الصفحة أو الرقم: 2004 | خلاصة حكم المحدث: إسناده حسن | التخريج: أخرجه الترمذي (2004) واللفظ له، وابن ماجه (4246)، وأحمد (9085))

## حوالہ

(ماخوذ از کتاب: صحیح اور مستند فضائل اعمال ضعیف اور موضوع روایات سے پاک مجموعۂ احادیث، تالیف: ابو عبد

اللہ علی بن محمد المغربی رحمۃ اللہ علیہ، مترجم: فضیلۃ الشیخ حافظ عبد الغفار المدنی حفظہ اللہ)

آسک اسلام پیڈیا سے مأخوذ دوسرا آرٹیکل

## اسلام اور اخلاق حسنہ

دین اسلام اپنے ماننے والوں کو اچھے اخلاق کی ترغیب دیتا ہے اور انہیں برے اور بد اخلاقی سے روکتا ہے، ہر وہ عادت جو معاشرہ میں خیر و بھلائی کو فروغ دینے والی ہے اسلام اس کی دعوت دیتا ہے اور جو عادت معاشرہ میں شر اور فساد کو عام کرتی ہے اسلام اس سے منع کرتا ہے، ایک انسان کا اچھے اخلاق والا ہونا اسلام میں مطلوب اور مرغوب ہے، اسلام نے اچھے اخلاق کو ایمان اور اسلام کی نشانی بتایا ہے، اور مسلمانوں کو یہ درس دیا ہے کہ برے اور گندے اخلاق کسی بھی مومن کے شایان شان نہیں ہیں۔

فہرست


قرآن

حسن اخلاق کی اہمیت

قرآن مجید نے بد اخلاقی سے منع کیا ہے

اچھے اخلاق کو اپنانا نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی اطاعت میں سے ہے

اچھے اخلاق ایک مسلمان کی شخصیت اور اس کے کردار کے عناصر میں سے ایک ہے

اخلاق حسنہ اور دین اسلام کا گہرا تعلق ہے

حدیث

اخلاق حسنہ نیکی ہے

اخلاق حسنہ میزان میں بھاری ہوں گے

اخلاق حسنہ جنت میں داخلہ کا سبب

حسن اخلاق والے شخص کا مقام و مرتبہ

اخلاق حسنہ کی اہمیت

یہ بھی اخلاق حسنہ میں سے ہے

فہرست اخلاقہ حسنہ

قرآن

حسن اخلاق کی اہمیت:

قرآن مجید میں بہت سی آیتیں ہیں جو اچھے اخلاق کو اپنانے کی ترغیب دیتی ہیں جیسے -:

فرمان باری تعالی ہے: اللہ تعالیٰ عدل کا، بھلائی کا اور قرابت داروں کے ساتھ سلوک کرنے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی کے کاموں، ناشائستہ حرکتوں اور ظلم وزیادتی سے روکتا ہے، وہ خود تمہیں نصیحتیں کررہا ہے کہ تم نصیحت حاصل کرو۔

(النحل:90)

نیز فرمان باری تعالی ہے: آپ درگزر کو اختیار کریں نیک کام کی تعلیم دیں اور جاہلوں سے ایک کنارہ ہو جائیں۔

(الأعراف:199)

ارشاد باری تعالی ہے: اے مسلمانو! اگر تمہیں کوئی فاسق خبر دے تو تم اس کی اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو ایسا نہ ہو کہ نادانی میں کسی قوم کو ایذا پہنچادو پھر اپنے کیے پر پشیمانی اٹھاؤ۔

(الحجرات:6)

## اسی طرح قرآن مجید نے بداخلاقی سے منع کیا ہے

فرمان باری تعالی ہے: اے ایمان والو! مرد دوسرے مردوں کا مذاق نہ اڑائیں ممکن ہے کہ یہ ان سے بہتر ہو اور نہ عورتیں عورتوں کا مذاق اڑائیں ممکن ہے یہ ان سے بہتر ہوں، اور آپس میں ایک دوسرے کو عیب نہ لگاؤ اور نہ کسی کو برے لقب دو۔ ایمان کے بعد فسق برا نام ہے، اور جو توبہ نہ کریں وہی ظالم لوگ ہیں، اے ایمان والو! بہت بدگمانیوں سے بچو یقین مانو کہ بعض بدگمانیاں گناہ ہیں۔ اور بھید نہ ٹٹولا کرو اور نہ تم میں سے کوئی کسی کی غیبت کرے۔ کیا تم میں سے کوئی بھی اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرتا ہے؟ تم کو اس سے گھن آئے گی، اور اللہ سے ڈرتے رہو، بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

(الحجرات:11،12)

## اچھے اخلاق کو اپنانا نبی کریم ﷺ کی اطاعت میں سے ہے

نبی کریم ﷺ قرآن میں مذکور تمام اچھے اخلاق کو اپناتے اور تمام بُرے اخلاق سے دور رہتے تھے، اسی لیے آپ ﷺ کے اخلاق قرآن تھے، ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی ﷺ کے اخلاق کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا: قرآن آپ ﷺ کا اخلاق ہے۔(صحیح الجامع:4811)، اور رسول اللہ ﷺ کے اخلاق و کردار اور سیرت و شخصیت کے متعلق قرآنِ مجید کی، اور در حقیقت اللہ تبارک و تعالی کی شہادت یہ ہے کہ آپ ﷺ اخلاق کے بلند ترین مرتبے پر فائز ہیں۔ فرمان باری تعالی ہے: اور آپ کے اخلاق بہت اعلیٰ ہیں۔ (القلم:4)، اور آپ ﷺ نے اپنے ہر قول و فعل سے ثابت کیا کہ آپ دنیا میں اخلاق حسنہ کی تکمیل کے واسطے ہی تشریف لائے تھے، چنانچہ آپ ﷺ کا ارشاد ہے: میں اخلاق حسنہ کی تکمیل کے واسطے بھیجا گیا ہوں(مسند بزار:8949، سنن بیہقی:20571)۔اور آپ ﷺ نے اپنی امت کو بھی یہی حکم دیا ہے کہ وہ اچھے اخلاق کو اختیار کریں اور بد اخلاقی سے دور رہیں، لہذا ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ نے مجھ سے فرمایا: تم جہاں کہیں بھی رہو اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرو، برائی کے پیچھے نیکی کر لیا کرو بیشک نیکی برائی کو مٹا دے گی، اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آؤ۔(سنن ترمذی:1987)۔

## اچھے اخلاق ایک مسلمان کی شخصیت اور اس کے کردار کے عناصر میں سے ایک ہے

ایک انسان جسم اور روح کا مرکب ہوتا ہے، اس کا ظاہر اور باطن ہوتا ہے، اسلامی اخلاق اس انسان کے باطنی شکل وصورت کی ایک تصویر اور تمثیل ہے، جس کی اصل جگہ انسان کا اپنا دل ہے، اور یہی باطنی تصویر ایک مسلمان کی شخصیت کا اہم عنصر ہے، در حقیقت انسان اپنی لمبائی، چوڑائی، رنگ وروپ، فقیری اور مالداری سے نہیں جانا جاتا ہے بلکہ حقیقت میں انسان اپنے اخلاق اور اپنے سلوک سے جانا اور پہچانا جاتا ہے، فرمان باری تعالی ہے: اے لوگو! ہم نے تم سب کو ایک (ہی) مرد وعورت سے پیدا کیا ہے اور اس لئے کہ تم آپس میں ایک دوسرے کو پہچانو کنبے اور قبیلے بنا دیئے ہیں، اللہ کے نزدیک تم سب میں باعزت وہ ہے جو سب سے زیادہ ڈرنے والا ہے۔ یقین مانو کہ اللہ دانا اور باخبر ہے۔(الحجرات:13)، اور نبی ﷺ کا فرمان ہے: بیشک اللہ تعالی تمہارے جسموں اور صورتوں کو نہیں دیکھتا بلکہ اللہ تعالی تمہارے دل اور اعمال کو دیکھتا ہے۔(صحیح مسلم:2564)، نیز آپ ﷺ کا ارشاد ہے: باز رہیں وہ لوگ جو فخر کرتے ہیں اپنے باپ دادوں پر جو مر چکے ہیں یعنی حالت جاہلیت اور کفر میں اور حقیقت میں وہ

کوئلے ہین جہنم کا نہیں تو ذلیل ہو جائیں کے اللہ کے آگے گوبریلی سے بھی زیادہ جو اپنے ناک سے گوہ گوبر کی گولیاں بناتا ہے، اور بے شک اللہ نے دور کی تم سے جاہلیت کا تکبر اور اپنے باپ دادا پر فخر کرنا، اب تو لوگ یا تو متقی مومن ہیں یا فاجر اور بدبخت، اور نسب کی حقیقت یہ ہے کہ سب لوگ اولاد آدم ہیں اور آدم مٹی سے بنے ہیں۔(سنن ترمذی:3955).(الاخلاق الاسلامیہ: حسن سعید المرسی: ص24)۔

## اخلاق حسنہ اور دین اسلام کا گہرا تعلق ہے

اسلام میں اخلاق حسنہ کا عقیدہ اور شریعت سے گہرا تعلق ہے، اسی لیے اکثر اللہ تعالی ایمان اور عمل صالح کو آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ذکر کرتے ہیں، جو کہ اخلاق حسنہ کو اپنے ارکان مین شمار کرتا ہے، عقیدہ بغری اخلاق حسنہ کے اس درخت کے مانند ہے جس کی کوئی چھاؤں ہی نہیں اور نہ اس درخت کا کوئی ثمرہ اور پھل ہے، اخلاق حسنہ کا شریعت سے جو تعلق ہے وہ اس طرح کہ شریعت نام ہے عبادات، معاملات کا اور عبادات ہی کے ذریعہ اس کا ثمرہ اخلاق حسنہ کی شکل میں دستیاب ہوتا ہے، اس وقت جب کہ ایک مسلمان عبادت کو کامل طریقہ سے انجام دے، فرمان باری تعالی ہے: اور نماز قائم کریں، یقیناً نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے۔(العنکبوت: 45)، اور رہی بات اخلاق حسنہ کا تعلق معاملات سے تو وہ تو ظاہر ہے اس لیے کہ معاملات کا دار و مدار اخلاق حسنہ ہی پر ہے۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث

## اخلاق حسنہ نیکی ہے

نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مین نے رسول اللہ ﷺ سے نیکی اور گناہ کے کام کے متعلق سوال کیا تو آپ ﷺ نے جواب میں ارشاد فرمایا: نیکی تو اچھے اخلاق ہین اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹک پیدا کرے اور تجھے یہ ناگوار ہو کہ لوگ اس سے باخبر ہوں۔

(صحیح مسلم:2553)

**وضاحت:** اس حدیث مین ایک اہم اصول بیان کیا گیا ہے کہ حسن اخلاق نیکی اور خیر ہے اس لئے کہ با اخلاق

آدمی محاسن اور افعال خیر اختیار کرتا اور رذائل (بد خصلتوں) سے اجتناب کرتا ہے۔

## اخلاق حسنہ میزان میں بھاری ہوں گے

ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت والے دن مومن بندے کے میزان میں حسن اخلاق سے زیادہ بھار چیز کوئی نہیں ہو گی اور یقیناً اللہ تعالی بد زبان اور بے ہودہ گوئی کرنے والے کو ناپسند کرتا ہے۔

(سنن ترمذی:2002)

## وضاحت:

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اخلاق حسنہ قیامت والے دن سب سے زیادہ نفع بخش ہو گا کیونکہ یہ دیگر سب عملوں سے زیادہ بھاری ہو گا لیکن صرف اسی شخص کے لئے جو مومن ہو گا غیر مومنوں کے لئے تو وزن اعمال ہی نہیں ہو گا، فرمان باری تعالی ہے: ہم کافروں کے لئے ترازو ہی قائم نہیں کریں گے۔(الکہف:105)، اسی طرح برے اخلاق کا حامل اور بے ہودہ گو انسان اللہ تعالی کے ہاں ناپسندیدہ ہے جس کا مطلب ہے کہ ایسا شخص آخرت مین ناکام ونامراد رہے گا۔

## اخلاق حسنہ جنت میں داخلہ کا سبب

ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا کہ کون سے عمل انسانوں کے زیادہ جنت مین جانے کا سبب بنیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالی کا ڈر (تقوی) اور حسن اخلاق، اور پوچھا گیا کہ کون سی چیزیں انسانوں کے زیادہ جہنم میں جانے کا سبب ہوں گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: منہ اور شرم گاہ۔

(سنن ترمذی:2004)

## وضاحت:

یہ حدیث نبی کریم ﷺ کی جامع ترین احادیث میں سے ایک ہے، جس میں حقوق اللہ اور حقوق العباد دونوں کو

جمع کر دیا گیا ہے، اللہ تعالی کے ڈر سے انسان کا تعلق اللہ تعالی کے ساتھ صحیح طور سے جڑ جاتا ہے اور حسن اخلاق سے وہ لوگوں کے حقوق میں کوئی کوتاہی نہیں کرتا، اس لیے یہ دو عمل ایسے ہیں کہ جن کے ذریعہ سے لوگ بکثرت جنت میں جائیں گے، اسی طرح منہ سے ہی انسان کلمات کفر بکتا ہے، غیبت، بہتان تراشی، گالی گلوچ اور بے ہودہ گوئی، یہ سب زبان کے کام ہیں اور شرم گاہ یہ بدکاری کا باعث ہے، اس اعتبار سے یہ دونوں چیزیں انسانوں کو جہنم میں زیادہ لے جانے کا باعث ہوں گی۔

## حسن اخلاق والے شخص کا مقام ومرتبہ

جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میرے نزدیک تم میں سے (دنیا میں) سب سے زیادہ محبوب اور قیامت کے دن مجھ سے سب سے زیادہ قریب بیٹھنے والے وہ لوگ ہیں جو تم میں بہترین اخلاق والے ہیں، اور میرے نزدیک تم میں (دنیا میں) سب سے زیادہ قابل نفرت اور قیامت کے دن مجھ سے دور بیٹھنے والے وہ لوگ ہیں جو باتونی، بلا احتیاط بولنے والے، زبان دراز اور تکبر کرنے والے "مُتَفَيْهِقُونَ" ہیں"، صحابہ نے عرض کیا: اللہ کے رسول! ہم نیثرثارون (باتونی) اور متشدقون (بلا احتیاط بولنے والے) کو تو جان لیا لیکن متفیھقون کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا: "تکبر کرنے والے"۔

(سنن ترمذی:2018)

## وضاحت:

اس حدیث میں کم بولنے اور سادگی سے گفتگو کرنے کی تعلیم دی گئی ہے، اور تصنع وبناوٹ اور تکبر سے منع کیا گیا ہے۔

## اخلاق حسنہ کی اہمیت

ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: "میزان میں رکھی جانے والی چیزوں میں سے اخلاقِ حسنہ (اچھے اخلاق) سے بڑھ کر کوئی چیز وزنی نہیں ہے، اور اخلاق حسنہ کا حامل اس کی بدولت صائم اور قائم کے درجہ تک پہنچ جائے گا"۔

(سنن ترمذی:2033)

## وضاحت:

صائم سے مراد وہ روزے دار جو کثرت سے نفلی روزے رکھتا ہے، اور قائم سے مراد وہ مصلی جو راتوں کو اٹھ اٹھ کر اللہ کی بکثرت عبادت کرنے والا ہے، ان دو عملوں کی پابندی نہایت مشکل ہے، لیکن جو ان کا اہتمام کرتے ہیں اس کا اجر وثواب بھی انہیں اسی حساب سے بے پایاں ملے گا، لیکن اخلاق حسنہ سے آراستہ شخص جو صرف فرائض کی ادائگی کرتا ہے، مذکورہ نوافل کا اہتمام نہیں کرپاتا وہ بھی صائم و قائم کے درجے کو پالے گا، اس حدیث سے حسن اخلاق کی اہمیت وفضیلت واضح ہوتی ہے۔

## یہ بھی اخلاق حسنہ میں سے ہے

عبد اللہ بن مبارک سے روایت ہے کہ انہوں نے اخلاقِ حسنہ کا وصف بیان کرتے ہوئے کہا: اخلاقِ حسنہ لوگوں سے مسکرا کر ملنا ہے، بھلائی کرنا ہے اور دوسروں کو تکلیف نہ دینا ہے۔

(سنن ترمذی:2055)

## فہرست اخلاقۂ حسنہ

احسان کرنا، الفت ومحبت سے پیش آنا، امانت داری، ایثار و قربانی، خندہ پیشانی، سکون واطمنان یعنی عدم عجلت، خیر میں تعاون، تواضع، عاجزی انکساری، بردباری، جود وسخا، شرم وحیا، نرمی، پردہ پوشی، سلامت صدر، دل کی پاکی، معاف کرنا، درگزر کرنا، رحمت وشفقت، بہادری، بلند ہمتی، سچائی، صبر واستقامت، عدل وانصاف، غیرت، فراست وحکمت، قناعت ومروّت، سنجیدگی اور وقار، عہد کا پاسداری وغیرہ۔

# راویوں کا تعارف

(اٹھائیسویں حدیث کے راویوں کا تعارف)

1) (مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ)

اسم: محمد بن بشار بن عثمان بن داود بن کیسان۔

المعروف: محمد بن بشار العبدی البصری۔

کنیت: ابو بکر۔

تاریخ پیدائش: 167ھ۔

تاریخ وفات: 252ھ۔

مقام پیدائش: بصرہ۔

مقام رہائش: بصرہ۔ بغداد۔

اساتذہ: وکیع بن جراح۔ ضحاک بن مخلد۔ ابو عبد اللہ الدستوائی البصری، وغیرہ۔

تلامذہ: امام طبری۔ عبد اللہ بن احمد بن حنبل۔ محمد بن نصر المروزی، وغیرہ۔

2) (عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ)

اسم: عبد الرحمن بن مہدی بن حسان بن عبد الرحمن

المعروف: عبد الرحمن بن مہدی العنبری الازدی البصری۔

کنیت: ابو سعید۔

تاریخ پیدائش: 135ھ۔

تاریخ وفات: 198ھ۔

مقام پیدائش: بصرہ۔

مقام وفات: بصرہ۔

مقام رہائش: بصرہ۔ بغداد۔

اساتذہ: شعبہ بن الحجاج۔ سفیان ابن عیینہ۔ سفیان الثوری، وغیرہ۔

تلامذ: امام احمد بن حنبل۔ اسحاق ابن راہویہ۔ عبد السلام سخنون، وغیرہ۔

3) (سُفْيَانُ)

اسم: سفیان بن سعید بن مسروق بن حمزۃ بن حبیب بن موہبۃ بن نصر بن ثعلبۃ بن ملکان بن ثور۔

المعروف: سفیان الثوری الکوفی۔

تاریخ پیدائش: 97ھ۔

تاریخ وفات: 161ھ۔

مقام وفات: بصرہ۔

مقام رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: ایوب سختیانی۔ شعبہ بن الحجاج۔ حماد سلمہ، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد اللہ بن مبارک۔ عبد الرازق الصنعانی۔ احمد بن ابی طیبہ الدارمی، وغیرہ۔

4) (حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ) تابعی

اسم: حبیب بن قیس بن دینار ابو ثابت الاسدی الکوفی۔

کنیت: ابو یحیی۔

تاریخ وفات: 119ھ۔

مقام رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: سیدنا انس بن مالک۔ سیدنا اسامہ بن زید۔ حسن بن علی بن ابی طالب الہاشمی، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان الثوری۔ شعبہ بن الحجاج۔ سعید بن سنان البرجمی، وغیرہ۔

5) (مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ)تابعی۔

اسم: میمون بن ابو شبیب الربعی الرقی الکوفی۔

کنیت: ابو نصر۔

تاریخ وفات: 83ھ۔

مقام رہائش: رقہ۔ کوفہ۔

اساتذہ: سیدنا ابوذر غفاری۔ مغیرہ بن شعبہ۔ سمرہ بن جندب، وغیرہ۔

تلامذہ: حکیم بن جبیر الاسدی الثقفی الاسدی الکوفی۔ حبیب بن ابی ثابت الاسدی۔ سلیمان بن مہران الاعمش، وغیرہ۔

6) (أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْه)

اسم: جندب بن عبد اللہ بن جنادۃ بن سفیان بن عبید بن حرام بن غفار بن ملیل۔

المعروف: ابوذر غفاری الکنانی الحجازی۔

کنیت: ابوذر۔

لقب: بریر۔

مقام پیدائش: الحجاز۔

تاریخ وفات: 31یا32ہجری۔

مقام رہائش: الربذۃ (حجاز)۔ مدینہ المنورہ۔ بلاد شام۔ دمشق (سوریا)۔

تلامذہ: ابو ادریس الخولانی۔ ابو الاحوص۔ عبد الملک بن ابوذر الغفاری، وغیرہ۔

حدیث نمبر 29

# " قُلْ آمَنْتُ بِاللَّهِ فَاسْتَقِمْ "

آمنت باللہ (میں اللہ پر ایمان لایا)، پھر اس پر پکے ہو جاؤ

((حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ ، قَالَا: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ . ح وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ ، وَإِسْحَاق بْنُ إِبْرَاهِيمَ جميعا، عَنْ جَرِيرٍ . ح وحَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ كُلُّهُمْ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قُلْ لِي فِي الإِسْلَامِ قَوْلًا لَا أَسْأَلُ عَنْهُ أَحَدًا بَعْدَكَ، وَفِي حَدِيثِ أَبِي أُسَامَةَ:

غَيْرَكَ، قَالَ: " قُلْ آمَنْتُ بِاللَّهِ فَاسْتَقِمْ "))

ترجمہ: عبد اللہ بن نمیر، جریر اور ابو اسامہ نے ہشام بن عروہ سے حدیث سنائی، انہوں نے اپنے والد (عروہ) سے اور انہوں نے سیدنا سفیان بن عبد اللہ ثقفی رضی اللہ عنہ سے روایت کی، انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے اسلام کے بارے میں ایسی پکی بات بتائیے کہ آپ کے بعد کسی سے اس کے بارے میں سوال کرنے کی ضرورت نہ رہے (ابو اسامہ کی روایت میں "آپ کے بعد" کے بجائے "آپ کے سوا" کے الفاظ ہیں) آپ نے ارشاد فرمایا: "کہو: آمنت باللہ (میں اللہ پر ایمان لایا)، پھر اس پر پکے ہو جاؤ۔"

( صحیح مسلم، کتاب الایمان، بَابُ جَامِعِ أَوْصَافِ الإِسْلاَمِ - اسلام کے جامع اوصاف کا بیان، حدیث نمبر:38[159])

## تخریج حدیث

أخرجه الترمذي فى "جامعه" فى الزهد، باب: فى حفظ اللسان۔ وقال: هذا حديث حسن صحيح – وقال: وقد روى من غير وجه عن سفيان بن عبدالله الثقفي برقم [2410] وابن ماجه فى "سننه" فى الفتن، باب: كف اللسان فى الفتنة برقم [3972]انظر "التحفة" برقم [4478] )

# شرح حدیث

## اسباقِ حدیث

❖ (قُلْ آمَنْتُ بِاللَّهِ فَاسْتَقِمْ) دراصل عقیدہ ایمان باللہ کا سب سے اعلی درجہ ہے۔

❖ یہ حدیث جوامع الکلم کہلاتی ہے یعنی کہ رسول اللہ ﷺ کے جامع ارشادات میں سے ایک ہے، کیونکہ اگر کوئی مسلمان صرف اس جملے پر جم جائے اور استقامت اختیار کرلے تو وہ نجات پا جائے گا۔

❖ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دین کے معاملات جاننے میں سب سے زیادہ حریص تھے اور اس طرح کے جامع امور کو دریافت کرنے کے خواہشمند رہتے تھے اسی وجہ سے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دین اور دنیا میں کامیابی اور فلاح کے اعلی مقام و مرتبہ پر فائز ہوئے۔

❖ (فَاسْتَقِمْ) استقامت کی اہمیت یہ ہے کہ بندہ اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت و فرمانبرداری میں ہمہ تن لگا رہے اس پر ثابت قدم رہے۔

❖ علمائے کرام سے مسائل و معاملات پوچھنے کی اہمیت یہ ہے کہ علمائے کرام نے کہا کہ علم والوں سے کسی مسئلے کو دریافت کرنا نصف علم کہلاتا ہے اور بہترین سوال سائل کے ذہنی تدبر اور اس کے ذہنی صلاحیت کو ظاہر کرتا ہے۔

❖ استقامت ایمان کا جز ہے چنانچہ استقامت ایک مسلمان کو مسلسل فرمانبرداری پر ابھارتا رہتا ہے۔

❖ اللہ تعالی پر ایمان لانے اور اس پر پکے طریقے سے جم جانے کے بعد استقامت کو صراطِ مستقیم کا حصول کہا گیا ہے۔

❖ ام المؤمنین سیدہ عائشہ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "تمہارے پاس شیطان آکر یہ کہتا ہے: تجھے کس نے پیدا کیا؟ وہ کہتا ہے: اللہ تعالیٰ نے، وہ دوبارہ کہے گا: اچھا تو پھر اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا؟ اگر ایسا وسوسہ پیدا ہو جائے تو یہ دعا پڑھنی ہے: "آمنت باللہ ورسولہ" "میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا"، یہ عمل اس وسوسہ کو ختم کر دے گا۔ (سلسلہ احادیث الصحیحہ للالبانی:116)

❖ ایمان: نام ہے تصدیق کا جو تقاضہ کرتی ہے عمل و اطاعت کی۔ اور ساتھ ہی ایمان کے چھے ارکان کا ماننا بھی لازم آتا ہے، امور غیبیہ پر ایمان لانا ایمان کا تقاضہ ہے۔

❖ یہ حدیث عمل قلب یعنی ایمان اور عمل بدن یعنی استقامت دونوں کو شامل ہے۔

❖ استقامت کا لغوی معنیٰ "کھڑے ہونا" اور "سیدھے ہو جانا" ہے۔

❖ امام قرطبی فرماتے ہیں: عقائد، اقوال اور اعمال، سب میں اللہ تعالیٰ کی فرمابرداری کرنا، اِسی پر جمے رہنا اور اسی راہ پر قائم رہنا استقامت کہلاتا ہے۔

❖ استقامت پر قرآنی آیات:

- إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ۔ (فصلت: ٣٠)
- إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ۔ (احقاف: ١٣)
- اهدنا الصراط المستقيم۔ (الفاتحة)
- فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ۔ (هود: ١١٢)

- ❖ ابن قیم: القیام بین یدی اللہ علی حقیقۃ الصدق والوفاء-(تھذیب مدارج السالکین:529)
- ❖ استقامت:اعظم الکرامۃ لزوم الاستقامۃ(ابن تیمیہ–مدارج السالکین)
- ❖ استقامت لسان، استقامت قلب، استقامت اعمال، استقامت احوال والنیات
- ❖ گناہ نہ ہو استقامت کا یہ مطلب نہیں؛ گناہ ہونے کے بعد توبہ نہ کرنا، استغفار نہ کرنا بلکہ اصرار کرنا اور گناہ پر جمے رہنا یہ استقامت کے منافی ہے۔
  - فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوهُ (فصلت: ٦)
  - " كُلُّ ابْنِ آدَمَ خَطَّاءٌ وَخَيْرُ الْخَطَّائِينَ التَّوَّابُونَ " (سنن ترمذی: 2499)
- ❖ فوائد استقامت:
  - فرشتوں کا نزول
  - سکینت وطمانینت کا نزول
  - نزول رحمت
  - جنت کی خوش خبری(إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ۔ فصلت: ٣٠)
  - وسعت رزق وَأَن لَّوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ لَأَسْقَيْنَاهُم مَّاءً غَدَقًا (الجن: ١٦)
  - شرح صدر مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً ۖ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ۔ (النحل: ٩٧)

❖ استقامت و ثابت قدمی حاصل کرنے کے طریقے:

- طاعات و عبادات عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ قَالَ:" مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ، وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِي بِشَيْءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَيْهِ، وَمَا يَزَالُ عَبْدِي يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ، فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ، وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ، وَيَدَهُ الَّتِي يَبْطِشُ بِهَا، وَرِجْلَهُ الَّتِي يَمْشِي بِهَا، وَإِنْ سَأَلَنِي لَأُعْطِيَنَّهُ، وَلَئِنْ اسْتَعَاذَنِي لَأُعِيذَنَّهُ، وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَيْءٍ أَنَا فَاعِلُهُ تَرَدُّدِي عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ يَكْرَهُ الْمَوْتَ، وَأَنَا أَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ" . (صحيح بخاری: 6502)
- علم شرعی میں مشغول رہنامَا مِنْ رَجُلٍ يَسْلُكُ طَرِيقًا يَطْلُبُ فِيهِ عِلْمًا إِلَّا سَهَّلَ اللَّهُ لَهُ بِهِ طَرِيقَ الْجَنَّةِ (سنن ابو داود: 3643)
- علم و عمل میں اخلاص فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا (روم: 30)
- دعا اهدنا الصراط المستقيم
- قراءت قرآن کی کثرت إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۔ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ۔ (تكوير:27-28)
- صحبت صالحین:فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۚ إِنَّهُ

بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۔ وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ (هود: 112-113)

- اعتدال ووسطیت: هلك المتنطعون

لن يشاد الدين احد الا غلبه

عَنْ عَائِشَةَ،" أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا امْرَأَةٌ، قَالَ: مَنْ هَذِهِ؟ قَالَتْ: فُلَانَةُ تَذْكُرُ مِنْ صَلَاتِهَا، قَالَ: مَهْ عَلَيْكُمْ بِمَا تُطِيقُونَ، فَوَاللَّهِ لَا يَمَلُّ اللَّهُ حَتَّى تَمَلُّوا، وَكَانَ أَحَبَّ الدِّينِ إِلَيْهِ مَا دَامَ عَلَيْهِ صَاحِبُهُ."

صحيح بخاری: 43

ترجمہ: عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت نقل کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (ایک دن) ان کے پاس آئے، اس وقت ایک عورت میرے پاس بیٹھی تھی، آپ نے دریافت کیا یہ کون ہے؟ میں نے عرض کیا، فلاں عورت اور اس کی نماز (کے اشتیاق اور پابندی) کا ذکر کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ٹھہر جاؤ (سن لو کہ) تم پر اتنا ہی عمل واجب ہے جتنے عمل کی تمہارے اندر طاقت ہے۔ اللہ کی قسم! (ثواب دینے سے) اللہ نہیں اکتاتا، مگر تم (عمل کرتے کرتے) اکتا جاؤ گے، اور اللہ کو دین (کا) وہی عمل زیادہ پسند ہے جس کی ہمیشہ پابندی کی جا سکے۔ (اور انسان بغیر اکتائے اسے انجام دے)۔

❖ استقامت سے رکاوٹ ڈالنے والے اسباب:

- گناہ کو معمولی سمجھنا
- دنیا میں گم ہو کر آخرت کو بھلانا
- بری صحبت

❖ دعا استقامت:

- يا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک
- اللهم اني اسئلک الهدى والتقى والعفاف والغنى
- اللهم اعني على ذكرك وشكرك وحسن عبادتك
- لا حول ولا قوة الا بالله
- اهدنا الصراط المستقيم
- اللهم اهدني وسددني

❖ اسباب استقامت: (دل مستقیم ہو تو اعمال بھی مستقیم رہتے ہیں)

- اخلاص عبودیت
- استغفار و توبہ
- محاسبہ نفس و تزکیہ
- صلوات خمسہ کی پابندی، نوافل کا اہتمام
- صحبت صالحین
- معرفت خطوات شیطان اور اجتناب
- محرمات سے دور
- زبان، دل، اور اعمال کو پاک رکھنا

- ارکان اسلام وایمان پر تدبر اور تقاضوں پر عمل
- صراط مستقیم کے تقاضوں پر عمل (ابن تیمیہ کی کتاب اقتضاء الصراط المستقیم)
- تقوی کی ملازمت استقامت وولایت کی کنجی ہے (من کان للہ تقیا کان للہ ولیا)
- وساوس شیطان اور مجالس اشرار سے دور رہنا
- نوافل عمرہ، دعوتی واصلاحی کام، تلاوت، طلب علم شریعت میں ٹائم لگانا

❖ استقامت کے لازمی نتائج:

- حصول توحید اور شرک وکفر ونفاق سے نفرت
- حصول عمل صالح اور فسق وفجور وگناہ سے نفرت
- اطاعت الہی واجتناب معاصی
- لاحول ولا قوۃ الا باللہ

اسے چار قسم کے لوگوں سے سمجھ سکتے:

1) اچھے کام بھی نہیں برے کام بھی نہیں
2) اچھے کام بھی اور برے کام بھی
3) اچھے کام نہیں صرف برے کام
4) اچھے کام کرے، برے نہیں یہ سب صحیح لوگ ہیں

- حدودِ شریعت کی پاسداری اور حدود کو توڑنے سے رکنا، عمر رضی اللہ عنہ "وقاف" تھے رک جاتے تھے اگر شریعت کے حدود کی بات آتی تھی۔
- حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنا

- سیرت انبیاء وصالحین سے محبت
- اللہ سے محبت، اس کی تعظیم
- لوگوں کو تکلیف نہ دینا
- معروف عام کرنا
- ہر عمل اچھے ادا کرنا چاہے کوئی دیکھے یا نہ دیکھے
- اداء امانات
- موت تک اسقامت
- زندگی میں ذلت نہیں
- حسن خلق پیدا ہونا
- خشوع عبادات
- معاملات میں صفائی
- معاشرہ کے لیے مفید، فساد سے دور

## راویوں کا تعارف

(انتیسویں حدیث کے راویوں کا تعارف)

1) (أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ)

اسم: عبد اللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان بن خواستی- المعروف ابن ابی شیبہ العبسی۔

کنیت: ابو بکر۔

تاریخ پیدائش: 156ھ۔

تاریخ وفات: 235ھ۔

مقامِ رہائش: کوفہ۔ بغداد۔ واسط۔ دمشق۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ عبد اللہ بن مبارک، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ امام اثرام۔ ابو بکر الاسفر اینی، وغیرہ۔

2) (أَبُو كُرَيْبٍ)

اسم: محمد بن العلاء بن کریب الهمدانی الکوفی

کنیت: ابو کریب۔

تاریخ پیدائش: 161ھ۔

تاریخ وفات: 248ھ۔

مقام پیدائش: کوفہ۔

مقام وفات: کوفہ۔

مقام رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ سفیان الثوری، وغیرہ۔

تلامذہ: امام نسائی۔ امام ابن خزیمہ۔ امام طبری، وغیرہ۔

3) (ابْنُ نُمَيْرٍ)

اسم: عبد اللہ ابن نمیر الهمدانی الخارقی الکوفی

کنیت: ابو ہشام۔

تاریخ پیدائش: 155ھ۔

تاریخ وفات: 199ھ۔

مقام رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: سفیان الثوری۔ امام اوزاعی۔ اسماعیل بن ہرمز، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد ابن حنبل۔ ابو عبد اللہ القشیری نیشاپوری۔ ابو کریب الهمدانی، وغیرہ۔

4) (قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ)

اسم: قتیبہ بن سعید بن جمیل بن طریف بن عبد اللہ۔

المعروف: قتیبہ بن سعید الثقفی البلخی البغلانی۔

کنیت: ابو رجاء

تاریخ پیدائش: 149ھ۔

تاریخ وفات: 240ھ۔

مقام پیدائش: بلخ (افغانستان)

مقام رہائش: بلخ۔ عراق۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ عبد اللہ بن لہیعہ، وغیرہ۔

تلامذہ: امام مسلم۔ امام نسائی۔ ابو سائب العامری السوائی الکوفی، وغیرہ۔

5) (إِسْحَاق بْنُ إِبْرَاهِيمَ)

اسم: اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن ابراہیم بن مطر۔

المعروف: اسحاق ابن راہویہ المروزی۔

کنیت: ابو یعقوب۔

تاریخ پیدائش: 166ھ۔

تاریخ وفات: 238ھ۔

مقام پیدائش: مرو (الشاہجان)

مقام وفات: نیشاپور

مقام رہائش: مرو (ترکمانستان)۔ خراسان۔ نیشاپور۔ حجاز۔ عراق۔ یمن۔ بلاد شام۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ حفص بن غیاث، وغیرہ۔

تلامذہ: امام مسلم۔ امام نسائی۔ امام ابن خزیمہ، وغیرہ۔

6) (جَرِيرٍ)

اسم: جریر بن عبد الحمید بن جریر بن قرط بن ہلال بن اقیس بن ابی امیہ بن زحف بن النضر۔

المعروف: جریر بن عبااللہ الحمید الضبی الرازی الکوفی۔

کنیت: ابو عبد اللہ۔

تاریخ پیدائش: 110ھ۔

تاریخ وفات: 187ھ۔

مقام پیدائش: الرے۔

مقام وفات: الرے۔

مقام رہائش: الرے، الکوفہ۔

اساتذہ: سفیان الثوری۔ اسماعیل بن ہرمز۔ سلیمان بن طرخان التیمی، وغیرہ۔

تلامذہ: اسد ابن موسہ الاموی (اسد السنۃ)۔ ابو غسان الرازی التیمی۔ قتیبہ بن سعید البلخی، وغیرہ۔

7) (أَبُو أُسَامَةَ)

اسم: حماد بن اسامہ بن زید القرشی الکوفی۔

کنیت: ابو اسامہ۔

تاریخ پیدائش: 120

تاریخ وفات: 201

مقام رہائش: مکہ مکرمہ۔ کوفہ۔

اساتذہ: شعبہ بن الحجاج۔ اسماعیل بن ہرمز۔ ابو یونس حاتم بن مسلم، وغیرہ۔

تلامذہ: ابو عبد اللہ القشیری نیشاپوری۔ اسحاق بن منصور الکوسج۔ محمد بن ابو داود سلیمان الانباری، وغیرہ۔

8) (هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ)

اسم: ہشام بن عروۃ بن الزبیر بن العوام بن خویلد بن اسد بن عبد العزی بن قصي بن کلاب۔

المعروف: ہشام بن عروۃ الاسدی القرشی المدنی البغدادی

کنیت: ابو المنذر۔ ابو عبد اللہ۔ ابو بکر۔

تاریخ پیدائش: 61ھ۔

تاریخ وفات: 146ھ۔

مقام پیدائش: مدینہ منورہ۔

مقام وفات: بغداد۔

مقام رہائش: مدینہ منورہ۔ کوفہ۔ بغداد۔

اساتذہ: ابن شہاب الزہری۔ عروہ بن زبیر۔ ابو محمد عبد الرحمن بن القاسم، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ عبد الملک بن سلیمان الجرمی، وغیرہ۔

9) (أَبِيهِ) تابعی

اسم: عروۃ بن الزبیر بن العوام بن خویلد بن اسد بن عبد العزی بن قصي بن کلاب

المعروف: عروہ بن زبیر الاسدی القرشی المدنی۔

کنیت: ابو عبد اللہ۔

تاریخ پیدائش: 29ھ۔

تاریخ وفات: 93ھ۔

مقام وفات: مدینہ منورہ۔

مقام رہائش: مدینہ منورہ۔ بصرہ۔ مصر۔

اساتذہ: سیدنا اسامہ بن زید۔ سیدنا انس بن مالک۔ زبیر بن عوام۔ مروان بن حکم بن ابی العاص بن امیہ الاموی، وغیرہ۔

تلامذہ: ابن شہاب الزہری۔ مسلم بن یسار السلولی السلمی۔ صالح بن کیسان ۔ عبد اللہ الماجشون، وغیرہ۔

10) (سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الثَّقَفِيِّ رضي الله عنه) الرتبة عند ابن حجر:

صحابي والرتبة عند الذهبي: له صحبة

اسم: سفیان بن عبد اللہ بن ربیعہ بن الحارث

المعروف:سفیان بن عباللہ الثقفی الطائی

کنیت: أبو عمرو,ويقال: أبو عمرة،وكناه ابن الجوزي في كتاب "الصحابة": أبا عبد الله

تاریخ وفات:سن 41ہجری سے لیکر50 کے درمیان میں آپ کا انتقال ہوا۔

مقام رہائش:طائف۔مدینہ منورہ۔

تلامذہ:عروہ بن زبیر الاسدی۔محمد بن عبد الرحمن القرشی۔عبد اللہ بن سفیان الثقفی۔

حدیث نمبر 30

# "كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ"

ہر نشہ آور چیز حرام ہے

((حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبِي، وَمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ إِلَى الْيَمَنِ، فَقَالَ: يَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا، وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا، وَتَطَاوَعَا، فَقَالَ لَهُ أَبُو مُوسَى: إِنَّهُ يُصْنَعُ بِأَرْضِنَا الْبِتْعُ، فَقَالَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ"، وَقَالَ النَّضْرُ، وَأَبُو دَاوُدَ، وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، وَوَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ))

**ترجمہ**: ہم سے محمد بن بشار نے بیان کیا، کہا ہم سے عبد الملک بن عمرو عقدی نے بیان کیا، ان سے شعبہ نے بیان کیا، ان سے سعید بن ابی بردہ نے بیان کیا کہ میں نے اپنے والد سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے والد (سیدنا ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ) اور سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا اور ان سے فرمایا کہ آسانی پیدا کرنا اور تنگی نہ کرنا اور خوشخبری دینا اور نفرت نہ دلانا اور آپس میں اتفاق رکھنا، سیدنا ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ ہمارے ملک میں شہد کا نبیذ (تبع) بنایا جاتا ہے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔ نضر بن شمیل، ابو داؤد طیالسی، یزید بن ہارو اور وکیع نے شعبہ سے بیان کیا، ان سے سعید نے، ان سے ان کے والد نے، ان سے ان کے دادا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی حدیث نقل کی۔

## تخریج حدیث

(صحیح البخاری، کتاب الاحکام، بَابُ أَمْرِ الْوَالِي إِذَا وَجَّهَ أَمِيرَيْنِ إِلَى مَوْضِعٍ أَنْ يَتَطَاوَعَا وَلاَ يَتَعَاصَيَا- جب حاکم اعلیٰ دو شخصوں کو کسی ایک جگہ ہی کا حاکم مقرر کرے تو انہیں یہ حکم دے کہ وہ مل کر رہیں اور ایک دوسرے کی مخالفت نہ کریں، حدیث نمبر: 7172۔

دیگر صحابہ کرام سے مروی مذکورہ حدیث:

(عن جابر رضی اللہ عنہ) صحیح مسلم، کتاب الاشربۃ، بَابُ بَيَانِ أَنَّ كُلَّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ وَأَنَّ كُلَّ خَمْرٍ حَرَامٌ - ہر نشہ لانے والی شراب خمر ہے اور ہر خمر حرام ہے، حدیث نمبر: 2002[5217]۔

(عن عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما) صحیح مسلم، کتاب الاشربۃ، بَابُ بَيَانِ أَنَّ كُلَّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ وَأَنَّ كُلَّ خَمْرٍ حَرَامٌ- ہر نشہ لانے والی شراب خمر ہے اور ہر خمر حرام ہے، حدیث نمبر :2003[5218]۔ وسنن ابو داود:3679۔ وسنن الترمذی:1864۔ وسنن ابن ماجہ:3387)

(عن قيس بن سعد) مجمع الزوائد للهيثمي:5/60، قال :فيه رجل لم يسم وابن لهيعة ، وبقية رجاله ثقات

## شرح حدیث

### اسباقِ حدیث

❖ نشہ آور چیز چاہے کسی بھی شکل میں ہو حرام ہے۔

❖ نشوہ آور چیز چاہے مقدار میں کم ہو یا زیادہ حرام ہے۔

❖ اگر شرابی شخص دنیا میں بغیر توبہ کے مر جائے تو آخرت میں وہ جنت کی شراب سے محروم کر دیا جائے گا یعنی کہ وہ شرابی جنت میں اول وھلہ میں جنت میں داخل نہ ہو گا۔

❖ نشہ آور چیزوں کی خرید و فروخت بھی حرام ہے۔

❖ تمباکو، سگریٹ، سگار وغیرہ مفتر و مضر اور بعض مسکر کے حکم میں داخل ہیں۔

❖ منشیات کا استعمال چاہے منہ سے پی جائے یا ناک سے سونگھی جائے، یا کھائی جائے یا انجکشن کے ذریعے لی جائے یا کسی اور شکل سے لی جائے حرام ہے۔

# شراب کی حرمت

فہرستِ مضمون

- شراب کی حرمت
- حوالہ

## شراب کی حرمت:

حضرت طارق بن سوید جعفی رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ انھوں نے نبی کریم ﷺ سے شراب کے بارے میں پوچھاتو آپ نے شراب بنانا سخت ناپسند کیا اور انھیں منع فرمایا۔ انھوں نے کہا: "میں تو اسے بطور دوا بناتا ہوں۔" آپ نے فرمایا:

(إِنَّهُ لَيْسَ بِدَوَاءٍ وَّلٰكِنَّهُ دَاءٌ)"یہ دوا نہیں بلکہ یہ بیماری ہے۔"

(صحیح مسلم، الأشربة، باب تحریم التداوي بالخمر۔۔۔، حدیث:1984)

جدید میڈیکل سائنس نے شراب کے وہ اثرات تفصیل سے بیان کر دیے ہیں جو انسانوں کے جسم اور عقل پر مرتب ہوتے ہیں اور سخت نقصان دہ ہیں، مثلاً:

- ❖ ڈاکٹر لانسرو کہتے ہیں: "مستقل شراب نوشی عورت کی بیضہ دانی کو سکیڑ کر تنگ کر دیتی ہے۔"
- ❖ ڈاکٹر بر قولہ نے لکھا: "میں نے ہمیشہ شراب پینے والوں کے پوسٹ مارٹم کے دوران دیکھا کہ ان کے خصیے سکڑ کر سخت ہو گئے اور 86 فیصد میں منی والے جراثیم نہیں ہوتے۔"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مستقل شراب نوشی کرنے والے بانجھ پن اور نامردی کا شکار کیوں ہوتے ہیں؟

## حوالہ

ماخوذ از کتاب : سیرت النبی ﷺ ، مؤلف : دکتور مهدی رزق اللہ احمد ، مترجم : شیخ الحدیث حافظ محمد امین

# کھانے پینے کی اشیاء میں الکوحل کا استعمال

فہرستِ مضمون

کھانے پینے کی اشیاء میں الکوحل کا استعمال

حوالہ

کھانے پینے کی اشیاء میں الکوحل کا استعمال

خوردونوش کی جن اشیاء میں ایسا الکوحل شامل ہو جس کی کثیر مقدار کے استعمال کرنے سے نشہ ہو جاتا ہو تو اس کا کم اور زیادہ، کھانے اور پینے میں بطور خوشبو اور بطور دوائی اور علاج کے استعمال جائز نہیں ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

((يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (٩٠) إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ وَعَنِ الصَّلَاةِ فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ)) "

اے ایمان والو! بات یہی ہے کہ شراب اور جوا اور تھان اور فال نکالنے کے پانسے کے تیر، یہ سب گندی باتیں، شیطانی کام ہیں ان سے بالکل الگ رہو تاکہ تم فلاح یاب ہو، شیطان تو یوں چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے سے تمہارے آپس میں عداوت اور بغض واقع کرا دے اور اللہ تعالیٰ کی یاد سے اور نماز سے تم کو باز رکھے سو اب بھی باز آجاؤ"

[المائدہ:90،91] .

اور اس لیے بھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

((مَا أَسْكَرَ كَثِيرُهُ فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ ))"

جس چیز کی زیادہ مقدار نشہ پیدا کرتی ہو تو اس کو کم مقدار میں استعمال کرنا حرام ہے"

(سنن ابو داؤد، رقم الحدیث :3681 ، سنن الترمذی ،رقم الحدیث :1865 ، سنن ابن ماجہ، رقم الحدیث

(3393:

نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

(( تَدَاوَوْا عباد الله ، وَلَا تَدَاوَوْا بِحَرَامٍ فإِنَّ اللَّه ما أَنْزَلَ داءً إلا أنزل له دَوَاءً))

اللہ کے بندو! علاج معالجہ کرو، مگر حرام (اشیاء) سے علاج نہ کرو، چنانچہ اللہ تعالی نے جو بیماری بھی اتاری ہے "ز

(سنن ابن ماجہ، رقم الحدیث:3436)،

اللہ سبحانہ وتعالی نے شراب پر یہ حکم لگایا ہے کہ وہ ناپاک اور حرام ہے اور اس سے پرہیز کرنے کا حکم دیا ہے، لہذا اسے ضائع کرنا واجب ہے، کیونکہ اس کا باقی رکھنا اس کے استعمال کا سبب اور ذریعہ بن سکتا ہے، جب شراب کی حرمت نازل ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے گرانے کا حکم دیا تھا، چنانچہ اسے مدینہ کی گلیوں اور بازاروں میں بہا دیا گیا، لیکن اگر ان اشیاء میں ایسے الکوحل کی آمیزش ہوئی ہے، جس کی کثیر مقدار استعمال کرنے سے نشہ نہیں ہوتا تو ان اشیاء کو استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ وہ شراب کے حکم میں نہیں ہیں۔

(اللجنۃ الدائمۃ:20339)

حوالہ

450 سوال وجواب برائے صحت وعلاج اور میڈیکل سٹاف لاصحاب الفضیلۃ ابن باز ابن عثیمین الفوزان رحمھم اللہ اور علماء سعودیہ فتوی کمیٹی۔ مترجم فضیلۃ الشیخ حافظ عبد اللہ سلیم حفظہ اللہ

Arabic Askislampedia

من آفات الخمْر وأضرارها

قال الله تعالى: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالأَنْصَابُ وَالأَزْلامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۞إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُوقِعَ بَيْنَكُمُ

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللهِ وَعَنِ الصَّلاةِ فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ[المائدة:٩٠ - ٩١].

المحتويات

القران

الحديث

ذَكَرَها الإمامُ ابن القيم في كتابه "حادي الأرواح"، والذهَبي في "الكبائر"

تتمَّة «من آفات الخمر وأضرارها» من كتاب "إصلاح المجتمع"، ص٣٩٩ - ٤٠٠.

للشيخ: محمد بن سالم البيحاني - رحمه الله

فائدة

المراجع

القران

قال الله تعالى: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالأَنْصَابُ وَالأَزْلامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۞إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللهِ وَعَنِ الصَّلاةِ فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ[المائدة:٩٠ - ٩١]. فقد نهى الله - عزَّ وجل - في هذه الآية عن الخمر، وحذَّر منها؛

الحديث

» اجتَنِبوا الخمْر؛ فإنها أمُّ الخبائث، وهي مِفْتَاح كلِّ شرٍّ»رواه الحاكم، وقال: صحيح الإسناد.، فمَن لَم يجتنبها فقد عصى الله ورسوله، وقد لُعِنَ شاربُها في عِدَّة أحاديث؛ ففي الحديث الصحيح: «إن الله لعَن الخمر، وعاصرها، ومعتصرها، وبائعها، ومبتاعها، وشاربها، وآكل ثمنها، وحاملها، والمحمولة إليه، وساقيها، ومستقيها»رواه الإمام أحمد بسند صحيح.

والخمر ما خامَر العقلَ؛ أي: غطَّاه، سواء كان رطبًا أو يابسًا، أو مأكولاً أو مشروبًا،

وكلُّ مُسْكِرٍ خمر، وكل خمرٍ حرام، وللخمر أضرارٌ كثيرة في: الصِّحَّة والمال، والدِّين والدُّنيا والآخرة،

ذَكَرَها الإمامُ ابن القيم في كتابه "حادي الأرواح"، والذهَبي في "الكبائر""حادي الأرواح"، ص١١٣، ١١٤، و"كبائر الذهبي"، ص٧٨- ٨٢. فمنها

1 -أنَّ الخمر تغتال العقل.

2 -تُكثِر اللَّغو على شاربها.

3 -تنزف المال، وتُصَدِّع الرأس.

4 -هي رِجْس مِن عمَل الشيطان.

5 -تُوقِع العداوة والبغضاء بين الناس.

6 -تصدُّ عن ذكْر الله وعن الصلاة.

7 -تدعو إلى الزنا، وربما دعتْ إلى الوقوع على البنت والأخت وذوات المحارم.

8 -تُذْهِب الغَيْرة من قلب شاربها.

9 -تُورِث الخِزْيَ والندامة والفضيحة

10 -تُلْحِقُ شاربها بأنقص نَوْعِ الإنسان، وهم المجانين.

11 -تسلبه أحسن الأسماء والسِّمات.

12 -وتكسوه أقبح الأسماء والصفات.

13 -تسبب قتل النفس، وإفشاء السر، الذي في إفشائه مضرَّته وهلاكه.

14 -تهتك الأستار، وتظهر الأسرار.

15 -تُهَوِّن ارتكاب القبائح والإثم.

16 -تُخْرِج من القلب تعظيم المحارم.

17 -المُدَاوِمُ على شربها كعابد وَثَن.

18 –أنها جِمَاعُ الإثم، ومفتاح الشر.

19 –أنَّ مَن شَرِبها في الدنيا لَم يشربْها في الآخرة.

20 –أن مُدْمِنَها إذا مات ولَم يَتُبْ لا يدخل الجنة.

21 –أنَّ السَّكْران لا يقبل الله منه حسنة.

22 –أنَّ مَن شرب الخمر لا يكون مؤمنًا حين يشربها.

23 –أن شارب الخمر عليه الحدُّ ثمانون جلدة.

24 –لا يُعاد شاربُ الخمر إذا مرض، ولا يسلَّم عليه؛ لأنه فاسقٌ ملعون، قد لَعَنَهُ الله ورسوله، إلا مَن تاب، ومَن تاب تابَ الله عليه.

اللهم تبْ علينا إنك أنت التواب الرحيم، اللهم احْفَظ مجتمعنا المسلم من مُوجِبَات غضبك، وأليم عقابك، يا حي يا قيوم، يا ذا الجلال والإكرام، وصلى الله على نبينا محمدٍ، وعلى آله وصحبه وسلم.

تتمَّة «من آفات الخمر وأضرارها»من كتاب "إصلاح المجتمع"، ص٣٩٩ – ٤٠٠. للشيخ: محمد بن سالم البيحاني – رحمه الله

قال: أضرُّ ما يكون من المعاصي على أصحابها ضرر عاجل بعد الزنا هو الخمرُ، الذي يُهَيِّج المعدة؛ فيسبب القيء، ثم يسبب التهابات مُزمنة فيها، وأخيرًا يتلف الكبد تدريجيًّا، ثم يكون بعده الاستسقاء القاتل، ومَنْ أدْمَن الخمر تصلَّبت شرايينُه، وتأثَّر بها قلبه وكلاؤه ومخُّه، وضعف جسمه ضعفًا يَعْجز معه عن مُقاومة الأمراض المُعْدية، وأولاده يُصَابون بالصرَع، والجنون، والشلَل، وضعف الإدراك، ويفسد عقله ومزاجه، ويذهب ماله وكرامته، وذكر بعض الأطباء من مضارِّ الخمر أربع عشرة خَصْلة، وهي:

1. أنها تخدِّر المراكز العَصَبية العُلْيا؛ فيصاب شاربُها بجنونٍ وقيء؛ فيلحق الأذى بالناس وبنفسه.

2. تنبه القلب تنبيهًا شديدًا يعقبه ضعفٌ وهبوطٌ.
3. تضعف مناعةُ الإنسان ضد العدوى بالأمراض.
4. مدمن الخمر يُعَرَّض للإصابة بالسُّلِّ أكثر من غيره.
5. نسبة نجاح العمليات الجراحية في مدمن الخمر قليلة.
6. أُجْرِيَ فحصٌ دقيق في عدَّة مستشفيات للأمراض العقلية في أنحاء مختلفة منَ العالَم، وقد أسفر هذا الفَحْص عن أن ما يقرب من ٥٠ ٪ من نُزلاء تلك المستشفيات سُلالة آباءٍ اعتادُوا شرْبَ الخمر.
7. الخمر تتلف الكبد والكُلَى، وتسبب الضَّعْف: العقلي، والجسْمي، والعصبي.
8. المصابون بضَعْف الدم، والبول السكري، وأمراض القلب، لو شربوا الخمر كانوا بمثابة المنتحرين.
9. أن الخمر لا تساعد على الهضْم، بل هي على النقيض، تُعرقل عملية الهضْم.
10. ليس للخمر - وهي رجْسٌ مِن عمَل الشيطان - أيُّ قيمةٍ غذائية.
11. مُدمن الخمر الفقير يُنفق مِن ماله على كؤوسِ الخمر أضعافَ ما ينفقه على صِحَاف الطعام، وهو يجوع ليسكر، ولكن على حساب صحَّتِه وصحة زوجته وأطفاله الصغار؛ فيَتَعَرَّضُون جميعًا للأمراض الفَتَّاكة.
12. تدل الإحصائيات الطبية أنَّ نسبة كبيرةً من الذين يُصابون بالأمراض التناسلية تعرَّضوا لهذه الأمراض على أَثَر شُربهم للخمر.
13. ما من مدمن للخمر أعقب نسلاً قويًّا؛ حيث إنَّها تورث صفات الضعْف للجنين من الخلية الضعيفة التي تكونه.
14. أن أكثر من ٤٠ ٪ من حوادث السيارات يرجع السببُ فيها إلى الخمر، ولا شك أن فتْك الخمر بالناس أشدُّ من فتك الطاعون والحروب والمجاعات، فلا

يَتَحَقَّق الفلاح إلا باجتنابها، وبالله التوفيق.

فائدة

الحكمة من تحريم الخمر هي المحافظةُ على سلامة دين المسلم، وعقله، وبدنه، وماله.

## المراجع

http://www.islamhouse.com/337253/ar/ar/books/

الفتور: المظاهر – الأسباب – العلاج

اللغة: عربي

تأليف: ناصر بن سليمان العمر

## ALCOHOL-THE MOTHER OF EVILS

The word alcohol is derived from the Arabic word al-kohl, which means fermented grains, fruits or sugars that form an intoxicating beverage when fermented. Khamr or khamrah is the word used in the Qur'an to denote a fermented beverage that intoxicates a person when he/she drinks it. It is sometimes translated as "wine."

### TABLE OF CONTENTS

- Intoxication risks
- WHO Report
- Every alcoholic was initially a social drinker
- Qur'an
- Hadith
- Punishment for drinking alcohol
- Alcohol is mother of evils
- Allah has cursed the drinker of alcohol

- The one who is addicted to alcohol is like one who worship idol
- The one who is addicted to alcohol will be denied admission to paradise
- Prayer (salah) will not be accepted for forty days
- Prohibition of Every Drink that Intoxicates in Large Amounts
- Scholars view
- Ruling on selling alcohol to non-Muslim
- Ruling on working in a company,restaurant,stores etc where alcohol is sold
- Ruling on medicine containing alcohol
- It is not permissible to mix medicines with alcohol, because alcohol must be thrown away
- Ruling on using vessels that are used for drinking of alcohol
- Conclusion
- References

## INTOXICATION RISKS

Intoxication is the most common cause of alcohol-related problems, leading to injuries and premature deaths. As a result, intoxication accounts for two-thirds of the years of life lost from drinking. Alcohol is responsible for:

30% of road accidents

44% of fire injuries

34% of falls and drownings

16% of child abuse cases

12% of suicides

10% of industrial accidents

As well as deaths, short-term effects of alcohol result in illness and loss of work productivity (e.g. hangovers, drink driving offences). In addition, alcohol contributes to criminal behaviour – in Australia over 70% of prisoners convicted of violent assaults have

drunk alcohol before committing the offence and more than 40% of domestic violence incidents involve alcohol. [1]

## WHO REPORT

The harmful use of alcohol results in 2.5 million deaths each year.

320 000 young people between the age of 15 and 29 die from alcohol-related causes, resulting in 9% of all deaths in that age group.

Alcohol is the world's third largest risk factor for disease burden; it is the leading risk factor in the Western Pacific and the Americas and the second largest in Europe.

Alcohol is associated with many serious social and developmental issues, including violence, child neglect and abuse, road traffic accidents and absenteeism in the workplace.

The harmful use of alcohol is also associated with several infectious diseases like HIV/AIDS, tuberculosis and sexually transmitted infections (STIs). This is because alcohol consumption weakens the immune system and has a negative effect on patients' adherence to antiretroviral treatment. [2]

## EVERY ALCOHOLIC WAS INITIALLY A SOCIAL DRINKER

Many may argue in favour of liquor by calling themselves as social drinkers. They claim that they only have one or two pegs and they have self-control and so never get intoxicated. Investigations reveal that every alcoholic started as a social drinker. Not a single alcoholic or drunkard initially starts drinking with the intention of becoming an alcoholic or a drunkard. No social drinker can say that I have been having alcohol for several years and that I have so much self-control that I have never been intoxicated even a single time. [3]

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

## QUR'AN

It is affirmed by from Islamic sharee'ah that it came to bring and increase good things, and to ward off and reduce harmful things. Whatever is beneficial or mostly beneficial is permissible (halaal) and whatever is harmful or mostly harmful is forbidden (haraam). Alcohol undoubtedly falls into the second category. Allah (Glory be to Him) says (interpretation of the meaning): "They ask you (O Muhammad) concerning alcoholic drink and gambling. Say: In them is a great sin, and (some) benefits for men, but the sin of them is greater than their benefit" (Qur'an SURAH BAQARAH 2 : 219)

The harmful and evil effects of alcohol are well known to all people, to knowledgeable and ignorant alike. Among the harmful effects of alcohol is that which was mentioned by Allah (Glory be to Him) (interpretation of the meaning): "O you who believe! Intoxicants (all kinds of alcoholic drinks), and gambling, and Al Ansaab (stone altars for offering sacrifices to idols, the jinn, etc), and Al Azlaam (arrows for seeking luck or decision) are an abomination of Shaytaan's (Satan's) handiwork. So avoid (strictly all) that (abomination) in order that you may be successful. (Qur'an Surah Maidah 5:90)

Shaytaan (Satan) wants only to excite enmity and hatred between you with intoxicants (alcoholic drinks) and gambling, and hinder you from the remembrance of Allah (Glory be to Him) and from As Salaah (the prayer). So, will you not then abstain?

And obey Allah (Glory be to Him) and the Messenger (Prophet Muhammad (May Allah honour Him and grant Him peace)), and beware (of even coming near to drinking or gambling or Al Ansaab, or Al Azlaam) and fear Allah (Glory be to Him). Then if you turn away, you should know that it is Our Messenger's duty to convey (the Message) in the clearest way" QUR'AN.SURAH MAIDAH 5: 90, 91

## HADITH

It was narrated from Ibn 'Umar (R) that: The Prophet Muhammad (May Allah honour Him and grant Him peace) said: "Every intoxicant is unlawful and every intoxicant is

Khamr." SAHIH MUSLIM 4966 and SUNAN NASEE Vol. 6: 5585

It was narrated from Salim bin 'Abdullah' (May Allah be pleased with Him) from his father, that: The Messenger of Allah (May Allah honour Him and grant Him peace) said: "Allah has forbidden Khamr, and every intoxicant is unlawful." SUNAN NASEEI Vol. 6:5703

It was narrated that Abu Hurairah (R) said: "The Messenger of Allah (May Allah honour Him and grant Him peace) said: 'Every intoxicant is unlawful.'" SUNAN NASEEI Vol. 6:5591

It was narrated that Abu Musa (R) said: "The Messenger of Allah (May Allah honour Him and grant Him peace) said: 'Every intoxicant is unlawful.'" SUNAN NASEEI Vol. 6:5598 and 5600

It was narrated that Ibn 'Umar (R) said: "Intoxicants are unlawful in small or large amounts." SUNAN NASEEI Vol. 6:5701

Narrated Ibn `Umar (R) said that, I heard 'Umar, (May Allah be pleased with Him) while he was on the pulpit of the Prophet Muhammad (May Allah honour Him and grant Him peace) saying, "Now then O people! The revelation about the prohibition of alcoholic drinks was revealed; and alcoholic drinks are extracted from five things: Grapes, dates, honey, wheat and barley. And the alcoholic drink is that which confuses and stupefies the mind." SAHIH BUKHARI Vol. 6:60, 143

It was narrated that Ibn 'Umar (R) said: "I heard 'Umar, (May Allah be pleased with him, delivering a Khutbah on the Minbar of Al-Madinah and he said: 'O people, on the day that the prohibition of Khamr was revealed, it was made from five things: From grapes, dates, honey, wheat and barley. Khamr is that which overcomes the mind.'" SUNAN NASEEI Vol. 6:51, 5582

## PUNISHMENT FOR DRINKING ALCOHOL

There are very many ahadeeth and reports which state that alcohol is emphatically

forbidden and that it is the mother of all evils; whoever falls into this sin, it will lead him into other evil actions. We ask Allah (Glory be to Him) to keep us safe and sound. With regard to the punishment of the drinker in this world, the punishment is flogging, according to the consensus of the fuqaha.

Anas (R) reported that Allah's Apostle (may peace be upon him) used to strike forty times with shoes and palm branches (in case of drinking of) wine. SAHIH MUSLIM 4230

But there is some difference of opinion as to the number of lashes. The majority of scholars are of the view that it is eighty lashes for a free man and forty for others. They quoted as evidence the hadeeth of Anas

Narrated Anas (R): That a man who had drunk wine was brought to the Prophet Muhammad (May Allah honour Him and grant Him peace), so he beat him about forty times with two stalks of a palm tree. So Abu Bakr (R) did similarly, and by the time 'Umar (R) became Khalifah he sought council from the people. And 'Abdur-Rahman bin 'Awf said: 'I see that the lightest penalty is eighty lashes,' so 'Umar (R) ordered that. SUNAN TIRMIDHI 26

The Sahabah agreed with 'Umar (R) and did not differ. The Council of Senior Scholars is agreed that the punishment for one who drinks wine is the hard punishment, which is eighty lashes. Some of the scholars – such as Ibn Quddamah (may Allah have mercy on him) and Shaykh al-Islam [Ibn Taymiyah] in al-Ikhtiyaaraat – think that giving more than forty lashes is left to the discretion of the Muslim leader. So if he thinks that there is a need to give more than forty lashes, as happened at the time of 'Umar (R), then he may make it eighty. And Allah (Glory be to Him) knows best." TAWDEEH AL-AHKAAM 5/330

## ALCOHOL IS MOTHER OF EVILS

Narrated Ibn Abbas the Messenger of Allah (May Allah honour Him and grant Him

peace) said: "Alcohol is the mother of all evils, the greatest of major sins. Whoever drinks it may end up committing incest with his mother, his maternal aunt and his paternal aunt." TABARANI MAJME KABEER HADITH 11498, SAHEEH AL JAAMI HADITH 3345, SILSILAH AL-SAHEEHAH 1853

دُنیا کے ایک درخت کے بدلے میں جنت میں ایک درخت کی پیشکش ایسی عظیم تھی جسکو سُن کر مجلس میں موجود سارے صحابہ کرام رضی اللہ عنہما دنگ رہ گئے۔ سب یہی سوچ رہے تھے کہ ایسا شخص جو جنت میں ایسے عظیم الشان درخت کا مالک ہو کیسے جنت سے محروم ہو کر دوزخ میں جائے گا۔ مگر وائے قسمت کہ دنیاوی مال و متاع کی لالچ اور طمع آڑے آگئی اور اُس شخص نے اپنا کھجور کا درخت بیچنے سے انکار کر دیا۔

مجلس میں موجود ایک صحابی (ابا الدحداح) آگے بڑھے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، اگر میں کسی طرح وہ درخت خرید کر اِس نوجوان کو دیدوں تو کیا مجھے جنت کا وہ درخت ملے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا ہاں تمہیں وہ درخت ملے گا۔

ابا الدحداح اُس آدمی کی طرف پلٹے اور اُس سے پوچھا میرے کھجوروں کے باغ کو جانتے ہو؟ اُس آدمی نے فوراً جواب دیا؛ جی کیوں نہیں، مدینے کا کونسا ایسا شخص ہے جو ابا الدحداح کے چھ سو کھجوروں کے باغ کو نہ جانتا ہو، ایسا باغ جس کے اندر ہی ایک محل تعمیر کیا گیا ہے، باغ میں میٹھے پانی کا ایک کنواں اور باغ کے ارد گرد تعمیر خوبصورت اور نمایاں دیوار دور سے ہی نظر آتی ہے۔ مدینہ کے سارے تاجر تیرے باغ کی اعلٰی اقسام کی کھجوروں کو کھانے اور خریدنے کے انتظار میں رہتے ہیں۔

ابو الدحداح نے اُس شخص کی بات کو مکمل ہونے پر کہا، تو پھر کیا تم اپنے اُس کھجور کے ایک درخت کو

میرے سارے باغ، محل، کنویں اور اُس خوبصورت دیوار کے بدلے میں فروخت کرتے ہو؟

اُس شخص نے غیر یقینی سے سرکارِ دوعالم کی طرف دیکھا کہ کیا عقل مانتی ہے کہ ایک کھجور کے بدلے میں اُسے ابوالدحداح کے چھ سو کھجوروں کے باغ کا قبضہ بھی مِل پائے گا کہ نہیں؟ معاملہ تو ہر لحاظ سے فائدہ مند نظر آ رہا تھا۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور مجلس میں موجود صحابہ کرام رضی اللہ عنہما نے گواہی دی اور معاملہ طے پا گیا۔

ابوالدحداح نے خوشی سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور سوال کیا؛ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، جنت میں میرا ایک کھجور کا درخت پکا ہو گیا ناں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ ابالدحداح سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب سے حیرت زدہ سے ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بات کو مکمل کرتے ہوئے جو کچھ فرمایا اُس کا مفہوم یوں بنتا ہے کہ؛ اللہ رب العزت نے تو جنت میں ایک درخت محض ایک درخت کے بدلے میں دینا تھا۔ تم نے تو اپنا پورا باغ ہی دیدیا۔ اللہ رب العزت جود وکرم میں بے مثال ہیں اُنہوں نے تجھے جنت میں کھجوروں کے اتنے باغات عطاء کیئے ہیں کثرت کی بنا پر جنکے درختوں کی گنتی بھی نہیں کی جا سکتی۔ ابالدحداح، میں تجھے پھل سے لدے ہوئے اُن درختوں کی کسقدر تعریف بیان کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اِس بات کو اسقدر دہراتے رہے کہ محفل میں موجود ہر شخص یہ حسرت کرنے لگا اے کاش وہ ابوالدحداح ہوتا۔

ابوالدحداح وہاں سے اُٹھ کر جب اپنے گھر کو لوٹے تو خوشی کو چُھپا نہ پا رہے تھے۔ گھر کے باہر سے ہی اپنی بیوی کو آواز دی کہ میں نے چار دیواری سمیت یہ باغ، محل اور کنواں بیچ دیا ہے۔

بیوی اپنے خاوند کی کاروباری خوبیوں اور صلاحیتوں کو اچھی طرح جانتی تھی، اُس نے اپنے خاوند سے پوچھا؛ ابوالدحداح کتنے میں بیچا ہے یہ سب کُچھ؟

ابوالدحداح نے اپنی بیوی سے کہا کہ میں نے یہاں کا ایک درخت جنت میں لگے ایسے ایک درخت کے بدلے میں بیچا ہے جِس کے سایہ میں سوار سو سال تک چلتا رہے۔

ابوالدحداح کی بیوی نے خوشی سے چلاتے ہوئے کہا؛ ابوالدحداح، تم نے منافع کا سودا کیا ہے۔ ابوالدحداح، تم نے منافع کا سودا کیا ہے۔

(سلسلہ صحیحہ:3403،6/1131)

32) عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:" اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ" . ترجمہ: عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے سنا کہ جہنم سے بچو اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ادے کر ہی سہی (مگر ضرور صدقہ کرکے دوزخ کی آگ سے بچنے کی کوشش کرو)۔( صحیح بخاری: 1417)

33) قیامت کے دن عرش کا سایہ نصیب ہوگا۔/ اپنے صدقے کے سایہ میں ہوگا۔

34) صدقہ رب کے غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے۔

35) جنت میں "باب الصدقۃ" سے پکارا جائے گا۔

36) الصدقۃ برھان۔ صدقہ ایمان کی دلیل ہے۔

37) صدقہ نزول مطر کا سبب ہے۔

38) 3ثواب جاریہ کا باعث

39) عزت کی حفاظت

40) مصیبتوں سے دوری اور نجات

41) صدقہ سے معاشرہ کا فائدہ:

A. کمیونزم اور کیپٹلزم پر رد

B. لالچ پر رد

C. شیطانیت کا خاتمہ

D. حسد کا خاتمہ

E. تکبر کا خاتمہ

F. رحمت ومواسات کی تعلیم

G. ایک دوسرے کا خیال کرنے کی تعلیم

H. اجتماعیت و انسانیت کا حصول

I. محبت و تعاون و اخوت کی بیداری

42) انواع الصدقات: صدقات کی انواع

A. مالی صدقہ – خیرات

B. معنوی صدقہ – تسبیح و تہلیل

43) شروط قبول صدقہ

A. ریاء نہ ہو

B. احسان نہ جتائے

C. اللہ کے لیے خالص ہو

D. طریقۂ نبوی ہو

E. مستحق کو دے تا کہ زیادہ ثواب ملے

F. پاک مال اچھا مال دے ردی نہ دے

## راویوں کا تعارف

1-( يَحْيَي بْنُ أَيُّوبَ)(امام ابن منجویہ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو صحیح مسلم کے رجال میں شمار کیا ہے)

نام: یحیی بن ایوب۔

المعروف: یحیی بن ایوب المقابری، البغدادی۔

کنیت: ابو زکریا۔

لقب: الزاہد، العابد۔

الرتبہ: ثقہ

تاریخ پیدائش:157ھ۔

تاریخ وفات:233ھ اور بعض نے 234ھ بیان کیا ہے۔

مقامِ وفات: بغداد۔

رہائش: بغدا، بلادِ عراق۔

اساتذہ: عبد اللہ ابن المبارک۔ سفیان ابن عیینہ۔ عبد اللہ بن وہب، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد اللہ بن احمد ابن حنبل ۔ محمد بن ہارون المقری۔ محمد بن عبد اللہ بن المبارک ابو جعفر المخرمی، وغیرہ۔

(یہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھیوں میں شمار کئے جاتے ہیں)

2-( قُتَيْبَةُ)

نام: قتیبہ بن سعید بن جمیل بن طریف بن عبد اللہ (قتیبہ بن سعید بن جمیل بن طریف بن عبد اللہ، بعض علماء کہتے ہیں کہ ان کا نام یحیٰی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ان کا نام علی ہے)

المعروف: قتیبہ بن سعید الثقفی البلخی البغلانی۔(النسب:الثقفي مولاهم، البغلاني، البلخي، الجوال)

کنیت: ابو رجاء۔

الرتبہ: ثقہ ثبت۔

تاریخ پیدائش:148ھ اور بعض نے 150ھ بھی بیان کیا ہے۔

مقام پیدائش: بلخ (افغانستان)

تاریخ وفات:240ھ اور بعض نے 241ھ بیان کیا ہے۔

رہائش: بلخ۔ بغلان۔ (افغانستان۔ عراق)۔

اساتذہ: وکیع بن الجراح۔ سفیان ابن عیینہ۔ عبد اللہ ابن لہیعہ، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد اللہ ابن احمد بن حنبل۔ امام مسلم۔ امام نسائی، وغیرہ۔

(صحیح البخاری میں "قتیبہ" سے 308 احادیث نقل کی گئی ہیں اور صحیح مسلم میں 668 احادیث نقل کی گئی ہیں۔ یہ امام احمد ابن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھیوں میں سے ہیں)

3-( ابْنُ حُجْرٍ)

نام: علی بن حجر بن ایاس السعدي (علی بن حجر بن ایاس بن مقاتل بن مخادش بن مشمرج بن خالد)

المعروف: علی بن حجر السعدی المروزی، الزرزمی العبشمی۔

کنیت: ابو الحسن۔

لقب: الحافظ۔

الرتبہ: ثقہ حافظ۔

تاریخ پیدائش: 154ھ

تاریخ وفات: 241ھ، بعض نے 243ھ اور بعض نے 244ھ بیان کیا ہے۔

مقام وفات: زرزم (مرو کا ایک گاؤں)

رہائش: مرو۔ زرزم۔ خراسان۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ عاصم بن سوید الاوسی المدنی۔ شریک بن عبد اللہ النخعی، وغیرہ۔

تلامذہ: اسحاق ابن راہویہ۔ امام نسائی۔ امام مروزی محمد بن نصر بن الحجاج، وغیرہ۔

4-( إِسْمَاعِيلُ )

نام:اسماعیل بن جعفر بن ابی کثیر۔

المعروف:اسماعیل بن جعفر الانصاری المدنی القاری، الزرقی مولاہم

کنیت:ابو اسحاق۔ ابو ابراہیم۔

الرتبہ: ثقہ ثبت۔

تاریخ پیدائش:103ھ

تاریخ وفات:180ھ

مقام وفات:بغداد۔

رہائش: مدینہ المنورہ، بلادِ حجاز۔ بغداد، بلادِ عراق۔

اساتذہ:اسماعیل بن یونس الہدانی السبیعی الکوفی۔ حمید بن طویل البصری۔ امام مالک۔

تلامذہ: قتیبہ بن سعید البلخی۔ امام شافعی۔ ابراہیم بن یوسف بن میمون الباہلی البلخی، وغیرہ۔

5-( الْعَلَاء )تابعی

نام:العلاء بن عبد الرحمن بن یعقوب۔

المعروف:العلاء بن عبد الرحمن الحرقی المدنی الجہنی(الحرقی مولاهم،مولى الحرقة من جهينة)۔

کنیت:ابو شبل

الرتبہ:صدوق حسن الحدیث(قال ابن حجر عسقلانی: صدوق ربما وهم)

تاریخ وفات:138ھ۔

رہائش: مدینہ منورہ، بلادِ حجاز۔

اساتذہ: سیدنا انس رضی اللہ عنہ۔ سیدنا ابو سعید الخذری رضی اللہ عنہ۔ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: اسماعیل ابن علیہ الاسدی۔ حماد بن زید الازدی۔ سفیان الثوری۔ سفیان ابن عیینہ، وغرہ۔

6-( أَبِيهِ) تابعی

نام: عبد الرحمن بن یعقوب۔

المعروف: عبد الرحمن بن یعقوب الجہنی المدنی الحرقی الھدانی۔

کنیت: ابو العلاء

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ پیدائش:

مقام پیدائش:

تاریخ وفات: 101 ہجری سے لیکر 110 ہجری کے درمیان ان کی تاریخِ وفات بیان کی جاتی ہے۔

مقام وفات: ہمدان (ایران)

رہائش: مدینہ المنورہ۔ بلادِ حجاز۔

اساتذہ: سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ۔ سیدنا انس رضی اللہ عنہ۔ سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: شعبہ بن الحجاج العتکی۔ عبد اللہ بن ذکوان القرشی۔ یحییٰ بن ابی کثیر الطائی، وغیرہ۔

7-(أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ)

اسم: عبد الرحمن بن صخر الدوسی یمانی۔

المعروف: ابوہریرہ الدوسی الیمانی۔

لقب: ابوہریرہ۔

ولادت: 21 قبل ہجرت۔

وفات: 59ھ۔

مقامِ وفات: مدینہ منورہ۔

تلامذہ: سالم بن عبد اللہ بن عمر بن خطاب۔ شہر ابن حوشب۔ سعید ابن المسیب، وغیرہ۔

## تخریجِ حدیث

سنن الترمذی: 2029۔ وسنن الدارمی: 1676۔ ومسند ابویعلی: 6458۔ وصحیح ابن حبان: 3248۔ ومسند البزار: 930۔ وسنن الکبری للبیہقی: 235۔ وشعب الایمان للبیہقی: 8134۔ والتواضع والمحمول لابن ابی دنیا: 74۔ والتمہید لابن عبد البر: 20/271۔

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 33

# "مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ"

جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی تو وہ انہیں میں سے ہے

((حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي مُنِيبٍ الْجُرَشِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:"مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ))

**ترجمہ**: سیدنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی تو وہ انہیں میں سے ہے“۔

(سنن ابو داود، کتاب اللباس، بَابُ فِي لُبْسِ الشُّهْرَةِ- شہرت کے کپڑوں کے پہننے کا بیان،

حدیث نمبر: 4031، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کی سند کو "حسن صحیح" کہا ہے۔ تخریج الحدیث: «تفرد به أبو داود، (تحفة الأشراف: 8593)، وقد أخرجه: مسند احمد (2/50،92) [حسن صحيح])

## تشریح حدیث

### اسباقِ حدیث

1) تشبہ صالحین پر دلیل
2) تشبہ کفار سے حذر
3) تشبہ عقائدِ کفار کفر ہے
4) تشبہ عادات وتقالید حرام ہے
5) ابن تیمیہ: أقل أحوال هذا الحديث التحريم وان كان ظاهره ليقتضى كفرا لمتشبة بهم۔(اقتضاء الصراط المستقیم)
6) ضوابط التشبہ: (کب تشبہ شمار نہیں ہوتا؟) (کتاب السنن والآثار 59-59)
   A. ان کی امتیازی علامت نہ ہو
   B. ان کے مذہبی رسوم کے ثابت شدہ طریقوں سے نہ ہو
   C. ہماری شریعت میں ممنوع کی دلیل نہ ہو
   D. ہماری شریعت سے مخالفت کا ذریعہ نہ بنے
   E. ان کے عیدوں کی موافقت لازم نہ کرے
7) بعض علماء نے یہ تقسیم کی:

A. عبادات میں تشبہ حرام ہے

B. عادات میں تشبہ دو طرح کے ہیں: ایک جائز اور دوسرا ناجائز

8) جائز اس وقت ہے جبکہ مصلحت راجحہ ہو اس کو دنیوی مصالح کے لیے استعمال مقصود ہو جیسے جدید دور کے کمپیوٹر کے استعمالات و طرق مواصلات

9) دوسرا ناجائز عادات جبکہ صرف اس کی محبت میں اتباع کرے اور متاثر ہو جائے اور اپنے طور طریقہ کو معمولی سمجھیں اور کوئی فائدہ و مصالح نظر نہ آئے تو اس سے بچنا چاہیے حسب خطرات۔

10) ابن عثیمین: تشبہ ممنوع کیا ہے؟

A. کفار کے لیے جو خاص ہو جائے وہ امور بجالانا تشبہ حرام ہے جس کو دیکھنے سے کفار کا ظن ہونے لگے مخصوص پہناوٴ یا زیور یا لباس۔

B. وہ سارے کھانے جو کفار کھاتے یا بناتے ہیں وہ تشبہ میں نہیں آتے

C. ایک وقت تھا کہ بنطلون صرف کفار پہنتے تھے تو ممنوع تھا لیکن پھر جب عام ہو گیا اور کفار کے لیے باقی نہ رہا تو یہ تشبہ ممنوع میں نہیں آتا البتہ شروط لباس کا خیال رکھے ٹائٹ نہ ہو اور ستر ڈھکنے میں کمی نہ ہو وغیرہ۔

## راویوں کا تعارف

1-(عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ)

نام: عثمان بن محمد بن ابی شیبۃ (عثمان بن محمد بن ابی شیبۃ ابراہیم بن عثمان بن خواستی)

المعروف: عثمان بن ابی شیبۃ العبسی الکوفی (العبسی مولاہم)

کنیت: ابو الحسن

الرتبہ: (امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ثقة حافظ شهير، وله أوهام. وقيل: كان

لا يحفظ القرآن)

تاریخ پیدائش:156ھ۔

تاریخ وفات:239۔

مقام وفات: کوفہ۔

رہائش: کوفہ۔بغداد۔

اساتذہ: اسحاق بن منصور الکوسج۔ اسماعیل ابن علیہ الاسدی۔ فضل بن دکین الملائی، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ اسحاق ابن راہویہ۔ امام ابوداود، وغیرہ۔

2-(أَبُو النَّضْرِ)(امام ابن منجویہ نے ان کو صحیح مسلم کے رجال میں شمار کیا ہے)

نام: ہاشم بن القاسم بن مسلم بن مقسم

المعروف: ہاشم بن القاسم اللیثی بغدادی الکنانی (خراسانی الاصل اور التیمی بھی کہا جاتا ہے)

کنیت: ابو نضر

الرتبہ: ثقہ ثبت۔

لقب: القصر۔ الحافظ

تاریخ پیدائش:134ھ۔

تاریخ وفات:205ھ اور بعض 207ھ تاریخ وفات بتاتے ہیں۔

مقام وفات: بغداد (مشرقی بغداد)

رہائش: بغداد (بلادِ عراق)۔ خراسان (بلادِ فارس)

اساتذہ: شعبہ بن الحجاج العتکی۔ اللیث بن سعد الفہمی۔ محمد بن مسلم بن ابوالوضاح المثنی، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ اسحاق ابن راہویہ۔ حسن بن علی الہذلی، وغیرہ۔

3-(عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتٍ)

نام: عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان۔

المعروف: عبد الرحمن بن ثابت العنسی الدمشقی الشامی۔

کنیت: ابو عبد اللہ۔

الرتبہ: صدوق (ان پر قدریہ ہونے کا الزام ہے) (امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: صدوق يخطئ، ورمي بالقدر، وتغير بآخره)

تاریخ پیدائش: 75ھ۔

تاریخ وفات: 165ھ۔

مقام وفات: بغداد۔

رہائش: خراسان۔ بغداد۔

اساتذہ: عطاء بن ابی رباح۔ محمد بن شہاب الزہری۔ ابو ایوب سختیانی، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد الرحمن بن عمرو الاوزاعی۔ ابو داود طیالسی۔ ابراہیم بن محمد الفزاری، وغیرہ۔

## عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان کے بارے میں علماء کے اقوال

❖ أبو حاتم الرازي: قد أدرك مكحولا ولم يسمع منه شيئا [تحفة التحصيل في المراسيل (1/284)]

ثقة، يشوبه شيء من القدر. وتغير عقله في آخر حياته، وهو مستقيم الحديث [تهذيب التهذيب (2/494)]

ثقة. وقال في موضع آخر: يشوبه شيء من القدر، وتغير عقله في آخر حياته، وهو مستقيم الحديث [تهذيب الكمال (17/12)]

نا عبد الرحمن، قال: سئل أبي عن عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان، فقال: ثقة [الجرح والتعديل لابن أبي حاتم (5/219)]

- ❖ أبو داود السجستاني: كان فيه سلامة، وكان مجاب الدعوة، وليس به بأس، وكان على المظالم ببغداد [تهذيب الكمال (17/12)]

كان فيه سلامة، وليس به بأس، وكان مجاب الدعوة. [تهذيب التهذيب (2/494)]

- ❖ أبو زرعة الرازي: نا عبد الرحمن، قال: سئل أبو زرعة عن عبد الرحمن [بن ثابت] بن ثوبان، فقال: شامي، لا بأس به [الجرح والتعديل لابن أبي حاتم (5/219)]

- ❖ وقال الدوري عن ابن معين [وابن المديني] والعجلي، وأبو زرعة الرازي: ليس [به بأس] [تهذيب التهذيب (2/494)]

- ❖ وقال عباس الدوري، عن يحيى بن معين: ليس به بأس. وكذلك قال علي ابن المديني، وأحمد بن عبد الله العجلي، وأبو زرعة الرازي. [تهذيب الكمال (17/12)]

- ❖ وذكره ابن حبان في كتاب " الثقات " [تهذيب الكمال (17/12)]

وذكره ابن حبان في « الثقات » [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ ابن حجر:صدوق يخطئ، ورمي بالقدر، وتغير بآخره [تقريب التهذيب (1/572)]

❖ وقال أبو أحمد بن عدي: له أحاديث صالحة، يحدث عنه عثمان الطرائفي بنسخة، ويحدث عنه يزيد بن مرشل بنسخة، ويحدث عنه الفريابي بأحاديث، وغيرهم، وقد كتبت حديثه عن ابن جوصى وأبي عروبة من جميعهما، ويبلغ أحاديث صالحة، وكان رجلا صالحا، ويكتب حديثه على ضعفه، وأبوه ثقة [تهذيب الكمال (17/12)]

وقال ابن عدي: له أحاديث صالحة، وكان رجلا صالحا، ويكتب حديثه على ضعفه، وأبوه ثقة [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ قال الشيخ: ولعبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان أحاديث صالحة، يحدث عنه عثمان الطرائفي بنسخة، ويحدث عنه يزيد بن موشل بنسخة، ويحدث عنه الفريابي بأحاديث وغيرهم، وقد كتبت حديثه، عن ابن جوصاء وأبي عروبة من جميعهما ويبلغ أحاديث صالحة، وكان رجلا صالحا، ويكتب حديثه على ضعفه . [الكامل في الضعفاء (5/460)]

❖ وقال أبو بكر الخطيب البغدادي:كان ممن يذكر بالزهد والعبادة والصدق في الرواية [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ قال دحيم وغيره: ثقة، رمي بالقدر، ولينه بعضهم [الكاشف في معرفة من له رواية في الكتب الستة (3/243)]

❖ قال عثمان بن سعيد الدارمي، عن دحيم: ثقة، يرمى بالقدر [تهذيب التهذيب (٢/ ٤٩٤)] ///وقال عثمان بن سعيد الدارمي، عن دحيم: ثقة، يرمى بالقدر، كتب إليه الأوزاعي، فلا أدري أي شيء رد عليه [تهذيب الكمال (12/17)]

❖ وقال صالح بن محمد البغدادي جزرة: شامي صدوق، إلا أن مذهبه مذهب القدر، وأنكروا عليه أحاديث، يرويها عن أبيه، عن مكحول مسندة، وحديث الشامي لا يضم إلى غيره، معرف خطؤه من صوابه.

وقال في موضع آخر: لم يسمع من بكر بن عبد الله شيئا، وإنما يروي عن أبيه، وعن الشاميين [تهذيب الكمال (12/17)]

وقال صالح بن محمد: شامي صدوق، إلا أن مذهبه القدر، وأنكروا عليه أحاديث يرويها عن أبيه عن مكحول. وقال أيضا: لم يسمع من بكر بن عبد الله المزني شيئا [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ قال علي ابن المديني:وقال يعقوب بن شيبة: اختلف أصحابنا فيه ؛ فأما ابن معين فكان يضعفه، وأما علي فكان حسن الرأي فيه، وكان ابن ثوبان رجل صدق، لا بأس به. وقد حمل عنه الناس [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ وقال يعقوب بن شيبة السدوسي: اختلف أصحابنا فيه، فأما يحيى بن معين، فكان يضعفه، وأما علي ابن المديني فكان حسن الرأي فيه، وكان ابن ثوبان رجل صدق، لا بأس به، استعمله أبو جعفر والمهدي

بعده على بيت المال، وقد حمل الناس عنه [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ وقال الدوري عن ابن معين [وابن المديني] والعجلي، وأبو زرعة الرازي: ليس [به بأس] [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ وقال عباس الدوري، عن يحيى بن معين: ليس به بأس. وكذلك قال علي ابن المديني، وأحمد بن عبد الله العجلي، وأبو زرعة الرازي. [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ يحيى بن معين

❖ وقال إبراهيم بن عبد الله بن الجنيد، عن يحيى بن معين: صالح. وقال في موضع آخر: ضعيف [تهذيب الكمال(17/12)]

❖ وقال معاوية بن صالح، وعثمان بن سعيد الدارمي، وعبد الله بن شعيب الصابوني، عن يحيى بن معين: ضعيف. زاد معاوية: فقلت: يكتب حديثه ؟. قال: نعم على ضعفه، وكان رجلا صالحا. [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ وقال معاوية بن صالح، وعثمان بن سعيد الدارمي، وعبد الله بن شعيب الصابوني، عن يحيى بن معين: ضعيف. زاد معاوية: فقلت: يكتب حديثه ؟. قال: نعم على ضعفه، وكان رجلا صالحا. [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ وقال معاوية بن صالح، وعثمان بن سعيد الدارمي، وعبد الله بن شعيب الصابوني، عن يحيى بن معين: ضعيف. زاد معاوية: فقلت:

يكتب حديثه ؟. قال: نعم على ضعفه، وكان رجلا صالحا. [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ وقال أبو بكر بن أبي خيثمة، عن يحيى بن معين: لا شيء [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ وقال ابن أبي خيثمة، عن ابن معين: لا شيء [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ نا عبد الرحمن، قال: قرئ على العباس بن محمد الدوري، عن يحيى بن معين (٥٧ م ٤) قال: عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان صالح الحديث [الجرح والتعديل لابن أبي حاتم (5/219)]

❖ وقال معاوية بن صالح، عن ابن معين: ضعيف. قلت: يكتب حديثه ؟ قال: نعم على ضعفه، وكان رجلا صالحا [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ وقال يعقوب بن شيبة: اختلف أصحابنا فيه ؛ فأما ابن معين فكان يضعفه، وأما علي فكان حسن الرأي فيه، وكان ابن ثوبان رجل صدق، لا بأس به. وقد حمل عنه الناس [تهذيب التهذيب(2/494)]

❖ وقال يعقوب بن شيبة السدوسي: اختلف أصحابنا فيه، فأما يحيى بن معين، فكان يضعفه، وأما علي ابن المديني فكان حسن الرأي فيه، وكان ابن ثوبان رجل صدق، لا بأس به، استعمله أبو جعفر والمهدي بعده على بيت المال، وقد حمل الناس عنه [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ وقال الدوري عن ابن معين [وابن المديني] والعجلي، وأبو زرعة الرازي: ليس [به بأس] [تهذيب التهذيب(2/494)]

❖ وقال عباس الدوري، عن يحيى بن معين: ليس به بأس. وكذلك قال علي ابن المديني، وأحمد بن عبد الله العجلي، وأبو زرعة الرازي. [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ ثنا عبد الله بن محمد بن عبد العزيز، حدثني عباس سمعت يحيى يقول: إن ثوبان أصله خراساني نزل الشام، ولم يذكره إلا بخير. قال يحيى: وكان ابن ثوبان ببغداد. وسمعت يحيى يقول: عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان ليس به بأس، وقال عمرو بن علي: حديث الشاميين كله ضعيف إلا نفر: الأوزاعي وسعيد بن عبد العزيز، وعبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان، وعبد الله بن العلاء، وثور بن يزيد، وبرد بن سنان، سمعت يزيد بن زريع يقول: ما قدم علينا شامي قط خيرا من برد، قال عمرو: وحديث برد كله هاهنا، وليس له بالشام شيء وصفوان بن عمرو ثبت في الحديث، وله رأي سوء في عمار بن ياسر. [الكامل في الضعفاء (5/460)]

❖ وقال إبراهيم بن الجنيد، عن ابن معين: صالح. وقال مرة عنه: ضعيف [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ ثنا محمد بن علي، ثنا عثمان بن سعيد سألت يحيى عن عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان فقال: عبد الرحمن ضعيف وأبوه ثقة. [الكامل في

الضعفاء (5/460)]

❖ ثنا ابن حماد، ثنا معاوية، عن يحيى قال: عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان ضعيف، يكتب حديثه على ضعفه، وكان رجلا صالحا. [الكامل في الضعفاء (5/460)]

❖ العجلي:وقال الدوري عن ابن معين [وابن المديني] والعجلي، وأبو زرعة الرازي: ليس [به بأس] [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ وقال عباس الدوري، عن يحيى بن معين: ليس به بأس. وكذلك قال علي ابن المديني، وأحمد بن عبد الله العجلي، وأبو زرعة الرازي. [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ الفلاس

❖ وقال عمرو بن علي: حديث الشاميين ضعيف إلا نفرا، فاستثناه منهم [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ ثنا عبد الله بن محمد بن عبد العزيز، حدثني عباس سمعت يحيى يقول: إن ثوبان أصله خراساني نزل الشام، ولم يذكره إلا بخير. قال يحيى: وكان ابن ثوبان ببغداد. وسمعت يحيى يقول: عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان ليس به بأس، وقال عمرو بن علي: حديث الشاميين كله ضعيف إلا نفر: الأوزاعي وسعيد بن عبد العزيز، وعبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان، وعبد الله بن العلاء، وثور بن يزيد، وبرد بن سنان، سمعت يزيد بن زريع يقول: ما قدم علينا شامي قط خيرا من برد،

قال عمرو: وحديث برد كله هاهنا، وليس له بالشام شيء وصفوان بن عمرو ثبت في الحديث، وله رأي سوء في عمار بن ياسر. [الكامل في الضعفاء (5/460)]

- وقال عمرو بن علي: حديث الشاميين كلهم ضعيف، إلا نفرا منهم: الأوزاعي، وعبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان، وذكر آخرين [تهذيب الكمال (17/12)]
- النسائي
- وقال النسائي: ضعيف. وقال مرة: ليس بالقوي. وقال مرة: ليس بثقة [تهذيب التهذيب (2/494)]
- وقال النسائي: ضعيف. وقال في موضع آخر: ليس بالقوي. وقال في موضع آخر: ليس بثقة [تهذيب الكمال (17/12)]
- وقال النسائي: عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان ليس بالقوي. [الكامل في الضعفاء (5/460)]
- ابن خراش
- وقال ابن خراش: في حديثه لين [تهذيب الكمال (17/12)]
- وقال ابن خراش: في حديثه لين [تهذيب التهذيب (2/494)]
- قال أحمد بن حنبل:وقال محمد بن الوراق، عن أحمد: لم يكن بالقوي في الحديث [تهذيب التهذيب (2/494)]
- المروزي، عن أحمد: كان عابد أهل الشام [تهذيب التهذيب (2/494)]

- ❖ نا عبد الرحمن، أنا علي بن أبي طاهر فيما كتب إلي، قال: نا الأثرم قال: سمعت أبا عبد الله يقول: ابن ثوبان أحاديثه مناكير [الجرح والتعديل لابن أبي حاتم (5/219)]
- ❖ قال أبو بكر الأثرم، عن أحمد بن حنبل: أحاديثه مناكير. وقال محمد بن علي الوراق، عن أحمد بن حنبل: لم يكن بالقوي في الحديث. وقال أبو بكر المروذي، عن أحمد بن حنبل: كان عابد أهل الشام، وذكر من فضله، قال: لما قدم به دخل على ذاك الذي يقال له المهدي، وابنته على عنقه [تهذيب الكمال (17/12)]
- ❖ قال أبو بكر الأثرم، عن أحمد بن حنبل: أحاديثه مناكير. وقال محمد بن علي الوراق، عن أحمد بن حنبل: لم يكن بالقوي في الحديث. وقال أبو بكر المروذي، عن أحمد بن حنبل: كان عابد أهل الشام، وذكر من فضله، قال: لما قدم به دخل على ذاك الذي يقال له المهدي، وابنته على عنقه [تهذيب الكمال (17/12)]
- ❖ قال أبو بكر الأثرم، عن أحمد بن حنبل: أحاديثه مناكير. وقال محمد بن علي الوراق، عن أحمد بن حنبل: لم يكن بالقوي في الحديث. وقال أبو بكر المروذي، عن أحمد بن حنبل: كان عابد أهل الشام، وذكر من فضله، قال: لما قدم به دخل على ذاك الذي يقال له المهدي، وابنته على عنقه [تهذيب الكمال (17/12)]
- ❖ قال الأثرم، عن أحمد: أحاديثه مناكير [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ الذهبی

❖ قال دحيم وغيره: ثقة، رمي بالقدر، ولينه بعضهم [الكاشف في معرفة من له رواية في الكتب الستة (3/243)]

❖ وقال يعقوب بن شيبة السدوسي: اختلف أصحابنا فيه، فأما يحيى بن معين، فكان يضعفه، وأما علي ابن المديني فكان حسن الرأي فيه، وكان ابن ثوبان رجل صدق، لا بأس به، استعمله أبو جعفر والمهدي بعده على بيت المال، وقد حمل الناس عنه [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ وقال يعقوب بن شيبة: اختلف أصحابنا فيه ؛ فأما ابن معين فكان يضعفه، وأما علي فكان حسن الرأي فيه، وكان ابن ثوبان رجل صدق، لا بأس به. وقد حمل عنه الناس [تهذيب التهذيب (2/494)]

❖ وقال المزي: وبكر بن عبد الله المزني، وقيل: لم يسمع منه [تهذيب الكمال (17/12)]

❖ قلت: وذكر في التهذيب أنه روى عن بكر بن عبد الله المزني وقيل: لم يسمع منه، انتهى [تحفة التحصيل في المراسيل (1/284)]

4-( حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ)(تابعی)

نام: حسان ابن عطیہ۔

المعروف: حسان ابن عطیہ المحاربی (مولاہم المحارب) الدمشقی الشامی الساحلی البیروتی الفارسی۔

کنیت: ابو بکر۔

الرتبہ: ثقہ (امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ثقة، عابد، نبيل، لكنه قدري)۔

مقام پیدائش: بصرہ۔

تاریخ وفات: 121ھ سے لیکر 130ھ کے درمیان وفات کی تاریخ بتائی جاتی ہے۔

رہائش: دمشق۔ شام

اساتذہ: جابر ابن عبداللہ الانصاری رضی اللہ عنہما۔ عبداللہ ابن عمر العدوی رضی اللہ عنہما۔ شداد بن اوس الانصاری رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: عبدالرحمن بن عمرو الاوزاعی۔ محمد بن مطرف اللیثی۔ اسید بن عبدالرحمن الخثعمی، وغیرہ۔

5-( أَبِي مُنِيبٍ الْجُرَشِيّ)(تابعی)

نام: ابو المنیب۔

المعروف: ابو المنیب الجرشی الدمشقی الاحدب۔

کنیت: ابو المنیب

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ وفات: 101ھ۔

رہائش: دمشق۔ شام۔

اساتذہ: سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ۔ سیدنا عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما، وغیرہ۔

تلامذہ: ثور بن یزید الرجبی۔ حسان ابن عطیہ المحاربی۔ عاصم الاحوال، وغیرہ۔

6-(ابْنِ عُمَرَرَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا)

نام:عبد اللہ ابن عمر ابن الخطاب بن نفیل بن العدی القرشی

المعروف:عبد اللہ ابن عمر العدوی

کنیت:ابو عبد الرحمن

الرتبہ:صحابی (صغار)

تاریخ پیدائش:14 قبل ہجرت

تاریخ وفات:87ھ۔

رہائش:مدینہ المنورہ۔مکہ مکرمہ۔بلادِ حجاز۔

تلامذہ:اسلم عبد اللہ ابن عمر العدوی (مخضرم)۔بشر بن کعب الحمری (مخضرم)۔نافع مولی ابن عمر، وغیرہ۔

## تخریج حدیث

مسند احمد:4/515 ، حدیث نمبر :5114،الناشر:دارالحدیث القاهرة،الشیخ احمد محمد شاکر رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کی سند کو صحیح کہا ہے اور عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان کو ثقہ کہا ہے:

((إسناده صحيح، ابن ثوبان: هو عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان، سبق الكلام عليه 3281، 4968. حسان بن عطية المحاربي الدمشقي: ثقة، وثقه أحمد وابن معين وغيرهما، وترجمه البخاري في الكبير:2/1/31. أبو منيب الجرشي الدمشقي الأحدب: تابعي ثقة، وثقه العجلي، وذكره ابن حبان في الثقات، وترجمه البخاري في الكنى رقم 658. "الجرشي": بضم

الجيم وفتح الراء وبالشين المعجمة، نسبة إلى "بني جرش"، بطن من حِمْيَر.
والحديث ذكر البخاري بعضه في الصحيح 6: 74 معلقاً قال: "باب ما قيل في الرماح، ويذكر عن ابن عمر عن النبي -صلي الله عليه وسلم - قال: جعل رزقي تحت ظل رمحي، وجعل الذلة والصغار على من خالف أمري". وخرجه الحافظ في الفتح عن المسند من هذا الوجه، ثم قال: "وأخرج أبو داود منه قوله: من تشبه بقوم فهو منهم، حسن من هذا الوجه. وأبو منيب لا يعرف اسمه. وفي الإسناد عبد الرحمن بن ثابت ابن ثوبان، مختلف في توثيقه". ورواية أبي داود هي في السنن 4: 78 من طريق أبي النصر عن عبد الرحمن بن ثابت، وهو الإسناد التالي لهذا الإسناد. وباقى الحديث- عدا ما أخرجه أبو داود- في مجمع الزوائد 6: 49 وقال: "رواه أحمد وفيه عبد الرحمن بن ثابت، وثقه ابن المديني وغيره، وضعفه أحمد وغيره، وبقية رجاله ثقات))

وشرح مشکل الآثار للطحاوی:1/213،رقم:231۔ الناشر: مؤسسۃ الرسالۃ:

((مَا قَدْ حَدَّثَنَا أَبُو أُمَيَّةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ عَطِيَّةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي مُنِيبٍ الْجُرَشِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: " بُعِثْتُ بِالسَّيْفِ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ لِيُعْبَدَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَجُعِلَ رِزْقِي تَحْتَ رُمْحِي وَجُعِلَ الذُّلُّ وَالصَّغَارُ عَلَى مَنْ خَالَفَنِي وَمَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ))

ومسند عبد بن حمید :848۔ مسند الشامیین للطبرانی:216۔ وشعب الایمان للبیہقی:1199۔

ومصنف ابن ابی شیبۃ:5/313۔

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 34

# "لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ"

جنت میں چغل خور نہیں جائے گا

((حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ حُذَيْفَةَ، فَقِيلَ لَهُ: إِنَّ رَجُلًا يَرْفَعُ الْحَدِيثَ إِلَى عُثْمَانَ، فَقَالَ لَهُ حُذَيْفَةُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:" لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ"))

**ترجمہ:** ہم سے ابو نعیم (فضل بن دکین) رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا، کہا ہم سے سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا، ان سے منصور بن معمر رحمۃ اللہ علیہ نے، ان سے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ نے، ان سے ہمام بن حارث رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ ہم سیدنا حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے، ان سے کہا گیا کہ ایک شخص ایسا ہے

جو یہاں کی باتیں سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ سے جا لگاتا ہے، اس پر سیدنا حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلایا کہ جنت میں چغل خور نہیں جائے گا۔

(صحیح البخاری، کتاب الادب، بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ النَّمِيمَةِ- چغل خوری کی ناپسندیدگی کا بیان، حدیث نمبر:6056۔ صحیح مسلم:105[290،291،292]۔)

## شرح حدیث

### اسباق حدیث

1) کونوا مع الصادقین کے خلاف ہے چغلخور بننا
2) ذوالوجہین کے گناہ کا مرتکب ہوگا
3) مَشَّاءٍ بِنَمِيمٍ ﴿۱۱-القلم﴾ کا مرتکب ہوگا
4) حمالۃ الحطب کی مشابہت ہے
5) لا یدخل الجنۃ نمام۔(مسلم:105)
6) عذاب قبر کا سبب، بعض حدیث میں نمیمۃ چغلکور
7) جائز نمیمہ یہ ہے کہ اصلاح کرے، دو بچھڑنے والے کو ملائے، ناجائز نمیمہ یہ ہے کہ چغلخوری کے ذریعہ فساد کھڑا کرے
8) رشتے کاٹنے کا ذریعہ
9) جاھلیت اور کفار قریش کا طریقہ ہے
10) صالحین کا طریقہ نہیں
11) بے بھروسہ
12) غیر معتمد

13) اصل النمیمۃ: نقل القول الی المقول فیہ

14) اصلاح کے لیے کذب منع نہیں کیونکہ حدیث ہے: لیسَ الکَذّابُ الذي يُصْلِحُ بيْنَ النّاسِ، فيَنْمِي خَيْرًا، أوْ يقولُ خَيْرًا.( صحیح بخاری:2692، صحیح مسلم:2605)ترجمہ: جھوٹا وہ نہیں ہے جو لوگوں میں باہم صلح کرانے کی کوشش کرے اور اس کے لیے کسی اچھی بات کی چغلی کھائے یا اسی سلسلہ کی اور کوئی اچھی بات کہہ دے۔

15) ومَنِ اسْتَمع إلى حَدِيثِ قَوْمٍ وهُمْ له كارِهُونَ، أوْ يَفِرُّونَ منه؛ صُبَّ في أُذُنِهِ الآنُكُ يَومَ القِيامَةِ.( صحیح بخاری:7042)ترجمہ: اور جو شخص دوسرے لوگوں کی بات سننے کے لیے کان لگائے جو اسے پسند نہیں کرتے یا اس سے بھاگتے ہیں تو قیامت کے دن اس کے کانوں میں سیسہ پگھلا کر ڈالا جائے گا۔

16) چغلخور اپنے چہرے نوچیں گے قیامت کے دن (حدیث معراج)

17) شیخ بن باز: کفارہ یہ ہے جہاں جہاں غیبت کرے وہاں محاسن ذکر کرے، آسان ہو تو معافی مانگ لے اور غائبانہ دعا کرے، قیامت میں حدیث مفلس کے دائرے میں نہ آئے۔

18) عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" أَبْغَضُ الرِّجَالِ إِلَى اللَّهِ الْأَلَدُّ الْخَصِمُ".( صحیح بخاری:7188)ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا"اللہ کے نزدیک سب سے مبغوض وہ شخص ہے جو سخت جھگڑالو ہو۔"

19) اللہ لایحب الفساد۔ اللہ کو فساد کرنا پسند نہیں۔

20) غیبت چھ جگہ جائز ہے، اس میں فساد مقصود نہیں ہوتا بلکہ فساد کا خاتمہ ہوتا ہے

21) شعر:

القدح ليس بغيبة في ستة
متظلم ومعرف ومحذر
ومجاهر فسقا ومستفت ومن
طلب الإعانة في إزالة منكر

نمام خیر بنو نمام شر مت بنو

نمام اور قتات میں فرق ہے:

A. نمام علانیہ مجلس میں بیٹھتا ہے اور سنتا ہے پھر یہ خبر منتقل کرتا ہے دوسروں کی طرف تاکہ لڑائی وفساد میں اضافہ ہو۔

B. قتات چھپ کر سنتا ہے اور پھر بات اڑاتا ہے گویا قتات دوگناہ کر مرتکب ہوتا ہے: 1 تجسس 2 نقل خبر تاکہ فساد ہو (چغلخوری)

1. الشیخ الالبانی: اول وھلہ میں جنت میں نہیں جائے گا اگر بد عملی ہو، لیکن اگر اس کو حلال سمجھے تو کبھی بھی جنت میں نہیں جائے گا کیونکہ استحلال حرام اور کفر ہے۔

2. القَتُّ: سو کھا دانہ چغلخور اپنے سننے والے کو سوکھا دانہ کھلاتا کوئی ٹھوس معلومات فراہم نہیں کرتا سب کا ٹائم ضائع کرتا ہے

3. چغلخوری کے نقصانات:

A. ایک دن میں نمام چغلخور جو نقصان پہنچا تا وہ کئی جادوگر مل کر نہیں پہنچاتے۔

B. قبر کا عذاب ہوتا

C. معاشرے میں فساد

D. خون خرابہ

E. ستر عیب پر عمل نہیں ہوتا

F. کبائر گناہ میں سے ہے

G. ویل لکل ھمزۃ لمزۃ

## راویوں کا تعارف

1-(أَبُو نُعَيْمٍ)

نام: الفضل بن دکین (عمرو بن حماد بن زہیر بن درہم)۔

المعروف:الفضل بن دکین الملائی التیمی(مولاہم التیمی)القرشی الطلحی(مولی آل طلحۃ بن عبید اللہ)الاحوال الکوفی۔

کنیت:ابو نعیم۔

لقب:الحافظ۔

الرتبہ:ثقہ ثبت۔

تاریخ پیدائش:129ھ بعض نے تاریخ پیدائش 130ھ بیان کی ہے۔

تاریخ وفات:218ھ اور بعض نے 219ھ بھی بیان کی ہے۔

مقام وفات:کوفہ۔

رہائش:بغداد۔کوفہ۔

اساتذہ:اسحاق بن یوسف الارزق۔جعفر بن برقان الکلابی۔حماد بن زید الازدی،وغیرہ۔

تلامذہ:حسن بن علی الہذلی۔امام احمد۔اسحاق ابن راہویہ المروزی،وغیرہ۔

2-(سُفْيَانُ)

نام: سفیان بن سعید بن مسروق بن حمزۃ بن حبیب بن موہبۃ بن نصر بن ثعلبہ بن ملکان بن ثور۔

المعروف:سفیان الثوری الکوفی۔

کنیت:ابو عبد اللہ۔

الرتبہ:ثقہ حافظ(فقيه إمام حجة وربما دلس)

تاریخ پیدائش:ان کی تین تاریخ پیدائش بیان کی گئی ہے:95ھ96ھ97ھ۔

مقامِ پیدائش:(قال أبو داود: قزوين، وقال حمزة: ولد بقرية من قرى جرجان

تعرف بالثوريين، وعن جرير بن عبد الحميد يقول: ولد سفيان الثوري بأثير، وذكر المنتجيلي: أنه ولد بدستبا قرية من قرى الري)

تاریخ وفات: 159ھ سے لیکر 162ھ کے درمیان تاریخ وفات بیان کی گئی ہے۔

مقام وفات: بصرہ۔

رہائش: کوفہ۔ بلادِ عراق۔ نیشاپور۔ مکہ۔

اساتذہ: ایوب سختیانی۔ ابراہیم بن محمد الفزاری۔ حسن البصری، وغیرہ۔

تلامذہ: حماد بن زید الازدی۔ امام احمد۔ اسحاق ابن راہویہ، وغیرہ۔

3-(مَنْصُورٍ) (بعض علمائے کرام نے ان کو تابعی شمار کیا ہے اور کہا ہے کہ سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے حدیث کی سماعت کی ہے)

نام: منصور بن المعتمر بن عبد اللہ بن ربیعہ (اور کہاجاتا ہے): ابن المعتمر بن عتاب بن عبد اللہ بن ربیعہ (اور کہاجاتا ہے): ابن المعتمر بن عتاب بن فرقد۔

المعروف: منصور بن المعتمر السلمی الکوفی۔

کنیت: ابو عتاب، اور بعض ابو بکر کنیت بیان کی ہے۔

الرتبہ: ثقہ ثبت۔

تاریخ وفات: 132ھ یا 133ھ۔

رہائش: کوفہ۔ مکہ۔

اساتذہ: سیدنا انس رضی اللہ عنہ۔ حبیب بن ثابت الاسدی۔ سفیان الثوری، وغیرہ۔

تلامذہ: سلیمان بن حرب الحواشی۔ عبد الرحمن بن مہدی العنبری۔ ابن ابی شیبہ العبسی، وغیرہ۔

4-(إِبْرَاهِيمَ)(تابعی مشہور)

نام: ابراہیم بن یزید النخعی (ابراہیم بن یزید بن قیس بن الاسود بن عمرو بن ربیعہ بن ذہل بن ربیعہ بن ذہل بن سعد بن مالک بن النخع)

المعروف: ابراہیم النخعی۔

کنیت: ابو عمران۔

الرتبہ: ثقہ (قال ابن حجر: ثقة إلا أنه يرسل كثيرا)

تاریخ پیدائش: 38ھ سے لیکر 50ھ کے درمیان ان کی تاریخ پیدائش بیان کی جاتی ہے۔

تاریخ وفات: 94ھ 95ھ 96ھ تاریخ وفات بیان کی جاتی ہے۔

رہائش: عراق۔ کوفہ۔ یمن۔

اساتذہ: سیدنا انس رضی اللہ عنہ۔ سیدنا براء ابن عازب رضی اللہ عنہ۔ سیدنا حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: ایوب سختیانی۔ اسحاق بن یوسف الارزق۔ امام ابو حنیفہ، وغیرہ۔

5-(هَمَّامٍ)

نام: ہمام بن الحارث بن قیس بن عمرو بن ربیعہ بن حارثہ۔

المعروف: ہمام بن الحارث النخعی الکوفی۔

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ وفات: 61ھ، یا: 65ھ یا، 63ھ، اور کہا جاتا ہے حجاج بن یوسف کے دور میں آپ کی وفات ہوئی۔

رہائش: کوفہ۔ بلادِ عراق۔

اساتذہ: سیدنا حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ۔ سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ۔ سیدنا جریر بن عبداللہ البجلی رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان بن مہران الاعمش۔ مسعر بن کدام العامری۔ عمارۃ بن عمیر التیمی، وغیرہ۔

6-(حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْه)

نام: حذیفہ بن الیمان، حذیفہ بن حسیل، (اور کہا جاتا ہے): حسل بن جابر بن اسید بن عمرو بن مالک، (اور کہا جاتا ہے): ابن الیمان بن جابر بن عمرو بن ربیعہ بن جروۃ بن الحارث بن مازن بن قطیعہ بن عبس بن بغیض بن ریث بن غطفان بن سعد بن قیس عیلان بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

المعروف: حذیفہ بن الیمان العبسی الاشہلی (قبیلہ عبد الاشہل کے حلیف)۔

کنیت: ابو عبد اللہ اور ابو سریحہ بھی کہا جاتا ہے۔

الرتبہ: صحابی جلیل۔

تاریخ وفات: 35ھ۔

رہائش: مدینہ منورہ۔ بلادِ حجاز۔ کوفہ۔ بلادِ عراق۔ مدائن۔ نصیبین۔

تلامذہ: سعید ابن المسیب۔ عروۃ بن زبیر الاسدی۔ حسن البصری، وغیرہ۔

## تخریج حدیث

واخرجہ: سنن ابوداود: 4871۔ وسنن الترمذی: 2026۔ وسنن النسائی الکبری: 11614۔ مسند احمد: 23247و23305و23310و23368و23420و23434و23441۔ الحمیدی: 443، 448۔ والتوحید لابن خزیمہ: 2/844۔ ومصنف ابن ابی شیبۃ: 9/91۔

والایمان لابن المندہ:609،610و611،613،614۔ ومسند ابو عوانہ:86۔ والمعجم الکبیر للطبرانی:561،697۔والمعجم الاوسط للطبرانی:4204۔وسنن الکبری للبیہقی:8/166۔وشعب الایمان للبیہقی:11102۔ والسنۃ للبغوی:3569،3570۔ومسند البزار:2954۔ومسند طیالسی:421۔ صحیح ابن حبان:5765۔الحلیۃ الاولیاء لابونعیم الاصبھانی:4/-179 178۔والادب المفرد للبخاری:322۔والصمت لابن ابی الدنیا:252۔ ومسند الشھاب للقضاعی:876۔وتاریخ البغداد للخطیب:11/237۔

حدیث نمبر 35

# "يُسَلِّمُ الصَّغِيرُ عَلَى الْكَبِيرِ"

چھوٹا بڑے کو سلام کرے

((وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ: عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُسَلِّمُ الصَّغِيرُ عَلَى الْكَبِيرِ، وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ، وَالْقَلِيلُ عَلَى الْكَثِيرِ))

**ترجمہ**: اور ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا، انہوں نے کہا کہ ہم سے موسیٰ بن عقبہ رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا، ان سے صفوان بن سلیم رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا، ان سے عطاء بن یسار رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا اور ان سے سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "چھوٹا بڑے کو سلام

کرے، گزرنے والا بیٹھنے والے کو اور کم تعداد والے بڑی تعداد والوں کو۔"

(صحیح البخاری، کتاب الاستئذان، بَابُ تَسْلِيمِ الصَّغِيرِ عَلَى الْكَبِيرِ-کم عمر والا پہلے بڑی عمر والے کو سلام کرے، حدیث نمبر:6234۔راجع:6231)

## راویوں کا تعارف

1-(إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ)

نام: ابراہیم بن طہمان بن شعبہ۔

المعروف: ابراہیم بن طہمان الہروی الخراسانی الباشانی۔

کنیت: ابو سعید، اور بعض نے ابو عمرو بھی بیان کیا ہے۔

الرتبہ: ثقہ۔

مقام پیدائش: ہراۃ (موجودہ افغانستان)۔اور بعض نے نیشاپور کو جائے پیدائش بتائی ہے۔

تاریخ وفات: 158ھ سے لیکر 168ھ تک تاریخ وفات بیان کی گئی ہے۔

مقام وفات: مکہ مکرمہ۔

رہائش: ہراۃ (افغانستان)۔خراسان۔سرخس۔نیشاپور۔مکہ مکرمہ۔بغداد۔

اساتذہ: ایوب سختیانی۔حبیب بن ابی ثابت الاسدی۔سفیان الثوری، وغیرہ۔

تلامذہ: ضحاک بن مخلد النبیل۔عبد الرحمن بن مہدی العنبری۔عبد اللہ بن المبارک الحنظلی، وغیرہ

2-(مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ)(تابعی)

نام: موسی بن عقبہ بن ابی عیاش (مولی آل زبیر بن عوام)

المعروف: موسی بن عقبہ القرشی المدنی الاسدی المطرفی۔

کنیت: ابو محمد۔

الرتبہ: ثقہ (فقیہ امام فی المغازی)۔

تاریخ وفات: 141ھ۔

مقام وفات: مدینہ۔

رہائش: مدینہ۔

اساتذہ: سیدنا انس رضی اللہ عنہ۔ سیدنا حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ۔ زید بن الارقم الانصاری رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: ایوب سختیانی۔ ابراہیم بن محمد الفزاری۔ حماد بن سلمہ البصری، وغیرہ۔

3-(صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ)(تابعی)

نام: صفوان بن سلیم۔

المعروف: صفوان بن سلیم القرشی الزہری المدنی۔

کنیت: ابو عبد اللہ۔ ابو الحارث۔

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ پیدائش: 60ھ۔

تاریخ وفات: 124ھ سے 132ھ کے درمیان تاریخِ وفات بیان کی گئی ہے، اکثر 124ھ بیان کرتے ہیں۔

مقام وفات: مدینہ المنورہ۔

رہائش: مدینہ المنورہ۔

اساتذہ: سیدنا انس رضی اللہ عنہ۔ سیدنا جابر رضی اللہ عنہ۔ سیدنا ابو ذر غفار رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان الثوری۔ سفیان ابن عیینہ۔ عبد العزیز بن ابی سلمہ الماجشون، وغیرہ۔

4-(عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ)(تابعی[کبار])

نام: عطاء بن یسار۔

المعروف: عطاء بن یسار الہلالی۔

کنیت: ابو محمد، (بعض نے ابو عبد اللہ اور ابو یسار بھی بیان کیا ہے)۔

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ پیدائش: 19ھ۔

تاریخ وفات: 94ھ، یا 97ھ، یا 103ھ، یا 104ھ بیان کی جاتی ہے، اکثر علمائے کرام 94ھ کہتے ہیں۔

مقام وفات: الاسکندریہ (مصر)۔

رہائش: مدینہ المنورہ۔ شام۔ مصر۔

اساتذہ: سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ۔ ابی بن کعب الانصاری رضی اللہ عنہ۔ سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: اسلم العدوی (مخضرم)۔ ایوب سختیانی۔ اسماعیل بن امیہ الاموی، وغیرہ۔

5-(أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْه)

نام: ابو ہریرہ، عبد الرحمن بن صخر الدوسی یمانی۔

ولادت: 21 قبل ہجرت۔

وفات:59ھ۔

مقامِ وفات: مدینہ منورہ۔

تلامذہ:سالم بن عبد اللہ بن عمر بن خطاب۔ شہر ابن حوشب۔ سعید ابن المسیب،وغیرہ۔

## تخریج حدیث

واخرجہ:سنن ابوداود:5198۔وسنن الترمذی:2704(انہیں الفاظ میں)۔ وسنن الترمذی:2703(زائد الفاظ کے ساتھ)

واخرجہ: صحیح البخاری:6232،و6233 (ہم معنی الفاظ کے ساتھ بیان کی گئی احادیث)۔و صحیح مسلم:2160[5646]۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 36

# "تَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ"

قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگو

((حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ ، وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ، جَمِيعًا عَنْ ابْنِ عُلَيَّةَ ، قَالَ ابْنُ أَيُّوبَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: وَأَخْبَرَنَا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ ، قَالَ أَبُو سَعِيدٍ وَلَمْ أَشْهَدْهُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَكِنْ حَدَّثَنِيهِ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَائِطٍ لِبَنِي النَّجَّارِ عَلَى

بَغْلَةٍ لَهُ، وَنَحْنُ مَعَهُ إِذْ حَادَتْ بِهِ، فَكَادَتْ تُلْقِيهِ وَإِذَا أَقْبُرٌ سِتَّةٌ أَوْ خَمْسَةٌ أَوْ أَرْبَعَةٌ، قَالَ: كَذَا كَانَ، يَقُولُ: الْجُرَيْرِيُّ، فَقَالَ: " مَنْ يَعْرِفُ أَصْحَابَ هَذِهِ الْأَقْبُرِ؟ "، فَقَالَ رَجُلٌ: أَنَا قَالَ: فَمَتَى مَاتَ هَؤُلَاءِ؟، قَالَ: مَاتُوا فِي الْإِشْرَاكِ؟، فَقَالَ: " إِنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ تُبْتَلَى فِي قُبُورِهَا، فَلَوْلَا أَنْ لَا تَدَافَنُوا لَدَعَوْتُ اللَّهَ أَنْ يُسْمِعَكُمْ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ الَّذِي أَسْمَعُ مِنْهُ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: " تَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ "، قَالُوا: نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ، فَقَالَ: " تَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ "، قَالُوا: نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، قَالَ: " تَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ "، قَالُوا: نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، قَالَ: " تَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ

"، قَالُوا: نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ "))

ترجمہ: سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو حاضر ہو کر نہیں سنی، بلکہ مجھے سیدنا زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بیان کی، انھوں نے کہا: ایک دفعہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم بنو نجار کے ایک باغ میں اپنے خچر پر سوار تھے، ہم آپ کے ساتھ تھے کہ اچانک وہ بدک گیا وہ آپ کو گرانے لگا تھا (دیکھا تو) وہاں چھ یا پانچ یا چار قبریں تھیں (ابن علیہ نے) کہا: جریری اسی طرح کہا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ان قبروں والوں کو کون جانتا ہے؟" ایک آدمی نے کہا: میں، آپ نے فرمایا: "یہ لوگ کب مرے تھے؟ اس نے کہا: شرک (کے عالم) میں مرے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یہ لوگ اپنی قبروں میں مبتلائے عذاب ہیں اگر یہ خدشہ نہ ہوتا کہ تم (اپنے مردوں کو) دفن نہ کرو گے تو میں اللہ سے دعا کرتا کہ قبر کے جس عذاب (کی آوازوں) کو میں سن رہا ہوں وہ تمھیں بھی سنا دے۔" پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری طرف رخ انور پھیرا اور فرمایا: "آگ کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگو۔" سب نے کہا ہم آگ کے عذاب سے اللہ کی پناہ میں آتے ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگو۔" سب نے کہا: ہم قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ میں آتے ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "(تمام) فتنوں سے جو ان میں سے ظاہر ہیں اور جو پوشیدہ ہیں اللہ کی پناہ مانگو۔" سب نے کہا: ہم فتنوں سے جو ظاہر ہیں اور پوشیدہ ہیں اللہ کی پناہ میں آتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دجال کے فتنے سے اللہ کی پناہ مانگو۔" سب نے کہا: ہم دجال کے فتنے سے اللہ کی پناہ میں آتے ہیں۔

(صحیح مسلم، کتاب صفۃ الجنۃ ونعیمہا واہلہا، بَابُ عَرْضِ مَقْعَدِ الْمَيِّتِ مِنَ الْجَنَّةِ أَوِ النَّارِ عَلَيْهِ وَإِثْبَاتِ عَذَابِ الْقَبْرِ وَالتَّعَوُّذِ مِنْهُ -مردے کو اس کا ٹھکانہ بتلائے جانے اور قبر

کے عذاب کا بیان، حدیث نمبر:2867[7213])

# شرح حدیث

## اسباقِ حدیث

1. غیبیات پر ایمان لانا فرض ہے۔
2. تبتلی: تمتحن آزمایا جائے گا پھر فیصلہ ہو گا نعیم قبر یا عذاب قبر کا۔
3. ظاہری فتنہ – قتل و عذاب، باطنی فتنہ – عداوت، حسد اور بغض
4. جانوروں کو عذاب سنائی دیتا ہے، جنات اور انسانوں کو نہیں۔
5. اثباتِ عذاب قبر
6. اللہ کے نبی ﷺ رحمۃ للعالمین ہیں اور آپ کی شفقت یہ ہے کہ ہم کو رہنمائی کر دی۔
7. سلام پھیرنے سے پہلے ان تعوذات کا اہتمام کرنا چاہیے۔
8. قبر کے عذاب سے بچنے کے لیے جہاں دعائیں ضروری ہے عملی طور پر زیارتِ قبور کے لیے بھی وقت نکالنا چاہیے اپنے شہروں میں، البتہ سفر کرنا قبروں کے لیے جائز نہیں ہے، اسی طرح مانگنے یا قبر والوں کو سننے والا اور فریاد رسی کرنے والا سمجھنا شرک اکبر اور گمراہی کا راستہ ہے۔ قبروں کی زیارت کا مقصد عبرت لینا ہے اور نصیحت لینا ہے نہ کہ ان سے مانگنا یا دعا، سجدہ، نذر و نیاز کرنا ہے۔ (فانتبہ)
9. صحابہ قبروں کو جاتے تو نصیحت لیتے تھے۔
10. كنتُ نهيتُكم عن زيارةِ القبورِ فزوروها فإنها تُذكِّرُكم الآخرةَ. (أخرجه أبو داود (3235)، والترمذي (1054)، ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”میں نے تمہیں قبروں کی زیارت سے روکا تھا۔ لیکن اب تم ان کی زیارت کرو، یہ چیز آخرت کی یاد دلاتی ہے“
11. قبروں کی زیارت سے یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ ہم سب برابر ہیں، مرنے اور دفن ہونے میں صرف تقوی کی بنیاد پر اکرام و انعام ہو گا اور نعیم قبر نصیب ہو گا۔ حسب نسب، جاہ و مال، تعلقات کام آنے والے نہیں

صرف ایمان و عمل صالح کی بنیاد پر فیصلہ ہو گا۔

12. شعر:

عبرت کے لیے ڈھونڈ کسی شاہ کی تربت
اور پوچھ کدھر ہے وہ تری شانِ حکومت
تجھ میں جو بھرا تھا وہ غرور آج کہاں ہے؟
اے کاسہ ءسر بول، تیرا تاج کہاں ہے؟

13. نظم:

دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے
طے کر رہا ہے جو تو دو دن کا یہ سفر ہے

جب سے بنی ہے یہ دنیا، لاکھوں کروڑوں آئے
باقی رہا نہ کوئی مٹی میں سب سمائے
اس بات کو نہ بھولو سب کا یہی حشر ہے

دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے

آنکھوں سے تو نے اپنے کتنے جنازے دیکھے
ہاتھوں سے اپنے تو نے دفنائے کتنے مردے
انجام سے تو اپنے اتنا بے خبر کیوں ہے

دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے

یہ اونچے اونچے محل کچھ کام کے نہیں ہیں
یہ عالی شان بنگلے کچھ کام کے نہیں ہیں
دو گز زمین کا ٹکرا چھوٹا سا تیرا گھر ہے

دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے

مخمل پہ سونے والے مٹی پہ سو رہے ہیں
شاہ گدا یہاں پہ سب ایک ہو رہے ہیں
دونوں ہوئے برابر یہ موت کا اثر ہے

دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے

مٹی کے پتلے تو نے مٹی میں ہے سمانا
اک دن یہاں تو آیا اک دن یہاں سے جانا
رہنا نہیں جہاں پر جاری تیرا سفر ہے

دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے

اے فانی عرفاں آ! اپنے مولا سے دل لگا لے
کرلے رب کو راضی، کچھ نیکیاں کما لے
ساماں تیرا یہی ہے تو صاحب سفر ہے

دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے
طے کر رہا ہے جو تو دو دن کا یہ سفر ہے

14. عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ تدفین کے بعد سیدھا گئے اور نماز پڑھی، پوچھا گیا ایسا کیوں کیا؟ تو کہا: مجھے آخرت کی یاد آگئی-(وحیل بینهم وبین ما یشتھون)-دنیوی خواہش کے درمیان رکاوٹ پڑجائے گی موت و آخرت سے تو میری خواہش ہے کہ نماز پڑھوں فوراً مجھے فکر آخرت دامن گیر ہوئی اور دو نفل نماز پڑھ لیا قبل اس کے کہ مجھے موت آجائے اور یہ پڑھنے کا موقع نہ ملے۔

15. قبر تک مال، اہل وعیال اور عمل جاتا ہے، اور واپس آجاتے ہیں اہل وعیال اور مال اور باقی رہ جاتا ہے عمل۔

وَأَن لَّيْسَ لِلْإِنسَانِ إِلَّا مَا سَعَىٰ ﴿٣٩﴾ النجم، ترجمہ: اور یہ کہ ہر انسان کے لیے صرف وہی ہے جس کی کوشش خود اس نے کی۔

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ (الانعام: ١٦٤)، ترجمہ: اور کوئی کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا۔

16. دنیا بنانا بہت مشکل ہے اور موت ہوتے ہی ہاتھ سے نکل جاتی ہے، جبکہ آخرت بنانا بہت آسان ہے اور باقی رہنے والی ہے۔

12 / رکعات سنن موکدہ سے جنت میں گھر تعمیر

تسبیح و تحمید سے میزان بھر جاتا ہے، آسمان وزمین نیکیوں سے بھر جاتے ہیں

ایمان و عمل کو سنوارنا انسان کے بس میں ہے: لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا (البقرة:286)، ترجمہ: اللہ تعالیٰ کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔

17. قبر کی پہلی رات کو یاد رکھیے، اس ضمن میں صحیح الترغیب میں حدیث آئی ہے جس میں اس کی منظر کشی کی گئی ہے ملاحظہ فرمائیں:

- خرجنا مع رسولِ اللهِ فذكر مثلَه إلى أن قال فرفع لرأسِه فقال استعيذوا باللهِ من عذابِ القبرِ مرَّتَيْن أو ثلاثًا ثمَّ قال إنَّ العبدَ المؤمنَ إذا كان في انقطاعٍ من

الدُّنيا وإقبالٍ من الآخرةِ نزل إليه ملائكةٌ من السَّماءِ بيضُ الوجوهِ كأنَّ وجوهَهم الشَّمسُ معهم كفنٌ من أكفانِ الجنَّةِ وحَنوطٌ من حنوطِ الجنَّةِ حتَّى يجلِسوا منه مدَّ البصرِ ثمَّ يجيءُ ملَكُ الموتِ عليه السَّلامُ حتَّى يجلسَ عند رأسِه فيقولُ أيَّتها النَّفسُ الطَّيِّبةُ اخرُجي إلى مغفرةٍ من اللهِ ورضوانٍ قال فتخرُجُ فتسيلُ كما تسيلُ القطرةُ من في السِّقاءِ فيأخذُها فإذا أخذها لم يدَعوها في يدِه طرْفةَ عينٍ حتَّى يأخذوها فيجعلوها في ذلك الكفنِ وفي ذلك الحنوطِ ويخرُجُ منها كأطيَبِ نفْحةِ مِسكٍ وُجِدت على وجهِ الأرضِ قال فيصعَدون بها فلا يمُرُّون يعني بها على ملأٍ من الملائكةِ إلَّا قالوا ما هذا الرُّوحُ الطَّيِّبُ فيقولون فلانُ بنُ فلانٍ بأحسنِ أسمائِه الَّتي كان يُسمُّونه بها في الدُّنيا حتَّى ينتهوا بها إلى السَّماءِ الدُّنيا فيستفتحون له فيُفتحُ لهم فيُشيِّعُه من كلِّ سماءٍ مُقرَّبوها إلى السَّماءِ الَّتي تليها حتَّى ينتهيَ بها إلى السَّماءِ السَّابعةِ فيقولُ اللهُ عزَّ وجلَّ اكتبوا كتابَ عبدي في عِلِّيِّين أعيدوه إلى الأرضِ فإنِّي منها خلقتهم وفيها أُعيدهم ومنها أُخرجُهم تارةً أخرَى فتُعادُ روحُه في جسدِه فيأتيه ملَكان فيُجلسانه فيقولان من ربُّك فيقولُ ربِّي اللهُ فيقولان ما دينُك فيقولُ ديني الإسلامُ فيقولان ما هذا الرَّجلُ الَّذى بُعِث فيكم فيقولُ هو رسولُ اللهِ فيقولان له وما عمَلُك فيقولُ قرأتُ كتابَ اللهِ فآمنتُ به وصدَّقتُه فيُنادي منادٍ من السَّماءِ أن صدق عبدي فأفرِشوه من الجنَّةِ وألبِسوه من الجنَّةِ وافتَحوا له بابًا إلى الجنَّةِ قال فيأتيه من روحِها وطيبِها ويُفسَحُ له في قبرِه مدَّ بصرِه قال ويأتيه رجلٌ حسنُ الوجهِ حسنُ الثِّيابِ طيِّبُ الرِّيحِ فيقولُ أبشِرْ بالَّذي يسُرُّك هذا يومُك الَّذي كنتَ تُوعَدُ فيقولُ من أنت فوجهُك الوجهُ يجيءُ بالخيرِ فيقولُ أنا عملُك الصَّالحُ فيقولُ ربِّ أقِمِ السَّاعةَ حتَّى أرجِعَ إلى أهلي ومالي وإنَّ العبدَ الكافرَ إذا كان في انقطاعٍ من الدُّنيا وإقبالٍ من الآخرةِ نزل إليه من السَّماءِ ملائكةٌ سودُ الوجوهِ معهم المُسوحُ فيجلِسون منه مدَّ البصرِ ثمَّ يجيءُ ملَكُ الموتِ حتَّى يجلِسَ عند رأسِه فيقولُ أيَّتها النَّفسُ الخبيثةُ اخرُجي إلى سخطٍ

من اللهِ وغضبٍ قال فتُفرَّقُ في جسدِه فينتزِعُها كما يُنتزَعُ السُّفُّودُ من الصُّوفِ المبلولِ فيأخذُها فإذا أخذها لم يدَعوها في يدِه طرفةَ عينٍ حتَّى يجعلوها في تلك المُسوحِ ويخرُجُ منها كأنتنِ جيفةٍ وُجِدت على وجهِ الأرضِ فيصعدون بها فلا يمُرُّون بها على ملأٍ من الملائكةِ إلَّا قالوا ما هذا الرُّوحُ الخبيثُ فيقولون فلانُ بنُ فلانٍ بأقبحِ أسمائِه الَّتي كان يُسمَّى بها في الدُّنيا حتَّى يُنتهَى به إلى السَّماءِ الدُّنيا فيُستفتَحُ له فلا يُفتَحُ له ثمَّ قرأ رسولُ اللهِ لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَلَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ فيقولُ اللهُ عزَّ وجلَّ اكتبوا كتابَه في سِجِّين في الأرضِ السُّفلَى فتُطرَحُ روحُه طرحًا ثمَّ قرأ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَكَأَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ أَوْ تَهْوِي بِهِ الرِّيحُ فِي مَكَانٍ سَحِيقٍ فتُعادُ روحُه في جسدِه ويأتيه ملَكان فيُجلسانه فيقولان له من ربُّك فيقولُ هاه هاه لا أدري قال فيقولان له ما دينُك فيقولُ هاه هاه لا أدري فيقولان له ما الرَّجلُ الَّذي بُعِث فيكم فيقولُ هاه هاه لا أدري فيُنادي منادي من السَّماءِ أن كذب فأفرِشوه من النَّارِ وافتحوا له بابًا إلى النَّارِ فيأتيه من حَرِّها وسَمومِها ويُضيَّقُ عليه قبرُه حتَّى تختلِفَ أضلاعُه ويأتيه رجلٌ قبيحُ الوجهِ قبيحُ الثِّيابِ مُنتِنُ الرِّيحِ فيقولُ له أبشِرْ بالَّذي يسوءُك هذا يومُك الَّذي كنتَ توعدُ فيقولُ من أنت فوجهُك الوجهُ يجيءُ بالشَّرِّ فيقولُ أنا عملُك الخبيثُ فيقولُ ربِّ لا تُقِمِ السَّاعةَ۔ (صحيح الترغيب: 3558)

براء بن عازب رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ انصار کے ایک شخص کے جنازے میں نکلے، ہم قبر کے پاس پہنچے، وہ ابھی تک تیار نہ تھی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ گئے اور ہم بھی آپ کے ارد گرد بیٹھ گئے گویا ہمارے سروں پر چڑیاں بیٹھی ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ایک لکڑی تھی، جس سے آپ زمین کرید رہے تھے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر اٹھایا اور فرمایا: "قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ طلب کرو" اسے دو بار یا تین بار فرمایا، یہاں جریر کی روایت میں اتنا اضافہ

ہے: اور فرمایا: ”اور وہ ان کے جوتوں کی چاپ سن رہا ہوتا ہے جب وہ پیٹھ پھیر کر لوٹتے ہیں، اسی وقت اس سے پوچھا جاتا ہے، اے جی! تمہارا رب کون ہے؟ تمہارا دین کیا ہے؟ اور تمہارا نبی کون ہے؟“ ہناد کی روایت کے الفاظ ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”پھر اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں، اسے بٹھاتے ہیں اور اس سے پوچھتے ہیں: تمہارا رب (معبود) کون ہے؟ تو وہ کہتا ہے، میرا رب (معبود) اللہ ہے، پھر وہ دونوں اس سے پوچھتے ہیں: تمہارا دین کیا ہے؟ وہ کہتا ہے: میرا دین اسلام ہے، پھر پوچھتے ہیں: یہ کون ہے جو تم میں بھیجا گیا تھا؟ وہ کہتا ہے: وہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، پھر وہ دونوں اس سے کہتے ہیں: تمہیں یہ کہاں سے معلوم ہوا؟ وہ کہتا ہے: میں نے اللہ کی کتاب پڑھی اور اس پر ایمان لایا اور اس کو سچ سمجھا“ جریر کی روایت میں یہاں پر یہ اضافہ ہے: ”اللہ تعالیٰ کے قول «یثبت اللہ الذین آمنوا» سے یہی مراد ہے“ (پھر دونوں کی روایتوں کے الفاظ ایک جیسے ہیں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”پھر ایک پکارنے والا آسمان سے پکارتا ہے: میرے بندے نے سچ کہا لہٰذا تم اس کے لیے جنت کا بچھونا بچھا دو، اور اس کے لیے جنت کی طرف کا ایک دروازہ کھول دو، اور اسے جنت کا لباس پہنا دو“ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ”پھر جنت کی ہوا اور اس کی خوشبو آنے لگتی ہے، اور تا حد نگاہ اس کے لیے قبر کشادہ کر دی جاتی ہے“۔ اور رہا کافر تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی موت کا ذکر کیا اور فرمایا: ”اس کی روح اس کے جسم میں لوٹا دی جاتی ہے، اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں، اسے اٹھاتے ہیں اور پوچھتے ہیں: تمہارا رب کون ہے؟ وہ کہتا ہے: ہاہا! مجھے نہیں معلوم، وہ دونوں اس سے پوچھتے ہیں: یہ آدمی کون ہے جو تم میں بھیجا گیا تھا؟ وہ کہتا ہے: ہاہا! مجھے نہیں معلوم، پھر وہ دونوں اس سے پوچھتے ہیں: تمہارا دین کیا ہے؟ وہ کہتا ہے: ہاہا! مجھے نہیں معلوم، تو پکارنے والا آسمان سے پکارتا ہے: اس نے جھوٹ کہا، اس کے لیے جہنم کا بچھونا بچھا دو اور جہنم کا لباس پہنا دو، اور اس کے لیے جہنم کی طرف دروازہ کھول دو، تو اس کی تپش اور اس کی زہریلی ہوا (لو) آنے لگتی ہے اور اس کی قبر تنگ کر دی جاتی ہے یہاں تک کہ اس کی پسلیاں ادھر سے ادھر ہو جاتی ہیں“ جریر کی روایت میں یہ اضافہ ہے: ”پھر اس پر ایک اندھا گونگا (فرشتہ) مقرر کر دیا جاتا ہے، اس کے ساتھ لوہے کا ایک گرز ہوتا ہے اگر وہ اسے کسی پہاڑ پر بھی مارے تو وہ بھی خاک ہو جائے، چنانچہ وہ اسے اس کی ایک ضرب لگاتا ہے جس کو مشرق و مغرب کے درمیان کی ساری مخلوق سوائے آدمی و جن کے سنتی ہے اور

وہ مٹی ہو جاتا ہے" آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "پھر اس میں روح لوٹا دی جاتی ہے"۔

18. قبر کے سوالات وجوابات صرف تین نہیں بلکہ چار ہیں۔ حوالہ حدیث بالا۔
19. شرک القبور سے اپنے آپ کو بچائیے
20. انکار عذاب قبر گمراہ فرقوں کا عقیدہ ہے، اپنے آپ کو معتزلہ و عقلانی و منکرین حدیث بننے سے بچائیے۔

مرنے کے بعد اٹھائے جانے پر ایمان لانا لازم ہے اگر کوئی اس بات پر ایمان نہ لائے تو وہ ایمان میں داخل نہیں جیسا حدیث میں ہے علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

(( لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِأَرْبَعٍ: يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ بَعَثَنِي بِالْحَقِّ، وَيُؤْمِنُ بِالْمَوْتِ، وَبِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَيُؤْمِنُ بِالْقَدَرِ ))

"کوئی بندہ چار چیزوں پر ایمان لائے بغیر مومن نہیں ہو سکتا:

i. گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں، اس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے۔
ii. موت پر ایمان لائے۔
iii. مرنے کے بعد دوبارہ اٹھائے جانے پر ایمان لائے۔
iv. تقدیر پر ایمان لائے۔"

(جامع ترمذی، کتاب القدر، باب: اچھی اور بری تقدیر پر ایمان لانے کا بیان، حدیث نمبر :2145، شیخ البانی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ وسنن ابن ماجہ:81)

21. عذاب قبر کے دلائل صرف حدیث میں نہیں بلکہ قرآن میں 7 جگہ ہے:

## عذابِ قبر کے بارے میں قرآنِ مجید کی پہلی دلیل:

﴿يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ وَيُضِلُّ اللَّهُ الظَّالِمِينَ وَيَفْعَلُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ﴾

(سورۃ ابراہیم، سورۃ نمبر 14، آیت نمبر 27)

"ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ پکی بات کے ساتھ مضبوط رکھتا ہے، دنیا کی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی، ہاں ناانصاف لوگوں کو اللہ بہکا دیتا ہے اور اللہ جو چاہے کر گزرے۔"

حدیث میں ہے کہ یہ آیت عذابِ قبر کے برحق ہونے پر نازل ہوئی سیدنا براء بن عازب سے روایت ہے، رسول اللہ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ سورة إبراهيم آية ٢٧، قَالَ: نَزَلَتْ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ، فَيُقَالُ لَهُ: مَنْ رَبُّكَ، فَيَقُولُ: رَبِّيَ اللَّهُ وَنَبِيِّي مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَلِكَ قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الآخِرَةِ سورة إبراهيم آية ٢٧ " .

اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو پختہ قول یعنی کہ کلمہ کے حقیقی گواہی کے ذریعے سے حق پر ثابت قدم رکھتا ہے اور آپ نے ارشاد فرمایا کہ یہ آیت عذابِ قبر کے بارے میں نازل ہوئی میت سے پوچھا جاتا ہے کہ تمہارا رب کون ہے؟ مومن میت کہتی ہے کہ میرا رب اللہ ہے اور میرے نبی محمد ہیں، لہذا اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتے ہیں:

﴿ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ﴾

(سورۃ ابراہیم، سورۃ نمبر 14، آیت نمبر 27)

"ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ پکی بات کے ساتھ مضبوط رکھتا ہے، دنیا کی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی۔"

## عذابِ قبر کے بارے میں قرآنِ مجید کی دوسرے دلیل:

﴿وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ قَالَ أُوحِيَ إِلَيَّ وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ شَيْءٌ وَمَنْ قَالَ سَأُنْزِلُ مِثْلَ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَلَوْ تَرَى إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُو أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوا أَنْفُسَكُمُ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ﴾

(سورۃ الانعام، سورۃ نمبر 6، آیت نمبر: 93)

"اور اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہو گا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ تہمت لگائے یا یوں کہے کہ مجھ پر وحی آتی ہے حالانکہ اس کے پاس کسی بات کی بھی وحی نہیں آئی اور جو شخص یوں کہے کہ جیسا کلام اللہ نے نازل کیا ہے اسی طرح کا میں بھی لاتا ہوں اور اگر آپ اس وقت دیکھیں جب کہ یہ ظالم لوگ موت کی سختیوں میں ہوں گے اور فرشتے اپنے ہاتھ بڑھا رہے ہوں گے کہ ہاں اپنی جانیں نکالو، آج تم کو ذلت کا عذاب دیا جائے گا اس سبب سے کہ تم اللہ تعالیٰ کے ذمہ جھوٹی باتیں لگاتے تھے، اور تم اللہ تعالیٰ کی آیات سے تکبر کرتے تھے۔"

## عذابِ قبر کے بارے میں قرآنِ مجید کی تیسری دلیل:

﴿وَلَوْ تَرَى إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ[٥٠] ذَلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ[٥١]﴾

(سورۃ الانفال، سورۃ نمبر 8، آیت نمبر: 50-51)

"کاش کہ تو دیکھتا جب کہ فرشتے کافروں کی روح قبض کرتے ہیں ان کے منہ پر اور سرینوں پر مار مارتے ہیں (اور کہتے ہیں) تم جلنے کا عذاب چکھو[50] یہ بسبب ان کاموں کے جو تمہارے ہاتھوں نے پہلے ہی بھیج رکھا ہے بیشک اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں[51]۔"

## عذابِ قبر کے بارے میں قرآنِ مجید کی چوتھی دلیل:

﴿وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ مُنَافِقُونَ وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ مَرَدُوا عَلَى النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُهُمْ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ سَنُعَذِّبُهُمْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّونَ إِلَى عَذَابٍ عَظِيمٍ﴾

(سورۃ النساء، سورۃ نمبر 9، آیت نمبر: 101)

"اور کچھ تمہارے گرد وپیش والوں میں اور کچھ مدینے والوں میں ایسے منافق ہیں کہ نفاق پر اڑے ہوئے ہیں، آپ ان کو نہیں جانتے، ان کو ہم جانتے ہیں ہم ان کو دہری سزا دیں گے، پھر وہ بڑے بھاری عذاب کی طرف بھیجے جائیں گے۔"

## عذابِ قبر کے بارے میں قرآنِ مجید کی پانچویں دلیل:

الَّذِينَ تَتَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنْفُسِهِمْ فَأَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوءٍ بَلَى إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ[٢٨] فَادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ[٢٩]﴾

(سورۃ النحل، سورۃ نمبر 16، آیت نمبر:28-29)

"وہ جو اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں، فرشتے جب ان کی جان قبض کرنے لگتے ہیں اس وقت وہ جھک جاتے ہیں کہ ہم برائی نہیں کرتے تھے۔ کیوں نہیں؟ اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے جو کچھ تم کرتے تھے[28] پس اب تو ہمیشگی کے طور پر تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ، پس کیا ہی برا ٹھکانا ہے غرور کرنے والوں کا[29]۔"

## عذابِ قبر کے بارے میں قرآنِ مجید کی چھٹویں دلیل:

﴿النَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ أَدْخِلُوا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ﴾

(سورۃ غافر / مومن، سورۃ نمبر 40، آیت نمبر:46)

"جو آگ ہے، وہ اس پر صبح و شام پیش کیے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہو گی، آلِ فرعون کو سخت ترین عذاب میں داخل کرو۔"

## عذابِ قبر کے بارے میں قرآنِ مجید کی ساتویں دلیل:

﴿فَذَرْهُمْ حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ[٤٥] يَوْمَ لَا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ[٤٦] وَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا عَذَابًا دُونَ ذَلِكَ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ[٤٧]﴾

(سورۃ الطور، سورۃ نمبر 52، آیت نمبر:45-47)

"آپ انہیں چھوڑ دیں یہاں تک کہ انہیں اس دن سے سابقہ پڑے جس میں یہ بے ہوش کر دیئے

جائیں گے [45] جس دن انہیں ان کا مکر کچھ کام نہ دے گا اور نہ وہ مدد کیے جائیں گے [46] بیشک ظالموں کے لیے اس کے علاوہ اور عذاب بھی ہیں، لیکن ان لوگوں میں سے اکثر بے علم ہیں [47]۔"

## عذابِ قبر کے بارے میں قرآنِ مجید کی آٹھویں دلیل:

اللہ تعالیٰ قومِ نوح کے بارے میں کہتے ہیں:

﴿مِمَّا خَطِيئَاتِهِمْ أُغْرِقُوا فَأُدْخِلُوا نَارًا فَلَمْ يَجِدُوا لَهُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَنْصَارًا﴾

(سورۃ نوح، سورۃ نمبر 71، آیت نمبر:25)

"اپنے گناہوں ہی کی وجہ سے وہ غرق کیے گئے، پس آگ میں داخل کیے گئے، پھر انھوں نے اللہ کے سوا اپنے لیے کوئی مدد کرنے والے نہ پائے۔"

22. اسباب عذاب قبر جاننا ضروری ہے۔

- قبر کا عذاب اسلامی تعلیمات کے مطابق ایمان والوں کے لئے حقیقت ہوتا ہے، جو کہ قیامت کے دن تک ان کی زندگی کا حصہ ہوتا ہے۔ قبر کا عذاب کئی وجوہات پر مبنی ہوتا ہے، جن میں سے چند یہ ہو سکتی ہیں:
- کفر یا شرک: اگر کوئی شخص اللہ کے علاوہ کسی اور چیز یا شخص کو معبود قرار دیتا ہے، یا اللہ کی طاعت میں کسی دوسرے کو شریک بناتا ہے، تو اس پر قبر کا عذاب ہوتا ہے۔
- کبیرہ گناہوں: اگر کوئی شخص قبر میں اس حال میں پہنچے کہ اس کے اعمال میں بڑے گناہ ہوں تو اسے عذاب ملتا ہے۔
- غیبت یا نمیمہ: اگر کوئی شخص دوسروں کی ذات یا چیزوں کی غیبت یا نمیمہ کرتا ہے، تو یہ ایک منفی عمل ہوتا ہے اور اس کا عذاب قبر میں بھی ہوتا ہے۔
- نماز کا ترک: اسلام میں نماز کو بہت بڑا حق مانا گیا ہے اور اگر کوئی شخص نماز کو چھوڑتا ہے، تو اس کا قبر میں عذاب ہوتا ہے۔

❖ والدین کی نافرمانی و بے ادبی: اگر کوئی شخص اپنے والدین کے ساتھ بے ادبی کرتا ہے، تو قبر میں اسے ان کی نافرمانی و بے ادبی کا عذاب ہوتا ہے۔

❖ یہ تمام امور ایمان والوں کے لئے قبر کے عذاب کی وجوہات ہو سکتی ہیں، اور اللہ کی رحمت اور مغفرت کا طلبگار ہر وقت اپنے گناہوں کی مغفرت کیلئے دعا کرتا رہے۔

23. اسباب نجات عذاب قبر بھی جاننا ضروری ہے۔

اسلام میں عذابِ قبر سے نجات حاصل کرنے کے لئے مختلف اہم اسباب بیان کئے گئے ہیں۔ یہاں کچھ اہم اسباب دیے گئے ہیں:

1 **ایمان کی قوت**؛ ایمان کا مضبوط ہونا اہم ہے۔ ہر شخص کو اللہ کا ایمان ہونا چاہئے اور وہ توحید پر استقرار رکھے۔

2 **نماز کی پابند**؛ نماز اسلامی عبادات میں سب سے اہم ہے۔ ہر شخص کو نماز کی پابندی میں رہنا چاہئے اور ہر نماز کو وقت پر ادا کرنا چاہئے۔

3 **قرآن کی تلاوت** اور اس پر عمل کرنا قرآن کو سمجھ کر اور اس پر عمل کرتے ہوئے انسان اپنے ایمان کو مضبوط کرتا ہے اور عذابِ قبر سے نجات حاصل کرتا ہے۔

4 **صدقہ و خیرات**: دینا اور خیرات کرنا ایک اہم عمل ہے جو انسان کو عذابِ قبر سے نجات دلاتا ہے۔

5 **والدین کی خدمت** والدین کی خدمت ایک بڑا عمل ہے جو اللہ کی خوشنودی کا باعث بنتا ہے اور عذابِ قبر سے نجات دیتا ہے۔

6 **توبہ اور استغفار**: گناہوں سے توبہ اور اللہ سے مغفرت کا طلب کرنا بھی اہم ہے۔ انسان جو اپنے گناہوں کی معافی کے لئے دعا کرتا ہے، اللہ اسے بخشش دیتا ہے۔

7 **اسلامی تعلیمات پر عمل کرنا** انسان کو اسلامی تعلیمات پر عمل کرنا چاہئے اور اسلامی اصولوں اور قیمتوں کے مطابق زندگی گزارنا چاہئے۔

یہ تمام امور ایک شخص کو عذابِ قبر سے نجات حاصل کرنے میں مدد فراہم کرتی ہیں۔ اللہ سے توبہ کرنا اور اچھے اعمال کرنا انسان کو دنیا اور آخرت میں کامیاب بناتا ہے۔

24. عذاب قبر کے ساتھ نعیم قبر بھی جاننا ضروری ہے۔

قبر کی نعمتیں حق ہیں۔ اہل ایمان کو قبر میں جنت کی نعمتیں حاصل ہوتی ہیں۔

﴿ اَلَّذِیْنَ تَتَوَفّٰھمُ الْمَلٰئِکۃ ، طَیِّبِیْنَ یَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَیْکُمُ ادْخُلُوا الْجَنّۃ ۔ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ علیہم السلام ﴾ (32:16)

نیک اور پاک لوگوں کی روح قبض کرنے کے لئے جب فرشتے آتے ہیں تو (پہلے) السلام علیکم کہتے ہیں (اور پھر کہتے ہیں) داخل ہو جاؤ جنت میں ان اعمال کے بدلے جو تم کرتے رہے۔" (سورۃ نحل، آیت نمبر 32)

قبر مومن کے لئے سر سبز و شاداب باغ ہے جس میں چودھویں کے چاند جیسی روشنی ہوتی ہے۔

عَنْ اَبِیْ ھرَیْرَۃ ۔ رضی اللہ عنہ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلي اللہ علیہ وسلم قَالَ (( اِنَّ الْمُؤْمِنَ فِیْ قَبْرِہ لَفِیْ رَوْضَۃ خَضْرَاءَ فَیُرَحَّبُ لَہ قَبْرُہ سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا وَ یُنَوَّرُلَ کَالْقَمَرِ لَیْلَۃالْبَدْرِ )) رَوَاہُ اَبُوْ یَعْلٰی (حسن)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" بے شک مومن اپنی قبر میں سر سبز باغ میں ہوتا ہے جو اس کے لئے ستر ہاتھ (تقریباً105 فٹ یا35 میٹر) فراخ کر دیا جاتا ہے اور اس میں چودھویں رات کے چاند جیسی روشنی کر دی جاتی ہے۔" اسے ابو یعلٰی نے روایت کیا ہے۔

**وضاحت**: دوسری حدیث میں مومن کی قبر ستر در ستر فراخ کرنے کے الفاظ آئے ہیں۔ قبر میں فراخی مومن کے نیک اعمال کے مطابق ہو گی۔ واللہ اعلم!

اہل ایمان کو قبر میں ان کی جنت والی رہائش گاہ صبح و شام دکھائی جاتی ہے۔

(الترغیب والترہیب لمحی الدین، الجزء الرابع، رقم الحدیث 5216)

عَنِ ابْنِ عُمَرَرَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلي الله عليه وسلم قَالَ اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا مَاتَ عُرِضَ عَلَيْهِ مَقْعَدُهٗ بِالْغَدَاة ۔ وَالْعَشِيّ اِنْ كَانَ مِنْ اَهلِ الْجَنَّة ۔ فَمِنْ اَهلِ الْجَنّة ۔ وَاِنْ كَانَ مِنْ اَهلِ النَّارِ فَمِنْ اَهلِ النَّارِ يُقَالُ هذَا مَقْعَدُکَ حَتّٰى يَبْعَثَکَ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَة ۔ )) رَوَاهُ مُسْلِمٌ

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "تم میں سے جب کوئی مرتا ہے تو اسے صبح و شام اس کا ٹھکانہ دکھایا جاتا ہے اگر وہ جنتی ہے تو اسے جنتیوں والے محلات دکھائے جاتے ہیں اور اگر جہنمی ہے تو جہنمیوں والا ٹھکانہ دکھایا جاتا ہے اور اسے بتایا جاتا ہے یہ ہے تیری رہائش گاہ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز تجھے یہاں بھیجے گا۔" اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مومن کو قبر میں جنت کا بستر اور جنت کا لباس مہیا کیا جاتا ہے۔

مومن کی قبر میں جنت کی طرف ایک مستقل دروازہ کھول دیا جاتا ہے۔

(کتاب الجنۃ وصفۃ، باب عرض مقعد المیت من الجنۃ والنار علیہ واثبات عذاب القبر)

25. عذاب قبر کے چند احوال جو صحیح احادیث میں ہے یاد کر لیجیے۔

عذابِ قبر کے بارے میں وارد احادیث:

عمرہ بنت عبد الرحمٰن بن سعد بن زرارہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

((أَنَّ يَهُودِيَّةً جَاءَتْ تَسْأَلُهَا، فَقَالَتْ لَهَا: أَعَاذَكِ اللَّهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، فَسَأَلَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُعَذَّبُ النَّاسُ فِي قُبُورِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" عَائِذًا بِاللَّهِ مِنْ ذَلِكَ))

ام المؤمنین عائشہ کے پاس ایک یہودی عورت مانگنے کے لیے آئی اور اس نے دعا دی کہ اللہ

آپ کو قبر کے عذاب سے بچائے ام المؤمنین عائشہ نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا لوگوں کو قبر میں عذاب ہو گا؟ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ کی اس سے پناہ مانگتا ہوں۔

(صحیح بخاری، کتاب الکسوف، باب: سورج گرہن میں عذاب قبر سے اللہ کی پناہ مانگنا، حدیث نمبر:1049)

ام مبشر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

((عَنْ أُمِّ مُبَشِّرٍ( امْرَأَةِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ) رَضِيَ الله عَنْهَا، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيّ رَسُولُ اللهِ صَلّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلّمَ، وَأَنَا فِي حَائِطٍ مِنْ حَوَائِطِ بَنِي النّجّارِ، فِيهِ قُبُورٌ مِنْهُمْ، قَدْ مُوّتُو فِي الْجَاهِلِيّةِ، فَسَمِعَهُمْ وَهُمْ يُعَذّبُونَ، فَخَرَجَ وَهُوَ يَقُولُ: " اسْتَعِيذُوا بِاللهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ". قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ، وَإِنّهُمْ لَيُعَذّبُونَ فِي قُبُورِهِمْ؟ قَالَ: " نَعَمْ، عَذَابًا تَسْمَعُهُ الْبَهَائِمُ))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس آئے اور میں بنو نجار کے کسی باغ میں تھی، وہاں دور جاہلیت میں مرنے والوں کی چند قبریں تھیں، انہیں جو عذاب ہو رہا تھا وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سنائی دیا سو آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے یہ فرماتے ہوئے نکلے قبر کے عذاب سے اللہ تعالی کی پناہ طلب کیا کرو، میں نے کہا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آیا ان کو قبروں میں عذاب ہو رہا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! ایسا عذاب ہو رہا ہے جسے جانور بھی سنتے ہیں۔"

(مسند احمد 44: /592، حدیث نمبر:27044، شعیب ارناؤوط نے اس حدیث کی سند کو صحیح کہا ہے اور شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو سلسلہ احادیث الصحیحہ (حدیث نمبر:1444) میں نقل کیا ہے اور اس حدیث کو صحیح کہا ہے)

26. نعیم قبر کی چند جھلکیاں۔

27. جب بھی دعا دینا ہے میت کو چھ دعائیں نہ بھولیں:

A. نور

B. وسعت

C. روضۃ الجنۃ

D. قبر جہنم کا گڑھا بننے سے بچا

E. مغفرت و معافی

F. جنۃ الفردوس

G. عذابوں سے نجات

28. قبر کے پاس جائز اور ناجائز کاموں کی فہرست

29. اسباب دخول جنت و اسباب دخول نار (30 بیان کیجیے)

30. آخرت کے دن کے دس مراحل تازہ رکھیے:

i. نفخ صور

ii. حشر- عرش کے نیچے جگہ پانے والے

iii. شفاعت

iv. حساب

v. میزان

vi. حوض

vii. اندھیرا منافقوں اور مومنوں میں فرق

viii. صراط پر گزرنا اور جہنم میں دخول (کلالیب)

ix. قنطرہ اور غل سے صفائی

x. جنت میں داخلہ

31. قیامت کی دس بڑی نشانیاں اور 50 سے زائد چھوٹی نشانیاں یاد رکھیے۔

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

قیامت کی دس بڑی نشانیوں پر ایمان لانا:

1 (الدُّخَانَ) ہر طرف دھوں چھا جائے گا۔

2 (الدَّجَّالَ) دجال کا خروج ہو گا۔

3 (وَنُزُولَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ) عیسی ابن مریم کا ظہور ہو گا

4 (وَيَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ) یاجوج وماجوج کا خروج ہو گا

5 (وَثَلَاثَةَ خُسُوفٍ خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ) تین جگہوں پر لوگوں کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا، مشرق میں لوگوں زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔

6 (وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ) مغرب میں لوگوں زمین میں دھنسا دیا جائے گا

7 (وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ،) اور جزیرۃ العرب میں لوگوں زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔

8 (وَطُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا) سورج مشرق سے طلوع ہو گا

9 (الدَّابَّةَ) دابۃ الارض کا خروج ہو گا۔

10 (وَآخِرُ ذَلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنْ الْيَمَنِ تَطْرُدُ النَّاسَ إِلَى مَحْشَرِهِمْ) اور آخر میں یمن سے ایک آگ نکلے گی جو لوگوں کو ہانک کر محشر کی طرف لے جائے گی۔

32. حسن خاتمہ اور ایمان پر خاتمہ کی اہمیت

اور حسن خاتمہ کی علامات تو بہت زیادہ ہیں، علماء رحمہم اللہ تعالی نے اس بارہ میں وارد شدہ نصوص کو سامنے رکھتے ہوئے ان کا تتبع بھیکیا ہے، ان علامات میں سے چند درج ذیل ہیں:

1۔ موت کے وقت کلمہ شھادت پڑھنا، اس کی دلیل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

"جس شخص کی آخری کلام لا الہ الا اللہ ہو وہ جنت میں داخل ہو گیا"

(سنن ابو داود حدیث نمبر (3116) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابو داود حدیث نمبر (2673) میں اسے صحیح قرار دیا ہے)

2- پیشانی کے پسینے سے موت آنا:

یعنی اس کی موت کے وقت پیشانی پر پسینے کے قطرے ہوں، اس کی دلیل مندرجہ ذیل حدیث ہے:

بریدہ بن الحصیب رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

"مومن کی موت پیشانی کے پسینے سے ہوتی ہے"

(مسند احمد حدیث نمبر (22513) جامع ترمذی حدیث نمبر (980) سنن نسائی حدیث نمبر (1828) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ترمذی میں اسے صحیح قرار دیا ہے)

3- جمعہ کی رات یا دن میں موت آنا:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"جو شخص بھی جمعہ کی رات یا جمعہ والے دن فوت ہوتا ہے اللہ تعالی اسے قبر کے فتنہ سے محفوظ رکھتا ہے"

مسند احمد حدیث نمبر (6546) جامع ترمذی حدیث نمبر (1074) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں: یہ حدیث اپنے سب طرق کے ساتھ حسن یا صحیح ہے.

4- اللہ تعالی کی راہ میں لڑتے ہوئے موت آنا:

کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

جو لوگ اللہ تعالی کی راہ میں شہید کیے گئے ہیں ان کو ہر گز مردہ نہ سمجھیں، بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس رزق دیے جارہے ہیں، اللہ تعالی نے جو انہیں اپنا فضل دے رکھا ہے اس سے وہ بہت خوش ہیں اور خوشیاں منارہے ہیں، ان لوگوں کی بابت جو اب تک ان سے نہیں ملے، ان کے پیچھے ہیں، اس پر کہ نہ انہیں کوئی خوف ہے اور نہ غمگین ہونگے، وہ خوش ہوتے ہیں اللہ تعالی کی نعمت اور فضل سے اور اس سے بھی کہ اللہ تعالی ایمان والوں کے اجر و ثواب کو ضائع نہیں کرتا آل عمران (

(172-169).

اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"جو اللہ تعالی کی راہ میں قتل کر دیا گیا وہ شہید ہے، اور جو اللہ تعالی کی راہ میں فوت ہوا وہ شہید ہے"

(صحیح مسلم حدیث نمبر (1915))

5- طاعون کی بیماری سے موت واقع ہونی:

کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"طاعون ہر مسلمان کے لیے شہادت ہے"

(صحیح بخاری حدیث نمبر (2830) صحیح مسلم حدیث نمبر (1916))

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے طاعون کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ:

"یہ اللہ تعالی کا عذاب ہے جس پر چاہے اللہ تعالی مسلط کر دے، اور اللہ تعالی نے اسے مومنوں کے لیے رحمت کا باعث بنایا ہے، جو کوئی بھی طاعون کی بیماری میں پڑ جائے اور پھر وہ صبر اور اللہ تعالی سے اجر و ثواب کی امید رکھتے ہوئے اپنے علاقے میں ہی رہے، اسے یہ علم ہو کہ اسے وہی تکلیف پہنچ سکتی ہے جو اللہ تعالی نے اس کے مقدر میں لکھ دی ہے، تو اسے شہید جتنا اجر و ثواب حاصل ہو گا"

(صحیح بخاری حدیث نمبر (3474))

6- پیٹ کی بیماری سے موت واقع ہونا:

کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"اور جو پیٹ کی بیماری سے فوت ہوا وہ شہید ہے"

(صحیح مسلم شریف حدیث نمبر (1915))

7-ڈوبنے اور منہدم شدہ کے نیچے دب کر موت واقع ہونا:

کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"شہید پانچ قسم کے ہیں: طاعون کی بیماری سے فوت ہونے والا، اور پیٹ کی بیماری سے فوت ہونے والا، اور پانی میں غرق ہونے والا، اور دب کر مرنے والا، اور اللہ تعالی کی راہ میں شہید ہونے والا"

(صحیح بخاری حدیث نمبر(2829) صحیح مسلم حدیث نمبر(1915))

8-اپنے بچے کی وجہ سے عورت کا نفاس میں یا حاملہ فوت ہونا:

اس کے دلائل درج ذیل ہیں:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اور وہ عورت جو اپنے حمل کی بنا پر فوت ہو وہ شہید ہے"

(سنن ابو داود حدیث نمبر(3111))

خطابی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

اس کا معنی یہ ہے کہ وہ فوت ہو تو بچہ اس کے پیٹ میں ہو. اھ-دیکھیں عون المعبود

اور امام احمد رحمہ اللہ تعالی نے عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالی عنہ سے بیان کیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شھداء کے متعلق بتاتے ہوئے فرمایا:

"اور وہ عورت جسے اس کا بچہ حمل کی حالت میں قتل کر دے یہ بھی شھادت ہے"

(مسند احمد حدیث نمبر(17341))

(اسے اس کا بچہ اپنے نال(پیدائش کے بعد ناف سے کاٹا جاتا ہے) کے ساتھ جنت میں کھینچ لے گا)

علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے کتاب الجنائز صفحہ نمبر(39) میں اسے صحیح قرار دیا ہے۔

9- جلنے، اور ذات الجنب اور سل کی بیماری سے موت آنا:

کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"اللہ تعالی کی راہ میں قتل ہونا شہادت ہے، اور طاعون شہادت ہے، اور غرق شہادت ہے، اور پیٹ کی بیماری سے مرنا شہادت ہے، اور نفاس میں مرنے والی عورت شہید ہے، اسے اس کا بیٹا اپنے نال کے ساتھ جنت میں کھینچے گا"۔

وہ کہتے ہیں کہ: بیت المقدس کے دربان نے یہ الفاظ زیادہ کیے ہیں:

"جلنے اور سل کی بیماری سے مرنے والا"

(علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں: حسن صحیح ہے، دیکھیں: صحیح الترغیب والترھیب حدیث نمبر(1396))

10- دین یا مال یا اپنی جان کا دفاع کرتے ہوئے مرنا:

کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"جو کوئی اپنا مال بچاتا ہوا قتل ہو وہ شہید ہے، اور جو کوئی اپنا دین بچاتا ہوا قتل ہو وہ شہید ہے، اور جو کوئی اپنا خون اور جان بچاتے ہوئے قتل ہو وہ شہید ہے"

(جامع ترمذی حدیث نمبر(1421))

اور امام بخاری و مسلم رحمہا اللہ نے عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالی عنہما سے بیان کیا ہے کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

"جو اپنے مال کا دفاع کرتا ہوا قتل ہو جائے وہ شہید ہے"

( صحیح بخاری حدیث نمبر(2480) صحیح مسلم حدیث نمبر(141))

اللہ تعالی کی راہ میں پہرہ دیتے ہوئے موت آنا:

سلمان فارسی رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"ایک دن اور رات کا پہرہ ایک ماہ کے روزے اور قیام سے بہتر ہے، اور اگر وہ مر جائے تو اس عمل کا اجر جاری رہتا ہے جو کر رہا تھا، اور اس کا رزق بھی جاری رہتا ہے، اور وہ فتنے سے محفوظ رہتا ہے"
(صحیح مسلم شریف حدیث نمبر (1913))

11-اور حسن خاتمہ کی یہ علامت ہے کہ:
کسی نیک اور صالح عمل کو انجام دیتے ہوئے موت واقع ہو، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:
"جس نے اللہ تعالی کی رضامندی اور خوشنودی کے لیے لا الہ الا اللہ کہا اور اس کا خاتمہ اس پر ہوا وہ جنت میں داخل ہو گا، اور جس نے صدقہ کیا اور اس پر اس کا خاتمہ ہوا تو وہ جنت میں داخل ہو گا"
(مسند احمد حدیث نمبر (22813))

علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے کتاب الجنائز صفحہ (43) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.
یہ علامتیں اچھی خوشخبری میں سے ہیں جو حسن خاتمہ پر دلالت کرتی ہیں، لیکن اسکے باوجود ہم یقینا کسی بعینہ شخص کے لیے یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ جنتی ہے، لیکن کے متعلق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنتی ہونے کی بشارت دے دی ہے، مثلا خلفاء اربعہ اور عشرہ مبشرہ.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ ہمیں حسن خاتمہ نصیب فرمائے۔

12. سوء خاتمہ اور کفر پر خاتمہ سے پناہ

1) سوء خاتمہ کی پہلی وجہ: عقیدہ کا فساد و بگاڑ ہے کیوں کہ جس کا عقیدہ بگڑ جاتا ہے اس کا اثر ایسے وقت میں ظاہر ہوتا ہے جس میں وہ اللہ کی مدد اور ثبات قدمی کا زیادہ محتاج ہوتا ہے۔
2) سوء خاتمہ کی دوسری وجہ: دنیا میں لگ جانا اور دنیا سے اپنا تعلق جوڑ لینا ہے۔
3) سوء خاتمہ کی تیسری وجہ: استقامت سے ہٹنا اور خیر وہدایت سے اعراض وروگردانی کرنا ہے۔

4) سوء خاتمہ کی چوتھی وجہ: معصیتوں پر اصرار کرنا اور اس سے مانوس ہوتا ہے کیوں کہ انسان جب اپنی مدت حیات میں کسی چیز سے مانوس ہو جاتا ہے اور اس کا عادی ہو جاتا ہے اور اس سے اپنا تعلق جوڑ لیتا ہے تو مرتے وقت اس کا خیال اسے آجاتا ہے اور جانکنی کے عالم میں زیادہ تر اسی کو دہراتا ہے۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: آثام و معاصی اور خواہشات مرتے وقت انسان کو رسوا کر دیتے ہیں، نیز شیطان بھی اسے دھوکا دیدیتا ہے اس طرح ایمان کی کمزوری کے ساتھ شیطان کا دباؤ پڑتا ہے جو اس کے سوء خاتمہ کا سبب بن جاتا ہے فرمان الٰہی ہے:

وكان الشيطان للإنسان خذولا

اور شیطان تو انسان کو وقت پر دغا دینے والا ہے"۔

(سورۂ فرقان آیت نمبر 29)

اور سوء خاتمہ: اللہ تعالی ہمیں اس سے اپنی پناہ میں رکھے، جو شخص اللہ کے ساتھ اپنا ظاہر و باطن درست کر لیتا ہے اور اپنے اقوال و اعمال میں اخلاص پیدا کر لیتا ہے تو وہ سوء خاتمہ میں نہیں پڑتا کیوں کہ ایسا کبھی سنا نہیں گیا، البتہ سوء خاتمہ اس آدمی کا ہو سکتا ہے جو عقیدہ کے اعتبار سے اپنا باطن بگاڑ لے اور عملی طور پر اس کا مظاہرہ بھی کر لے، جو کبیرہ گناہوں کی جسارت کرے اور جرائم کا ارتکاب کرے تو بہت ممکن ہے کہ توبہ کرنے سے پہلے موت کے وقت اس پر یہ چیزیں غالب رہیں۔

13. سکرات الموت کا منظر

سکرات سے مراد موت کی شدت اور غشی ہے، جو موت کے وقت پیش آتی ہے، اور موت سے پہلے ہر آدمی پر سکرات کی کیفیت طاری ہوتی ہے، بعض وقت سکرات کا اثر اور نشانی اس پر ظاہر بھی ہوتی ہے، اور کسی کو اس شدت کے اثر سے پیشانی پر پسینہ بھی آجاتا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب یہ حالت پیش آئی تو آپ پانی میں ہاتھ ڈال کر چہرۂ مبارک پر مل رہے تھے اور فرماتے تھے

(لا الہ الا اللہ أن للموت سکرات)

یعنی کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے فرمایا کہ موت کے لیے بڑی شدت ہوتی ہے۔(۲) موت کی شدت مومن کے حق میں

کفارۂ سیئات اور موجب رفع درجات بھی ہوتی ہے، جیسا کہ بیماری اس کے حق میں باعث کفارۂ سیئات بنتی ہے۔

(وَجَائَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذَٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيدُ)

اور موت کی سختی حقیقۃً آ پہنچی، یہ وہ چیز ہے جس سے تو بدکتا تھا۔

(سورۂ ق:۱۹)

14. روح کا سفر

اسلامی عقائد کے مطابق، انسان کی روح موت کے بعد آخرت کی جانب سفر کرتی ہے۔ یہ روح کا سفر مختلف مراحل پر مبنی ہوتا ہے، یہاں روح کا سفر کے مختصر تفصیل دی گئی ہے:

1) موت (الموت): جب انسان کی موت ہوتی ہے، تو انسان کی روح اس کے جسم سے الگ ہو جاتی ہے۔ اس وقت کو "الموت" یا موت کہا جاتا ہے۔

2) قبر (القبر): روح کا سفر قبر کا آغاز ہوتا ہے۔ قبر میں انسان کی روح کو عذاب یا آسانی کی حالت میں ہوتا ہے، جو اس کے عملوں پر مبنی ہوتی ہے۔

3) بعث (البعث): قیامت کا دن، یعنی بعثت کا دن، اللہ تعالی سب کو دوبارہ زندہ کرے گا اور ان کو ان کے عملوں کے مطابق حساب لیا جائے گا۔

4) آخرت (الآخرۃ): حسن خاتمہ یا سوء خاتمہ کے بعد، ایمان والوں کو جنت میں برکتوں بھری زندگی ہو گی، جبکہ کافروں یا سوء خاتمہ والوں کو عذاب میں مبتلا ہونا ہو گا۔

یہ عمل کتاب و سنت کے مطابق روح کا سفر کو ظاہر کرتے ہیں۔ اس سفر کی حقیقت اللہ ہی جانتا ہے اور یہ ایمان والوں کے لئے اچھا ہو گا جو اللہ کے حکموں پر ایمان رکھتے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں۔

## راویوں کا تعارف

1-(يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ)

نام: یحیی بن ایوب۔

المعروف: یحیی بن ایوب المقابری۔

کنیت: ابوزکریا۔

الرتبہ: ثقہ

تاریخ پیدائش: 157ھ۔

تاریخ وفات: 234ھ۔

مقام وفات: بغداد۔

رہائش: بغداد۔

اساتذہ: عبداللہ بن مبارک الحنظلی۔ اسماعیل ابن علیہ۔ حماد بن زید الازدی، وغیرہ۔

تلامذہ:۔ امام احمد۔ اسحاق ابن راہویہ۔ علی بن المدینی، وغیرہ۔

2-(أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ)

نام: عبداللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان بن خواستی - المعروف ابن ابی شیبہ العبسی۔

المعروف: ابن ابی شیبہ العبسی۔

کنیت: ابو بکر۔

رتبہ: ثقہ۔

تاریخ پیدائش: 156ھ۔

تاریخ وفات: 235ھ۔

مقامِ رہائش: کوفہ۔ بغداد۔ واسط۔ دمشق۔

اساتذہ:سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ عبد اللہ بن مبارک، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ امام اثرام۔ ابو بکر الاسفرائنی، وغیرہ۔

3-(ابْنِ عُلَيَّةَ)

نام: اسماعیل بن ابرہم بن مقسم۔

المعروف: اسماعیل بن علیہ الاسدی البصری (الاصل: الکوفی۔ مولی اسد ابن خزیمۃ)۔

کنیت: ابو البشر۔

الرتبہ: ثقہ، حجۃ الحافظ

تاریخ پیدائش:110ھ۔

تاریخ وفات:193ھ۔

مقام وفات: بغداد۔

رہائش: بصرہ۔ کوفہ۔ بغداد۔

اساتذہ: ایوب سختیانی۔ اسماعیل بن امیۃ الاموی۔ سفیان الثوری، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ اسحاق بن راہویہ۔ حماد بن زید الازدی، وغیرہ۔

4-(سَعِيدُ الْجُرَيْرِيُّ)

نام: سعید بن ایاس۔ (مولی قیس بن ثعلبة بن بكر بن وائل)

المعروف: سعید بن ایاس الجریری البصری۔

کنیت: ابو مسعود۔

الرتبہ: ثقہ۔

لقب: صاحب ابی نضرۃ۔

تاریخ وفات: 144ھ۔

رہائش: بصرہ۔ بلادِ عراق۔

اساتذہ: ثمامہ بن حزن القشیری۔ ایوب سختیانی۔ حسن البصری، وغیرہ۔

تلامذہ: اسماعیل ابن علیہ۔ ابراہیم بن محمد الفزاری۔ حماد بن زید الازدی، وغیرہ۔

5-(أَبِي نَضْرَةَ)(تابعی)

نام: المنذر بن مالک بن قطعۃ۔

المعروف: المنذر بن مالک العوقی العبدی العصری البصری۔ (ابو نضرۃ؛ مشہور)

کنیت: ابو نضرۃ۔

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ وفات: 108ھ۔

رہائش: بصرہ۔

اساتذہ: سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ۔ سیدنا انس رضی اللہ عنہ۔ سیدنا ابو سعید الخذری رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: ایوب سختانی۔ حمید الطویل۔ داود بن ابی ہند القشیری، وغیرہ۔

6-(أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْه)

نام: سعد بن مالک بن سنان بن عبید بن عبید بن ثعلبہ بن عبید بن الابجر: خدرۃ بن عوف بن الحارث بن

الخزرج بن حارثہ بن ثعلبہ بن عمرو بن عامر

المعروف: ابوسعید الخدری (الخزرجی المخزومی الانصاری)۔

کنیت: ابوسعید۔

الرتبہ: صحابی (اصحاب الشجرۃ)

تاریخ پیدائش: بعض علماء نے 10 قبل ہجرت پیدائش کی تاریخ بیان کی ہے۔

تاریخ وفات: 63ھ-/64ھ /65ھ /74ھ بیان کی جاتی ہے۔

مقام وفات: مدینہ المنورہ۔

رہائش: مدینہ المنورہ۔ بلادِ حجاز۔

تلامذہ: احزاب بن راشد السماعی (مخضرم)۔ الاسود بن یزید النخعی (مخضرم)۔ القاسم بن محمد التیمی ،وغیرہ۔

7-(زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللهُ عَنْه)

نام: زید بن ثابت بن الضحاک بن زید بن لوذان بن عمرو بن عبد عوف بن غنم بن مالک بن النجار۔

المعروف: زید بن ثابت الانصاری المدنی (النجاری الخزرجی التیمی)۔

کنیت: ابوسعید، ابوخارجہ، ابوثابت، ابوعبد اللہ، ابوعبد الرحمن۔

الرتبہ: صحابی جلیل، کاتبِ وحی۔

تاریخ وفات: (تاریخ وفات میں اختلاف ہے) 45ھ /40ھ /42ھ /43ھ /48ھ /51ھ / 52ھ /54ھ /55ھ /56ھ۔

رہائش: مدینہ منورہ۔

تلامذہ: سعید ابن المسیب۔ القاسم بن محمد التیمی۔ طاؤس بن کیسان الیمانی، وغیرہ۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 37

# "يَأْتُونَ الْكُهَّانَ، قَالَ: فَلَا تَأْتِهِمْ"

تم ان (کاہنوں) کے پاس نہ جانا

((حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ ، أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ، وَتَقَارَبَا فِي لَفْظِ الْحَدِيثِ، قَالَا: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيل بْنُ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ حَجَّاجٍ الصَّوَّافِ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ هِلَالِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ السُّلَمِيِّ ، قَالَ: بَيْنَا أَنَا أُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ عَطَسَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقُلْتُ: يَرْحَمُكَ

اللَّهُ، فَرَمَانِي الْقَوْمُ بِأَبْصَارِهِمْ، فَقُلْتُ: وَا ثُكْلَ أُمِّيَاهْ، مَا شَأْنُكُمْ تَنْظُرُونَ إِلَيَّ؟ فَجَعَلُوا يَضْرِبُونَ بِأَيْدِيهِمْ عَلَى أَفْخَاذِهِمْ، فَلَمَّا رَأَيْتُهُمْ يُصَمِّتُونَنِي، لَكِنِّي سَكَتُّ، فَلَمَّا صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبِأَبِي هُوَ وَأُمِّي، مَا رَأَيْتُ مُعَلِّمًا قَبْلَهُ، وَلَا بَعْدَهُ أَحْسَنَ تَعْلِيمًا مِنْهُ، فَوَاللَّهِ مَا كَهَرَنِي وَلَا ضَرَبَنِي وَلَا شَتَمَنِي، قَالَ: " إِنَّ هَذِهِ الصَّلَاةَ، لَا يَصْلُحُ فِيهَا شَيْءٌ مِنْ كَلَامِ النَّاسِ، إِنَّمَا هُوَ التَّسْبِيحُ وَالتَّكْبِيرُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ "، أَوْ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي حَدِيثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ، وَقَدْ جَاءَ اللَّهُ بِالإِسْلَامِ، وَإِنَّ مِنَّا رِجَالًا يَأْتُونَ الْكُهَّانَ، قَالَ: فَلَا تَأْتِهِمْ، قَالَ: وَمِنَّا رِجَالٌ يَتَطَيَّرُونَ، قَالَ: ذَاكَ شَيْءٌ يَجِدُونَهُ فِي

صُدُورِهِمْ، فَلَا يَصُدَّنَّهُمْ، قَالَ ابْنُ الصَّبَّاحِ: فَلَا يَصُدَّنَّكُمْ، قَالَ: قُلْتُ: وَمِنَّا رِجَالٌ يَخُطُّونَ، قَالَ: كَانَ نَبِيٌّ مِنَ الأَنْبِيَاءِ يَخُطُّ، فَمَنْ وَافَقَ خَطَّهُ، فَذَاكَ، قَالَ: وَكَانَتْ لِي جَارِيَةٌ، تَرْعَى غَنَمًا لِي قِبَلَ أُحُدٍ وَالْجَوَّانِيَّةِ، فَاطَّلَعْتُ ذَاتَ يَوْمٍ، فَإِذَا الذِّيبُ قَدْ ذَهَبَ بِشَاةٍ مِنْ غَنَمِهَا، وَأَنَا رَجُلٌ مِنْ بَنِي آدَمَ، آسَفُ كَمَا يَأْسَفُونَ، لَكِنِّي صَكَكْتُهَا صَكَّةً، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَظَّمَ ذَلِكَ عَلَيَّ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَفَلَا أُعْتِقُهَا؟ قَالَ: ائْتِنِي بِهَا، فَأَتَيْتُهُ بِهَا، فَقَالَ لَهَا: أَيْنَ اللَّهُ؟ قَالَتْ: فِي السَّمَاءِ، قَالَ: مَنْ أَنَا؟ قَالَتْ: أَنْتَ رَسُولُ اللَّهِ، قَالَ: أَعْتِقْهَا، فَإِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ))

**ترجمہ**: ہم سے ابو جعفر محمد بن صباح رحمۃ اللہ علیہ اور ابو بکر بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث بیان کی۔ حدیث کے لفظوں میں بھی دونوں ایک دوسرے کے قریب ہیں۔ دونوں نے کہا: ہم سے اسماعیل بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث بیان کی، انھوں نے حجاج صوّاف رحمۃ اللہ علیہ سے انھوں نے یحییٰ

بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ سے، انھوں نے ہلال بن ابی میمونہ رحمۃ اللہ علیہ سے، انھوں نے عطاء بن یسار رحمۃ اللہ علیہ سے اور انھوں نے سیدنا معاویہ بن ابی حکم سلمی رضی اللہ عنہ سے روایت کی انھوں نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا کہ لوگوں میں سے ایک آدمی کو چھینک آئی تو میں نے کہا: یرحمک اللہ "اللہ تجھ پر رحم کرے۔" لوگوں نے مجھے گھورنا شروع کر دیا۔ میں نے (دل میں) کہا: میری ماں مجھے گم پائے، تم سب کو کیا ہو گیا؟ کہ مجھے گھور رہے ہو پھر وہ اپنے ہاتھ اپنی رانوں پر مارنے لگے۔ جب میں نے انھیں دیکھا کہ وہ مجھے چپ کرا رہے ہیں (تو مجھے عجیب لگا) لیکن میں خاموش رہا، جب رسول اللہ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے، میرے ماں باپ آپ پر قربان! میں نے آپ سے پہلے اور آپکے بعد آپ سے بہتر کوئی معلم (سکھانے والا) نہیں دیکھا! اللہ کی قسم! نہ تو آپنے مجھے ڈانٹا، نہ مجھے مارا اور نہ مجھے برا بھلا کہا۔ آپنے فرمایا: "یہ نماز ہے اس میں کسی قسم کی گفتگو روا نہیں ہے، یہ تو بس تسبیح و تکبیر اور قرآن کی تلاوت ہے۔" یا جیسے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول اللہ! ابھی تھوڑا عرصہ پہلے جاہلیت میں تھا، اور اللہ نے اسلام سے نوازدیا ہے، ہم میں سے کچھ لوگ ہیں جو کاہنوں (پیش گوئی کرنے والے) کے پاس جاتے ہیں۔ آپنے فرمایا: "تم ان کے پاس نہ جانا۔" میں نے عرض کی: ہم میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو بدشگونی لیتے ہیں۔ آپن فرمایا: "یہ ایسی بات ہے جو وہ اپنے دلوں میں پاتے ہیں (ایک طرح کا وہم ہے) یہ (وہم) انھیں (ان کے) کسی کام سے نہ روکے۔" (محمد) ابن صباح نے روایت کی: "یہ تمھیں کسی صورت (اپنے کاموں سے) نہ رزکے۔" میں نے عرض کی: ہم میں سے کچھ لوگ لکیریں کھینچتے ہیں۔" آپ ﷺ نے فرمایا: "سابقہ انبیاء میں سے ایک بنی لکیریں کھینچا کرتے تھے تو جس کی لکیریں ان کے موافق ہو جائیں وہ تو صحیح ہو سکتی ہیں" (لیکن اب اس کا جاننا مشکل ہے۔) (معاویہ بن حکم رضی اللہ عنہ نے) کہا: میری ایک لونڈی تھی جو احد اور جوانیہ کے اطراف میں میری

بکریاں چراتی تھی، ایک دن میں اس طرف جانکلا تو بھیڑیا اس کی بکری لے جا چکا تھا۔ میں بھی بنی آدم میں سے ایک آدمی ہوں، مجھے بھی اسی طرح افسوس ہوتا ہے جس طرح ان کو ہوتا ہے (مجھے صبر کرنا چاہیے تھا) لیکن میں نے اسے زور سے ایک تھپڑ جڑ دیا اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے میری اس حرکت کو میرے لیے بڑی (غلط) حرکت قرار دیا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میں اسے آزاد نہ کر دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "اسے میرے پاس لے آؤ۔" میں اسے لے کر آپ کے پاس حاضر ہوا، آپ نے اس سے پوچھا: "اللہ کہاں ہے؟" اس نے کہا: آسمان میں۔ آپ نے پوچھا: "میں کون ہوں؟" اس نے کہا: آپ اللہ کے رسول ہیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: "اسے آزاد کر دو، یہ مومنہ ہے۔

(صحیح مسلم، کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، بَابُ تَحْرِيمِ الْكَلاَمِ فِي الصَّلاَةِ وَنَسْخِ مَا كَانَ مِنْ إِبَاحَتِهِ- نماز میں باتیں کرنا حرام ہے، حدیث نمبر:537[1199])

## شرح حدیث

### اسباق حدیث

1) علم الأبراج حرام ہے۔
2) Astronomy حلال ہے جبکہ Astrology حرام ہے۔
3) کاہن و عراف کے پاس جانا حرام ہے۔
4) وہم کی خرید و فروخت حرام۔
5) اتباع ظن حرام ہے۔
6) اتباع منزل کتاب و سنت واجب اور فرض ہے۔

7) سر بازار کرتب دکھا کر شعبدہ بازی کرنے والوں سے چوکنا رہیں۔

8) غیب کی باتوں اور نجومی سے دور رہو۔

9) حدیث: سَأَلَ رَسولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ نَاسٌ عَنِ الكُهَّانِ، فَقَالَ: ليسَ بشيءٍ فَقالوا: يا رَسولَ اللَّهِ، إنَّهُمْ يُحَدِّثُونَا أحْيَانًا بشيءٍ فَيَكونُ حَقًّا، فَقالَ رَسولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ: تِلكَ الكَلِمَةُ مِنَ الحَقِّ، يَخْطَفُهَا مِنَ الجِنِّيِّ، فَيَقُرُّهَا في أُذُنِ ولِيِّهِ، فَيَخْلِطُونَ معهَا مِئَةَ كَذْبَةٍ۔(صحیح بخاری:5762)ترجمہ:عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ کچھ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کاہنوں کے متعلق پوچھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی کوئی بنیاد نہیں۔ لوگوں نے کہا کہ یارسول اللہ! بعض اوقات وہ ہمیں ایسی چیزیں بھی بتاتے ہیں جو صحیح ہو جاتی ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ کلمہ حق ہوتا ہے۔ اسے کاہن کسی جنی سے سن لیتا ہے وہ جنی اپنے دوست کاہن کے کان میں ڈال جاتا ہے اور پھر یہ کاہن اس کے ساتھ سو جھوٹ ملا کر بیان کرتے ہیں۔

10) عَنْ عَائِشَةَرَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:" إِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَنْزِلُ فِي الْعَنَانِ وَهُوَ السَّحَابُ فَتَذْكُرُ الْأَمْرَ قُضِيَ فِي السَّمَاءِ فَتَسْتَرِقُ الشَّيَاطِينُ السَّمْعَ، فَتَسْمَعُهُ فَتُوحِيهِ إِلَى الْكُهَّانِ فَيَكْذِبُونَ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِهِمْ" .(صحیح بخاری: 3210)، ترجمہ: ہم سے محمد نے بیان کیا، انہوں نے کہا ہم سے ابن ابی مریم نے بیان کیا، انہوں نے کہا کہ ہمیں لیث نے خبر دی، ان سے ابن ابی جعفر نے بیان کیا، ان سے محمد بن عبد الرحمٰن نے بیان کیا، ان سے عروہ بن زبیر نے بیان کیا اور ان سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ”فرشتے «عنان» میں اترتے ہیں۔ اور «عنان» سے مراد بادل ہیں۔ یہاں فرشتے ان کاموں کا ذکر کرتے ہیں جن کا فیصلہ آسمان میں ہو چکا ہوتا ہے۔ اور یہیں سے شیاطین کچھ چوری چھپے باتیں اڑا لیتے ہیں۔ پھر کاہنوں کو اس کی خبر کر دیتے ہیں اور یہ کاہن سو جھوٹ اپنی طرف سے ملا کر

اسے بیان کرتے ہیں۔"

11) عَنْ صَفِيَّةَ ، عَنْ بَعْضِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " مَنْ أَتَى عَرَّافًا فَسَأَلَهُ عَنْ شَيْءٍ، لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً " . ( صحیح مسلم:2230)، ترجمہ:(عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی اہلیہ)صفیہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک اہلیہ سے اور انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی، کہ آپ نے فرمایا:"جو شخص کسی غیب کی خبریں سنانے والے کے پاس آئے اور اس سے کسی چیز کے بارے میں پوچھے تو چالیس راتوں تک اس شخص کی نماز قبول نہیں ہوتی۔

12) قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:" الْعِيَافَةُ وَالطِّيَرَةُ وَالطَّرْقُ مِنَ الْجِبْتِ"، الطَّرْقُ: الزَّجْرُ، وَالْعِيَافَةُ: الْخَطُّ . (سنن ابو داود:3907)، ترجمہ: قبیصہ بن وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:"رمل، بدشگونی اور پرند اڑانا کفر کی رسموں میں سے ہے" پرندوں کو ڈانٹ کر اڑانا طرق ہے، اور «عیافة» وہ لکیریں ہیں جو زمین پر کھینچی جاتی ہیں جسے رمل کہتے ہیں۔

الطرق: الزجر، زجر الطیر (یتیمن اور تشاءم)

پرندہ اگر یمین کی طرف اڑے تو اچھا معنی اور یسار کی طرف مڑے تو بدشگونی؛ یہ وہم وخرافات ہے۔

13) عیافۃ: الخط-لکیریں کھینچنا

الجبت: صنم، کاہن، ساحر سب پر چسپاں ہوتا

14) مدعی علم غیب سے دور رہیں۔

15) قُل لَّا يَعْلَمُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللَّهُ ۚ وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ ﴿٦٥﴾ النمل، ترجمہ: کہہ دیجئے کہ آسمانوں والوں میں سے زمین والوں میں سے سوائے اللہ کے کوئی غیب نہیں جانتا، انہیں تو یہ بھی نہیں معلوم کہ کب اٹھا کھڑے کیے جائیں گے؟

16) 1إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِي

نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ﴿٣٤﴾ لقمان، ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے وہی بارش نازل فرماتا ہے اور ماں کے پیٹ میں جو ہے اسے جانتا ہے۔ کوئی (بھی) نہیں جانتا کہ کل کیا (کچھ) کرے گا؟ نہ کسی کو یہ معلوم ہے کہ کس زمین میں مرے گا۔ (یاد رکھو) اللہ تعالیٰ ہی پورے علم والا اور صحیح خبروں والا ہے۔

17) وَعِندَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۚ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ﴿٥٩﴾ انعام، ترجمہ: اور اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہیں غیب کی کنجیاں، (خزانے) ان کو کوئی نہیں جانتا بجز اللہ کے۔ اور وہ تمام چیزوں کو جانتا ہے جو کچھ خشکی میں ہیں اور جو کچھ دریاؤں میں ہیں اور کوئی پتا نہیں گرتا مگر وہ اس کو بھی جانتا ہے اور کوئی دانہ زمین کے تاریک حصوں میں نہیں پڑتا اور نہ کوئی تر اور نہ کوئی خشک چیز گرتی ہے مگر یہ سب کتاب مبین میں ہیں۔

18) ١من أتى كاهنًا فصدَّقه بما قال ؛ فقد كفر بما أُنزِلَ على محمدٍ . (صحيح الترغيب:3044)، ترجمہ: جو کسی کاہن کے پاس جائے اور اس کی تصدیق کرے اس نے اس چیز کا انکار کیا جو محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ پر نازل ہوا۔

19) 1 مجرد دلچسپی سے 40 دن کی نمازیں ضائع ہونگی، اگر تصدیق کے ساتھ کاہن پر بھروسہ کرے تو کفر لازم ہوگا۔

20) جنوں کا شوق سے خبریں چرانا اور کھیل: وَأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَاءَ فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيدًا وَشُهُبًا ﴿٨﴾ وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۖ فَمَن يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا رَّصَدًا ﴿٩﴾ الجن، ترجمہ: اور ہم نے آسمان کو ٹٹول کر دیکھا تو اسے سخت چوکیداروں اور سخت شعلوں سے پُر پایا (8) اس سے پہلے ہم باتیں سننے کے لیے آسمان میں جگہ جگہ بیٹھ جایا کرتے تھے۔ اب جو بھی کان لگاتا ہے وہ ایک شعلے کو اپنی تاک میں پاتا ہے (9)

21) میرا ایک بیان ہے سنیے: صفر کا مہینہ منحوس نہیں اور وہم گماں اور شوم پرستی سے نجات

22) ہاتھوں کی لکیر یا وہم و گمان کہ بلی نے راستہ کاٹا وغیرہ جاہلانہ عقیدہ ہے۔

23) ابن تیمیہ رحمہ اللہ: کہانت کی اصل ہے جنات کا فرشتوں کے کلام سے بات کا چرانا (جس کی شروعات ہی چوری سے ہو ایسا علم نافع کیسے ہو سکتا ہے؟)

24) هَلْ أُنَبِّئُكُمْ عَلَىٰ مَن تَنَزَّلُ الشَّيَاطِينُ ﴿٢٢١﴾ تَنَزَّلُ عَلَىٰ كُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ ﴿٢٢٢﴾ يُلْقُونَ السَّمْعَ وَأَكْثَرُهُمْ كَاذِبُونَ ﴿٢٢٣﴾ شعراء، ترجمہ: کیا میں تمہیں بتاؤں کہ شیطان کس پر اترتے ہیں (221) وہ ہر ایک جھوٹے گنہگار پر اترتے ہیں (222) (اچٹتی) ہوئی سنی سنائی پہنچا دیتے ہیں اور ان میں سے اکثر جھوٹے ہیں (223)

25) ابن حجر: کہانت ادعاء علم غیب

کاھن، عراف، نجومی: کوئی جن کا سہارا، کوئی تاروں کا سہارا، کوئی لکیروں اور پتھروں کا سہارا یا وہم و گماں کا سہارا لیتے ہیں۔

26) علم غیب کا دعوی کرنا شرک ہے۔

27) شیطان کی قربت بھی حرام ہے۔

28) کاھن طاغوت ہے، لوگوں کو صراط مستقیم سے ہٹانے والا۔

29) کاھن کا جھوٹ کھولنے اور عوام کو بیدار کرنے کے لیے سوالات کرنا گناہ نہیں۔

ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے بہت سے لوگوں کی پول کھولی ہے؛ اولیاء الرحمن و اولیاء الشیطان پڑھیے۔

30) جن کی مدد سے بعض لوگ ہپنوٹائز کرتے ہیں وہ غلط ہے۔

31) کونسلنگ کرنا اور تسلی دینا، انسان کے دماغ کو کھولنا، نصیحت اور اچھی تعلیم کے ذریعہ وہ سحر و شعوذہ نہیں ہے جب تک واضح طور پر جن و جادو کا استعمال ثابت نہ ہو۔

32) جن کی مدد لے کر غیب کی باتیں معلوم کرنا سب حرام راستے۔

33) ابراج پڑھنا حرام ہے ستاروں کے کھیل zodiac وغیرہ۔

34) وہ اس وقت پیدا ہوا جب فلاں برج یا ستارہ تھا، یا مہینہ یا دن یا موسم تھا، یا جس کا نام اس حرف سے شروع ہو وغیرہ۔ اس پر رجم بالغیب بے پر کی ہانکنا کہا گیا اور مردود علم ہے

35) استعانت بالجن حرام ہے۔(فلا تجعلوا لله اندادا)

36) عن أَبي هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" لَا يَحِلُّ ثَمَنُ الْكَلْبِ، وَلَا حُلْوَانُ الْكَاهِنِ، وَلَا مَهْرُ الْبَغِيِّ". (سنن ابو داود:3484)، ترجمہ: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”کتے کی قیمت حلال نہیں، نہ ہی کاہن کی اجرت، اور نہ ہی زانیہ عورت کی کمائی“۔

37) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" مَنِ اقْتَبَسَ عِلْمًا مِنَ النُّجُومِ، اقْتَبَسَ شُعْبَةً مِنَ السِّحْرِ زَادَ مَا زَادَ". (سنن ابو داود:3905)، ترجمہ: عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جس نے علم نجوم کا کوئی حصہ اخذ کیا تو اس نے اتنا ہی جادو اخذ کیا، وہ جتنا اضافہ کرے گا اتنا ہی اضافہ ہو گا“۔

38) توکل اور قوت ایمان درکار ہے اس کا مقابلہ کرنے کے لیے۔

39) اللہ کے ناموں اور صفتوں میں غور کرو تو اللہ کی قوت و عظمت کا اندازہ ہو گا، دوسرے کمزور راستے اور ستاروں کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

40) إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ۔ (سورة الفاتحة:4)، ترجمہ: ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

## راویوں کا تعارف

1-(أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ)

نام: محمد بن الصباح۔

المعروف: محمد بن الصباح الدولابي البغدادی۔

کنیت: ابو جعفر۔

الرتبہ: ثقہ حافظ

تاریخ پیدائش:150ھ۔

مقام پیدائش: الرے

تاریخ وفات:227ھ۔

مقام وفات:

رہائش: دولاب۔ بغداد۔ الرے۔

اساتذہ: اسماعیل ابن علیہ الاسدی۔ سفیان ابن عیینہ الہلالی۔ عبدالرحمن بن ابی زناد القرشی، وغیرہ۔

تلامذہ: حسن بن علی الہذلی۔ محمد بن یحیی الذہلی۔ امام احمد وغیرہ۔

2-(أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ)

نام: عبد اللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان بن خواستی۔

المعروف: ابن ابی شیبہ العبسی۔

کنیت: ابو بکر۔

رتبہ: ثقہ۔

تاریخ پیدائش:156ھ۔

تاریخِ وفات:235ھ۔

مقامِ رہائش: کوفہ۔ بغداد۔ واسط۔ دمشق۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ عبد اللہ بن مبارک، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ امام اثرام۔ ابو بکر الاسفر اینی، وغیرہ۔

3-(إِسْمَاعِيل بْنُ إِبْرَاهِيمَ)

نام: اسماعیل بن ابرہم بن مقسم۔

المعروف: اسماعیل بن علیہ الاسدی البصری (الاصل: الکوفی۔ مولی اسد ابن خزیمۃ)۔

کنیت: ابو البشر۔

الرتبہ: ثقہ، حجۃ الحافظ

تاریخ پیدائش: 110ھ۔

تاریخ وفات: 193ھ۔

مقام وفات: بغداد۔

رہائش: بصرہ۔ کوفہ۔ بغداد۔

اساتذہ: ایوب سختیانی۔ اسماعیل بن امیۃ الاموی۔ سفیان الثوری، وغیرہ۔

تلامذہ: امام احمد۔ اسحاق بن راہویہ۔ حماد بن زید الازدی، وغیرہ۔

4-(حَجَّاجٍ الصَّوَّافِ)

نام: حجاج بن میسرۃ (حجاج بن ابی عثمان میسرۃ، وقیل: سالم)۔

المعروف: حجاج بن ابی عثمان الصواف الکندی البصری (الکندی مولاہم)۔

کنیت: ابو الصلت، ویقال: ابو عثمان۔

الرتبہ: ثقہ حافظ۔

تاریخ وفات: 135ھ / 143ھ / 144ھ بیان کی جاتی ہیں۔ اکثر علماء 143ھ کہتے ہیں۔

مقام وفات: بصرہ۔

رہائش: بصرہ۔ عراق۔

اساتذہ: ایوب سختیانی۔ یحیی بن ابی کثیر الطائی۔ محمد سیرین الانصاری، وغیرہ۔

تلامذہ: اسماعیل بن علیہ الاسدی۔ حماد بن زید الازدی۔ سفیان ابن عیینہ الہلالی، وغیرہ۔

5-(يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ)(تابعی)

نام: یحییٰ بن ابی کثیر صالح بن المتوکل۔

المعروف: یحییٰ بن ابی کثیر الطائی البصری الیمامی۔

کنیت: ابو نصر۔

لقب: ابن ابی کثیر۔

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ وفات: 129ھ۔

رہائش: مدینہ منورہ۔ یمامہ۔ بصرہ۔

اساتذہ: جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہما۔ محمد بن عبد الرحمن الزہری۔ وغیرہ

تلامذہ: شعبہ بن حجاج۔ سعید بن سنان البرجمی۔ سری بن یحییٰ، وغیرہ۔

6-(هِلَالِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ)(تابعی)

نام: ہلال بن علی بن اسامہ۔ (مولی بنی عامر ابن لوئی)

المعروف: ہلال بن ابی میمونہ القرشی العامری، الفہری المدنی۔

لقب: ابن ابی میمونہ، ابن ابی ہلال۔

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ وفات: 113ھ۔

رہائش: مدینہ منورہ۔

اساتذہ: سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ۔ سیدنا ابوہریرہ الدوسی رضی اللہ عنہ۔ سیدنا عبد الرحمن بن ابی عمیرۃ المزنی رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: عبد العزیز بن ابی سلمہ الماجشون۔ قتادہ بن دعامۃ السدوسی۔ یحیی ابن ابی کثیر الطائی، وغیر۔

7-(عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ)(مشہور کبار تابعی)

نام: عطاء بن یسار۔

المعروف: عطاء بن یسار الہلالی المدنی القاص۔

کنیت: ابو محمد، ابو عبد اللہ ابو یسار۔

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ پیدائش: 19ھ۔

مقام پیدائش:

تاریخ وفات: 94ھ / 97ھ / 103ھ / 104ھ ذکر کی جاتی ہے۔

مقام وفات: الاسکندریہ۔

رہائش: مدینہ منورہ۔ بلادِ حجاز۔ شام۔ مصر (اسکندریہ)۔

اساتذہ: سیدنا معاویہ بن الحکم السلمی رضی اللہ عنہ۔ سیدنا ابی بن کعب الانصاری رضی اللہ عنہ۔ سیدنا ابو سعید الخذری رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: ایوب سختیانی۔ اسلم العدوی۔ اسماعیل بن امیہ الاموی، وغیرہ۔

8-(مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ السُّلَمِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْه)

نام: معاویہ بن الحکم بن مالک بن خالد بن صخر۔

المعروف: معاویہ بن الحکم السلمی المدینی الحجازی۔

الرتبہ: صحابی۔

رہائش: مدینہ المنورہ۔ حجاز۔

تلامذہ: سعید ابن المسیب۔ ابو سلمہ بن عبد الرحمن الزہری۔ عطاء بن یسار الہلالی، وغیرہ۔

## تخریج حدیث

اخرجہ: سنن ابوداود:930۔ وسنن النسائی الصغری: 1219۔وسنن النسائی الکبری: 1142و7708و11401۔ الاستیعاب لابن عبدالبر: 2347۔ (وتحفۃ الأشراف: 11378)۔ وموطا امام مالک / العتق 6(8) وسنن الدارمی / الصلاۃ 177 (1543)۔ ومصنف ابن ابی شیبہ: 2 / 432 و 8 / 33 و11 / 19 – 20۔ والاحاد المثانی لابن ابی عاصم: 1399۔ مسند ابوداود طیالسی:1105۔ الرسالۃ للشافعی: 242۔ وابن الجارود :212۔ ومسند ابو عوانہ:1728و1727۔ التوحید لابن خزیمہ: 1 / 283۔ شرح مشکل الآثار للطحاوی:4992و5331۔ والشرح السنۃ للبغوی:726۔ و صحیح ابن حبان: 2247۔ وسنن الکبری

للبیہقی: 2/ 249۔والاسماء الصفات للبیہقی، صفحہ: 421۔والتمہید لابن عبدالبر: 22/ 79 – 80۔موضح اوھام الجمع والتفریق للخطیب البغدادی:1 /187۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 38

# "الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ"

انسان اس کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت رکھتا ہے

((حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ تَقُولُ فِي رَجُلٍ أَحَبَّ قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ"، تَابَعَهُ جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، وَأَبُو

عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ))

**ترجمہ**: ہم سے قتیبہ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا، کہا ہم سے جریر بن عبد الحمید رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا، ان سے اعمش رحمۃ اللہ علیہ نے، ان سے ابو وائل رحمۃ اللہ علیہ نے اور ان سے سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کا اس شخص کے بارے میں کیا ارشاد ہے جو ایک جماعت سے محبت رکھتا ہے لیکن ان سے میل نہیں ہو سکا ہے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انسان اس کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت رکھتا ہے۔ اس روایت کی متابعت جریر بن حازم، سلیمان بن قرم اور ابو عوانہ نے اعمش سے کی، ان سے ابو وائل نے، ان سے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اور ان سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

(صحیح البخاری، کتاب الادب، بَابُ عَلاَمَةِ حُبِّ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ-اللہ عزوجل کی محبت کس کو کہتے ہیں، حدیث نمبر:6169، راجع:6168)

## شرح حدیث

### اسباقِ حدیث

1) عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَتَى السَّاعَةُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ:" مَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟" قَالَ: مَا أَعْدَدْتُ لَهَا مِنْ كَثِيرِ صَلَاةٍ وَلَا صَوْمٍ وَلَا صَدَقَةٍ وَلَكِنِّي أُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ، قَالَ:" أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ".(صحیح بخاری:6171)،

ترجمہ: انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: یا رسول اللہ! قیامت کب قائم ہو گی؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ تم نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ میں نے اس کے لیے بہت ساری نمازیں، روزے اور صدقے نہیں تیار کر رکھے ہیں، لیکن میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس کے ساتھ ہو جس سے تم محبت رکھتے ہو۔

2) احْشُرُوا الَّذِينَ ظَلَمُوا وَأَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوا يَعْبُدُونَ ﴿٢٢﴾ مِن دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ إِلَىٰ صِرَاطِ الْجَحِيمِ ﴿٢٣﴾ الصافات، ترجمہ: "ظالموں کو اور ان کے ہمراہیوں کو اور (جن) جن کی وہ اللہ کے علاوہ پرستش کرتے تھے (ان سب کو) جمع کر کے انہیں دوزخ کی راہ دکھا دو۔" عمر رضی اللہ کا فرمان ہے: سود خور سود کھانے والوں کے ساتھ ہو گا، زناکار زنا کرنے والوں کے ساتھ ہو گا، شرابی شراب پینے والوں کے ساتھ ہو گا۔ (تفسیر ابن کثیر، تفسیر سعدی)

3) وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ ﴿٧﴾ التکویر، ترجمہ: اور جب جانیں (جسموں سے) ملادی جائیں گی۔

4) تعلق باللہ مضبوط ہو تو سارے اللہ والوں سے محبت خود بخود ہو جاتی ہے۔

5) الحب فی اللہ والبغض فی اللہ۔

6) اسباب محبت الہی:

1. اخلاص
2. تلاوت
3. کثرتِ ذکر
4. نمازوں کی پابندی
5. انفاق
6. علمی حلقہ
7. صالحین کی صحبت
8. حسن اخلاق (اللہ اور بندوں کے ساتھ)

9. صبر و احتساب، رضا بالتقدیر

7) محبتِ الٰہی کے موانع:

1. ریاء
2. عدم تلاوت
3. فرائض کی ادائگی میں کوتاہی
4. ذکر سے غفلت
5. مال کی لالچ
6. شہوات میں مبتلا رہنا
7. معاصی میں مشغول رہنا
8. اشرار / برے لوگوں کی صحبت
9. انانیت / دوسروں کی نصیحتوں پر کان نہ دھرنا
10. تقدیر پر عدم رضا

9) الْأَخِلَّاءُ يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا الْمُتَّقِينَ ﴿٦٧﴾ الزخرف، ترجمہ: اس دن (گہرے) دوست بھی ایک دوسرے کے دشمن بن جائیں گے سوائے پرہیزگاروں کے۔

10) عَنْ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الْمُؤْمِنُ الَّذِي يُخَالِطُ النَّاسَ وَيَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ ، أَعْظَمُ أَجْرًا مِنَ الْمُؤْمِنِ الَّذِي لَا يُخَالِطُ النَّاسَ وَلَا يَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ" . ترجمہ: عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”وہ مومن جو لوگوں سے مل جل کر رہتا ہے، اور ان کی ایذاء پر صبر کرتا ہے، تو اس کا ثواب اس مومن سے زیادہ ہے جو لوگوں سے الگ تھلگ رہتا ہے، اور ان کی ایذاء رسانی پر صبر نہیں کرتا ہے“۔ (سنن ابن ماجہ:4032)

11) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ اللَّهَ يَقُولُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَيْنَ الْمُتَحَابُّونَ بِجَلَالِي الْيَوْمَ، أُظِلُّهُمْ فِي ظِلِّي يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلِّي " . (صحيح مسلم:2566)، ترجمہ: ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا: میرے جلال کی بنا پر ایک دوسرے سے محبت کرنے والے کہاں ہیں؟ آج میں انہیں اپنے سائے میں رکھوں گا، آج کے دن جب میرے سائے کے سوا اور کوئی سایہ نہیں۔"

12) أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦٢﴾ یونس، ترجمہ: یادرکھو اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی اندیشہ ہے اور نہ وہ غمگین ہوتے ہیں۔

13) صفات اولیاء الرحمٰن: "ولی الرحمٰن" ایک عربی اصطلاح ہے جو اللہ کی خاص حفاظت میں رہنے والے افراد کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اسلام میں، یہ لفظ نیکوکار اور پرہیزگار لوگوں کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے جو اللہ کی خواہش پر عمل کرتے ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی پیروی کرتے ہیں۔ "ولی الرحمٰن" کی خصوصیات کو عام طور پر درج ذیل صفات سے ظاہر کیا جاتا ہے:

1. تقویٰ (پرہیزگاری): ولی اللہ کو ایمان کے ساتھ ہر اقدام کرنے والے لوگوں میں پرہیزگاری کی صفات ہوتی ہیں۔
2. ایمان (اللہ پر یقین): "ولی الرحمٰن" کو اللہ پر مضبوط ایمان ہوتا ہے اور انہیں اسلامی اصولوں کا پیروی کرنا چاہئے۔
3. تواضع اور محبت: تواضع اور دوسروں کے ساتھ محبت میں رہنا اہم ہوتا ہے، اور انسان کو غرور اور کبر سے دور رہنا چاہئے۔
4. انصاف اور احسان: اسلام انصاف اور احسان کی اہمیت پر زور دیتا ہے، اور دوسروں کے لئے مددگار بننے اور مدد کرنے کا حکم دیتا ہے۔
5. رحمت اور لطافت: انسان کو دوسروں کے ساتھ رحمت اور لطافت سے معاملہ کرنا چاہئے، اور دل کو صاف رکھنا چاہئے۔

6. صداقت اور امانت: "ولی اللہ" صداقت اور امانت داری کے اصولوں کو اپناتا ہے۔
7. توکل علی اللہ: اسلام میں اللہ پر بھروسہ کرنا اور اس پر توکل کرنا بہت اہم ہے۔
8. یہ اچھے اخلاقی اور اخلاقیاتی خصوصیات انسان کی زندگی کا اہم حصہ ہیں اور یہ دینی اقدار کی راہنمائی میں بھی مدد فراہم کرتی ہیں۔

14) اللہ کے ولیوں کی خصوصیات: اللہ تعالی نے قرآن مجید میں اپنے مومن بندوں کو امن اور خوشی کی خبر دی ہے، انسان کی طمانینہ اور خوشی اللہ کی طرف سے آتی ہے، جیسا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے: "الا إِنّ أَوْلِيَاءَ اللّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ" (سورة يونس:62)، اللہ کے ولیوں کو اللہ کی حفاظت ہے اور وہ ہرگز غمزدہ نہیں ہوتے۔

1. تقویٰ اللہ: تقویٰ اللہ وہ صفت ہے جو قرآنی آیات اور حدیثوں میں بار بار دہرائی گئی ہے۔ اللہ کے ولی بننے کے لئے ایمان سے بھرا ہوا دل، لبوں سے باقی رہنے والا ذکر، طاعتوں میں مصروف جسم، یہ سب چیزیں ہیں جو ایک انسان کو اللہ کا ولی بناتی ہیں۔
2. طاعت اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت: اللہ کے ولی بننے کے لئے ایک شخص کو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرنی چاہیے۔
3. اللہ کے لیے محبت اور نفرت: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "أوثق عروة الإيمان: الحب في الله، والبغض في الله" (صحيح مسلم)، یعنی "ایمان کی سب سے مضبوط رسی: اللہ کی خاطر محبت اور اللہ کی خاطر بغض"۔
4. زہد في الدنیا: اللہ کے ولیوں کا دل دنیا سے بے پرواہ ہوتا ہے، ان کی زندگی اللہ کی رضا کے لئے ہوتی ہے اور وہ دنیا کی نعمتوں کو صرف عبادت میں مددگار تصور کرتے ہیں۔
5. معرفت صحیحہ بأمور الدین: اللہ کے ولی بننے کے لئے دین کے امور کو صحیح طریقے سے سیکھنا بہت ضروری ہے۔
6. نوافل کی زیادہ چاہت: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا؛ اللہ فرماتا ہے: "وَمَا يَزَالُ

عَبْدِي يَتَقَرّبُ إِلَيّ بِالنّوَافِلِ حَتّى أُحِبّهُ" (صحيح بخاری)، یعنی "میرا بندہ نوافل کی بھرمار کرتا رہے گا تاکہ میں اسے محبت کرنے لگوں"۔

7. اللہ کے احکام کی پاسداری: اللہ کے ولیوں کو اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر عمل کرنا چاہئے اور اپنی پسندیدہ خواہشات کو قربان کرنا چاہئے۔
8. اچھے اخلاق: اللہ کے ولیوں کو اچھے اخلاق حاصل ہوتے ہیں، جیسے کہ حقیقت پسندی، شکریہ، سچائی، ایمانداری، انصاف اور حکمت۔

15) اولیاء شیطان کی صفات: اسلامی تعلیمات کے مطابق، شیطان یا اولیاء شیطان کی صفات منفی ہوتی ہیں، جو انسانوں کو گمراہ کرنے اور ان کو خدا سے منحرف کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہاں کچھ اہم منفی صفات ذکر کی گئی ہیں:

1. کبر (Arrogance): شیطان کا پہلا گناہ اُس کا کبر (خود پر غرور) تھا۔
2. حسد (Jealousy): اُس نے آدم علیہ السلام کو اُن کے بنیادی اہمیت اور مخصوص مقام کی بنا پر حسد کیا اور اللہ کی فرمانبرداری سے انکار کر دیا۔
3. نفاق (Hypocrisy): شیطان کا دعویٰ ہوا کہ وہ اللہ کا بندہ ہے، مگر اُس نے حقیقت میں اللہ کی طاعت سے انکار کر دیا۔
4. چالبازی (Deception): اُس نے آدم علیہ السلام اور حوا علیہ السلام کو گمراہ کرنے کیلئے چالبازی استعمال کی۔
5. فرار (Defiance): اُس نے اللہ کی حکمتوں کا انکار کیا اور اپنی مخلوق کی حقیقتیت پر پردہ چھپانے کی کوشش کی۔
6. بد فہمی (Misguidance): شیطان لوگوں کو حق سے بہکا کر انہیں راہ راست سے ہٹا دیتا ہے۔
7. استکبار (Rebellion): شیطان نے اللہ کے حکم کا انکار کر کے مخلوق کے لئے بے رحمی اور فساد کا باعث بنا دیا۔

16) اولیاء اور کرامت حق ہے: کرامات اولیاء معجزات کی طرح حق اور سچ ہیں، البتہ معجزات اور کرامات میں تین

فرق ہیں۔

1. کرامت پیغمبر کی اتباع کی برکت سے ظاہر ہوتی ہے، اگر کسی فاسق وفاجر کے ہاتھوں پر کوئی خرق عادت امر ظاہر ہو تو وہ مکر واستدراج ہے۔
2. نبی کو اپنی نبوت پر یقین ہوتا ہے، بر خلاف ولی، جس کے ہاتھوں کرامت ظاہر ہوتی ہے، اسے اپنی ولایت کا علم اور اس پر یقین نہیں ہوتا۔
3. نبی پر اپنے معجزے کا اظہار ضروری ہے اور ولی پر اپنی کرامت کا اخفاضروری ہے۔

کرامات اولیاء حق ہیں، لیکن یہ الفاظ باقاعدہ کسی حدیث شریف میں نہیں ہیں، بلکہ یہ ایک عقیدہ ہے جس کا ثبوت قرآن کریم اور خبر متواتر سے ملتا ہے۔

حضرت مریم علیہا السلام چونکہ نبی نہیں ہیں، ان کی کرامت قرآن کریم میں مذکور ہے کہ انہیں بے موسم کے پھل کھانے کو ملتے تھے۔ حضرت زکریا علیہ السلام یہ دیکھ کر پوچھتے ہیں (یامریم انی لکِ ھذا) اے مریم! تمہارے پاس یہ چیزیں کہاں سے آتی ہیں ؟ تو حضرت مریم علیہ السلام فرماتی ہیں (ھُوَ مِنْ عِندِ اللہ) کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے۔

اور خبر متواتر سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی یہ کرامت ملتی ہے کہ آپ ایک بار مدینہ منورہ میں منبر پر تشریف فرما تھے کہ اچانک بآواز بلند آپ نے فرمایا: یاساریۃ، الجبل۔ اے ساریہ! پہاڑ کی طرف سے ہوشیار ہو جائیں۔ حضرت ساریہ نہاوند میں مجاہدین کے امیر تھے۔ میدان جنگ کی پشت میں ایک پہاڑ تھا، جہاں سے دشمن اچانک حملہ کرنے کی تیاری کر رہا تھا، مجاہدین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی آواز سن کر پہاڑ کی طرف متوجہ ہوئے اور دشمن کی سازش ناکام بنادی۔ دیکھیے! دشمن کی سازش سے آگاہ ہونا، مجاہدین کو خبر دار کرنا، آپ کی آواز کا مدینہ سے نُہاوند تک پہنچ جانا، یہ سب آپ کی کرامات کا حصہ ہیں۔

جو امرِ خارِق عادت کسی صالح متبعِ سنت امتی سے صادر ہو وہ کرامت ہے، ولی کی کرامت بھی اصل اس نبی کا معجزہ ہوتا ہے جس کا یہ امتی ہے اور جن کی اتباع اور پیروی کے صلہ میں اس کو یہ کمال حاصل ہوا ہے، مثلاً ہوا میں اڑنا، مسافت بعیدہ کو مختصر وقت میں طے کر لینا، غیر موسم کے پھل ملنا وغیرہ، ان کرامات کو کرامات حِسی کہا جاتا ہے۔ اس جگہ یہ بات بھی بطورِ خاص ملحوظ رکھی جائے کہ عام طور پر حِسی کرامتوں کو ہی کمال سمجھا جاتا

ہے مگر اہلِ کمال کے نزدیک "کرامت معنوی" کمال ہے یعنی شریعتِ محمدیہ پر مضبوطی سے ثابت قدم رہنا زندگی کے ہر شعبے میں اور ہر موقع پر سنت اور غیر سنت کے فرق کو سمجھ کر سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مکمل اتباع اس کا شوق اس کی لگن اور دل سے توجہ الی اللہ اور اشتغال باللہ کہ ایک دم اور ایک سانس بھی غفلت میں نہ گذرے، لہٰذا کسی شخص میں طریقۂ سنت کی اتباع کے بغیر اگر کوئی تعجب کی چیز دیکھنے میں آئے تو وہ ہرگز کرامت نہیں بلکہ استدراج اور شیطانی حرکت ہے۔

چنانچہ کہا گیا: اگر تم کسی کو دیکھو کہ اس کو عجیب وغریب باتیں ملی ہیں، ہوا میں اڑتا ہے، فضاء میں چار زانو بیٹھتا ہے۔ پانی پر چلتا ہے تو جب تک وہ شریعت اور طریقۂ سنت کا پابند نہ ہو اسے خیال میں نہ لاؤ۔

اسی طرح ہر ولی کامل سے حِسی کرامت کا صادر ہونا ضروری نہیں، بلکہ بعض اولیاء کاملین یہ تمنا کیا کرتے تھے کہ کاش ان سے کوئی کرامت صادر نہ ہوتی، اور بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی بلند مرتبہ ولی سے کرامت ظاہر نہیں ہوتی اور ایسے ولی سے کرامت ظاہر ہوتی ہے جو مقام و مرتبہ میں پہلے کی بہ نسبت کم درجہ کا ہوتا ہے۔

کرامات اولیاء کو حق اور سچ ماننا اہلِ سنت والجماعت کے عقائد میں ہے، اس کا انکار کرنے والا بدعتی اور فاسق ہے، لیکن ایسے شخص پر کفر کا حکم نہیں ہے۔

اولیاء اللہ کے اپنی قبروں میں زندہ ہونے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ معلوم ہونا چاہیے کہ اسلامی روایات کی رو سے ہر مرنے والے کو برزخ میں ایک خاص قسم کی حیات ملتی ہے جس سے وہ قبر کے عذاب وثواب کو محسوس کرتا ہے اس میں مؤمن وکافر یا صالح و فاسق میں کوئی فرق نہیں لیکن اس حیاتِ برزخی کے مختلف درجات ہیں ایک درجہ تو سب کو عام وشامل ہے، کچھ درجے انبیاء وصلحاء کے لیے مخصوص ہیں، ان میں بھی باہمی تفاضل ہے، انبیاء کی حیات سب سے اقوی ہے اس کے بعد شہداء کی حیات ہے اور یہ شہداء عام ہیں، چاہے حقیقی شہداء ہوں مثلاً اللہ کے راستے میں جہاد کرتے ہوئے شہید ہوئے ہوں یا حکمی جیسے محتسب، طالب علم، مبطون وغیرہ وغیرہ۔ ان ہی شہداء میں بعض اولیاء بھی شامل ہیں، ”البتہ بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اولیاء وصالحین بھی اس فضیلت میں شہداء کے شریک ہیں سو مجاہدۂ نفس میں مرنے کو بھی معنیً شہادت میں داخل سمجھیں گے اس طور پر وہ شہدا ہوئے“۔

اولیاء اللہ کی حقیقی پہچان مشکل ہے، ظاہری پہچان اتباع سنت ہے، جو شخص جس قدر زیادہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور طریقوں کا متبع ہو گا اسی قدر زیادہ بزرگ اور اللہ تعالیٰ کے قریب ہو گا۔

17) قیامت تک اللہ کے نیک بندے آتے رہیں گے اور کرامات جاری رہیں گی۔

18) انبیاء و اولیاء سے متعلق ہے: لاخوف علیہم ولا ھم یحزنون۔

19) وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَىٰ يَدَيْهِ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيلًا ﴿٢٧﴾ الفرقان، ترجمہ: اور اس دن ظالم شخص اپنے ہاتھوں کو چبا چبا کر کہے گا ہائے کاش کہ میں نے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی راہ اختیار کی ہوتی۔

20) وَمَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الْمِسْكِ إِنْ لَمْ يُصِبْكَ مِنْهُ شَيْءٌ أَصَابَكَ مِنْ رِيحِهِ، وَمَثَلُ جَلِيسِ السُّوءِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الْكِيرِ إِنْ لَمْ يُصِبْكَ مِنْ سَوَادِهِ أَصَابَكَ مِنْ دُخَانِهِ". (سنن ابو داود:4829)، ترجمہ: اور صالح دوست کی مثال مشک والے کی طرح ہے، کہ اگر تمہیں اس سے کچھ بھی نہ ملے تو اس کی خوشبو تو ضرور پہنچ کر رہے گی، اور برے دوست کی مثال اس دھونکنی (لوہے کی بھٹی) والے کی سی ہے، کہ وہ اگر اس کی سیاہی سے بچ بھی جائے تو اس کا دھواں تو لگ ہی کر رہے گا۔

21) عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، " أَنَّ رَجُلًا كَانَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّ بِهِ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي لَأُحِبُّ هَذَا ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْلَمْتَهُ؟ قَالَ: لَا ، قَالَ: أَعْلِمْهُ ، قال: فَلَحِقَهُ، فَقَالَ: إِنِّي أُحِبُّكَ فِي اللَّهِ ، فَقَالَ: أَحَبَّكَ الَّذِي أَحْبَبْتَنِي لَهُ". (سنن ابو داود:5125)، ترجمہ: انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا، اتنے میں ایک شخص اس کے سامنے سے گزرا تو اس شخص نے کہا: اللہ کے رسول! میں اس سے محبت رکھتا ہوں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا: "تم نے اسے یہ بات بتا دی ہے؟" اس نے کہا: نہیں، آپ نے فرمایا: "اسے بتا دو" یہ سن کر وہ شخص اٹھا اور اس شخص سے جا کر ملا اور اسے بتایا کہ میں تم سے اللہ واسطے کی محبت رکھتا ہوں، اس نے کہا: تم سے وہ

ذات محبت کرے، جس کی خاطر تم نے مجھ سے محبت کی ہے۔
یعنی اگر کوئی کہے "اُحبک فی اللہ" تو یہ کہے "أَحَبَّكَ الَّذِي أَحْبَبْتَنِي لَهُ"

22) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،" أَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الرَّجُلُ عَلَى دِينِ خَلِيلِهِ فَلْيَنْظُرْ أَحَدُكُمْ مَنْ يُخَالِلُ" . (سنن ابو داود:4833)، ترجمہ: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے، لہٰذا تم میں سے ہر شخص کو یہ دیکھنا چاہیئے کہ وہ کس سے دوستی کر رہا ہے"۔

23) دوستی اور دشمنی اور عادت وصحبت کا اثر:

24) دوستی انسان کے دین کو بدل دیتی ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، " الرَّجُلُ عَلَى دِينِ خَلِيلِهِ فَلْيَنْظُرْ أَحَدُكُمْ مَنْ يُخَالِلُ۔ ترجمہ: حضرت ابوہریرہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے لہذا ہر آدمی کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کسے اپنا دوست بنا رہا ہے۔

(جامع ترمذی: 2378، قال الشيخ الألباني: حسن، سلسلة صحيحه :927۔ المشکاۃ:5019۔ سنن ابی داود:4833)

25) اچھی یا بری دوستی انسان کے عقائد و اعمال پر اثر انداز ہوتی ہے۔

عَنْ أَبِي مُوسَى ـ رضى الله عنه ـ عَنِ النَّبِيّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ " مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ وَالسَّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيرِ، فَحَامِلُ الْمِسْكِ إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا طَيِّبَةً، وَنَافِخُ الْكِيرِ إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ رِيحًا خَبِيثَةً

ترجمہ: حضرت ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ بنی کریم ﷺ نے فرمایا نیک اور برے دوست کی مثال مشک ساتھ رکھنے والے اور بھٹی دھونکنے والے کی سی ہے (جس کے پاس مشک ہے اور تم اس کی محبت میں ہو) وہ اس میں سے یا تمہیں کچھ تحفہ کے طور پر دے گا یا تم اس سے خرید سکو گے یا (کم از کم) تم اس کی عمدہ خوشبو سے تو محظوظ ہو ہی سکو گے اور بھٹی دھونکنے والا یا تمہارے کپڑے (بھٹی کی آگ سے) جلا دے گا یا تمہیں

اس کے پاس سے ایک ناگوار بدبودار دھواں پہنچے گا۔( صحیح بخاری:5534)

26) دوستی انسان کے انجام پر بھی اثر انداز ہوتی ہے.۔

عَنْ أَنَس قَالَ النَّبِيّ صلى الله عليه وسلم "أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ "

ترجمہ: حضرت انس کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:(قیامت کے روز) تو اسی کے ساتھ ہو گا جس سے تو نے محبت کی۔ صحیح مسلم:2639

27) قیامت کے روز صرف نیک لوگوں کی دوستی کام آئے گی۔

﴿ لْأَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۭ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا لْمُتَّقِينَ ﴾

ترجمہ: اس دن دوست بھی آپس میں دشمن ہو جائیں گے مگر پرہیز گار لوگ۔ سورۃ الزخرف، آیت 67

28) اہل ایمان کو صرف مومن اور متقی لوگوں سے دوستی کرنی چاہیے۔

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، - أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ " لاَ تُصَاحِبْ إِلاَّ مُؤْمِنًا وَلاَ يَأْكُلْ طَعَامَكَ إِلاَّ تَقِيٌّ// ترجمہ: حضرت ابوسعید سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا "مومن کے علاوہ کسی اور کو اپنا دوست نہ بناؤ اور تمہارا کھانا صرف متقی آدمی کو کھانا چاہیے۔//جامع الترمذی: ٢٣٩٥،قال الشيخ الألباني: حسن، المشكاة :٥٠١٨

29) رسول اکرم ﷺ نے بُرے دوست سے پناہ مانگنے کی تعلیم دی ہے۔

عقبة بن عامر قال : " كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول : - اللهمَّ إنِّي أعوذُ بك من يومِ السوءِ ، و من ليلةِ السُّوءِ ، و من ساعةِ السُّوءِ ، و من صاحبِ السُّوءِ ، و من جارِ السُّوءِ في دارِ المُقامةِ

صحیح الجامع:1299

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے "یا اللہ! میں اپنے گھر میں برے دن اور بری رات اور بری گھڑی اور برے ساتھی اور برے ہمسائے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

30) اچھی اور بری صحبت کے اَثرات:

اچھا دوست: وہ ہے جو اللہ کا مطیع وفرمانبردار ہو، اس کے اوامر کی پابندی کرنیوالا، منہیات سے دور رہنے والا، فرائض کو ادا کرنے والا، سنن کی پابندی کرنے والا، حدود اللہ کا لحاظ رکھنے والا، اچھے اور اعلی اخلاق سے پیش آنے والا، برے اخلاق سے بچنے والا، صلہ رحمی کرنے والا، والدین سے حسن سلوک کرنیوالا، ہمسائے سے احسان کرنے والا، بردبار عاجز، لوگوں کے کام آنے والا اور لوگوں کو اذیت دینے سے دور رہنے والا ہو۔
برا دوست: وہ ہے جو اللہ اور اس کے رسول کا باغی ہو، فرائض میں کوتاہی کرنے والا، منہیات میں جرأت کرنے والا، حدود اللہ کو پامال کرنے والا، برے اخلاق سے پیش آنے والا، قطع رحمی کرنے والا، والدین کا نافرمان، ہمسائے سے برائی کرنے والا، جلد اور بہت زیادہ غصہ کرنے والا، متکبر اور لوگوں کو اذیت دینے والا ہو۔ گویا کہ عقیدہ عمل اور سلوک کرنے میں دین سے منحرف ہو۔

31) اچھی صحبت کے اثرات:

بے شک انسانی زندگی پر اچھی صحبت کے اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں کیونکہ اچھا دوست آپ کو خیر اور بھلائی کی جانب راہنمائی کرے گا۔ اور آپ کو دین ودنیا کی بہتری کا مشورہ دے گا۔ اللہ کی اطاعت اور فرمانبرداری پر راغب کرے گا جبکہ آپ کے عیوب کی بھی نشاندہی کرتا رہے گا۔ برے اخلاق چھوڑ کر اچھے اخلاق اپنانے کی دعوت دے گا۔ یا کم از کم آپ اس کی نیکی کو دیکھ کر خود نیکی کرنے کی کوشش کریں گے۔ آپ کی موجودگی یا عدم موجودگی میں آپ کی خیر خواہی کرے گا اور آپ کی زندگی یا موت کے بعد آپ کے لئے دعا مغفرت کرے گا۔

32) بری صحبت کے اثرات:

جس طرح اچھی صحبت سے انسانی زندگی پر اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں اسی طرح بری صحبت اختیار کرنے سے برے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ انسان اپنے دوستوں سے پہچانا جاتا ہے اور اپنے دوستوں کے دین پر ہوتا ہے جیسا کہ کسی شاعر کا کلام ہے:

عن المرء لا تسئل وسل عن قرينه

فكل قرين بالقرين يقتدى

کسی بھی آدمی کے بارے میں مت پوچھ! بلکہ اس کے دوست کے متعلق پوچھ۔ کیونکہ دوست اپنے دوستوں

کے پیروکار ہوتے ہیں۔

حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھے دوست اور برے دوست کی مثال بیان کرتے ہوئے فرمایا:

((مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ وَالْجَلِيسِ السَّوْءِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الْمِسْكِ، وَكِيرِ الْحَدَّادِ، لاَ يَعْدَمُكَ مِنْ صَاحِبِ الْمِسْكِ إِمَّا تَشْتَرِيهِ، أَوْ تَجِدُ رِيحَهُ، وَكِيرُ الْحَدَّادِ يُحْرِقُ بَدَنَكَ أَوْ ثَوْبَكَ أَوْ تَجِدُ مِنْهُ رِيحًا خَبِيثَةً))[متفق علیہ]

"اچھے دوست اور برے دوست کی مثال کستوری اٹھانے والے اور بھٹی جھونکنے والے کی مانند ہے، کستوری اٹھانے والا یا تو آپ کو ہدیہ میں دے دیگا یا آپ اس سے خرید لیں گے یا کم از کم اچھی خوشبو تو پائیں گے، جبکہ بھٹی جھونکنے والا آپ کے کپڑوں کو جلا دے گا یا کم از کم آپ اس سے بدبو پائیں گے۔" صحیح بخاری: 2101۔ صحیح مسلم:2628

33) نیک لوگوں کے ساتھ محبت اور ان کی صحبت اختیار کرنے کے فوائد:

جیسا کہ حضرت ابو سعید خدری روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لاَ تُصَاحِبْ إِلاَّ مُؤْمِنًا وَلاَ يَأْكُلْ طَعَامَكَ إِلاَّ تَقِيٌّ

"صرف مومن شخص کی صحبت اختیار کر، اور تیرا کھانا صرف متقی شخص کھائے۔"

(جامع الترمذی:2395، قال الشیخ الألباني: حسن، المشكاة:5018)

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

الرَّجُلُ عَلَى دِينِ خَلِيلِهِ فَلْيَنْظُرْ أَحَدُكُمْ مَنْ يُخَالِلُ

(سنن ابو داود:4833۔" قال الشیخ الألباني: صحیح "والترمذی:2378۔ مسند احمد:8398)

"آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے، پس چاہئیے کہ تم میں سے ہر شخص اپنے دوست کو دیکھے۔"

حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

"آدمی اسی کے ساتھ ہو گا جس سے محبت کرتا ہے۔"

(صحیح بخاری:2101۔ صحیح مسلم:2628)

اسی طرح رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ دین دار عورت سے شادی کی جائے تاکہ وہ تمہارے دین میں تمہاری مددگار ثابت ہو سکے۔ حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

((تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ لأَرْبَعٍ لِمَالِهَا وَلِحَسَبِهَا وَجَمَالِهَا وَلِدِينِهَا، فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّينِ تَرِبَتْ يَدَاكَ)) [متفق علیہ]

"چار وجوہ سے عورت کے ساتھ نکاح کیا جاتا ہے۔ اس کے مال کی وجہ سے، اس کے حسب و نسب کی وجہ سے، اس کے جمال کی وجہ سے، اور اس کے دین کی وجہ سے۔ دین والی کو ترجیح دو تیرے ہاتھ خاک آلودہوں۔"

(صحیح بخاری:5090)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ان سات افراد کا تذکرہ ہے جن کو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنے عرش کا سایہ عطا فرمائیں گے جن میں سے دو افراد وہ بھی ہیں:

وَرَجُلاَنِ تَحَابَّا فِي اللَّهِ اجْتَمَعَا عَلَيْهِ وَتَفَرَّقَا عَلَيْهِ

"جو فقط اللہ کے لئے محبت کرتے ہیں اسی محبت پر جمع ہوتے ہیں اور اسی پر ہی علیحدہ ہوتے ہیں۔"

(صحیح بخاری:660)

دوسری جگہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِىْ اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلاً٭يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِىْ لَمْ أَتَّخِذْ فُلَاناً خَلِيْلاً٭لَقَدْ أَضَلَّنِىْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِىْ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلاً﴾

(الفرقان:27-29)

"اور اس دن ظالم شخص اپنے ہاتھوں کو چبا چبا کر کہے گا ہائے کاش کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی راہ اختیار کی ہوتی۔ ہائے افسوس کاش کہ میں نے فلاں کو دوست نہ بنایا ہوتا۔ اس نے تو مجھے اس کے بعد گمراہ کر دیا کہ نصیحت میرے پاس آ پہنچی تھی اور شیطان تو انسان کو (وقت پر) دغا دینے والا ہے۔"

اسی طرح جہنمی جہنم میں ندامت کا اظہار کریں گے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَا أَطَعْنَا اللّٰهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُوْلَا٭ وَقَالُوْا رَبَّنَا إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَ نَا فَأَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا﴾

(الأحزاب:66،67)

"اس دن ان کے چہرے آگ میں الٹ پلٹ کئے جائیں گے۔ (حسرت وافسوس سے) کہیں گے کہ کاش ہم اللہ تعالیٰ اور رسول کی اطاعت کرتے۔ اور کہیں گے اے ہمارے رب! ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کی مانی جنہوں نے ہمیں راہ راست سے بھٹکا دیا۔" اس سے معلوم ہوا کہ برے لوگوں کی صحبت نہ صرف علمی واخلاقی فوائد سے محروم کر دیتی ہے بلکہ انسان کو اسفل سافلین تک جا پہنچاتی ہے۔

## راویوں کا تعارف

1-(قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ)

نام: قتیبہ بن سعید بن جمیل بن طریف بن عبد اللہ۔

المعروف: قتیبہ بن سعید الثقفی البلخی البغلانی۔

کنیت: ابو رجاء۔

تاریخ پیدائش: 149ھ۔

تاریخ وفات: 240ھ۔

مقام پیدائش: بلخ (افغانستان)

مقام رہائش: بلخ۔ عراق۔

اساتذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ عبد اللہ بن لہیعہ، وغیرہ۔

تلامذہ: امام مسلم۔ امام نسائی۔ ابو سائب العامری السوائی الکوفی، وغیرہ۔

2-(جَرِيرٌ)

نام: جریر بن عبد الحمید بن جریر بن قرط بن ہلال بن اقیس بن ابی امیہ بن زحف بن النضر۔

المعروف: جریر بن عباللہ الحمید الضبی الرازی الکوفی۔

کنیت: ابو عبد اللہ۔

تاریخ پیدائش: 110ھ۔

تاریخ وفات: 187ھ۔

مقام پیدائش: الرے۔

مقام وفات: الرے۔

مقام رہائش: الرے، الکوفہ۔

اساتذہ: سفیان الثوری۔ اسماعیل بن ہرمز۔ سلیمان بن طرخان التیمی، وغیرہ۔

تلامذہ: اسد ابن موسہ الاموی (اسد السنۃ)۔ ابو غسان الرازی التیمی۔ قتیبہ بن سعید البلخی، وغیرہ۔

3-(الْأَعْمَشِ)

نام سلیمان بن مہران الاعمش الکاہلی الاسدی الکوفی۔

المعروف: سلیمان بن مہران الاعمش۔

کنیت: ابو محمد۔

تاریخ پیدائش: 61ھ۔

تاریخ وفات: 148ھ۔

رہائش: واسط، کوفہ، مکہ۔

اساتذہ: ابراہیم نخعی۔ عدی بن ثابت بن دینار الانصاری۔ ابو الحسن الاشجعی، وغیرہ۔

تلامذہ: سفیان ابن عیینہ۔ وکیع بن جراح۔ سلیمان بن طرخان التیمی، وغیرہ۔

4-(أَبِي وَائِلٍ)(مخضرم)( صاحب ابن مسعود رضی اللہ عنہ)

نام: شقیق بن سلمہ۔

المعروف: شقیق بن سلمہ الاسدی الکوفی۔

کنیت: ابو وائل۔

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ پیدائش: 1ھ۔

تاریخ وفات: 83ھ۔

رہائش: کوفہ۔ عرق۔

اساتذہ: سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ۔ سیدنا اسامہ بن زید الکلبی رضی اللہ عنہ۔ سیدنا براء ابن عازب رضی اللہ عنہ، وغیرہ

تلامذہ: ابراہیم بن محمد الفزاری۔ حبیب بن ابی ثابت الاسدی۔ شعبہ بن الحجاج العتکی، وغیرہ۔

5-(عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ)

نام: عبد اللہ بن مسعود بن غافل بن حبیب بن شمخ بن مخزوم، (اور کہا جاتا ہے): ابن شمخ بن فار بن مخزوم بن صاہلہ بن کاہل بن الحارث بن تمیم بن سعد بن ہذیل بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان

نسب: الہذلی، المکی، المہاجری، البدری، الزہری حلیفہم۔

المعروف: عبد اللہ بن مسعود (ابن مسعود)۔

کنیت: ابو عبد لرحمن۔

الرتبہ: صحابی جلیل (من السابقین الاولین، ومن کبار العلماء من الصحابۃ)۔

تاریخ وفات: 32ھ / 33ھ۔

مقام وفات: مدینہ۔ کوفہ کہا جاتا ہے لیکن آپ کی وفات مدینہ منورہ میں ہوئی یہی قول صحیح ہے۔

رہائش: مدینہ منورہ۔ مکہ مکرمہ۔ حبشہ۔ کوفہ۔

تلامذہ: الاسود بن ہلال المحاربی (مخضرم)۔ اسود بن یزید النخعی (مخضرم) ربیع بن خثیم الثوری، وغیرہ۔

## تخریج حدیث

اخرجہ: صحیح مسلم: 2640[6718]۔ ومسند ابوداود طیالسی: 253۔ ومسند احمد: 3718و19629۔ مسند الشہاب اللقضاعی: 189۔ ومسند ابویعلی: 5166۔ ومسند البزار: 3597۔ وسنن الدارقطنی: 1/ 132۔ والعلل للدارقطنی: 5/ 94۔ والمعجم الطبرانی الکبیر: 9780۔

(سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث "الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ وَأَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ")سنن الترمذی:2385۔وصحیح ابن حبان :105و7348۔ ومسند احمد :12013۔والزہد لابن المبارک:718۔السنۃ للبغوی:3479۔

("أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ"" صحیح بخاری میں اسی طرح ملتے جلتے الفاظ ہیں ) صحیح البخاری:3688۔و6167و6171و7153۔وصحیح مسلم:2639[6711]۔ وسنن ابوداود:5127۔وسنن الترمذی:2385۔

(سیدنا صفوان بن عسال المرادی رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث:" الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبّ")سنن النسائی الکبری:145۔وصحیح ابن خزیمہ :196۔ ومسند احمد :18091۔ ومسند ابوداود طیالسی:1166۔والمعجم الکبیر للطبرانی:7351۔

(سیدنا ابوموسی الاشعری رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث :" الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ") صحیح البخاری:6170۔وصحیح مسلم:2641[6720]۔ ومسند احمد :19496۔ومسند عبدبن حمید:552۔والآداب للبیہقی:217۔وشرح السنۃ للبغوی:3478۔

(سیدنا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث:" وَحَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بَزِيعٍ، قَالَ: نا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُسْلِمٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ حَبَّةَ الْعُرَنِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: «الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ» . وَهَذَا الْحَدِيثُ لَا نَعْلَمُهُ يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ")مسند البزار:2/316،رقم:746۔ومسند ابوداود طیالسی:159۔

یہ حدیث کئی دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہے:

سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ:المعجم الکبیر للطبرانی:20/138۔

سیدنا ابو سریحہ حذیفہ بن اسد الغفاری رضی اللہ عنہ: المعجم الکبیر للطبرانی: 3061۔

سیدنا ابو ذر الغفاری رضی اللہ عنہ: ادب المفرد للبخاری: 351۔ وسنن الدارمی: 2787۔

سیدنا جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہما۔

سیدنا براء ابن عازب رضی اللہ عنہ۔

سیدنا ابو قتادہ الانصاری رضی اللہ عنہ۔

سیدنا عبد الرحمن بن صفوان بن قدامہ رضی اللہ عنہ۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

حدیث نمبر 39

# "بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً"

میرا پیغام لوگوں کو پہنچاؤ! اگرچہ ایک ہی آیت ہو

((حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، أَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي كَبْشَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:" بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً وَحَدِّثُوا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَا حَرَجَ وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ"))

**ترجمہ**: ہم سے ابو عاصم ضحاک بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا، کہا ہم کو اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے خبر دی، کہا ہم سے حسان بن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا، ان سے ابو کبشہ رحمۃ اللہ علیہ نے اور ان سے سیدنا عبد اللہ بن

عمر رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”میرا پیغام لوگوں کو پہنچاؤ! اگرچہ ایک ہی آیت ہو اور بنی اسرائیل کے واقعات تم بیان کر سکتے ہو، ان میں کوئی حرج نہیں اور جس نے مجھ پر قصداً جھوٹ باندھا تو اسے اپنے جہنم کے ٹھکانے کے لیے تیار رہنا چاہئے۔“

(صحیح البخاری، کتاب احادیث الانبیاء، بَابُ مَا ذُكِرَ عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ - بنی اسرائیل کے واقعات کا بیان، حدیث نمبر: 3461)

## شرح حدیث

### اسباقِ حدیث

1) شیخ بن باز رحمہ اللہ نے کہا: طالب ہو یا غیر طالب جو بھی ایک آیت اچھا سمجھ جائے اس کو بتا سکتا ہے لیکن اس کے علاوہ جو معلوم نہیں اس میں نہ جائے۔

2) انسان بصیرت رکھے گہرا علم رکھے اس آیت کے بارے میں تو جائز ہے۔

3) ابن عثیمین رحمہ اللہ: آیۃ سے مراد مکمل قرآن و حدیث کی معلومات ہو تو تبلیغ کرے ورنہ علم حاصل کرنے میں مشغول رہے۔

4) فتاوی علماء البلد الحرام ص 329

5) داعی کا مکمل بڑا عالم ہونا ضروری نہیں البتہ جو پیش کر رہا ہے اس کا علم ہونا ضروری ہے، بلا علم کوئی بات نہ بولے یہ ضروری ہے۔

6) تبلیغ اور فتوی میں فرق ہے۔ تبلیغ جتنا معلوم اتنا پہنچائے لیکن فتوی صرف راسخون فی العلم ہی دے۔

# راویوں کا تعارف

1-(أَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ)

(بعض نے ان کو تابعی شمار کیا ہے اور کا ہے کہ سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے انہوں حدیث سماعت کی)

نام: الضحاک بن مخلد بن الضحاک بن مسلم ابن الضحاک بن رافع بن رفیع بن الاسود بن عمرو بن رالان بن ہلال بن ثعلبہ بن شیبان۔

نسب:الشيبانى مولاهم، ويقال: من أنفسهم، البصري، المكي ، وقيل: الذهلي مولاهم۔

المعروف:الضحاک بن مخلد النبیل۔

کنیت: ابو عاصم۔

لقب: النبیل، الحافظ۔

الرتبہ: ثقہ ثبت۔

تاریخ پیدائش: 121ھ /122ھ۔

مقام پیدائش: مکہ مکرمہ۔

تاریخ وفات: 214ھ۔

مقام وفات: بصرہ۔

رہائش: بصرہ۔ عراق۔

اساتذہ: ثور بن یزید الرحبی۔ حماد بن زید الازدی۔ حماد بن سلمہ البصری، وغیرہ۔

تلامذہ: احمد بن ابراہیم الدورقی۔ ابراہیم بن محمد الباجی۔ حسن بن علی الہذلی، وغیرہ۔

2-(الْأَوْزَاعِيُّ)

نام:عبد الرحمن بن عمرو بن یحمد۔

المعروف:عبد الرحمن بن عمرو الاوزاعی الشامی۔

کنیت:ابو عمرو۔

الرتبہ: ثقہ مامون۔

تاریخ پیدائش:87ھ۔

مقام پیدائش:بعلبک (لبنان)

تاریخ وفات:157ھ۔

مقام وفات:بیروت

رہائش:مکہ مکرمہ ، یمامہ، بلاد حجاز۔ بصرہ۔ بلاد عراق۔ دمشق ۔بلاد شام۔ البقاع۔ بعلبک۔بیروت۔(لبنان)

اساتذہ: قتادہ بن دعامہ السدوسی۔ایوب سختیانی۔اسحاق بن عبد اللہ الانصاری، وغیرہ۔

تلامذہ:ابراہیم بن محمد الفزاری۔حماد بن اسامہ القرشی۔سعید بن سلیمان الضبی، وغیرہ۔

3-(حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ)

نام:حسان ابن عطیہ۔

المعروف:حسان ابن عطیہ المحاربی (مولاہم المحارب) الدمشقی الشامی الساحلی البیروتی الفارسی۔

کنیت:ابو بکر۔

الرتبہ: ثقہ (امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:ثقة، عابد، نبيل، لكنه قدري)۔

مقام پیدائش: بصرہ۔

تاریخ وفات: 121ھ سے لیکر 130ھ کے درمیان وفات کی تاریخ بتائی جاتی ہے۔

رہائش: دمشق۔ شام

اساتذہ: جابر ابن عبداللہ الانصاری رضی اللہ عنہما۔ عبداللہ ابن عمر العدوی رضی اللہ عنہما۔ شداد بن اوس الانصاری رضی اللہ عنہ، وغیرہ۔

تلامذہ: عبدالرحمن بن عمرو الاوزاعی۔ محمد بن مطرف اللیثی۔ اسید بن عبدالرحمن الخثعمی، وغیرہ۔

4-(أَبِي كَبْشَةَ)(تابعی مشہور)

نام: جبریل بن یسار حیی بن قرط بن سبیل بن المقلد بن معدی کرب بن عریق بن سکسک۔

المعروف:

کنیت: ابو کبشہ۔

نسب: الشامی۔ بتلہی۔ السلولی۔ السکسکی۔

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ وفات: 81ھ

رہائش: دمشق (بیت لہیا)۔ الشام۔

اساتذہ: سیدنا سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ۔ سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ۔ عبداللہ ابن عمر العدوی رضی اللہ عنہما، وغیرہ۔

تلامذہ: عبدالرحمن بن عمرو الاوزاعی۔ حسن البصری۔ یحیی بن حمزہ الحضرمی، وغیرہ۔

5-(عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍورَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا)

نام: عبد اللہ بن عمرو بن العاص بن وائل بن ہاشم بن سعید بن سعد بن سہم بن عمرو بن ہصیص بن کعب بن لؤی۔

المعروف: عبد اللہ بن عمرو السہمی۔

کنیت: ابو محمد۔ ابو نصر۔ ابو عبد الرحمن۔

الرتبہ: صحابی (مکثر)

تاریخ پیدائش: 7 قبل ہجرت آپ کی پیدائش ذکر کی جاتی ہے۔

تاریخ وفات: 63ھ / 65ھ۔

مقام وفات: مصر۔

رہائش: مدینہ منورہ۔ مکہ مکرمہ۔ کوفہ۔ بلاد شام۔ عسقلان (فلسطین)۔ مصر۔

تلامذہ: ثمامہ بن حزن القشیری (مخضرم)۔ القاسم بن محمد التیمی۔ بکر بن عبد اللہ المزنی، وغیرہ۔

## تخریج حدیث

اخرجہ: سنن الترمذی، (باب ما جاء في الحديث عن بني إسرائيل) حدیث نمبر: 2717۔ و صحیح ابن حبان، (ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ أَنْ يُحَدِّثَ عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَأَخْبَارِهِمْ) حدیث نمبر: 6362۔ و سنن الدارمی، ( بَابُ الْوُضُوءِ لِكُلِّ صَلَاةٍ) حدیث نمبر: 565۔ و مصنف عبد الرزاق (بَابُ هَلْ يُسْأَلُ أَهْلُ الْكِتَابِ عَنْ شَيْءٍ ؟) حدیث نمبر : 18999۔ و مصنف عبد الرزاق (مَسْأَلَةُ أَهْلِ الْكِتَابِ) حدیث نمبر : 9867۔ و مصنف ابن ابی شیبہ (فِي الرُّخْصَةِ فِي حَدِيثِ بَنِي إِسْرَائِيلَ) حدیث نمبر:

25964۔ومصنف ابن ابی شیبہ(فِي تَعَمُّدِ الْكَذِبِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا جَاءَ)حدیث نمبر:25720۔ومسند البزار(حَدِيثُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ)حدیث نمبر:2090۔ومشکل الآثار للطحاوی(بَابُ بَيَانِ مُشْكِلِ مَا رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ)حدیث نمبر:349۔ومشکل الآثار للطحاوی(بَابُ بَيَانِ مُشْكِلِ مَا رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ)حدیث نمبر:348۔و مشکل الآثار للطحاوی(- بَابُ بَيَانِ مُشْكِلِ مَا رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ)حدیث نمبر:113۔ومشکل الآثار للطحاوی(بَابُ الْمَاءِ يَقَعُ فِيهِ النَّجَاسَةُ)حدیث نمبر:3978۔وسنن الکبری للبیقی(بَابُ : مَا جَاءَ فِي ذَمِّ الْمَلَاهِي مِنَ الْمَعَازِفِ وَالْمَزَامِيرِ وَنَحْوِهَا)حدیث نمبر: 19299۔و معجمہ لابن المقریٔ(مَنِ اسْمُهُ زَكَرِيَّا)حدیث نمبر: 858۔ شرف اصحاب الحدیث للخطیب الغدادی(قَوْلُهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً)حدیث نمبر:12،13۔والمعجم الکبیر للطبرانی، حدیث نمبر: 15635،13499۔والمعجم الصغیر للطبرانی، حدیث نمبر: 463۔ والمعجم الاوسط للطبرانی، حدیث نمبر: 2172و3512و11082۔ والمحدث الفاصل بین الراوی والواعی للمزی حدیث نمبر:305۔وحلیۃ الاولیالابو نعیم الاصبہانی، حدیث نمبر:8082

## حدیث نمبر 40

# "إِنَّ الدَّالَّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ"

بھلائی کی طرف رہنمائی کرنے والا (ثواب میں) بھلائی کرنے والے ہی کی طرح ہے

((حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ شَبِيبِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يَسْتَحْمِلُهُ فَلَمْ يَجِدْ عِنْدَهُ مَا يَتَحَمَّلُهُ، فَدَلَّهُ عَلَى آخَرَ فَحَمَلَهُ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ: " إِنَّ الدَّالَّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ "))

**ترجمہ**: سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سواری مانگنے آیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اسے کوئی سواری نہ ملی جو اسے منزل مقصود تک پہنچا دیتی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ایک دوسرے شخص کے پاس بھیج دیا، اس نے اسے سواری فراہم کر دی، پھر اس نے آکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع

دی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ”بھلائی کی طرف رہنمائی کرنے والا (ثواب میں) بھلائی کرنے والے ہی کی طرح ہے“۔

(سنن الترمذی، کتاب العلم، بَابُ مَا جَاءَ الدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ- بھلائی کا راستہ بتانے والا بھلائی کرنے والے کی طرح ہے، حدیث نمبر :2670، شیخ البانی رحمہ اللہ علیہ نے اس حدیث کو "حسن صحیح "کہا ہے" قال الشيخ الألباني: حسن صحيح، الصحيحة (1160)، التعليق الرغيب (1/72)" - تخريج الحديث: «تفرد به المؤلف (تحفة الأشراف: 902) (حسن صحيح)»)

## شرح حدیث

### اسباقِ حدیث

- ❖ جو کوئی بھلائی کی طرف کسی کی رہنمائی کرے اور صحیح راستہ دکھائے تو عمل کرنے والے جتنا ثواب ملتا ہے رہنمائی کرنے والے کو بھی اتنا ہی اجر و ثواب ملتا ہے۔
- ❖ خیر کے کاموں میں ایک دوسرے کی رہنمائی کرنا یا تعاون کرنا بہت بڑا نیکی کا کام ہے۔
- ❖ اس حدیث سے یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ ایک دوسرے کسی قسم کی کوئی مدد مانگنا جائز ہے اور یہ اسباب کے تحت ہے البتہ مسبب الاسباب صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔
- ❖ کسی مسلمان بھائی کو صحیح رہنمائی کرنے اور اس کو صحیح مشورہ دینے میں کنجوسی نہیں کرنا چاہیے۔
- ❖ رہنمائی کے اسباب میں سب سے بڑا سبب مخلص دین دار علمائے کرام ہیں اور یہ قوم و ملت کے لئے بڑا سرمایہ ہیں۔
- ❖ کسی کی بھلائی چاہنا یا کسی کی رہنمائی کرنا نیز بھلائی اور نیکی کی طرف ترغیب دلانا ان تمام چیزوں کے وسائل مقاصد کے حکم میں شمار کئے جاتے ہیں۔

# رہنمائی کی دس مثالیں

1) اپنے علمی استطاعت کے مطابق دین کی طرف رہنمائی کرنا(اس میں خصوصیت کے ساتھ علمائے کرام شامل ہیں)

2) اگر کوئی قرآن مجید صحیح طریقے سے پڑھنا نہ جانتا ہو تو اس کو تجوید اور مخارج کے ساتھ قرآن سکھانا ۔

3) جس کو صحیح طریقے سے نماز اور وضو نہ آتا ہو تو اس کی بہترین طریقے سے رہنمائی کرنا۔

4) اسی طرح جو لوگ احادیث سے ناواقف ہیں ان کو علمِ حدیث کی تعلیم فراہم کرنا۔

5) عصری علوم کی تعلیم دینا جو لوگوں کے لئے فائدہ مند ہو۔

6) کسی کو ہنر مند بنانا۔

7) علمائے کرام کے ساتھ دین کی نشر و اشاعت میں مالی تعاون یا جس طرح سے وہ مدد کر سکتے ہیں ان کی مدد کرنا۔

8) مساجد، جامعات اور دین کی نشر و اشاعت میں تعاون کرنا۔

9) سماجی اور معاشرتی کاموں میں جو مدد کے حقدار ہیں کو ان کی رہنمائی کرنا۔

10) طلباء و طالبات کی دینی و عصری علوم میں باصلاحیت افراد کے ساتھ رہنمائی کرنا۔

## راویوں کا تعارف

1-(نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْكُوفِيُّ)

نام: نصر بن عبد الرحمن بن بکار۔

المعروف: نصر بن عبد الرحمن الناجی الکوفی الاودی۔

کنیت: ابو سعید۔ ابو سلیمان۔

الرتبہ: ثقہ۔

تاریخ وفات: 248ھ۔

رہائش: کوفہ۔

اساتذہ: حسن بن علی الحمصی۔ محمد بن عبید الطنافسی۔ عمرو بن الہثیم الزبیدی، وغیرہ۔

تلامذہ: زکریا بن یحیی الساجی۔ محمد بن صالح العکبری۔ احمد بن اسحاق التنوخی، وغیرہ۔

2-(أَحْمَدُ بْنُ بَشِيرٍ)

نام: احمد بن بشیر۔

المعروف: احمد بن بشیر القرشی۔

کنیت: ابو اسماعیل، ابو بکر۔

نسب: المخزومی الکوفی القرشی الہمدانی۔

الرتبہ: صدوق حسن الحدیث۔

رہائش: بغداد۔ کوفہ۔

اساتذہ: سلیمان بن مہران الاعمش۔ ہشام بن عروۃ الاسدی۔ اسماعیل بن ابی خالد البجلی، وغیرہ۔

تلامذہ: محمد بن نمیر الہمدانی۔ محمد بن سالم البیکندی۔ عبد اللہ بن سعید الکندی، وغیرہ۔

3-(شَبِيبِ بْنِ بِشْرٍ)

نام: شبیب بن بشر۔

المعروف: شبیب بن بشر البجلی البصری الکوفی۔

کنیت: ابو بشر۔

الرتبہ: ضعیف الحدیث۔

رہائش: بصرہ۔ کوفہ۔

اساتذہ: سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ۔ عکرمہ مولی ابن عباس، وغیرہ۔

تلامذہ: ضحاک بن مخلد النبیل۔ اسرائیل بن یونس السبیعی۔ محمد بن عبد اللہ الخزاعی، وغیرہ۔

شبیب بن بشر کے بارے میں علماء کے اقوال

- ❖ أبو حاتم الرازي : لين الحديث، حديثه حديث الشيوخ
- ❖ أبو حاتم بن حبان البستي : يخطئ كثيرا
- ❖ ابن حجر العسقلاني : صدوق يخطئ
- ❖ محمد بن إسماعيل البخاري : منكر الحديث
- ❖ مصنفوا تحرير تقريب التهذيب : ضعيف، ما وثقه سوى ابن معين
- ❖ يحيى بن معين : ثقة
- ❖ شبيب بن بشر: عن أنس، قال أبو حاتم: لين الحديث.

(دیوان الضعفاء:1/185)

شبيب بن بشر، البجلي. عن أنس، وعكرمة. روى عنه: الضحاك بن مخلد. وروى زافرٌ، عن إسرائيل، عن شبيب بن أبي بشير، عن أنس، عن النبي صلى الله عليه وسلم: عينان لا تريان النار: عينٌ باتت تكلأ في سبيل الله، وعينٌ بكت من خشية الله. حدثني حميد، حدثني زافرٌ.

(تاریخ الکبیر:4/1، دائرۃ المعارف العثمانیۃ، حیدرآباد دکن)

(د ق) شبيب بن بشر، وقيل: ابن عبد الله البجلي أبو بشر الكوفي.

ذكره أبو حفص بن شاهين، وابن خلفون في كتاب «الثقات»، وخرج الحاكم حديثه في «مستدركه».

وفي «تاريخ البخاري»: روى زافر عن إسرائيل عن شبيب بن أبي بشير عن أنس.

وقال النسائي: لا يعلم أحدا روى عنه غير أبي عاصم.

(تہذیب الکمال:6/1، الفاروق الحدیثیۃ للطباعۃ والنشر)

شبيب بن بشر البجلي يروي عن أنس بن مالك يخطئ كثيرا روى عنه أبو عاصم النبيل وإسرائيل

(الثقات لابن حبان:4/1، دائرۃ المعارف العثمانیۃ، حیدر آباد دکن)

شبيب بن بشر البجلي البصري يروي عن أنس قال أبو حاتم الرازي لين الحديث

(الضعفاء والمتروکین لابن الجوزی:2/1، دار الکتب العلمیہ، بیروت)

4-(عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ)

نام: انس بن مالک بن النضر بن ضمضم بن زید بن حرام بن جندب بن عامر بن غنم بن عدی بن النجار

والدہ: ام سلیم بنتِ ملحان رضی اللہ عنہا۔

المعروف: انس بن مالک الانصاری۔

کنیت: ابو حمزہ، ابو نضر۔(بعض نے ابو ثمامہ بھی کنیت ذکر کی ہے)

الرتبہ: صحابی (خادم النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

تاریخ پیدائش: 10 قبل ہجری (امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا قول، دیکھئے: سیر اعلام النبلا: 3/405)

مقام پیدائش:

تاریخ وفات: 101ھ/102ھ۔

مقام وفات: وفات۔

رہائش: مدینہ۔ بصرہ۔

تلامذہ: ایوب سختیانی۔ اسحاق بن عبد اللہ الانصاری۔ حسن البصری، وغیرہ۔

## تخریج حدیث

مسند ابی یعلی(سَعِيدُ بْنُ سِنَانٍ ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ)حدیث نمبر:4183۔ معجم اسامی شیوخ بکر الاسماعیلی للجرجانی(مَنِ اسْمُهُ مُحَمَّدٌ)حدیث نمبر:125۔وقضاء الحوائج لابن ابی الدنیا(بَابٌ : فِي قَضَاءِ الْحَوَائِجِ) حدیث نمبر:27۔ المطالب العالیۃ لابن حجر عسقلانی(بَابُ الْحَثِّ عَلَى الْمَعْرُوفِ وَإِعَانَةِ الْمَلْهُوفِ وَإِغَاثَتِهِ)حدیث نمبر:1025۔

صحیح مسلم میں اسی کے مثل حدیث مذکور ہے:

((وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ، وَأَبُو كُرَيْبٍ ، وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِأَبِي كُرَيْبٍ، قَالُوا: حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ، عَنْ الْأَعْمَشِ ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّي أُبْدِعَ بِي فَاحْمِلْنِي، فَقَالَ: مَا عِنْدِي، فَقَالَ: رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنَا أَدُلُّهُ عَلَى مَنْ يَحْمِلُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهِ "))

ابو معاویہ رحمۃ اللہ علیہ نے ہمیں اعمش رحمۃ اللہ علیہ سے حدیث بیان کی، انہوں نے ابو عمرو شیبانی رحمۃ اللہ علیہ سے، انہوں نے سیدنا ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت کی، کہا: ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کی: اللہ کے رسول! میرا سواری کا جانور ضائع ہو گیا ہے، آپ مجھے سواری مہیا کر دیجئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میرے پاس سواری نہیں ہے۔" ایک شخص سے عرض کی: اللہ کے رسول! میں اس کو ایسا شخص بتاتا ہوں جو اسے سواری کا جانور مہیا کر دے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس شخص نے کسی نیکی کا پتہ بتایا، اس کے لیے (بھی) نیکی کرنے والے کے جیسا اجر ہے۔"

## حدیث نمبر 41

# "إِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَسْكُتْ"

جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے تو وہ خاموش ہو جائے۔

(صحیح الجامع الصغیر وزیادتہ للالبانی:1/180،رقم:693،الناشر:المکتب الاسلامی)

شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس صحیح الجامع میں اس حدیث کو صحیح کہاہے:(("صحيح" ... [حم] عن ابن عباس. الصحيحة 1375: خد، عد، القضاعي. وابن شاهين –أبي هريرة))

اور سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ میں حدیث نمبر 1375 میں بھی اس کو ذکر کیا ہے اور شواہد کی بنیاد پر اس حدیث کو "حسن لغیرہ" کہاہے، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ حاشیہ میں ملاحظہ فرمائیں۔[48]

---

48 " علموا ويسروا ولا تعسروا وبشروا ولا تنفروا وإذا غضب أحدكم فليسكت ".

رواه البخاري في"الأدب المفرد"(رقم 1230) وأحمد(1/239و283و365) وابن عدي(2/227)والقضاعي في " مسند الشهاب " (ق 1/66) من طريق ليث ابن سليم قال: حدثني طاووس عن ابن عباس مرفوعا.

قلت: وهذا سند ضعيف، ليث كان اختلط. لكن تابعه أبو جناب عن طاووس عن ابن عباس به دون قوله: " وبشروا ولا تنفروا ". رواه أبو جعفر البختري الرزاز في" جزء من الأمالي " (12).

قلت: بيد أن هذه المتابعة لا تفيد الحديث قوة لأن أبا جناب هذا واسمه يحيى بن أبي حية الكلبي قال الحافظ: " ضعفوه لكثرة تدليسه ". فيحتمل أنه تلقاه عن ليث ثم دلسه! والحديث بيض المناوي لإسناده، ولم يزد على قوله: " زاد في الأصل(يعني الجامع الكبير) وحسن ".

قلت: ولعله يعني حسن لغيره وإلا فضعفه بين لا يخفى، لكن وجدت له شاهدا رواه ابن شاهين في " الفوائد " (ق1/112) من طريق إسماعيل بن حفص الأبلي حدثنا أبو بكر بن عياش عن أبي حصين عن أبي صالح عن أبي هريرة مرفوعا بلفظ: " إذا

# شرحِ حدیث

## اسباقِ حدیث

1) امام ابن رجب رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ غصہ کے وقت خاموشی اختیار کرنا غصہ کا سب سے بہترین علاج ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ غصہ کرنے والا غصہ کی حالت میں جب کوئی غلط بات اپنی زبان سے نکالتا ہے تو غصہ ٹھنڈا ہونے کے بعد اس کو شرمندگی اٹھانی پڑتی لہذا خاموشی اختیار کرنا غصہ کا بہترین علاج ہے ۔

2) غصہ کو کم کرنے کا دوسرا علاج یہ ہے کہ جس شخص کو غصہ بہت زیادہ آتا ہو اس کو چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ خاموش رہے اور گفتگو کم کیا کرے چنانچہ جتنی بات زبان سے کم نکلے گی اتنا غصہ کم ہو جائے گا۔

3) علمائے کرام نے غصہ کی دو قسمیں بیان کی ہیں:

4) نمبر ایک: شرعی غیرت پر غصہ آنا (اس غصہ کو علمائے کرام نے جائز کہا ہے)

5) نمبر دو: غیر شرعی امور پر بیجا چھوٹی سی چھوٹی چیز پر غصہ کرنا (اس کو علمائے کرام نے شیطان کے عمل سے تشبیہ دی ہے)

6) غیر شرعی غصہ کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ غصہ کرنے والا شخص خود کی غلط بات کو صحیح ٹھہراتا ہے اور حق کو قبول نہیں کرتا۔

7) علمائے کرام یہ بھی کہتے ہیں کہ غصہ انسانی فطرت کا ایک حصہ ہے اور ایک باشعور اور سمجھدار انسان کا غلط بات پر غصہ کرنا فطری ہے۔

8) ماہرین نفسیات کا کہنا ہے کہ غصہ انسانی رد عمل کا ایک شعوری حصہ ہے البتہ ہر بات پر غصہ آنا نفسیاتی بیماری کی علامت ہے اور اس کا علاج بے حد ضروری ہے۔

---

غضبت فاسكت ".

قلت: وهذا إسناد حسن، الأبلي هذا قال الحافظ: " صدوق ". ومن فوقه من رجال البخاري. وسائر الحديث شواهده معروفة، فالحديث صحيح إن شاء الله تعالى.

# غصہ دور کرنے کی دعا

سیدنا سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

(( اسْتَبَّ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهُ جُلُوسٌ وَأَحَدُهُمَا يَسُبُّ صَاحِبَهُ مُغْضَبًا قَدِ احْمَرَّ وَجْهُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ مَا يَجِدُ، لَوْ قَالَ: أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ"، فَقَالُوا لِلرَّجُلِ: أَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُولُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنِّي لَسْتُ بِمَجْنُونٍ))

کہ دو آدمیوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں جھگڑا کیا، ہم بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک شخص دوسرے کو غصہ کی حالت میں گالی دے رہا تھا اور اس کا چہرہ سرخ تھا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر یہ شخص اسے کہہ لے تو اس کا غصہ دور ہو جائے۔ اگر یہ " أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ "کہہ لے، صحابہ نے اس سے کہا کہ سنتے نہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیا فرما رہے ہیں؟ اس نے کہا کہ کیا میں دیوانہ ہوں؟ (یعنی میں پاگل نہیں ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات سنوں لیکن اس پر عمل نہ کروں، میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات پر ضرور عمل کروں گا)

(صحیح البخاری، بَابُ الْحَذَرِ مِنَ الْغَضَبِ-غصہ سے پرہیز کرنا اللہ تعالیٰ کے فرمان (سورۃ شوریٰ) کی وجہ سے، حدیث نمبر:6115۔ و صحیح مسلم:2510[6646]۔ و سنن ابو داود:4781)

سلسلة حفظ الاحاديث

الاحاديث المنتقا لطلاب العلم والمبتدئين

# منتخب احادیث برائے طلبہ و مبتدئین

# SELECTED AHADEES

## FOR STUDENTS & BEGINNERS

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# مُقَدِّمَۃ

إِنَّ الحَمْدَ للهِ، نَحْمَدُهُ، وَنَسْتَعِينُهُ، وَنَسْتَغْفِرُهُ، وَنَعُوذُ بِاللهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا، وَسَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ يَهْدِهِ اللهُ فَلاَ مُضِلّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلاَ هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاّ اللهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنّ مُحَمّداً عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، صَلّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ، وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِإِحْسَانٍ إِلَى يَوْمِ الدِّينِ، وَسَلّمَ تَسْلِيماً كَثِيراً، أَمّا بَعْدُ:

دین اسلام کا مأخذ قرآن مجید اور صحیح احادیث ہیں۔ زیر نظر کتاب میں منتخب صحیح احادیث کا مجموعہ پیش کیا گیا ہے، جو حفظ کے لیے سہل اور سمجھنے کے لیے اسہل ہے۔ الحمد للہ دین کی اہم اور بنیادی تعلیمات ان احادیث میں موجود ہیں، ان شاء اللہ ان کو سمجھنے کے بعد دین کا صحیح علم ذہنوں میں موجزن ہو گا۔ فللہ الحمد

ان احادیث کا ترجمہ اردو اور انگریزی میں پیش کیا گیا ہے، جہاں تک ممکن ہو سکا ترجمہ سلیس اور سہل رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اربعین و جامع العلوم والحکم کا ترجمہ شیخ ارشد بشیر مدنی سلمہ اللہ کی کتاب سے لیا گیا ہے۔ البتہ بلوغ المرام کا ترجمہ sunnah.com سے لیا گیا ہے ان شاء اللہ اس پر مزید محنت کر کے آسان ترجمہ کیا جائے گا۔

ان شاء اللہ مستقبل قریب میں طلبہ کے فہم و استعداد کے حساب سے مزید حذف و اضافہ کے ساتھ منتخب احادیث کا نیا مجموعہ پیش کیا جائے گا۔

دعا ہے اللہ اسے امت کے لیے نفع بخش بنائے اور دین کا صحیح فہم و ادراک نصیب فرمائے۔ آمین!

دعا گو

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی سلمہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# Level – 1 المستوى الاول

صحیح احادیث 5+Book–      Page –

صحیح احادیث 7+Book–      Page –

صحیح احادیث 9+Book–      Page –

# Level – 2 المستوى الثانی

المنتقاة من الأربعين النووية وجامع العلوم والحكم

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# الاحاديث المنتقاة لطالب العلم والمبتدئين

## المستوى الأول

## Level – 1

Selected Ahadees from +5 Book

Free Online Islamic Encyclopedia

## Hadis No.1

# إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ

Innamal a'maalu binniyyaat

"اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے"۔

"Actions will be judged only by intentions".

A'maal ka daaromadaar niyyato par hai.

(صحیح بخاری:1)



Hadis:1

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

## Hadis No.2

# الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ

Addeenu an-naseehah

دین خیر خواہی کا نام ہے۔

The deen is naseehah

Deen khair-khwahi ka naam hai

(صحیح مسلم:55۔ترمذی:1926۔ابوداؤد:4944)



Hadis:2

## Hadis No.3

# الطَّهُوْرُ شَطْرُ الْإِيْمَانِ

Attahooru shatrul eemaan

پاکی ایمان کا حصہ ہے۔

Purity is a part of faith

Paaki eemaan ka hissa hai

(صحیح مسلم:223)

Hadis:3

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia



## Hadis No.4

# اَلصَّلَاةُ نُوْرٌ

Assalaatu noor

نماز نور ہے۔

The salah is a light

Namaz Noor hai.

(صحیح مسلم:223)

Hadis:4



## Hadis No.5

# الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ

Almuslimu akhul muslim

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔

A Muslim is a brother of another Muslim

Ek musalman dusre musalman ka bhai hai

(بخاری:2442۔ مسلم:2564)

Hadis:5



## Hadis No.6

# إِحْفَظْ لِسَانَكَ

Ehfaz lisaanak

اپنی زبان کی حفاظت کرو۔

Protect your Tongue

Apni zuban ki hifazat karo

(بخاری:5376۔ مسلم:2022)

Hadis:6



## Hadis No.7

# لَا تَحَاسَدُوْا

Laa tahaasadoo

آپس میں حسد نہ کرو۔

Do not be jealous of one another

Aapas me hasad na karo

(مسلم:2559)

Hadis:7

z



AskIslamPedia GATEWAY FOR INFORMATION

## Hadis No.8

# لَا تَغْضَبْ

Laa taghzab

غصہ نہ کرو۔

Do not get angry

Ghussa na karo

(بخاری:6116)

Hadis:8



AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

## Hadis No.9

# الطِّيَرَةُ شِرْكٌ

At-tiyaratu shirkun

بدشگونی شرک ہے۔

Taking bad omen is Shirk (polytheism)

Badshuguni shirk hai

(سنن ابی داود:3910)

Hadis:9




AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

## Hadis No.10

# كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

Kullu bid'atin zalaalah

ہر بدعت گمراہی ہے۔

Every Innovation is Going Astray

Har bid'at gumrahi hai

(صحیح مسلم:867)

Hadis:10




AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION

# الاحاديث المنتقاة لطالب العلم والمبتدئين

## المستوى الأول

## Level – 1

Selected Ahadees from +7 Book

GATEWAY TO DIVINE REVELATION
Free Online Islamic Encyclopedia

## Hadis No. 1

## اِتَّقِ اللّٰہ حَیْثُمَا کُنْتَ

Ittaqillaaha haisumaa kunta

(سنن الترمذی:1987، صحیح)

جہاں کہیں ہو اللہ سے ڈرتے رہو۔

Jaha kaheen ho Allaah se darte raho

Fear Allah wherever you are

Hadis:11

## Hadis No.2

## اَلدُّعَاءُ ھُوَ الْعِبَادَۃُ

Ad-duaao huwal ibadah

(سنن ابی داود:1479، سنن الترمذی:2969، صحیح ابن ماجہ:3101- صحیح)

دعا عبادت ہے۔

Dua ibadat hai

worshipSupplication (du'a) is itself

Hadis No.12

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

## Hadis No.3

إِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللّٰهَ

Iza sa'alta fas-alillaaha

(صحيح الجامع:7957، سنن الترمذي:2516- صحيح)

جب مانگنا ہو تو اللہ سے مانگو۔

Jab maangna ho to Allah se maango

When you ask (for anything), ask it from Allah.

Hadis:13

## Hadis No.4

مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا

Man ghash-sha falaisa minna

(سنن الترمذي:1315، صحيح الجامع:6406)

جو دھوکا دے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

Jo dhoka de wo ham me se nahi

Whoever cheats, he is not one of us.

Hadis:14

## Hadis No.5

اِحْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ

Ihfazillaaha yahfazka

(سنن الترمذي:2516، صحیح الجامع:7957)

اللہ کے احکام کی حفاظت کرو اللہ تمہاری حفاظت کرے گا۔

Allah ke ahkaam ki hifazat karo Allah tumhari hifazat karega.

Be Mindful of Allah and he Will Protect You

Hadis:15

## Hadis No.6

كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ

Kullu ma'roofin sadaqah

(بخاری:6021، مسلم:1005)

ہر نیکی صدقہ ہے۔

Har neki sadqah hai

Every act of goodness is (considered as) Sadaqah.

Hadis:16

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

## Hadis No.7

سَمِّ اللّٰهَ، وكُلْ بِيَمِيْنِكَ

Sammillaaha wakul biyameenik

(بخاری:5376، مسلم:2022)

بسم اللہ کہو اور دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔

Bismillah kaho aur daaein haath se khao

Mention the Name of Allaah and eat with your right hand.

Hadis:17

## Hadis No.8

لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ

Likulli daa-in dawaa-un

(مسلم:2204)

ہر بیماری کا علاج ہے۔

Har bimaari ka ilaaj hai

There is a cure for every disease.

Hadis:18

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

## Hadis No.9

اِتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ

(بخاری:2448)

مظلوم کی بد دعا سے بچو۔

Mazloom ki baddua se bacho

Be afraid, from the curse of the oppressed.

Hadis:19

## Hadis No.10

اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ

Albirru husnul khuluqi

(مسلم:2553)

نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے۔

Neki acche akhlaaq ka naam hai

Virtue is noble behavior.

Hadis:20

## Hadis No.11

تَهَادَوْا تَحَابُّوْا

(صحیح الجامع:3004)

ایک دوسرے کو تحفہ دو کہ اس سے محبت پیدا ہوتی ہے۔

Ek doosre ko tohfa do ke isse muhabbat paida hoti hai

Give presents to each other, this will increase love for each other.

Hadis:21

## Hadis No.12

لَا تَسُبُّوْا أَصْحَابِيْ

Laa tasubbu as-haabi

(صحیح مسلم:2540، صحیح البخاري:3673)

میرے صحابہ کو گالی نہ دو۔

Mere sahaba ko gaali na do

Do not revile my Companions.

Hadis:22

## Hadis No.13

لَا تَمَنَّوُا الْمَوْتَ

Laa tamannawul maut

موت کی تمنا مت کرو۔(سنن الترمذي:2483)

Maut ki tamanna mat karo

None of you should wish for death.

Hadis:23

## Hadis No.14

اَلْمَجَالِسُ بِالْأَمَانَةِ

Al-majalisu bil amaanah

مجلسیں امانت ہیں۔(صحیح الجامع:6678)

Majlisein amanat hain.

Meetings are confidential.

Hadis:24

Ask Islam Pedia
Gateway for Islamic Information
Free Online Islamic Encyclopedia

## Hadis No15

# أَفْشُوا السَّلامَ بينَكُمْ

Afshus salaama bainakum

اپنے درمیان سلام کو عام کرو۔(مسلم:54)

Apne darmiyan salam ko aam karo

Promote greeting (salaam) amongst you.

Hadis:25

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

الاحاديث المنتقاة لطالب العلم والمبتدئين

المستوى الأول

Level – 1

Selected Ahadees from +9 Book

## Hadis No.1

مَنْ لَا يَرْحَمْ لَا يُرْحَمْ

Malla yarahm laa yurham

جو دوسروں پر رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔(بخاری:6013)

Jo doosro par rahem nahi karta us par rahem nahi kiya jaata.

He, who is not merciful to others, will not be treated mercifully.

Hadis:26

## Hadis No. 2

اَلْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيْمَانِ

Al-hayaau shu'batun minal eemaan

حیاداری ایمان کی ایک شاخ ہے۔(بخاری:9، مسلم:35)

Haya daari eemaan ki ek shaakh hai.

The modesty is a branch of Eemaan.

Hadis:27

## Hadis No.3

خَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ

Khaaliqin naasa bikhuluqin hasanin

(صحیح الترغیب:3160، صحیح الجامع:97، صحیح الترمذی:1987)

لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آؤ۔

Logo ke saath acche akhlaaq se pesh aao.

And behave decently towards people.

Hadis:28

## Hadis No.4

قُلْ آمَنْتُ بِاللهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ

Qul aamantu billaahi summastaqim

(صحیح الجامع:4395، مسلم:38)

کہو میں اللہ پر ایمان لایا پھر اس پر ڈٹ جاؤ۔

Kaho mai Allaah par eemaan laaya phir us par dat jaao.

